محمڈن اینگلو اورئینٹل کالج

میگزین

جلد ۲	یکم ۱۵ دسمبر سنہ ۱۸۹۵ ع	نمبر ۱۲

فہرست مضامین

انگریزی

مضمون		صفحہ
۱ — انگریزوں اور ہندوستانیوں کے درمیان رابطہ اتحاد (از مسٹر بیک)		۴۲۹
۲ — کالج میں طلبا کی تعداد	...	۴۳۳
۳ — مرثیہ سردار یوسف خاں (ٹی بی)	...	۴۳۴
۴ — کالج کی خبریں		
(۱) بورڈنگ ہوس کے مانیٹروں کی فہرست		۴۳۶
(۲) سٹوڈنس یونین کلب	...	۴۳۷
(۳) کرامت	...	۴۳۹
(۴) آیندہ واقعات کالج (رائڈنگ اسکول — ذاتی خبریں)	...	۴۴۰

اُردو

مضمون		صفحہ
۵ — حقوق الذمیین (از شبلی نعمانی)	...	۴۴۱
۶ — مارہرہ اسکول کی سالگرہ (از ضیاءالدین احمد)		۴۵۰
۷ — عربوں کی فتح فارس (از مسٹر آرنلڈ)	...	۴۵۲
۸ — مسٹر بیک کی تقریر مارہرہ اسکول کی سالگرہ پر		۴۶۲
۹ — مقدمہ تغلب زر امانت کالج	...	۴۶۳

علیگڈھ انسٹیٹیوٹ پریس میں محمد ممتاز الدین کے اہتمام سے چھپا

کالج میگزین

قریباً چار برس ہوئے کہ اس نام کا ایک علمی رسالہ انگریزی اور اُردو ملا ہوا - علیگڈہ کالج سے نکلنا شروع ہوا - اول اول وہ علیگڈہ اِنسٹیٹیوٹ کا ضمیمہ بن کر نکلتا رہا -- لیکن سنہ ۱۸۹۴ع میں اس نے ایک مستقل رسالہ کی صورت اختیار کی -- اس کے مضامین زیادہ تر کالج کی خبروں اوراُس کے متعلقات پر محدود ہوتے تھے -- اور اِس وجہہ سے عام پبلک کو اس کے ساتھہ چنداں دلچسپی نہ تھی *

اِس خیال سے اِس کے منتظموں نے اِس کو زیادہ وسعت دینی چاہی تاکہ وہ بالکل ایک علمی میگزین بن جائے جس میں کالج کی خبروں کے علاوہ - مسلمانوں کے علوم و فنون -- تاریخ اور لٹریچر کے متعلق - مفید اور پر زور مضامین لکھے جائیں - اِس غرض سے اِس کے ۲۴ صفحے بالکل اُردو کے لئے مخصوص کردیئے گئے - اور اِس صیغہ کا اہتمام خاص میری سپردگی میں دیا گیا میں اِس رسالہ کے ترقی دینے میں حتی الامکان کوشش کرونگا *

ملک کے مشہور اہل قلم یعنی مولانا حالی - نواب محسن الملک - مولوی نذیر احمد -- اور منشی ذکاءالله -- وغیرہ بزرگوں نے اِس میں مضامین لکھنے کا وعدہ کیا ہی -- اور اہل قلم بھی اگر اِس کی اعانت فرمائینگے تو ہم نہایت فخر کے ساتھہ قبول کرینگے *

ہم کو اُمید ہی کہ ہندوستان کی اِسلامی جماعت خریداری سے اِس کی اشاعت میں مدد دیگی -- میگزین کے کل صفحات ۳۰ ہیں اور قیمت مع محصول ڈاک - (ے مر) *

شبلی نعمانی -- پروفیسر

مدرسة العلوم علیگڈہ

حقوق الذمیین

یعنی

اسلام میں غیر مذہب والوں کے حقوق

دنیا کے عجیب سے عجیب واقعات کی اگر ایک فہرست تیار کی جائے تو یہ واقعہ ضرور ہی اس میں درج کرنے کے قابل ہوگا کہ مسلمانوں کے متعلق اگرچہ یورپ کی واقفیت کے ذریعے نہایت وسیع ہو گئے ہیں اور ہوتے جاتے ہیں۔ اسلامی آبادیوں کا بہت بڑا حصہ اُسکے قبضہ میں آگیا ہے۔ سیکڑوں عربی داں علما پیدا ہو گئے ہیں۔ عربی تصنیفات کثرت سے یورپین زبانوں میں ترجمہ ہوتی جاتی ہیں مسلمانوں کے نہایت نایاب تاریخی ذخیرے اصلی زبان میں شایع ہوتے جاتے ہیں۔ اور اورینٹل کانفرنس نے مشرق اور مغرب کا ڈانڈا ملا دیا ہے تاہم غلط معلومات کا بادل جو آج سے کئی سو برس پہلے یورپ کے اُفق پر چھایا تھا ابتک نہیں ہٹا بہت سے بہت یہ ہوا ہے کہ وہ کسیقدر ہلکا ہوگیا ہے لیکن فضا میں اب بھی اسقدر تاریکی ہے کہ اذا اخرج یدہ لم یکد یراھا (ہات کو ہات دکھائی نہیں دیتا) یہ غلط معلومات اول اول مذہبی رستے سے آئے تھے اور چونکہ یورپ میں مذہب کا زور خود گھٹ گیا ہے اس لیے مذہبی حیثیت کے لحاظ سے اب انکا اثر بھی چنداں قوی نہیں رہا۔ تاہم جب کبھی پولیٹکل ہوا چلتی ہے تو یہ دبی چنگاریاں اسقدر جلد بھڑک اُٹھتی ہیں کہ تمام یورپ میں ایک آگ سی لگ جاتی ہے۔

آرمینیا کے جھگڑے میں ترکوں پر جو شتبہ الزامات لگائے گئے ابھی اسکی تحقیق بھی نہیں شروع ہوئی تھی کہ یورپ کے اہل قلم نے دنیا میں غلغلہ ڈالدیا کہ خود مسلمانوں کے مذہب میں عیسائی رعایا سے ایسا سلوک کرنا جائز بلکہ ضروری قرار دیا گیا ہے اور اس وجہ سے یہ یقین کرنا کہ ترکوں نے وہ تمام ظالمانہ کارروائیاں کی ہوں گی گویا اس بات کا یقین کرنا ہے کہ ترک اپنے مذہب کے پابند ہیں اور پورے پابند ہیں۔

اسی سلسلہ میں ٹائمس کے پرچے مورخہ ۱ جنوری ۱۸۹۵ء میں پادری ملکم مکال نے بڑے دعوی کے ساتھ ایک آرٹکل لکھا جسمیں یہ ثابت کرنا چاہا کہ "مذہب اسلام۔ عیسائیوں کے حق میں نہایت سخت ظالمانہ قانون ہے۔ اور اسلامی حکومتوں میں ہمیشہ اس قانون پر عمل درآمد رہا ہے" دلی کی مشنریوں نے اس آرٹکل کا ترجمہ چھاپکر شائع کیا اور دیباچہ میں یہ تمہید لکھی کہ یہ آرٹکل اسقدر مدلل اور پرزور ہے کہ خود ٹائمس کے اُس مسلمان مضمون نگار نے جو مذہب اسلام کی حمایت میں مضامین کا سلسلہ لکھ رہا تھا۔ اس آرٹکل کے بعد بالکل بند ہو گیا اور کچھ جواب نہ دیسکا، آج کل کے مصنفین اسلام نے یورپ کی بہت سی غلط فہمیوں کو دور کیا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ انہوں نے اس عظیم الشان مسئلہ پر توجہ نہیں کی۔ کتب خانہ اسکندریہ۔ عورتوں کے حقوق۔ جزیہ۔ یہ سب جزئی مباحث ہیں۔ لیکن ذمیوں کے حقوق کا مسئلہ ایسا مہتم بالشان اور وسیع ہے کہ اگر اسکا قطعی فیصلہ کر دیا جائے تو یورپ کی غلط فہمیوں کا سارا طلسم ٹوٹ جائیگا میں یہ مضمون اسی خیال سے لکھتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ یہ بھی اُسی طرح اپنے مقصد میں کامیاب ہو گا جسطرح اس سے پہلے کتب خانہ اسکندریہ والجزیہ کو اپنے مقصد میں کامیابی ہو چکی ہے۔

اس رسالہ کا موضوع جسپر بحث کا تمام سلسلہ قایم ہے یہ ہے کہ اسلام میں ذمیوں کے کیا حقوق ہیں؟ یہ جملہ تین لفظوں پر مشتمل ہے۔ اسلام۔ ذمی۔ حقوق۔ اسلام سے ہماری مراد قرآن اور احادیث نبوی اور سنت نبوی کے صحیح اصول اور مسائل ہیں

ہو چکی ہے۔ ذمی۔ اُن رعایا کو کہتے ہیں جو اسلامی حکومت میں آباد ہوں اور جنکا مذہب اسلام نہو۔ لفظ حقوق کی تفسیر کی ضرورت نہیں۔ موضوع کے جو الفاظ ہیں اگرچہ انکی تشریح یہی ہے جو ہم نے کی۔ لیکن ہمارا دعوی اُس سے زیادہ وسیع ہے جو موضوع سے مفہوم ہوتا ہے یعنی جسطرح ہمارا یہ دعوی ہے کہ مذہب اسلام نے ذمیوں کے حقوق نہایت فیاضی سے قائم کیے۔ اسی طرح ہمارا یہ بھی دعوی ہے کہ یہ صرف تحریری قانون نہ تھا بلکہ تیرہ سو برس کی وسیع مدت میں من حیث الاغلب طریق عمل بھی اسی کے مطابق رہا۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اسلام کے ابتدائی زمانہ میں یعنی آغاز نبوت سے فتح مکہ تک جو ۸ھ میں واقع ہوئے لڑائیوں کا ایک ایسا متصل سلسلہ قائم رہا جس کی وجہ سے یہ موقع ہی نہیں نصیب ہوا کہ اسلام کو حکومت اور سلطنت کی حیثیت حاصل ہوتی اور رعایا کے ساتھ سلطنت کو جو تعلقات ہونے چاہئیں اُس کے متعلق قانون اور قاعدے منضبط ہوتے۔ قرآن مجید اور احادیث نبوی سے اسباب میں جن احکام کا پتہ لگتا ہے وہ خاص مسلمانوں سے متعلق ہیں یعنے غیر مذہب والوں سے انکو واسطہ نہیں۔ اسوقت تک غیر مذہب والوں سے جو تعلقات پیدا ہوئے تھے وہ اسیقدر تھے کہ کسی قوم سے کچھ معاہدہ ہو گیا۔ کسی سے چند شرائط کے ساتھ صلح ہو گئی۔ مختصر یہ کہ اسوقت تک غیر مذہب والے اسلام کی رعایا نہیں کہلاتے تھے۔ خیبر کی آبادی فتح ہو کر بھی صرف اسی قدر ہوا کہ یہودیوں سے بٹائی پر معاملہ ہو گیا اور زمین اُن کے قبضہ میں چھوڑ دی گئی۔ فتح مکہ کے بعد یمن۔ بحرین۔ عمان۔ عدن۔ وغیرہ فتح ہوئے ان اضلاع میں کثرت سے دوسری قومیں یعنی۔ یہود۔ عیسائی۔ پارسی آباد تھے چونکہ اسوقت امن و امان قائم ہو چکا تھا۔ اور اسلام کو پوری قوت حاصل ہو چکی تھی۔ اسلام نے صاف صاف انکو رعایا کے لقب سے پکارا اور خود انکو بھی اس لقب سے عار نہیں رہا۔ لیکن ان کے متعلق کسی قسم کے

مجموعہ احکام نافذ ہونے کے بجائے اس سے زیادہ کچھ نہیں ہوا کہ اُنپر جزیہ مقرر کیا گیا اور اُس کے
معاوضہ میں انکو چند حقوق دیئے گئے۔ سب سے پہلے[1] آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے
میں تقریباً سنہ ۸ ھ میں نجران کے عیسائیوں پر جزیہ مقرر ہوا۔ ان کے بعد آیلہ۔ اذرح۔ اذرعات
وغیرہ وغیرہ پر بھی جزیہ لگایا گیا۔ یہ ظاہر ہے کہ اسوقت تمدن سلطنت کا آغاز تھا اور اسوجہ سے
تاریخوں میں مسلمان یا ذمی رعایا کے حقوق کی تفصیل نہیں مل سکتی۔ تاہم اس معاملہ کے متعلق
جسقدر سرمایہ مل سکے اُسکو نہایت تلاش سے مہیا کرنا چاہیئے کیونکہ گو وہ مختصر اور سادہ ہوں
لیکن اُن سے حقوق الذمیین کے قانون کے اُصول معلوم ہوتے ہیں اور اسکا فیصلہ ہو سکتا
ہے کہ زمانۂ مابعد میں ذمیوں کے متعلق جو مفصل قانون بنایا اُسکا مایۂ خمیر کیا تھا؟

بانی اسلام یعنی جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے[2] جن قوموں پر جزیہ لگایا اُنکو
تحریر کے ذریعہ سے مفصل ذیل حقوق دیئے۔

(۱) کوئی دشمن ان پر حملہ کریگا تو ان کی طرف سے مدافعت کیجائیگی (رسول اللہ کے خاص الفاظ یہ ہیں۔ یمنعوا۔[3])
(۲) انکو ان کے مذہب سے برگشتہ نہیں کیا جائیگا۔ خاص الفاظ یہ ہیں لا یفتنوا عن دینهم[4]
(۳) جزیہ جو لینے لیا جائیگا اس کے لیئے انکو محصل کے پاس خود جانا نہیں پڑیگا۔[5]
(۴) ان کی جان محفوظ رہیگی۔
(۵) انکا مال محفوظ رہیگا۔
(۶) ان کے قافلے اور کارواں (یعنی تجارت) محفوظ رہینگے۔
(۷) ان کی زمین محفوظ رہیگی۔
(۸) تمام چیزیں جو ان کے قبضہ میں تھیں بحال رہینگی۔
(۹) پادری۔ رہبان۔ گرجوں کے پجاری اپنے عہدوں سے برطرف نہیں کیئے جائینگے۔

[1] فتوح البلدان صفحہ ۶۸
[2] فتوح البلدان صفحہ ۵۹
[5] فتوح البلدان صفحہ ۶۴

(۱۰) صلیبوں اور صورتوں کو نقصان نہیں پہنچایا جائیگا۔

(۱۱) اُنسے عشر نہیں لیا جائیگا۔ (۱۲) ان کے ملک میں فوج نہ بھیجی جائیگی۔

(۱۳) پہلے سے انکا جو کچھ مذہب اور عقیدہ تھا بدلا نہیں جائیگا۔

(۱۴) انکا کوئی حق جو انکو پہلے سے حاصل تھا زائل نہیں ہوگا

(۱۵) جو لوگ اسوقت حاضر نہیں ہیں یہ احکام اُنکو بھی شامل ہوں گے۔

پہلے اور دوسری دفعہ کے سوا باقی تمام حقوق جس معاہدہ سے قائم ہوتے ہیں وہ ذیل میں بعینہٖ منقول ہیں۔

ولنجران وحاشيتها جوار الله وذمة محمد النبي رسول الله على انفسهم وملتهم وارضهم واموالهم وغائبهم وشاهدهم وعيرهم وبعثهم وامثلتهم لا يغير ما كانوا عليه ولا يغير حق من حقوقهم وامثلتهم لا يفتن اسقف من اسقفيته ولا راهب من رهبانيته ولا واقه من وقاهيته على ما تحت ايديهم من قليل او كثير وليس عليهم رهق ولا دم جاهلية ولا يحشرون ولا يعشرون ولا يطأ ارضهم جيش الخ

فتوح البلدان صفحہ ۶۵

ذمیوں کے متعلق اسلام کا جو اصلی قانون ہے وہ اس سے زیادہ نہیں۔ کیونکہ اسلام صرف ان مسائل اور احکام کا نام ہے جو قرآن مجید یا احادیث صحیحہ سے ثابت ہوں۔ اسکے سوا جو کچھ ہے گو ہمنے قوم میں اور ملک میں کوئی اعتبار حاصل کر لیا ہو۔ لیکن وہ اسلام کا اصلی قانون نہیں ہے۔

ذمیوں کے حقوق کے متعلق اگرچہ مختصر قواعد ہیں اور اسلام کو ابتدائی زمانہ میں غیر قوموں کے ساتھ جسقدر کم تعلق پیدا ہوا تھا اُس کے لحاظ سے اُس سے زیادہ ضرورت

بھی نہ تھی۔ تاہم انہیں قواعد میں نہایت تہم بالشان امور کا ماخذ موجود ہے اور حقیقت یہ ہے کہ ذمیوں کے حقوق کے متعلق گو کتنا ہی مفصل مجموعہ قوانین بنایا جاوے۔ لیکن اُسکی جزئیات ان اُصول سے باہر نہیں جاسکتیں

اب ہم نہایت تفصیل کے ساتھ بتانا چاہتے ہیں کہ زمانہ مابعد میں جبکہ غیر قوموں سے نہایت وسیع اور قوی تعلقات قائم ہو گئے۔ ذمیوں کے ساتھ اسلامی حکومتوں کا طرز عمل کیا رہا سب سے زیادہ جس زمانے کے واقعات اس بحث کے تصفیہ کے لئے کام آسکتے ہیں وہ خلافت فاروقی کے واقعات ہیں انکی خلافت کا زمانہ ایک ممتد زمانہ ہے اول اول انہیں کے وقت میں غیر قوموں کے ساتھ سلطنت و رعیت کے تعلقات قائم ہوئے انکی نسبت مخالفوں نے کہا ہے کہ وہ غیر مذہب والوں کے ساتھ سختی سے برتاؤ کرتے تھے۔ ان کے عہد میں رعایا کے جسقدر حقوق قائم ہو سکتے ہیں ہو چکے تھے اور ہر ایک حق کی نسبت صاف صاف فیصلہ کر دیا گیا تھا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اُنکی حکومت اسلامی حکومت کی اصلی تصویر خیال کیجاتی ہے۔

حقوق میں سب سے مقدم قصاص کا حق ہے یعنی یہ کہ قتل و خون کے معاملہ میں فاتح اور مفتوح کے حقوق برابر سمجھیں جائیں۔ آج جن ملکوں میں تمدن اور تہذیب کی حکومت ہے انکا یہ دعویٰ ہے کہ اُنہوں نے اس مساوات کو قائم رکھا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ الفاظ کے ذریعہ سے یا عمل کے ذریعہ سے؟ میں اسکا فیصلہ اُن لوگوں پر چھوڑتا ہوں جو رات دن اپنی آنکھوں سے اسکی مثالیں دیکھتے رہتے ہیں۔ اس کے مقابلہ میں دیکھو اسلام نے کیا کیا؟

قبیلہ بکر بن وائل کے ایک مسلمان نے حیرہ کے ایک عیسائی کو مار ڈالا تھا حضرت عمر کو اس کی اطلاع دی گئی اُنہوں نے لکھ بھیجا کہ قاتل، مقتول کے وارثوں کو حوالہ کر دیا جائے، چنانچہ قاتل، حنین نام ایک شخص کو جو مقتول کے وارثوں میں تھا سپرد کر دیا گیا اور اُس نے

اُسکو قتل کر دیا[۱]۔ جہاں تک ہمکو معلوم ہے حضرت عمر کے اس طریق عمل سے کسی زمانے میں اختلاف نہیں کیا گیا۔ بلکہ حضرت علی علیہ السلام نے صاف صاف لفظوں میں فرمایا کہ من کان له ذمتنا فدمه کدمنا و دیته کدیتنا یعنی "جو لوگ ذمی ہو چکے اُنکا خون ہمارا خون ہے اور اُنکا خون بہا ہمارا خون بہا ہے" حضرت علی علیہ السلام کو یہ موقع خود بھی پیش آیا اور اُنہوں نے صاف حکم دیدیا کہ قاتل جو مسلمان تھا قتل کر دیا جائے۔ اس سے بڑھ کر یہ کہ جب مقتول کے وارثوں نے اگر عرض کیا کہ ہمنے خون معاف کر دیا تو آپ نے فرمایا کہ تجھ پر کچھ دباؤ تو نہیں ڈالا گیا[۲]

عمر بن عبد العزیز، جنکو دوسرا عمر کہا جاتا ہے ان کے عہد میں بھی اس قسم کا واقعہ پیش آیا اور انہوں نے بھی یہی حکم دیا کہ قاتل مقتول کے وارثوں کے حوالہ کر دیا جائے۔ چنانچہ وارثوں نے اُسکو بے تکلف قتل کر دیا[۳]۔

حضرت عثمان کے زمانے میں ولید بن عقبہ جو صحابی تھے کوفہ کے گورنر تھے ایک دفعہ ایک یہودی نے ان کے سامنے شعبدہ بازی کی تماشے دکھائے، اسوقت اور بہت سے تماشائی موجود تھے انمیں جندب بن کعب ازدی بھی تھے جو بڑے مشہور تابعی ہیں اور صحیح ترمذی میں ان کی روایتیں منقول ہیں، وہ ان شعبدوں کو شیطان کا اثر سمجھے اور یہودی کو قتل کر دیا، ولید نے اُسی وقت انکو گرفتار کر لیا۔ اور یہودی کے قصاص میں قتل کر دینا چاہا۔ لیکن چونکہ وہ بڑے جتھے کے آدمی تھے اُن کے قبیلہ والے اُن کی حمایت کو کھڑے ہو گئے ولید نے اسوقت دفع الوقتی کے لیئے انکو قیدخانہ بھیجدیا اور ارادہ کیا کہ موقع پاکر قتل کر دینگے دارو غۂ جیل کو اُن پر رحم آیا اور کہا کہ تم چپکے سے بھاگ جاؤ۔ اُنہوں نے کہا کیوں؟ کیا درحقیقت

---

[۱] زیلعی تخریج ہدایہ مطبوعہ دہلی صفحہ ۳۳۸ و ۳۳۹ ۔ ۔۔۔ ۔۔۔

[۲] زیلعی صفحہ ۳۳۸ [۳] زیلعی صفحات مذکورہ بالا۔

میں قتل کر دیا جاؤنگا؟ داروغہ نے کہا خدا کی خوشنودی کے لیئے تمہارا قتل کر دینا کچھ بڑی بات نہیں" غرض وہ بھاگ گئے، صبح کو ولید نے جنذب کو قصاص کے لیئے طلب کیا' داروغہ نے کہا کہ وہ تو چھپکر بھاگ گیا' ولید نے اُسکے بدلے داروغہ کی گردن مار دی[1]' ہمکو اس امر پر بحث نہیں کہ داروغہ جیل کا قتل کر دینا جائز تھا یا نہیں بلکہ یہ دکھانا منظور ہے کہ باوجودیکہ جنذب بڑے رتبے کے آدمی تھے اور یہودی ایک معمولی تماشا گر تھا تاہم ولید کو ایک حکم شرعی کی تعمیل کے لحاظ سے جنذب کے قتل کر دینے میں کچھ تامل نہ ہوا۔

اسی سلسلہ میں حضرت عمر فاروق کی شہادت کا واقعہ بھی سننے کے قابل ہے، حضرت عمر کے قاتل کا نام فیروز تھا جو مجوسی الاصل تھا اور عیسائی مذہب رکھتا تھا حضرت عمر کے بڑے بیٹے عبیداللہ سے لوگوں نے بیان کیا کہ اور لوگ بھی اس سازش میں شریک تھے۔ چنانچہ حضرت ابوبکر کے بیٹے عبدالرحمٰن نے چشم دید واقعہ بیان کیا' عبیداللہ تلوار ہاتھ میں لیکر نکلے۔ اور فیروز کے بیٹے اور جفینہ و ہرمزان کو جن پر سازش کا شبہ تھا قتل کر دیا۔ انمیں سے ہرمزان مسلمان ہو گیا تھا باقی عیسائی تھے' عبیداللہ اُسیوقت گرفتار کر لیے گئے' اور حضرت عثمان جب مسند خلافت پر بیٹھے تو پہلا مسئلہ یہی پیش کیا گیا کہ عبیداللہ کی نسبت کیا کرنا چاہیئے' حضرت عثمان نے صحابہ کو بلا کر رائے طلب کی' تمام مہاجرین یعنی ان بزرگوں نے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ وطن چھوڑ کر چلے آئے تھے اور تمام صحابہ کی بہ نسبت افضل سمجھے جاتے تھے یکزبان ہو کر کہا کہ عبیداللہ کو قتل کر دینا چاہیئے[2]۔ حضرت علی علیہ السلام بھی اس مجمع میں موجود تھے اور اُنہوں نے بھی یہی رائے دی۔ اگرچہ حضرت عثمان' بعض مصلحتوں کی وجہ سے اس فیصلہ کی تعمیل نکر سکے اور (جیسا کہ مورخین نے لکھا ہے) حضرت عثمان کی خلافت کی یہ پہلی

---

[1] مسعودی ذکر خلافت عثمانؓ کتاب الاوائل میں بھی اس واقعہ کو کسیقدر اختلاف کے ساتھ نقل کیا ہے ۱۲

کمزوری تھی تاہم اُنھوں نے تینوں مقتولوں کے بدلے بیت المال سے خون بہا دلایا شاید کسی کو یہ خیال ہو کہ لوگوں نے عبید اللہ کا قتل کیا جانا جو تجویز کیا تھا وہ ہرمزان کے قصاص میں تھا اور ہرمزان مسلمان ہو چکا تھا لیکن یہ خیال صحیح نہیں، اولاً تو روایتوں میں اس قسم کی تخصیص کا کوئی اشارہ نہیں پایا جاتا اس کے علاوہ حضرت عثمان نے تینوں کا جو خون بہا دلایا اس میں کسی قسم کی تفریق نہیں کی ہمکو جہاں تک معلوم ہے اسلام کی تمام تاریخ میں اسکے خلاف کوئی مثال نہیں ہے۔ بعض مسلمان مورخوں نے لکھا ہے کہ ہرون الرشید کے زمانے میں ایک مسلمان نے کسی ذمی کو مار ڈالا قصاص میں مسلمان ماخوذ ہوا لیکن کسی خاص وجہ سے ہرون الرشید کو اُس کی رعایت منظور تھی اور اس لیئے اُس نے چاہا کہ وہ قتل سے بچ جائے، چنانچہ قاضی ابو یوسف صاحب کو بلا کر اس کی تدبیر پوچھی، قاضی صاحب نے فرمایا کہ شہادت سے یہ ثابت نہیں کہ وہ مارے جانے کے وقت قانوناً ذمی تھا۔ اگرچہ ہمارے نزدیک یہ واقعہ ثابت نہیں تاہم اگر اسکو صحیح مان لیا جائے تب بھی یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ذمی کے قصاص میں مسلمان کو قتل سے بچانا ایک ایسا عظیم واقعہ تھا جسکے حیلہ پیدا کرنے کے لیئے قاضی ابو یوسف جیسے شخص کی ضرورت پڑی اور وہ بھی اس کے سوا کچھ حیلہ نہ بتا سکے کہ اسکا ذمی ہونا مشتبہ ہو گیا تھا۔

مال اور جائداد کے حقوق جنکو انگریزی میں رائٹ آف پراپرٹی اور رایٹ آف لینڈ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ان میں بھی مسلمان اور ذمی برابر درجہ رکھتے تھے، ذمیوں کے قبضہ میں جسقدر زمینیں تھیں اسلام کے بعد عموماً بحال رکھی گئیں۔ یہاں تک کہ اگر خلیفہ وقت یا بادشاہ کو مسجد یا کسی اور عمارت کی غرض سے زمین لینے کی ضرورت ہوتی تھی تو معاوضہ دیکر لی جاتی تھی۔

حضرت عمرؓ کے زمانے میں ایک شخص نے دجلہ کے کنارے گھوڑوں کے پالنے کیلئے
ایک چراگاہ بنانی چاہی آپ نے ابو موسی اشعری کو جو بصرہ کے گورنر تھے لکھ بھیجا کہ اگر وہ
زمین ذمیوں کی نہو اور اسمیں ذمیوں کی نہروں اور کنووں کا پانی نہ آتا ہو تو سائل کو
زمین دیدیجائے[1]" خلیفہ منصور عباسی نے جب بغداد کو دارالخلافت بنانا چاہا تو آس
پاس کی قومیں جو وہاں کی زمیندار تھیں اُن سے قیمت دیکر زمین مول لی[2] حیرہ میں قدیم
زمانے کے محل اور ایوان تھے جو اسلام کے زمانے میں ویران ہو چکے تھے حضرت عمرؓ کے
عہد میں کوفہ میں جو جامع مسجد بنی اسمیں کچھ ملبہ وہاں کے مکانات سے آیا تھا اگرچہ انکا کوئی
قانونی وارث نہ تھا تاہم چونکہ ذمیوں کی زمین میں تھا اس لیئے ذمیونکو ان کی قیمت ان کے
جزیہ میں مجرا دی گئی[3]۔ اس کے سوا سیکڑوں واقعات ہیں جن سے صاف ثابت ہوتا ہے
کہ ذمیوں کے مال اور جائداد سے کبھی تعرض نہیں کیا گیا" باقی آیندہ۔ شبلی نعمانی

مارہرہ اسکول کی پہلی سالگرہ

مارہرہ اسکول کی پہلی سالگرہ ۱۶- نومبر کو ہوئی- مسٹر بیک پرنسپل مدرسۃ العلوم
۱۵- نومبر کو مارہرہ تشریف لے گئے- جناب ممدوح نے اُسی روز اسکول کا معائنہ کیا اور طلبا
کی لیاقت اور ماسٹروں کی طرز تعلیم کا امتحان لیا- شام کو مینجنگ کمیٹی کا جلسہ قرار پایا
جسمیں بہت سے امور متعلق مدرسہ طے ہوئے- منجملہ تمام رزولیوشنوں کے ایک رزولیشن
جو کہ بابت فیس مدرسہ ہے بیان کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے- اسوقت تک طلبا سے کسی
قسم کی فیس نہیں لیجاتی تھی مگر اب یہ قرار پایا ہے کہ اُن طلبا سے جن کے والدین مدد میں

---

[1] فتوح البلدان صفحہ ۳۰۱- [2] فتوح البلدان صفحہ ۲۹۵- [3] فتوح البلدان صفحہ ۲۸۶-

کسی قسم کی امداد نہیں کرتے آٹھ آنے سے لیکر چار آنے تک فیس لی جایا کرے۔

۱۲۔ نومبر کو ۱۰ بجے دن کے مدرسہ کی سالگرہ کا جلسہ ہوا جس کے میر مجلس مسٹر لایل کلکٹر اور مجسٹریٹ ایٹہ تھے۔ اس جلسہ میں اکثر بزرگان مارہرہ نے فصیح و بلیغ تقریریں کین اور الٰہی بخش طالب علم مدرستہ العلوم نے ایک نظم مصنفہ خود پڑہی۔ اس موقع پر مدرسہ کی مالی حالت کا اظہار کرنا جیسا کہ سکرٹری نے اپنی رپورٹ میں بیان کیا ضروری معلوم ہوتا ہے اسوقت خرچ مدرسہ کا [illegible] ماہوار ہے اور چندہ کی آمدنی [illegible] ماہانہ۔ علاوہ اس چندہ ماہواری کے کچھ روپیہ بطور امداد کے بھی فراہم کیا گیا ہے بغرضیکہ کل آمدنی میں سے اخراجات علیحدہ کرنے کے بعد اسوقت مدرسہ کا سرمایہ [illegible] روپیہ ہے امید ہے کہ سال آیندہ میں فیس کی آمدنی کی وجہ سے اس سرمایہ میں اور ترقی ہوگی۔

اس جلسہ میں جناب پرنسپل صاحب نے ایک تقریر بزبان اُردو کی کہ فی الحقیقت نہایت ہی قابل قدر ہے وہ اسپیچ میگزین کے اسی پرچہ میں شائع کی جاتی ہے

جناب پرنسپل صاحب کے اسوقت مارہرہ تشریف لیجانے سے دو بڑے فائدے مدرسہ کو ہوئے۔ اول میونسپیلٹی سے امداد کی منظوری۔ دوم عربی تعلیم کا عمدہ انتظام۔ جناب کلکٹر صاحب نے حسب تحریک جناب پرنسپل صاحب کمیٹی میں منظور کرا دیا ہے کہ ہمیشہ میونسپیلٹی مدرسہ کی مدد بقدر تہائی تعداد چندہ کیا کرے اور جسکو کہ ہم مدرسہ کے استحکام کی دوسری سیڑہی سمجھتے ہیں۔

عربی تعلیم کا گو پورا پورا عمل درآمد ابھی نہیں ہوا مگر ممبران درگاہ نے جناب پرنسپل صاحب اور جناب کلکٹر صاحب کے روبرو اپنی رضامندی ظاہر کر دی ہے اور وعدہ فرمالیا ہے کہ اگر معلم درگاہ اسکول میں جا کر پڑھایا کرے تو ہم کسی طرح سے معترض نہیں ہوں گے۔ ممبران کی

منظوری سے اب کارروائی مین کسی قسم کا ڈر نہین ہے ہمکو اس بات کے بیان کرنے سے خوشی ہوتی ہے کہ سید برکات حسن صاحب ممبر درگاہ نے بھی اپنی مخالفت بالکل چھوڑ دی ہے اور کلکٹر صاحب کے سامنے اسکا اظہار کر دیا ہے۔

ہم مجملاً مدرسہ کی اندرونی ترقی کو بھی بیان کرتے ہیں جو کہ نظیر حسین فاروقی ہیڈ ماسٹر مارہرہ اسکول کی کوششوں کا نتیجہ ہے اور جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے کالج کی مختلف سوسائٹیوں کا اثر ایک طالب علم پر کسقدر ہوتا ہے۔ اس مدرسہ کے متعلق ایک کلب ہے جس میں کہ متعدد اخبار آتے ہیں۔ ہر ہفتہ نیز طلبا ایک مضمون پر مباحثہ کرتے ہیں اور اکثر پبلک ریڈنگ بھی ہوا کرتی ہے۔ اس بات کا انتظام بھی بہت جلد ہونیوالا ہے کہ ذی علم رؤسا مارہرہ کم از کم مہینے میں ایک مرتبہ اخلاق اور دیگر مضامین پر لکچر دیا کریں جیسا کہ ہمارے کالج میں ہوتا ہے علاوہ اس کے ورزش جسمانی کا بھی پورا پورا انتظام ہے بڑی جماعتوں کے طلبا کے واسطے قواعد لازمی ہے۔ ۱۶۔ نومبر کو اسکول کے سالانہ اتھلیٹک اسپورٹس ہوئے جسمیں کہ بہت سے طلبا شامل تھے۔ یہ کالج اسپورٹس کا ایک چھوٹا سا نمونہ تھا۔"

مسلمانوں کا فارس کو فتح کرنا۔ اور وہ اسباب جنسے اس فتح میں آسانی ہوئی

موجودہ تاریخی لٹریچر کا بڑا تعجب انگیز رجحان آج کل اسطرف ہے کہ ہر چیز کی اصل اور ابتدا کی تاریخ لکھنے پر بہت توجہ کی جاتی ہے۔ مثلاً تہذیب۔ تمدن۔ تجارت وغیرہ کی ابتدا کی تاریخیں موجود ہیں بلکہ درحقیقت ہر ایک مضمون کو جسے علم تاریخ سے کچھ بھی تعلق ہو ہمارے زمانے کے مورخ اس کی بہت ابتدائی کیفیت اور بتدریج نشو و نما پانے کی حالت

میں دکھاتے ہیں۔"

تاریخ کو جو ایک فن قرار دیا گیا ہے۔ اسکا صرف یہی باعث ہے۔ کہ قوموں کی تاریخی واقعات دریافت کرنے میں اُن کی ابتدائی حالت پر غور کیا جاتا ہے۔ اور اس طریقے پر تحقیقات کرنے سے کئی ملکوں کی تاریخ اب زندہ ہو گئی ہے۔ جو پہلے صرف چند پریشان حالات کا مجموعہ ہونے سے زیادہ وقعت نہ رکھتے تھے۔ اور جن میں بسبب عدم تسلسل واقعات اور بظاہر دقیق عام فہم نہونے کے باعث کچھ دلچسپی نہ تھی۔ آج کل کے مورخ ہمارے سامنے تسلسل واقعات ڈھونڈ ڈھونڈ کر پیش کرتے ہیں۔ وہ یہ بتانے کی کوشش کرتے ہیں کہ ہر ایک تاریخی امر ان واقعات کا لازمی نتیجہ ہوتا ہے۔ جو اس امر سے پیشتر ہوئے ہوں۔ بلکہ گذشتہ واقعات پر نظر ڈالنے سے اس طریقہ سے کسی ملک یا قوم کی تاریخ ہمارے سامنے باقاعدہ صورت میں لاکر رکھی جاتی ہے۔ اس کے مختلف اجزا علت ومعلول اور صلہ وموصول کے ربط سے آپس میں ملے ہوئے ہوتے ہیں۔ بدیں وجوہ کوئی امر خلاف قاعدہ اور بے ربط نہیں معلوم ہوتا۔ ہر نیا واقعہ اور ہر ایک نئی ترقی کسی قوم کی تاریخ میں اُن واقعات کا بین نتیجہ سمجھی جا سکتی ہے جو پیشتر سے اسمیں موجود ہوں اور اس لیئے اس تاریخ میں وہ دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے۔ جو معمولی طور سے تمام واقعات کے پڑھ جانے سے کسی طرح حاصل نہیں ہو سکتی۔

میں اسی طریقے (یعنے ابتدائے حالات کے تحقیق کرنے کے طریقے) کو اہل عرب کے ابتدائی فتوحات کو بیان میں جاری کرونگا اور آپ صاحبوں کے سامنے اُن حالات کو پیش کرونگا۔ جنسے یہ فتوحات ممکن ہو گئیں۔ کیونکہ اسلام لانے کے بعد عرب کے فرقوں نے جو حیرت انگیز غیر ملکوں پر حملے کیئے وہ دنیا کی عام تاریخ سے اسی طرح کا گہرا ربط اور تعلق

رکھتے ہیں۔ جیسا کہ کوئی اور عظیم الشان واقعہ۔ اور اس امر کو اچھی طرح سمجھنے کے لیئے صرف یہ
کافی نہیں ہے کہ ہم عرب کی فوجوں کے بہادرانہ کارناموں اور فتوحات پر توجہ کریں اور صرف
اتنا سمجھ لیں کہ روم اور فارس کے باشندے وہ لوگ تھے جنکو مسلمانوں نے آسانی سے
فتح کرلیا۔ یہ کہنا تو ایسا ہے جیسے کوئی کہے۔ کہ جب مسلمان فتح کرنے کی غرض سے اپنے
ملک سے باہر نکلے۔ تو ان کے لئے فتح کرنے کے واسطے کوئی نہ کوئی ملک ضرور درکار تھا۔ اور
بحسن اتفاق وہ ملک ــــ جو مسلمانوں نے فتح کئے۔ اُن قوموں کے زیر حکومت تھے
جو رومی اور فارسی کہلائی جاتی تہیں! ۔ یہ بات تو بظاہر یکطرفہ ڈگری کی طرح سے ہے
کیونکہ جب بعض حالات ایسے موجود ہیں۔ جنسے فاتحوں کی کامیابی ممکن ہوئی۔ او اسباب
ایسے بھی ہیں جو مفتوح قوموں کی شکست کا باعث ہوئے۔ یہ بیشک بجا ہے۔ کہ ان وجوہات
پر غور کریں جو مسلمانوں کی کامیابی کا سبب تھے۔ مثلاً عربوں میں مذہبی جوش کا ہونا۔ یکدلی
اور اتفاق کی مضبوط بندش۔ دین اسلام کی برکت (جسنے ان کے غیر متفق فرقوں کو ملا کر
ایک کردیا تھا۔ جو اُسوقت تک ایک دوسرے کے برباد کرنے پر متوجہ رہتے تے۔ اور ہمیشہ کے
حاسدانہ جھگڑوں اور خونریزیوں کے سبب سے تباہ ہوگئے تے۔) سب کے دلوں میں مذہبی ایمان
کا ہونا۔ جسنے اخوت اور اتفاق کا مضبوط رابطہ قائم کردیا تھا۔ اور جس سے انکے بازوؤں
میں غیر ممکن التسخیر قوت پیدا ہوگئی تہی۔ خدائے تعالے کے وعدوں پر پکا بھروسہ کرنا صدق
دل سے جنت ملنے کی آرزو جس نے اُن کے تمام خوف۔ دقتیں اور تکلیفیں دور کردی
تہیں۔ ان تمام امور اور اسی قسم کی بہت سی باتوں کا ذکر ہم تفصیل کے ساتھ کریں گے۔ لیکن
جس طرح اسلام کے اور مورخوں نے کیا ہے۔ ہمیں صرف اسیقدر بحث پر قناعت نہیں
کرنی چاہیئے۔ بلکہ ہمکو ساتھ کے ساتھ مخالفین اسلام کے سوشل اور پولٹیکل حالات پر غور کرنا

چاہیئے اور معلوم کرنا چاہیئے کہ وہ کمزوری کے اسباب کیا تھے۔ جن کے باعث اُس زمانے کی سب سے زیادہ شائستہ قوموں (یعنے روم اور فارس) کی فوجیں عرب کے غیر تربیت یافتہ قبیلوں سے شکست کھا گئیں۔

میں اپنے پہلے لیکچر میں صرف پچھلے امر یعنے مخالفین اسلام کے حالات کا ذکر کرونگا۔ میں آپ صاحبوں کو صرف یہہ بتانا نہیں چاہتا۔ کہ مسلمانوں نے شام۔ فلسطین۔ مصر۔ شمالی افریقہ۔ وغیرہ صوبجات سلطنت روم اور تمام سلطنت فارس کو فتح کر لیا تھا بلکہ یہ امر بھی جتاؤنگا کہ وہ کن وجوہ سے ان فتوحات کو بآسانی حاصل کر سکے۔ ان فتوحات کے حیرت انگیز طور سے یکے بعد دیگرے جلد جلد حاصل ہونے کے کیا اسباب قرار دیئے جا سکتے ہیں اور کن وجوہات سے مسلمانوں کی حکومت ان مفتوحہ ملکوں میں استحکام کے ساتھ قائم ہو گئے؛

ہمکو کوشش کرکے معلوم کرنا چاہیئے کہ عربوں کی فتوحات سے ذرا پہلے یعنی ساتویں صدی مسیحی کے شروع میں مہذب دنیا کی حالت کیا تھی؟ اُسوقت ہمکو صرف دو عظیم الشان طاقتیں نظر آتی ہیں یعنی فارس اور روم۔ جنہوں نے تمام تہذیب یافتہ ملکوں پر اپنا قبضہ اقتدار جما رکھا تھا۔ اس حالت کو اچھی طرح ذہن نشین کرنے کے لیئے کسی قدر جغرافیہ جاننا ضرور ہے۔ اس لیئے ضرور ہے کہ ایک نقشہ سلطنت روم اور فارس کا اسکے پڑھنے سے پہلے دیکھ لیا جاوے۔

(لکچرار صاحب نے اسکے ساتھ ایک نقشہ ان تمام مواقع کا عمدہ اور خوشخط چھپوا کر ناظرین کو تقسیم کر دیا تھا جس سے اسکے سمجھنے مین نہایت آسانی ہوئی)

تقریباً آٹھ سو برس سے یہ دونوں طاقتیں دنیائے مہذب دنیا پر اقتدار کلی حاصل کرنیکے غرض سے آپس میں لڑتی چلی آتی تھیں۔ اور آپس کی متواتر لڑائیوں میں ہمیشہ مصروف رہتی تھیں جن زمانے کا ذکر کرنا ہمکو مقصود ہے۔ اسوقت یہ دونوں سلطنتیں اپنے آباء واجداد کی طرح باہمی جنگ وجدال میں خوب سرگرمی سے مصروف تھیں۔ اور اس خاندانی رقابت کو نہایت زور شور سے پورا کر رہی تھیں۔ لیکن یہ لڑائیاں صرف ملکی فتوحات اور اقتدار حاصل کرنے کی غرض سے نہ تھیں۔ بلکہ اس کے علاوہ دونوں قوموں کے درمیان اختلاف کا باعث ایک اور امر بھی تھا یعنے مذہبی تخالف۔ اس تفرقہ کے سبب سے ان کی باہمی لڑائیاں جہاد یا مذہبی لڑائیوں کا رنگ پکڑ گئی تھیں۔ بادشاہ روما (بازنطین) ایک طرف سے مذہب عیسوی کا حامی بنکر آتش پرست کافروں کا مقابلہ کرتا تھا۔ دوسری طرف سے شاہ فارس مذہب زردشت کا مددگار بنکر تاریکی اور جہالت (یعنی عیسائی) کی فوجوں سے اپنے مذہب کی عصمت بچانے کے لیئے حملہ آور ہوتا تھا۔ دونوں مخالف خاندان اپنے اپنے مذہب کی بنا پر قائم تھے۔ ساسانی خاندان نے شاہی خاندان فارس کو تباہ کر دیا تھا اور مذہب زردشت کا حامی بنکر ایران مین اپنی حکومت تیسری صدی مسیحی کے شروع میں قائم کرلی تھی۔

اردشیر جو ساسانی خاندان کا بانی تھا۔ خود مجوسی اور مقتدائے مذہب تھا۔ جب اردشیر نے عزلت گزینی اختیار کرکے تاج وتخت اپنے بیٹے کے سپرد کیا۔ تو اُس سے کہا۔ اے میرے بیٹے یاد رکھنا کہ مذہب اور حکومت دو بہنیں ہیں۔ جنمیں ایک دوسرے کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتی کیونکہ ہمارا مذہب وہ بنیاد ہے جسپر حکومت قائم ہے۔ اور حکومت مذہب کی محافظ ومددگار ہے۔ اردشیر کے بیٹے کے عہد سلطنت میں مذہب زردشت کی کتاب مقدس زندوستا کا سرکاری نسخہ طیار ہوا۔ ٹھیک اسی زمانے میں قسطنطین اعظم عیسائی ہوا۔ اور

اوراسنے مذہب عیسوی کو سلطنت روما کا سرکاری (ملکی) مذہب قرار دیا قسطنطین مقام
نائسیا کی مذہبی مجلس کا صدر انجمن بھی بنا تھا جس میں عیسائی مذہب کے اصول اخیر
دفعہ محدود صورت میں قائم کیئے گئے۔ سلطنت روما اور فارس کے حکمراں خاندانوں کا
یہ مضبوط تعلق اپنے اپنے مذہب کے ساتھ اُن کی تاریخ میں بہت قابل لحاظ بات ہی۔ آگے
چلکر ہمکو معلوم ہوجائیگا کہ یہ مذہبی تعلق ان دونوں کے لیئے باعث ضعف وزوال ہوا۔
جسوقت کہ انکو اپنے مخالفین یعنی اہل اسلام سے مقابلہ کرنے کے لیئے اپنی تمام قوت صرف
کرنے کی ضرورت پڑی۔

میری یہ تجویز ہے کہ ان دونوں عظیم الشان سلطنتوں کا حال زیادہ صراحت سے بیان
کروں اور آپ صاحبوں کے سامنے مختصر کیفیت ان کی حالت کی جو فتوحات عرب سے کچھ پہلے
تھی پیش کروں۔ اور وہ اسباب بتاؤں جن کے باعث یہ فتح ممکن ہوئی۔

پہلے میں فارس کا بیان شروع کرتا ہوں۔ ابھی ابھی میں بتا چکا ہوں کہ خاندان ساسانی
کا عروج فارس میں اسوجہ سے ہوا کہ وہ لوگ قومی مذہب کے پیشواؤں میں سے تھے۔ اس
خاندانی تعلق کو جو ساسانیوں کو مذہب کے ساتھ تھا۔ اس گھرانے کے ایک بہت مشہور بادشاہ
خسرو اول نے جسے آپ لوگ نوشیرواں کے لقب سے پہچانتے ہیں۔ زیادہ مستحکم کردیا۔ خسرو
ایران کے مفتوح ہونے سے ایک صدی پہلے تخت نشین ہوا تھا۔ یہ بات بھی قابل لحاظ ہے
کہ نوشیرواں سلطنت روما کے بہت بڑے جلیل القدر بادشاہ جسٹینین کا ہمعصر تھا۔ جبکا ذکر
ہم دوسرے موقع پر کریں گے۔ نوشیرواں کو سلطنت اسوجہ سے نصیب ہوئی کہ اسنے مزدکیہ
نامی ایک مرتد فرقے کے خلاف مذہب کے پیشواؤں اور موبدوں کی حمایت کی تھی۔ فرقۂ
مزدکیہ نے نوشیرواں کے باپ شاہ کیقباد کو اپنے کہنے میں کرلیا تھا۔ اور انکا ارادہ تھا۔ کہ

نوشیرواں کو برطرف کر کے کیقباد کے دوسرے بیٹے کو جسنے انکا طریقہ اختیار کرلیا تھا۔ تخت نشیں کریں۔ فرقہ مزدکیہ کا خاص اُصول یہ تھا کہ۔ عورتیں اور مال و اسباب سب کے مشترک ملکیت ہیں۔ وہ کہتے تھے کہ انسان عورتوں اور مال و دولت پر آپس میں زیادہ تر جھگڑے اور فساد کرتے ہیں۔ اس لئے صلح کل اور آسایش خلق کے خیال سے شادی کی رسم متروک کر دینی چاہیئے۔ اور مال و متاع پر بھی سب کا مشترک دعویٰ ہونا چاہیئے اسکے علاوہ بعض مذہبی امور بھی تھے۔ مثلاً دنیا میں بدی کے وجود کا مسئلہ اور دنیا پر انتظام قدرت الٰہی ہونے کا مسئلہ جن میں کہ پچھلے پیشوایان مذہب اور فرقہ مزدکیہ کے درمیان اختلاف تھا۔ اس فرقہ کو نوشیرواں نے تباہ کر دیا۔ اور اس کے بہت سے پیرو قتل کر دیئے گئے۔ لیکن پھر بھی اس فرقہ کی بنیاد نہیں گئی تھی۔ جو لوگ بچے۔ وہ موجودہ حکومت سے ہمیشہ متنفر اور خلاف رہے اور کسی دوسری حکومت کی اطاعت قبول کر لینے کے بہت آرزومند رہے۔ چنانچہ کچھ عرصہ بعد عرب والوں نے اسپر اپنا تسلط کرلیا۔

ان تمام مذہبی فرقوں کے علاوہ فارس میں دین عیسوی بھی ملکی مذہب کے مقابل ایک جدا چیز تھا۔ نوشیرواں نے اپنی عیسائی رعایا کی بہت حمایت اور حفاظت کی بلکہ اس کے جانشین بھی اسی طریقے پر کاربند رہے۔ یہ رعایت وہ خاصکر اس خیال سے کرتے تھے۔ کہ جو عیسائی اُن کے علاقہ میں آباد تھے۔ انمیں اکثر نسطوری فرقہ کے پیرو تھے جنکو سلطنت روما نے بہت پامال کیا تھا۔ اور اس لیئے وہ لوگ اپنے حامیوں کے خیر خواہ بنگئے تھے۔ خاندان ساسانیہ کے غیر متعصب حمایت میں فرقہ نسطوریہ کو بہت ترقی ہوئی۔ اور اس کے پیرؤوں کی تعداد بہت خاصی ہوگئی۔ لیکن جب خاندان ساسانیہ کے زوال کا زمانہ قریب آیا۔ تو عیسائیوں پر بہت ظلم ہونے لگا اور جب عرب ایران میں آئے تو وہاں

کی رعایا میں فرقہ نسطوریہ سے زیادہ کسی نے انکی آؤبھگت نہیں کی۔ یہ لوگ خاندان ساسانیہ کے آخری بادشاہوں کے ظلم سے بچنے کے لیئے اہل عرب کو اپنا محافظ اور حامی سمجھ کر خوشی خوشی انکی حمایت میں آگئے۔ کیونکہ وہ جانتے تھے۔ کہ مسلمانوں نے اپنے دوسرے مفتوحہ ملکوں میں عیسائیوں کو کافی مذہبی آزادی دی تھی۔

فرقہ نسطوریہ کے اسطرح بخوشی مطیع ہو جانے سے ایک اور بات حاصل ہوئی جس سے عربوں کو فارس کی فتح میں آسانی ہوئی۔ لیکن مزدکیہ فرقہ کے پیرو اور عیسائی ہی ایسے نہ تھے کہ صرف انہیں پر ملکی مذہب کے مقتداؤں نے ظلم کئے تھے۔ کیونکہ سلطنت روما کے ساتھ جسقدر زیادہ عناد اور دشمنی بڑہتی گئی اور جوں جوں عیسائیوں کی تعداد حدود ایران میں زیادہ ہوئی۔ اسیقدر مذہب زردشت کے موبد زیادہ سفاک اور ظالم بنتے گئے۔ وہ لوگ تمام غیر مذہب والوں یعنی یہودیوں۔ معنویوں۔ اور ملحدوں وغیرہ کو بجبر ملکی مذہب میں لانے کی کوشش کرتے تھے۔ نیز مذہب زردشت کے معتقدین میں جو لوگ سست عقیدہ اور مذبذب خیالات کے تھے۔ انپر بھی نہایت سختی سے مذہبی سزائیں جاری ہوتی تھیں۔ ہمکو معلوم ہوا ہے کہ ایک وزیر عظم اس قصور پر قتل ہوا۔ کہ اس نے اپنی مردہ بیوی کی نعش کو پرندوں اور شکاری جانوروں کے کھانے کے لیئے حسب دستور مذہب کھلا رکھنے کے بجائے دفن کر دیا تھا۔ مذہب زردشت کے موبدوں نے مذہبی رسم ورواج کی مقدر قیود کو اسقدر تنگ کر دیا تھا کہ اسپر عملدرآمد محال ہو گیا تھا۔ اور انہوں نے ایسے ایسے مسئلے ایجاد کیئے تھے۔ کہ پیروان مذہب زردشت کو اپنے ہر طرح کے کاروبار میں انکے سبب بہت تکلیف ہوتی تھی۔

یہاں تک کافی طور سے بیان ہو چکا ہے۔ کہ حکومت اور مذہب کا باہمی رابطہ یعنی

سلطنت فارس کا مذہبی تعلق (جس مذہب کی سلطنت نہ صرف حامی تھی۔ بلکہ اسکو خود اپنا معاون سمجھتی تھی) اہل عرب کے حملہ کے وقت سلطنت کے لیئے ضعف کا باعث ہوا۔

اہل فارس کے زوال کا دوسرا سبب یہ ہوا۔ کہ اس زمانے میں امراء کا اقتدار بیحد بڑھا ہوا تھا۔ نوشیرواں جیسا زبردست بادشاہ تو امراء کو مطیع فرمان رکھ سکا۔ مگر اس کے بیٹے کو ایک بغاوت کی وجہ سے جسکا سرغنہ خود اسی کا ایک سردار تھا تخت چھوڑنا پڑا۔ اُس کے بعد جو سلطنت کا حقیقی وارث ہوا۔ اُس بیچارے کو مجبوراً ایک غاصب کے برخلاف رومیوں سے مدد مانگنے کی ضرورت پڑی۔ پھر بھی امراء کے ایک اور بغاوت کے ہنگامے میں وہ تخت سے اُتارا گیا اور قتل ہوا۔ غرضکہ ساسانیہ خاندان کے ختم ہونے تک یہی حال رہا۔ کہ برابر فساد پر فساد ہوتا رہا۔ اور ہر وارث تخت بادشاہ کا عہد حکومت اسقدر کم ہوا کہ۔ اُس زمانے کے تاریخی واقعات بہت ابتر ہیں۔ اور مورخ آخری ساسانی بادشاہوں کے نام اور اُن کی ترتیب سلطنت کے بابت مختلف رائیں رکھتے ہیں۔ کیونکہ ان میں اکثر ایسے ہوئے ہیں۔ جو چند مہینوں سے زیادہ تخت نشین نہیں رہے جب ملک میں اس طرح ابتری پھیلی ہوئی تھی۔ اور رومیوں کے ساتھ چھ برس تک متواتر لڑتے رہنے سے ایران والے تنگ آگئے تھے۔ اس زمانے میں انکو مسلمانوں کی نوخیز طاقت سے مقابلہ کرنا پڑا۔ جس نے ان کی آزادی اور حکومت کو مٹا کر خاک میں ملا دیا۔

یہ امر ناگزیر تھا۔ کہ مسلمانوں کی نئی حکومت کو کسی نہ کسی دن اُن زبردست طاقتوں سے جن کی سرحد صحرائے عرب سے ملی ہوئی ہے۔ ضرور مقابل ہونا پڑتا۔ روم اور فارس دونوں طاقتوں کی حکومت عرب کے قبیلوں پر۔ عراق عرب اور شمالی حصہ عربستان میں تھی۔ رومیوں کا قبضہ مغربی حصوں میں تھا اور فارس والوں کا مشرق کی جانب جبکہ

تمام عرب اسے ملکر ایک بڑی متفق الرائے قوم بنگئے تھے۔ اسوقت یہ خیال کرنا عبث تھا کہ وہ لوگ جو عراق عرب میں آباد ہیں۔ زیادہ مدت تک قومی اتحاد میں شریک ہوں گے یا اور کچھ عرصہ تک غیر قوموں کی اطاعت کریں گے۔ یہ امر عربوں کی آزادی پسند طبیعت کے بہت خلاف تھا۔

سلطنت روم کے ساتھ جو لڑائیاں ہوئیں انکا ذکر میں دوسرے مضمون میں کرونگا اسوقت ہمکو اپنی توجہ فارس کے برخلاف جو حملے ہوئے ان کی طرف مبذول کرنی چاہیئے۔

عربوں کی لڑائی جو ایرانیوں کے ساتھ شروع ہوئی۔ اُسے غیر متعلق اور بے ربط واقعہ بتانا۔ اور یہ کہنا کہ اس واقعہ کو عرب اور فارس کی گزشتہ تاریخ کے واقعات سے کوئی تعلق نہیں۔ سراسر غلط ہے + بلکہ برخلاف اس کے جب امیر مثنّٰے نے قبیلہ بنو بکر کے ایک بڑے گروہ کا سردار بنکر ایران کے علاقہ میں حملہ کیا۔ تو یہ حملہ صرف اُن پچھلے کارناموں کی تجدید تھی۔ جو ۲۵ برس پہلے اس کے قبیلہ والوں نے کیئے تھے۔ جبکہ انہوں نے حیرہ کے ایرانی گورنر کو ایک سخت شکست دی تھی اور آس پاس کا علاقہ تاراج کرلیا تھا + ایرانیوں نے اسی زمانے میں خاندان لخمی کو جو تین سو برس سے حیرہ میں فرمانروا تھا۔ پامال کردیا تھا۔ اور قبیلہ بنو بکر کی اسوقت خاندان لخمی سے بہت موافقت اور دوستی تھی۔ اسواسطے بنو بکر والوں نے اپنے دوستوں کی بربادی کا عوض لینے کے لیئے ایران پر حملہ کیا تھا۔ پس یہ کچھ تعجب کی بات نہیں۔ کہ قبیلہ بنو بکر نے ایسے مناسب موقع پر عراق سے غیر ملک والوں کا اقتدار اُٹھا دینے کی غرض سے اپنے پُرانے جھگڑے کو تازہ کرلیا + (باقی آیندہ)

(از ٹی ڈبلیو آرنلڈ صاحب مصنف پریچنگ آف اسلام الحق)

مسٹر بیک پرنسپل مدرستہ العلوم کی اسپیچ مارہرہ

مجکو بہت خوشی ہے کہ مارہرہ اسکول ایک برس تک بہت اچھی طرح سے چلا میں نے کُل اسکول کا معائنہ کیا اور تعلیم کی حالت قابل اطمینان پائی۔ ہیڈ ماسٹر صاحب نے اپنی کوششوں سے بہت سی باتیں ایجاد کیں ہیں مثلاً کرکٹ۔ قواعد اور کلب وغیرہ جو کہ میرے خیال میں دماغی اور جسمانی تربیت کے واسطے بہت مفید ہیں۔ میں نے اسکول کے رجسٹر کو بھی دیکھا جس سے معلوم ہوا کہ بہت سے لڑکوں نے داخل ہونے کے بعد اپنا نام خارج کرالیا اس سے یہ صاف ظاہر ہے کہ مارہرہ میں چند مسلمان اب تک اس خیال کے موجود ہیں جو تعلیم انگریزی کو ضروری نہیں سمجھتے اور کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو کہ یہ بات چاہتے ہیں کہ تعلیم کا نتیجہ فوراً ہی ظاہر ہو جاوے۔ اُن کی رائے میں تعلیم ایک اناج کا کھیت ہے جس کی پیداوار سے فوراً ہی مستفید ہو جاویں مگر اُنکو یہ بات سمجھنا چاہیئے کہ تعلیم ایک درخت ہے جسکو کہ آج بوتے ہیں اور برسوں کے بعد پھل کھاتے ہیں۔ بعض لوگوں کا ایسا گمان ہے کہ تعلیم سے سوائے ملازمت سرکار کے اور کوئی فائدہ نہیں نکلسکتا اور اُن کی قدردانی علم بھی اسی پر مبنی ہوتی ہے۔ پس اگر کوئی لڑکا بعد تحصیل علوم کے ملازمت سرکار حاصل کرنے میں ناکامیاب رہا تو اُن کی رائے میں اُس لڑکے کی تعلیم سے کوئی نتیجہ نہیں نکلا اور محض تضیع اوقات ہوئی۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ ایک لڑکا عمدہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد ہر ایک پیشہ میں اُس سے کامیابی حاصل کرسکتا ہے جو کہ ایک جاہل کے امکان سے باہر ہے۔ تجارت اور زراعت میں بھی اُسکو بہت کچھ فائدہ تعلیم سے حاصل ہو سکتا ہے + انگلستان میں فی زمانہ سب لوگوں کا یہ خیال ہے کہ ملک کی دولت تعلیم سے

بڑھتی ہے چنانچہ اسوقت انگلستان کے پیشہ وروں کے لڑکے تعلیم حاصل کرنے کیواسطے
قانوناً مجبور کیئے جاتے ہیں اور اُنکو اسقدر عمدہ تعلیم دیجاتی ہے جو کہ ہندوستان کی شائستہ
قومیں ضلع اسکولوں میں بھی نہیں حاصل کرسکتیں

مجکو اس بات کے سننے سے بہت خوشی ہوتی ہے کہ مارہرہ کے مسلمانوں نے
اپنی ہی کوششوں سے پچاس روپیہ ماہواری کا چندہ اسکول جاری کرنے کے واسطے
فراہم کیا۔ انہوں نے ایک عمدہ مثال اور قصبوں کے مسلمانوں کی پیروی کے واسطے
قائم کی۔

اسوقت اسکول میں صرف اسقدر دقت ہے کہ تعداد ماسٹروں کی بمقابلہ جماعتوں کے
کافی نہیں ہے اگر درگاہ کے ممبر اپنی عنایت سے معلم عربی کو انگریزی مدرسہ میں جاکر تعلیم
دینے کی اجازت دیں تو مدرسہ کو بہت کچھ ترقی ہوسکتی ہے۔ میں آپ سب صاحبوں سے
استدعا کرتا ہوں کہ آپ سب صاحب اپنی کوششوں کو رفاہ عام کیواسطے متفق
کریں۔ میری رائے مسلمانوں کی تباہی کی وجہ اُن کی نااتفاقی ہے اور اُس کی اصلاح اسوقت
یہی ہوسکتی ہے کہ تمام مسلمان اپنی مجموعی کوششوں کو رفاہ عام کے واسطے صرف کریں۔

مقدمات تغلب و غبن

(از امانت مدرسۃ العلوم)

ہم کمی گنجایش کی وجہ سے ان مقدمات کے مفصل حالات نہیں لکھ سکتے تاہم مختصر
واقعات قلمبند کرکے ہدیۂ ناظرین کرتے ہیں۔

ماہ اکتوبر کی ۱۷ تاریخ ان مقدمات کی پہلی پیشی کے لیئے قرار پائی تھی۔ لیکن اُس تاریخ کو

ے کہ جناب سول سرجن صاحب ملزم شام بہاری لال کے متعلق جو چند مہینوں سے
جن کے مرض میں مبتلا تھا شہادت دینے کے لئے طیار نہ تھے اس لئے اُس تاریخ کو کوئی
کارروائی نہ ہوئی۔ پھر بائیس اکتوبر کو سول سرجن کی شہادت ہوئی جس سے یہ بات قرار
پائی کہ ملزم شام بہاری لال اپنا مقدمہ چلانے اور سمجھنے کے قابل ہے اور سوائے حافظے
کے اُس کے تمام حواس بالکل برقرار ہیں۔ اسی تاریخ کو کرپا رام عرف کرپا شنکر کی مبلغ
چار ہزار روپیہ کی ضمانت پر رہائی ہوئی۔ کرپا شنکر ملزم دوم شام بہاری لال ملزم اول
کا حقیقی بھائی ہے اور اُس کے تغلبات میں اکثر شریک رہا ہے۔ اور نیز اس دن محمد اشرف خاں
صاحب سابق داروغہ جیل گورداسپور کے اظہار قلمبند ہوئے۔ اُن کے اظہارات افیڈیوٹ
متعلق سابق چال چلن شام بہاری لال ملزم اول ہوئے۔ اس شہادت سے معلوم ہوا
کہ شام بہاری لال نے جب وہ جیل مذکور کا ایک کلرک تھا بذریعہ جعلی چکوں کے سرکاری
روپیہ میں سے مبلغ تین ہزار روپے کا تغلب کیا تھا اور جب وہ گرفتار ہوا تو اُس نے
بہ اقدام خودکشی افیون کھائی۔ لیکن ڈاکٹر کو وقت پر خبر پہنچ گئی اور اُس نے آکر پمپ کر
تمام افیون نکال ڈالی اور علاج اور نگرانی سے اُسکو بچا لیا۔ اس کے بعد مقدمہ ہوا جس میں
ملزم مذکور کو پورے تین سال کے قید کی سزا ملی۔ اس کے بعد چوتھی اور پانچویں نومبر کی دو
پیشیوں میں اہلکاران بنک اور ڈاکخانہ علی گڈھ کے اظہارات قلمبند ہوئے۔ چھٹی اور بارہویں
نومبر کو لائف آنریری سکرٹری مدرسۃ العلوم کے اظہارات قلمبند ہوئے۔ ان دو پیشیوں
میں دس قطعات جعلی ڈاکٹ سکرٹری کو دکھائے گئے۔ جناب ممدوح نے انمیں سے چھ
ڈاکٹوں کی نسبت تو صاف انکار کیا کہ انپر میرے دستخط نہیں اور باقی چار کے بارے میں
اقرار کیا کہ میرے دستخط ہیں لیکن انپر بھی دھوکے سے دستخط کروائے گئے ہوں گے۔

اور چونکہ ان دس ڈاکٹوں میں سے ایک کا بھی نہ تو دفتر کی کتابوں میں پتہ چلتا ہے اور نہ روزنامچہ کے آمد و خرچ میں اُنکا محصول مندرج ہے نہ جسٹر آمد و روانگی میں لکھے ہیں۔ لہذا وہ سارے کے سارے جعلی ہیں۔

اس کے بعد سولھویں نومبر کو ثبوت کی طرف سے متعدد گواہان کے اظہارات قلمبند ہوئے اور جنمیں کو جناب پرنسپل صاحب ایم اے کالج کی شہادت ہوئی پرنسپل صاحب محض بغرض شناخت دستخط جناب سکرٹری و خط شام بہاری لال کورٹ میں پیش ہوئے۔ چونکہ سکرٹری اور پرنسپل کالج کے درمیان اکثر انگریزی میں خط و کتابت رہتی تھی اور تحریر اکثر شام بہاری لال کے ہاتوں کی ہوتی تھی جسپہ سرسید کے انگریزی میں دستخط ہوتے تھے۔ اس لئے پرنسپل سے بڑھکر اور کسی کو شام بہاری لال کی تحریر اور سرسید کے دستخط پہچاننے کا موقعہ نہ تھا۔ چنانچہ پرنسپل صاحب متعدد سکرٹری کے خطوط مرقومہ بقلم شام بہاری لال اپنے ہمراہ لے گئے اور کورٹ کے سامنے پیش کئے جناب پرنسپل صاحب نے بعض ڈاکٹوں کے بارے میں بیان کیا کہ انپر بالکل سکرٹری کے دستخط نہیں اور بعضوں پر ایسے دستخط ہیں جو اُن کے دستخطات سے بہت کچھ متشابہ ہیں لیکن تاہم ہی ایک بات پائی جاتی ہے جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ سکرٹری کے دستخط نہیں۔ کیونکہ سکرٹری کی تحریر سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ کسی لرزتے ہوئے ہاتھ کی تحریر ہے۔ حالانکہ ان ڈاکٹوں پر کسی محکم اور جمے ہوئے ہاتھ کے دستخط ہیں ہاں چند ڈاکٹوں کے بارے میں یہ بھی کہا کہ انپر دستخط مشکوک معلوم ہوتے ہیں۔ میں فیصلہ نہیں کرسکتا کہ آیا یہ دستخط سکرٹری کے ہیں یا جعلی لیکن اسمیں کچھ شک نہیں کہ اگر یہ جعلی دستخط ہیں تو اصل کی سب سے عمدہ نقل ہے۔

یاد رکھنا چاہیئے کہ اب تک جسقدر شہادت پیش ہوئی یہ صرف ثبوت کی طرف سے ہے۔ اس کے بعد شہادت ثبوت پر بحث ہوگی۔ اور پیر اغلب ہی کہ ہر دو ملزمان دورہ سپرد ہو جائیں۔ (ع عبداللہ)

ایک نہایت عمدہ گھوڑی فروخت ہوتی ہی

شائقین اسپان کو مژدہ ہو کہ ہمارے رائڈنگ سکول سے ایک گھوڑی نکالنے کی تجویز ہوئی ہے۔ یہ گھوڑی نہایت خوبصورت سبزی رنگ کی ہے قد اسکا ۱۴-۲ ہے۔ اور اسکا سب سے بڑا نقص جس کے باعث اس کے فروخت کرنے کا ارادہ کیا جاتا ہے اس کی تیزی ہے۔ جو شائقین کو بہت پسند ہونی چاہیئے۔ سواری کے وقت گھوڑی ہوا سے باتیں کرتی ہے اور بے انتہا دم کہتی ہے۔ شائقین وقت کو ہاتھ سے ندیں۔ بہت تھوڑی سی قیمت پر جناب پرنسپل صاحب سے اسکا فیصلہ ہو سکتا ہے مگر ۵ روپے سے کم نہو گی۔

اشتہار

ڈیوٹی شاپ (دوکان انجمن الغرض)

ہر قسم کی کتابیں درخواست کرنے پر بصیغہ ویلیو پے ایبل یا بارسال زر نقد دوکان مذکور سے مل سکتی ہیں الد ا

ولایت حسین منیجر ڈیوٹی شاپ۔

مطبوعہ مجمان پریس علی گڈہ

FIXTURES.

Dec. 5th and 6th College Athletic Sports.

Dec. 7th Siddons Union Club Annual Meeting.

Dec. 20th School Tournament at Aligarh.

Dec. 27th and 29th Mahomedan Educational Conference at Shahjehanpur.

Meeting of M. A.-O. Defence Association.

Jan. 6th College Tournament at Allahabad.

—o—

RIDING SCHOOL.

We have much pleasure in thanking Hafiz Abdur Rahim, Pleader, Aligarh, for the very kind present of a capital horse to the College Riding School. The number of students in the school is now 39.

PERSONAL NEWS.

Professer Morison's leave has been extended two months on account of his wedding in England.

Mr. Llewellyn Tipping has been appointed a Professor on the College staff in place of Mr. Carey resigned. Professor Tipping is a graduate of the University of Cambridge, and is a specialist in English Literature and Anglo-Saxon.

Hafiz Wilayat Ullah, B. A., has been appointed officiating Headmaster of the State High School, Bhopal.

—o—

time of the election was Rs. 793, the amount at the time of the preceding election being Rs. 623.

The College Magazine is on a firmer basis and will be a source of income to the Club. The excellence of the Vernacular portion of the Magazine is due to Shamsul Ulama Moulvi Shibli Nomani, to whom the Club is greatly indebted.

The Lajnatul-adab which is a branch of the Union is also in a flourishing condition, the number of its members being 31 as compared with 26 in the last year. A prize of Rs 20 was awarded to Mr. Nazir Ahmed, the Cambridge Speaking Prize-holder, by the Lajna for Arabic speaking, the sum being placed at its disposal by the Prime Minister of Junagadh State.

In the end the Vice-President expressed his obligations to his colleagues, specially to Salam-ul-Haq who was officiating Secretary for several months.

CRICKET.

The first Eleven in this term played only one match against the soldiers and two scratch matches between the Bowlers and the Batters. The match against the soldiers resulted in an easy victory for the College. The soldiers could get up only 80 runs in both the Innings while the home team scored 180 for seven wickets, four of whom had retired after scoring double figgures. In the first of the scratch matches the Batters won after a hard contest, but in the return match the Bowlers gave them an easy drubbing, having put up 150 in an Innings while the Batters could only score 50.

The students are practising regularly for the coming College and the School Tournaments, our two best athletes being Mahomed Zaman and Abdul Hafiz, and we hope that our School will win the Challenge Shield this year.

Mr. Mumtaz Husein. The other candidate was Mr. Shukur Bakhsh who is one of the best Urdu speakers. A very interesting debate was held during the sittings of the last Educational Conference. A Reception Committee was formed to look after the comfort of the visitors and delegates to the Conference and the Committee received the thanks of the Secretary of the Conference.

The number of Penny Readings was 4, being equal to that of the last year. The entertainment held on the 6th April 1895 was a very successful one and was largely attended by the European residents of the station, to whom we are much indebted for their kindness. It is particularly remembered on account of the delightful songs of Miss Good and Mr. Paterson and the piano playing of Mrs. Arnold. Syed Zain Uddin and Mumtaz Husein acted a few scenes from an interesting play.

There were almost no fresh additions to the Library, only Rs 7 being spent on the purchase of books. The books were re-arranged by the Officiating Honorary Secretary, Salamul Haq, who discharged his duties to the extreme satisfaction of all. The Reading-Room remained always full during the time when the Club was open and the outgoing Vice-President suggests that it might be desirable to keep the Reading-Room open during the long winter evenings. The Club subscribes for several of the best English and Vernacular papers while many are presented either by the Editors or by some other patriotic gentlemen, the total number of newspapers and periodicals which remain in the Reading-Room being 20.

The financial state, notwithstanding the prejudicial effect of some of the new rules, was satisfactory. The total income of the year amounted to Rs 490, that of the last year being Rs. 432; and the expenditure was Rs. 326 while that of the preceding year was Rs. 504. The amount to the credit of the Club at the

SIDDONS UNION UNION CLUB.

The result of the last annual Elections is as follows :—

Khwaja Mahmood Husain ... Vice-President.
Syed Mohsin Husain ... Secretary.

MEMBERS OF THE SELECT COMMITTEE.

Sajjad Haider ... (re-elected).
Hafiz Hidayet Husain.
Syed Mahomed
Riza Ullah ... (re-elected).
Nur-ul Hasan.
Ibn-e Hasan.

We cannot for want of space insert in full the late Vice-President's Report which sets forth the doings of the Club during the year 1894-95 From his report it appears that the prospects are hopeful. The number of members in March 1895 was 89 as compared with 86 in the same month of the preceding year. The increase was not proportionate to the increase in the students of the College. This was partly owing to the new rule debarring students of the lower School Classes from membership. However in July the number rose to 190.

The number of debates for the year is 25 as compared with 20 in the last year. The speeches during the discussion exhibited a greater degree of intelligence than that of the previous years when mere school boys were mixed up with the graduates and under-graduates. However, during the greater part of the year the debates were thinly attended. The average number of voters was 20, while in 1893-94 it was 18 and in 1892-3 it was 26. This was owing partly to a lack of active interest in the members themselves and partly to some external causes. The Cambridge Speaking Prize was awarded by the President to

were killed in the battle Thus this dear and gifted youth, and the hopes he embodied of bringing a civilized rule to his barbarous countrymen, perished a victim to the inevitable element of folly that enters into all human affairs.

T. B.

COLLEGE NEWS.

—o—

(i) List of Monitors.

The following is a list of Monitors for the present year :—

There will in future be two grades of Monitors. The first grade will for the present consist of six students. Besides their special duties these 'General Monitors' will have the right to report to the Proctor on breaches of the College Rules. They will be given a badge to mark their office. The following students are General Monitors :—

1. Mahomed Abdullah, Cricket Captain, Food Monitor, Drill Lieutenant.
2. Shahab-Uddin, Football Captain, Food Monitor, House Monitor.
3. Sarfraz Khan, Drill Captain, Cricket Vice-Captain, Food Monitor, House Monitor, Prayer Monitor.
4. Mahomed Zaman, Gymkhana Secretary, Food Monitor, House Monitor, Drill Lieutenant, Cricket Secretary.
5. Azmat Ullah, Food Monitor, House Monitor, Drill Lieutenant.
6. Zia Ullah, House Monitor, Prayer Monitor.

The following students are Special Monitors.

7. Yusuf Ali, House Monitor.
8. Aziz Ahmad (Ward of Bareilly), Food Monitor.
9. Ahsanul Haq, Drill Lieutenant.
10. Riaz Uddin, Drill Lieutenant.
11. Mushtaq Hosain, Drill Lieutenant.
12. Mahomed Hosain, Shiah, Prayer Monitor.
13. Farid Uddin, Prayer Monitor.
14. Ali Hasnain, Shiah, Prayer Monitor.
15. Mahomed Nasir, Prayer Monitor.
16. Abbas Ali, Captain, Riding School.

—o—

But a dweller in that country, who knew and loved its plants,
And saw their fragrance wasted by the cold and cruel wind,
Dug up this *petty* floweret and removed it from its haunts
To be nurtured in a garden in a climate warm and kind.

With loving hands the floweret was watered day by day,
And the blossom slowly opened and breathed a gentle scent,
But e'er its strength had ripened it was roughly torn away
And carried to the stormy wilds where its early life was spent.

But the hand that tended it before was gone, and its roots were frail,
It shivered alone and shelterless when the nights were chilled with frost,
And before it could thrive in the desert 't was killed by a storm of hail
And its lovely petals were torn to shreds, cast to the winds and lost.

In the garden where it blossomed, and fairer grew each day,
The hearts of those that loved it are sad and mourn its fate
And they murmur at the untimely haste with which 't was borne away
And wistfully watch the empty bed which it filled with its perfumed breath.

Sirdar Yusuf Khan, son of Gauhar Khan, Chief of the State of Jhallawan in Beloochistan, was sent to the M. A.-O. College in the autumn of 1890 by Sir Robert Sandeman. He was then 12 years old. At the commencement of 1894 he was withdrawn and set upon his father's *gaddi* Sir Robert Sandeman meanwhile had died, and Sirdar Gauhar Khan had fallen out with his old enemy the Khan of Kalat. He retired to the mountains with his men and made war on the Khan's soldiers. Yusuf meanwhile had made rapid progress at school. He had always stood well in his class, had become a member of the first cricket eleven, and was in every respect a youth of great promise. He was then suddenly called on to administer a province of wild and fierce men, and to treat his father, whom he passionately admired, as a rebel—a man who as Sir Robert Sandeman told me, was "a very fine fellow, a very gallant man," and who he added, "would do anything in the world for me". The position was utterly untenable for a boy of 15. Urged, and if report is correct threatened otherwise with death, by his father he joined him in his fastnesses. Last July a troop of the Khan of Kalat's men found and fought them and Yusuf and his father

students and the number of boarders. The latter is limited by the accommodation available in the boarding-house. Unfortunately the completion of the Debenture rooms has been delayed by the theft of College property committed by Shiam Behari Lal. We would direct the attention of all well-wishers of the College to the paramount necessity of increasing the boarding-house accommodation. The Zahur Hosain Ward is still unfinished and thus this most important building has been so far useless for the purpose with which it has been designed, namely the better supervision of junior school class boarders. Unless the boarding-house can be increased the utility of the College as a national institution for the Indian Mahomedans will be severely checked. Meanwhile it will be the business of the College to organize to the highest possible degree the arrangements for the education of its present number of students. The increase last year was so great that it was difficult for the organisation to keep pace with the growth of the institution. More elaborate arrangements for supervision, for physical education, and a dozen other matters are needed for 300 than for 200 students. The discipline has been strengthened by the appointment of monitors, but the system is still in its infancy and considerable training is still needed for the monitors, which their duties and honours require to be worked out more fully. The finances of the Riding School have to be put on a firm foundation. The regular curriculum for drill certificates wants more careful attention, and can be settled only by experience. The fact that the number of new students this year is not so large as compared with the number of old students ought to make it an easier task for the College to assimilate them and put its stamp on them.

---o---

IN MEMORIAM.

SIRDAR YUSUF KHAN.

In the wild and savage mountains of bleak Beloochistan
A lovely flower sprang forth from the parched and arid ground,
And ne'er a lily of the vale, nor rosebud reared by man,
More charming in its tender grace or tinted hues was found;

NUMBER OF STUDENTS IN THE M. A.-O COLLEGE.

—o—

The number of students in the College classes of the M. A.-O. College on November 11th, 1895, was as follows :—

	Mahomedans	Hindus	Total
6th Year	5	0	5
5th Year	2	0	2
4th Year	30	4	34
3rd Year	15	10	25
2nd Year	86	12	98
1st Year	40	3	43
Total	178	29	207

The number of students in the school classes was 310.

The number of students in the Boarding-House was—

Present	321
Absent	17
Total.	338

On comparing these numbers with those of last year it will be found that the number of College class students is practically the same. Last year there were 209 College class students, of whom 173 were Mahomedans and 36 Hindus. The number of College class students increased last year by 57 : this year it is stationary. It should be noticed however that the income from fees has considerably increased this year, inasmuch as higher fees have been levied and the expenditure on scholarships is somewhat less.

The number of students in the school classes this year is 310 as against 352 last year, showing a diminution of 42. This decrease has occurred in the day-scholars, the number of whom is a very variable quantity.

The number of boarders has on the other hand increased by 18 ; and, if we count those only who are present and omit those who are absent and whose names are retained on the list, by 23.

To estimate the progress of the College as regards numbers the most important facts are the number of College clas-

minds of the people who are subjected to this unmerited abuse. It is almost impossible for a man to preserve a charitable attitude of mind when he is treated in that fashion. Another cause of ill-feeling is that a number of persons cherish political ideals which are incapable of fulfilment, and consequently they live, politically speaking, in a chronic condition of disappointment, as the practical statesmen who are at the head of affairs are unable to satisfy their aspirations without endangering the good administration or peace of the country. The only remedy for this is to encourage as far as possible the growth of political common sense. Finally a great deal of ill-feeling is stirred up by the unfortunate tendency of the human mind to remember insults much more keenly than kindness So that an occasional act of rudeness by an Englishman, or of ingratitude by a Native, is remembered and repeated by Natives or Englishmen respectively, when a hundred cases of courtesy or good feeling are forgotten. Mr. Bonnar affords himself a glaring example of this fault. He quotes a case of a political officer's bad behaviour which took place in the year 1871. Why should he go back 24 years to take up an isolated case of overbearing conduct? One is forced to the conclusion that instances of oppression are not so plentiful as for the purpose of his attack on his countrymen he might have wished. What can tend more to create bad feeling and misunderstanding than to hunt up and publish criminal, brutal or rude acts committed by a member of one nationality against a member of another? Everyone who does this, be he English or Native, is an enemy to the cause of Anglo-Oriental sympathy. To counteract this let us as far as possible spread the feeling that we are all fellow-citizens of the same great Empire, and both privately and publicly endeavour to impress on our friends the virtues rather than the faults of the nationality to which they do not belong.

NOTE —Since the above was written it has been proved that the chief case of brutality mentioned by Mr. Bonnar was a pure invention. A Civil Surgeon was said to have pulled out two teeth from a man because he did not salute him. The Civil Surgeon himself has written to the *Pioneer* to state that this ridiculous tale was made up by a friend of his as a joke

if it has no remedy. In that case the less said about it the better. It is because we think that it is possible to increase Anglo-Oriental sympathy, and that the object is worth working for that we offer a few remarks on the subject. A discussion of this subject, to have any value, must be based on observation. In what directions may an increase of sympathy be discovered and in what a diminution, and what are the respective causes of both? A marked increase of sympathy between Englishmen and Natives is to be found in the cricket-field. Here cricketers of both nationalities meet as brothers. The M. A.-O. College Eleven has been constantly invited to lunch by the English Elevens with whom they have played. A common interest unites the Englishman and the Native. They meet for play and not for business. English sentiment is represented by the remark of an English forest officer who said "I don't care if a man be the " biggest scoundrel in India . if he can play a good game at " cricket. every Englishman will say he is a thundering good " fellow." What is true of cricket is true of other games and sports, football, polo, pigsticking, &c. A common ground here exists for sympathy, and social intercourse naturally and agreeably springs at once into existence. The great progress made by the people of India in these manly sports is doing a great deal to promote sympathy. A second cause of sympathetic intercourse between Musalmans and Englishmen has been the breaking down of the prejudice of the former, borrowed from the Hindus, against dining together. Social intercourse in Europe rests on the basis of eating meals in company. At such times men have the leisure to talk, and the pleasures of the table put the mind in a condition to enjoy the pleasures of society. There may be something base and sensual in this view, yet it is supported by an overwhelming amount of experience. Social intercourse will never be widely spread in India until the customs and manners of living of the people are to a large extent Europeanized. A change is daily taking place in this direction, but it cannot be accomplished in one or two generations. Turning now to the causes that retard sympathy we place in the front rank the abusive tone of a section of the Bengali press. The unjust accusations against the acts and motives of officials and the intolerable vituperation against the Government, embitter the

public works and hospitals, so that, as he says with a lively flight of fancy, if the English had been turned out of India at the time of the Mutiny the only relic of their long occupation would have been the empty beer bottles with which they had strewn the country. Now while we admit that since the Mutiny enormous progress has been made by the Government in every beneficent direction, it is the falsest possible historical statement to say that this policy was inaugurated for the first time by the government of the crown, and that up to that time the motives of the East India Company had been purely commercial and selfish. From the time when Warren Hastings set about to purify the judicial administration of Bengal the Government of India has steadily moved in the direction of good administration and civilization. In this respect the Mutiny represents no breach of continuity. The policy of promoting English education was firmly established by Lord Macaulay in 1835, the Education Department was made in 1854, and at the time of the Mutiny several excellent Colleges were in existence. It was during the Mutiny year that the project of founding Indian Universities, for a long time under consideration, was carried into effect. Turning to public works we find that the Ganges Canal was opened in 1854. This as Sir John Strachey says is "the greatest irrigation work in the world". The Ganges and Jumna Canals together are 1,000 miles long and have more than 5,000 miles of distributories. "No similar works in other countries" says Sir John Strachey "approach them in magnitude and it is certain that no public "works of greater utility have ever been undertaken by the "world." Compare the Ganges Canal with the empty beer. bottles which Mr. Bonnar finds so plentiful, and it is obvious that he possesses a disordered imagination incapable of judging of the relative size and importance of facts, or that his ignorance of the subject he has undertaken to handle is such as to disentitle his opinions to the respect of sensible men.

To pass on to the subject of this article most persons will admit that the amount of sympathy existing in India between the English and Native communities is not nearly so much as could be desired. This being granted the question arises as to how to increase it. It is useless to bewail an evil if

The

Muhammadan Anglo-Oriental

College Magazine.

New Series VOL. 2.	DECEMBER 1, 1895.	No. 12.

ANGLO ORIENTAL SYMPATHY.

Our attention has been directed towards the question of sympathy between Englishmen and Natives of India by an article that appeared in *The Contemporary Review* by the Rev. W. Bonnar. The reverend gentleman's article is a very one-sided attack on the Anglo-Indian community, and its tone is calculated to exasperate Anglo-Indian readers and thus to defeat the object with which it was presumably written. Although Mr. Bonnar has been, as he states, a resident of India for 25 years, his article is full of inaccuracies as to questions of fact, which very much diminish his claim to confidence when he deals with general statements which are incapable of being brought to the test of direct investigation. Passing by such errors as a gross overstatement of the number of native soldiers in the Indian army which are of no consequence as far as the general tenour of his argument is concerned, we may note in passing his very undeserved strictures on the East India Company. He states that the policy of the Company was one of commercial greed and selfishness, and that it was only when the government of India passed into the hands of the crown after the Mutiny that the English awoke to a sense of responsibility with regard to their Indian subjects, and established Colleges,

M. A.-O. COLLEGE MAGAZINE.

This Magazine will contain articles on political, literary and other subjects of interest to the Muhammadan community. At least 24 pages of the Magazine will be in the Urdu language. Several Muhammadan gentlemen distinguished for their abilities and learning have promised to contribute towards the Urdu portion of the Magazine. It will also review books relating to Islam published in Europe and India. Translations will be published from Arabic papers printed in Egypt and Syria.

The Magazine is also the organ of the Educational Census, and will publish monthly reports of the progress of the work. It will likewise give the latest news of the Muhammadan Anglo-Oriental Defence Association of Upper India.

The Magazine will contain information of all sorts with regard to the M. A.-O. College. It will thus form a history of the College, both of its external relations and its internal life.

The Magazine will be ready also to publish short accounts of the progress of all Muhammadan Schools throughout India. Persons connected with such schools are invited to supply the Editor with information about them.

The annual subscription is Rs 3 including postage, and is payable strictly in advance. Ten numbers will be issued in the year. Subscribers should either send the subscription to the Manager, or allow him to send the first number by v. p. p. for Rs 3 or for Re. 1 As. 8 for half a year.

The Magazine will insert advertisements at the rate of 2 annas per line or Rs. 2 per page in Urdu.

THEODORE BECK,
English Editor,

MAULVI MUHAMMAD SHIBLI,
Urdu Editor.

NIAZ MUHAMMAD KHAN,
Manager.

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

New Series VOL. 2. | DECEMBER 1, 1895. | No. 12.

CONTENTS.

ENGLISH.

Subject.		Page.
I.	Anglo-Oriental sympathy by T. Beck ...	429
II.	Number of students in the M. A..O. College...	433
III.	In Memoriam. Sirdar Yusuf Khan (T. B.)...	434
IV.	College News —	
	(i.) List of Monitors ...	436
	(ii.) Siddons Union Club ...	437
	(iii) Cricket ...	439
	(iv.) Fixtures; Riding School; Personal News	440

URDU.

V.	The Rights of unbelievers under Islam (M. Shibli Nomani) ...	441
VI.	Mehrarah School Anniversary (Zia Ud-din Ahmad)	450
VII.	The Conquest of Persia by the Arabs by (T. W. Arnold)	452
VIII.	Mr. Beck's speech at the School Anniversary at Mehrarah ...	462
IX.	The Aligarh College Funds embezzlement case	463

Printed at the Institute Press, Aligarh.
For Siddons Union Club.

محمڈن اینگلو اورینٹیل کالج میگزین

جلد ۲	نومبر ۱۸۹۵ء	نمبر ۱۱

فہرست مضامین اردو

نمبر	مضمون	صفحہ
(۱)	اخبارات کی ابتدا اور ترقی	۴۰۵
(۲)	شہر سبکٹہ کا بیان (مترجمہ سلام الحق صاحب)	۴۰۷
(۳)	الفقر سواد الوجہ فی الدارین (آنریبل سر سید احمد خان صاحب بہادر کے۔سی۔ایس۔آئی)	۴۱۰
(۴)	بقائے روح کا ایک تاریخی ثبوت (شیخ عبداللہ صاحب)	۴۱۴
(۵)	کیا روح محض ایک برقی طاقتوں کا مجموعہ ہے (ایضاً)	۴۱۸
(۶)	مسٹر والس سابق پروفیسر مدرسۃ العلوم کی یادگار (عظمت اللہ صاحب)	۴۱۹
(۷)	آج سے دو صدی پیشتر کے عیسائیوں کی طبابت اور اسکا مقابلہ مسلمانوں کی طبابت سے	۴۲۲
(۸)	تازہ ایجاد	۴۲۶
(۹)	لا کلاس ایم اے او کالج علی گڈہ	۴۲۷
(۱۰)	اطلاع	۴۲۸
(۱۱)	اشتہار	۴۲۸

(مطبوعہ محمڈن پریس علیگڑھ)

اخبارات کی ابتدا و ترقی

(ماخوذ از پرچۂ الہلال مورخہ ۱ ستمبر سنہ ۹۵ء)

عام طور سے یہ مشہور ہے کہ دنیا میں سب سے پہلے چین میں اخبار نکلا۔ لیکن تاریخ سے اس دعوی کا ثبوت نہیں ہو سکتا۔ تاریخی شہادتوں سے جسقدر ثابت ہوا ہے یہ ہے کہ جولیس قیصر روم نے حضرت عیسےٰ سے پہلے ایک روزانہ پرچہ نکالا تھا جسکا نام Acta Diurna اکتا دیورنا تھا۔ اس میں سرکاری احکام اور رومن قوم کے واقعات لکھے جاتے تھے یہ پرچہ چوتھی صدی عیسوی تک جاری رہا۔ یہ اخبار کی ایجاد کا پہلا دور ہے۔

دوسرا دور پندرہویں صدی عیسوی سے شروع ہوتا ہے یعنی جرمن میں رسالہ کی شکل میں ایک اخبار نکلا جو ویانا اور اوسبرج وغیرہ میں شایع ہوتا تھا۔ اس کے بعد بندقیہ میں سنہ ۱۵۶۳ء میں ایک اخبار نکلا جس کی قیمت ایک گزٹ ہوتی تھی (گزٹ یہاں کے سکے کا نام تھا) اس مناسبت سے اخبار کا نام بھی گزٹ رکھا گیا جو تمام دنیا میں اسقدر مقبول ہوا کہ گزٹ اور اخبار دو مرادف لفظ بنگئے۔ اس کے بعد لندن میں سنہ ۱۶۲۲ء میں ویکلی نیوز ایک پرچہ نکلا۔ اسی زمانہ کے قریب یعنی سنہ ۱۶۳۱ء میں بمقام پیرس ایک اخبار نکلا جسکا نام فرنچ گزٹ تھا اور جو اسقدر معزز تھا کہ خود شہنشاہ فرانس لوئیس نے اسمیں ایک مضمون لکھا۔ یہ پرچہ اب بھی موجود ہے۔

انگریزی پر فینشیا لکھتے ۱۲

ان تمام اخبارات میں ملکی اور عام مضامین بالکل نہیں ہوتے تھے۔ سب سے پہلے فرانس والوں نے اس قسم کے اخبارات نکالے پھر لندن میں لندن گزٹ کے نام سے ایک پرچہ نکلا جو ٹھیک آج کل کے مذاق کے موافق تھا۔ اس کے بعد تمام یورپ میں کثرت سے ہر مذاق کے اخبارات پیدا ہو گئے یہاں تک کہ آج تہذیب و تمدن کا بڑا معیار یہی اخبارات خیال کئے جاتے ہیں

ٹرکی اور مصر میں اخبارات کی ابتدا اُسوقت ہوئی جب یورپین تہذیب نے ان ممالک میں قدم رکھا چنانچہ سب سے پہلے محمد علی پاشا خدیو مصر کے حکم سے الوقائع المصریہ گورنمنٹ گزٹ نکلا اس اخبار کو ۶۵ برس ہوئے اور اب تک جاری ہے۔ اسکے بعد بیروت میں ایک سرکاری پرچہ نکلا جسکا نام حدیقۃ الاخبار رکھا گیا اور جو اب تک جاری ہے۔ اس کے بعد ٹونس میں گورنمنٹ کی طرف سے ایک پرچہ نکلا۔ سرکاری اخباروں کے علاوہ عربی میں سب سے پہلا اخبار جو نکلا وہ الجوائب تھا جو ۱۸۶۱ء میں عالم وجود میں آیا اور مدت تک بڑے اہتمام سے شایع ہوتا رہا۔ اس کے بعد ۱۸۶۷ء میں بمقام مصر ایک پرچہ نکلا۔ پھر رفتہ رفتہ مصر و بیروت میں کثرت سے اخبارات نکلنے شروع ہوئے چنانچہ مصر میں روضۃ المدارس۔ الوطن۔ المویدِ۔ المقطم۔ اور اسکندریہ میں الاہرام۔ الکوکب الاسکندری۔ المحروسۃ۔ اور بیروت میں۔ ثمرات الفنون۔ المقتطف۔ لسان الحال۔ المصباح وغیرہ نکلے۔

بیروت کے اخبارات تو برائے نام اخبار ہیں کیونکہ ٹرکش حکومت میں اخبارات کو بالکل آزادی نہیں لیکن مصر و اسکندریہ کے اخبارات میں نہایت آزادی ہے۔ ہر قسم کے آرٹکل شایع ہوتے ہیں۔ البتہ یہ افسوس ہے کہ پارٹی فیلنگ کو یہاں اسقدر زور ہے کہ اخبارات اس کے نشہ میں اکثر اعتدال کی حد سے دور نکل جاتے ہیں بعینہٖ اسطرح جسطرح ہمارے ملک میں بنگالی اخبارات۔

شہر ٹمبکٹو کا بیان

(از پروفیسر آرنلڈ)

غیر ملک کے باشندوں کو ہندوستان میں آکر مسلمانوں کے ساتھ رہنے سے کئی باتیں بہت حیرت انگیز معلوم ہوتی ہیں۔ اُن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ یہاں کے مسلمانوں کو اپنے اُن ہم مذہب بھائیوں کی موجودہ حالت سے کچھ دلچسپی نہیں۔ جو دنیا کے اور حصوں میں رہتے ہیں۔ یہ سچ ہے کہ گذشتہ چند سال سے ہندوستانی مسلمان امریکا اور انگلستان کے نومسلموں کے ساتھ کچھ تعلق ظاہر کرنے لگے ہیں۔ اور ان میں بعض ترکوں کی کامیابی میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ تاہم ان کے علاوہ جو کروڑوں مسلمان اسلامی دنیا کے مختلف حصوں میں رہتے ہیں۔ اُن کے عدم یا وجود کا خیال تک نہیں کیا جاتا۔ اسی پرچہ میں ایک مضمون شایع ہوا تھا جسمیں بیان کیا گیا تھا کہ چین میں تین کروڑ مسلمان آباد ہیں۔ اسپر بعض اصحاب نے ظاہر فرمایا کہ یہ بات تو راقم مضمون کے خیالات کی گھڑت معلوم ہوتی ہے۔ مجمع الجزائر ملایا میں اچین نامی ایک چھوٹی سی بہت پرانی اسلامی ریاست ہے۔ جس نے دس برس تک سلطنت ڈنمارک کے متواتر حملوں کو رد کرنے کے لیئے بہادرانہ کاوشیں کیں۔ لیکن غالباً کوئی ہندوستانی مسلمان اس واقعہ سے آگاہ نہیں ہے۔ نیز یہاں کسی سے نہ تو اُن مسلمانوں کی موجودہ حالت کی کیفیت دریافت ہو سکتی ہے۔ جو روس کے زیر حکومت بستے ہیں۔ نہ مسلمانان المغرب کے بابت۔ جنکا علاقہ اب بتدریج سلطنت جمہوریہ فرانس سے ملحق ہوتا جاتا ہے۔ اس مضمون کے لکھنے سے یہ غرض ہے کہ سلطنت فرانس نے جو تصرفات حال ہی میں اسلامی علاقہ میں کیئے ہیں انکا ذکر کیا جائے یعنے شہر ٹمبکٹو کی فتح کا بیان ہو۔

یہ شہر خاص کر اسوجہ سے قابل وقعت گنا جاتا ہے کہ بلحاظ جغرافیہ وہ بہت عمدہ موقع پر

آباد ہے۔ ٹمبکٹو دریائے نائجر کے سب سے شمالی شاخ پر بنا ہوا ہے جہاں سے نائجر شمال کیجانب جھکنا شروع ہوتا ہے۔ اسلیئے ٹمبکٹو صحرائے اعظم میں تجارت کرنے کے واسطے سب سے قریبی مرکز ہے۔ الجیریا وغیرہ ممالک المغرب کے تجارتی کارواں اسمیں سے ہوکر گزرتے ہیں اور اس شہر سے مال و اسباب اور تمام قسم کے ظروف مشرق اور مغرب کیجانب دریائے نائجر کے راستے آتے جاتے ہیں۔ دریائے نائجر صحرا کے اس جانب ایک بڑی تجارتی شاہراہ کا کام دیتا ہے۔

بدیں وجوہ ٹمبکٹو حبشیوں سے تجارت کرنے کے لیئے بڑی منڈی ہے۔ اور یہاں سوداگر بہت کثرت سے جمع ہوتے ہیں۔ ۱۱۰۰ء عیسوی سے یعنی جب سے کہ اس شہر کی بنا ہوئی ہے اس کا بہت بڑا اثر حبشیوں پر پڑا ہے۔ بلکہ مغربی افریقہ میں یہ شہر تہذیب اور شایستگی پھیلانے کا بہت قوی ذریعہ ثابت ہوا ہے۔ جبکہ عیسائیوں کی فتحمند فوجوں نے مسلمانونکو سپین سے خارج کیا۔ تو وہاں کے بہت سے علما اور کاریگر ٹمبکٹو میں آکر آباد ہوئے تھے یہاں کی مسجد جامع جو آج تک شہر میں عظیم الشان اور باعث رونق خیال کیجاتی ہے۔ اسکا نقشہ شہر غرناطہ کے ایک ماہر فن عمارت نے تیار کیا تھا۔ ابن بطوطہ نے یہاں آکر ایک مشہور شاعر ابو اسحاق الساحلی کی قبر کی زیارت کی تھی۔ ابو اسحاق بھی سپین میں اسلام کے آخری مقبوضہ شہر یعنے غرناطہ کا باشندہ تھا۔

ہندوستان میں یہ عموماً خیال کیا جاتا ہے۔ کہ ملک سوڈان کے حبشی باشندے وحشیوں سے بہتر نہیں ہیں۔ لیکن یہ قابل نفرت خیال صرف ناواقفیت پر مبنی ہے۔ یورپی سیاح جو ٹمبکٹو وغیرہ سوڈان کے شہروں میں ہو آئے ہیں۔ اُس تہذیب و شایستگی کا ذکر جو اُنہوں نے وہاں دیکھی۔ بہت تعریف و توصیف سے کرتے ہیں۔ وہ سیاح کہتے ہیں

کہ سوڈان کے شہروں کا انتظام معقول ہے سلطنتیں باقاعدہ ہیں۔ جو تجارت بڑہانے کی ترغیب دلاتی ہیں۔ اور اگرچہ وہاں علوم و فنون کا زیادہ چرچا نہیں۔ تاہم عربی علم ادب کی تعلیم عام طور سے جاری ہے اور علوم مذہبی کے مدرسے اور ابتدائی مکتب بکثرت ہیں۔

یہاں ہمارا یہ منشا نہیں ہے۔ کہ شہر ٹمبکٹو سے جو فائدہ تہذیب کی اشاعت میں ہوا ہے۔ اسے بیان کریں۔ یا جو تعلقات ٹمبکٹو سے المرابط وغیرہ المغرب کی ریاستوں کو ہیں۔ انکو بتلائیں، حال ہی میں ٹمبکٹو خاندان توراک کے قبضہ حکومت میں تہا جو خاندان بربری افریقہ کی سب سے اعلی قوم کی ایک شاخ گنا جاتا ہے۔ شہر کا اندرونی انتظام بکے نامی المرابط کے ایک معزز خاندان کے ہاتہ میں تہا۔ خاندان بکے اپنے مذہبی خیالات میں فرقہ تجانیہ کا پیرو ہے لیکن تہوڑا عرصہ ہوا۔ کہ خاندان توراک کے لوگ فرقہ سنوسیہ میں شامل ہوگئے۔ جو فرقہ تجانیہ کا سخت مخالف ہے۔ اسلیئے توراک والوں نے خاندان بکی کے اقتدار کو برباد کر دیا۔ اور ٹمبکٹو کے باشندوں پر ظلم کیئے، خاندان توراک کا فرانسیسیوں سے بہی مقابلہ ہوا۔ جو مغربی افریقہ میں دریائے نائجر کے اسطرف اپنے قدیمی مقبوضات سے مشرق کی جانب اپنا پولٹکل اقتدار بڑہا رہے ہیں۔ ۱۸۹۴ء میں فرانسیسی ایک حملہ کا انتقام لینے کی غرض سے جو خاندان توراک کی ایک چہوٹی سی جماعت نے انپر کیا تہا۔ آگے بڑہے۔ اور ٹمبکٹو کو بغیر زیادہ دقت اور تردد کے فتح کر لیا۔ اس طرح سے ایک یورپین طاقت کے ہاتہوں میں وہ شہر آگیا جو مدت سے یورپ میں "شہر نامعلوم" کہلایا جاتا تہا۔ کیونکہ معلوم ہوا ہے کہ پچہلے سال سے پیشتر صرف چہ یورپین سیاحوں نے اسمیں قدم رکہا تہا۔

اس شہر کے فتح ہونے سے بہت بڑے پولٹکل فائدے حاصل ہوئے۔ فرانسیسیوں کا ارادہ ہے کہ ٹمبکٹو اور الجیریہ کو صحرائے اعظم کے راستے ریل بنا کر ملا دیں۔ اس طرح انکی الجیریہ کی مقبوضات

سے سبنی گال اور گیمبیا کی آبادیوں تک براہ راست آمد و رفت ہو جائیگی اور تمام سوڈان پر
فرانسیسیوں کا اثر اور دباؤ ہو جائیگا۔ لیکن اس کام کے کرنے میں بہت بڑی بڑی دشواریاں
ہیں۔ ٹمبکٹو الجزیرہ سے گیارہ سو میل کے فاصلہ پر ہے۔ اور وہ ملک جسمیں سے ریل کی
سڑک لائی جائیگی ریگستان اور ویرانہ ہے۔ جسمیں کہیں کہیں نخلستان آگئے ہیں۔ تاہم
فرانس والوں نے اپنے تصرفات کو ممالک غیر میں وسعت دینے کے شوق میں مستحکم
ارادہ کرلیا ہے۔ کہ مال اور جان کا کتنا ہی نقصان کیوں نہو۔ وہ ضرور اس تدبیر کو پورا کرکے
رہیں گے۔ فرانسیسیوں کی بڑی آرزو یہ ہے کہ المغرب میں ایک بڑی فرانسیسی سلطنت قائم
کریں۔ اور اس آرزو کے پورا ہونے کے واسطے ٹمبکٹو کی فتح بہت مفید بات ہوئی۔ تمام
دنیا کے مسلمانوں کو یہ جاننا ضروری ہے کہ اگر فرانسیسی اپنے اس بلند نظری کے ارادے میں
کامیاب ہوگئے تو وہ دنیا کے قریباً چہارم حصہ کے مالک بنجائینگے۔ فقط

مترجمہ سلام الحق

الفقر سواد الوجہ فی الدارین

محتاجی دونوں جہان میں روسیاہی ہے۔ ہمکو معلوم نہیں کہ یہ حدیث ہے یا کسی کا قول
مگر اس سے بھی زیادہ خوفناک ایک اور قول ہے جسکی نسبت کہا گیا ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کاد الفقر ان یکون کفراً۔ یعنے قریب ہے کہ محتاجی کفر ہوجاے۔ اسکا
صاف مطلب یہ ہے کہ محتاجی سے کافر ہونے تک کا اندیشہ ہے۔ فقر کے معنوں پر جسکا ترجمہ
ہمنے محتاجی کیا ہے اور فقیر کے معنوں پر علمانے بہت لمبی لمبی بحثیں کیں ہیں مگر سیدھے سادے
معنی اسکے یہی ہیں کہ جو اپنی اور اپنی عیال کی زندگی کی ضروریات کو پورا نکرسکے وہ فقیر ہے۔ اور یہی

حالت کی نسبت رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ و کاد الفقران یکون کفراً۔
اسباب کو تو ہر کوئی تسلیم کریگا کہ محتاجی بیشک اِس دنیا میں روسیاہی ہے مگر ن
تعجب کریگا کہ دوسری دنیا یعنی آخرت میں کیوں روسیاہی ہے اور کیوں اِسکی اندیشہ
کفر تک پہنچ جانے کا ہے مگر ہم ان دونوں باتوں کی تصدیق اسی دنیا میں دیکھتے ہیں۔ محتاجی
اسی دنیا میں صدہا جرائم کا سبب ہوتی ہے۔ محتاج آدمی ضروریات زندگی کے بہم پہنچانے
میں مجبور ہوتا ہے۔ اُسکو اور کسی ایسے جرم کرنے سے جس سے اُسکی ضروریات زندگی پوری ہوں
تامل نہیں ہوتا۔ حیا اور شرم اُس سے جاتی رہتی ہے کسی سے سوال کرنے میں اسکو شرم
نہیں آتی۔ اور رفتہ رفتہ بے ضرورت سوال کرنے اور بھیک مانگنے کی عادت پڑجاتی ہے
مختلف پیرایوں سے اپنی حالت زار لوگوں کو دکھاتا ہے تاکہ کوئی رحم کھا کر اُسکو کچھ دیدے۔
طرح طرح کے حیلہ کرتا ہے۔ سفید پوش بنکر لوگوں سے مانگتا ہے۔ جھوٹ بولتا ہے۔ فریب کرتا
ہے۔ دغابازی کرتا ہے۔ مقدس بنا اختیار کرلیتا ہے۔ مقدس صورت بنتا ہے۔ مگر انہیمہ
شکل برائی کل ہوتی ہے۔ یہ تمام حالتیں دونوں جہان میں پوری روسیاہی ہے۔

"کاد الفقران یکون کفراً" کا مصداق بھی ہم اپنی قوم میں پاتے ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں
کہ بعض مسلمانوں نے ظاہر میں اپنا مذہب چھوڑدیا ہے اور عیسائی ہوگئے ہیں۔ یہ سمجھنا تو نہایت
مشکل ہے کہ خدائے واحد پر اعتقاد رکھنے والا تثلیث کا معتقد ہوگیا ہو۔ مگر جب تفتیش کیجاتی ہو
تو معلوم ہوتا ہے کہ محتاجی ہی اسکے عیسائی ہونے کا سبب ہے۔ اور ان لوگوں کے حال سے
بخوبی اسبات کی تصدیق ہوتی ہے کہ کاد الفقران یکون کفراً۔ پس جو لوگ کہ دنیا او کار
دنیا کو ہیچ بتاتے ہیں وہ اپنی قوم کو محتاج ہونے کی راہ سکھاتے ہیں اور قرآن مجید کی اس آیت
کو بھول جاتے ہیں الشیطان یعدکم الفقر

اس تحریر سے ہمارا مطلب صرف اپنی قوم کو محتاجی کی برائی جتانا اور اپنے قوت بازو سے
وصول معاش کی رغبت دلانا ہے۔ دنیا کی آسودگی جبکہ اُسکو نیک طریقہ پر کام میں لایا جاوے
آخرت کی بھلائیوں کی کنجی ہے۔ تعلیم بلاشبہ سب کاموں کے لیئے مقدم چیز ہے تعلیم ہی سے
انسان انسان بنتا ہے پس کس قدر افسوس کی بات ہے کہ انسان بننے کے بعد انسانوں کے
سے کام نکیجاویں بلکہ ہاتھ پاؤں چھوڑ کر کسی نوکری کے ملنے کی توقع پر جو درحقیقت ایکقسم
کی غلامی ہے سست پڑے رہیں ہمارے ملک کے مسلمان تجارت پیشہ نہیں ہیں۔ کیوں نہیں
ہیں اسکا جواب بجز افسوس کے اور کچھ نہیں ہے اور اس سبب سے روز بروز کم مایہ اور محتاج ہوتے
جاتے ہیں دوکانداری اور پیشہ وری کو وہ اب تک عیب سمجھتے ہیں۔ بلاشبہ وہ معیوب ہوتی
ہے جبکہ ناتعلیم یافتہ اُسکو کرتے ہیں اگر تعلیم یافتہ مسلمان اُسکو اختیار کریں اور اپنی تعلیم و تربیت
اور نیک اخلاق کو اُسمیں برتتے ہیں تو وہ بجائے عیب کے ہنر تصور ہوتی ہے تمام بزرگان دین
جنکو ہم اپنا سرتاج سمجھتے ہیں اور مقتدا اور پیشوا اور مجتہد جانتے ہیں اکثر اُن میں سے دوکاندار
اور پیشہ ور تھے۔ ابن قتیبہ نے اپنی کتاب معارف میں اُن بزرگوں کی اور جو پیشہ وہ کرتے
تھے اُن کی تفصیل لکھی ہے جسکو ہم بیان کرتے ہیں۔

نام	پیشہ
ابو طالبؑ عم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم۔	عطر بیچتے تھے اور کبھی غلہ بیچتے تھے
ابوبکر صدیقؓ خلیفہ اوّل	بزازی کی دوکان کرتے تھے۔
عثمان خلیفہ ثالث	
طلحہ جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔	
عبدالرحمن بن عوف جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں	

نام	پیشہ
سعد ابن ابی وقاص جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں	تیر بنا کر بیچتے تھے۔
زبیر ابن عوام جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ عامر بن کریز عمرو ابن العاص	گوشت بیچنے کی دوکان کرتے تھے
عاص بن ہشام ابوجہل کے بھائی ولید بن مغیرہ	لوہار کی دوکان کرتے تھے
عثمان بن طلحہ جسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خانہ کعبہ کی کنجی سپرد کی تھی عوام حضرت زبیر کے والد	درزی کا کام کرتے تھے۔
ابوسفیان بن حرب	تیل اور سالن پکا کر بیچتے تھے
عقبہ بن ابی وقاص	بڑھئی کا کام کرتے تھے
امیہ بن خلف	پتھر کی ہانڈیاں بیچتے تھے
عاص بن وائل	گھوڑوں اور اونٹوں کا علاج کرتے تھے
حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ	ریشمی کپڑے بیچتے تھے اور ریشمی کپڑے بنوانے کا کارخانہ رکھتے تھے۔

اسی طرح بہت سے اشراف عرب ہر قسم کا پیشا اور ہر قسم کی دکانیں کرتے تھے۔ پس کسقدر افسوس ہے کہ ہم اس زمانے میں پیشہ کو عیب سمجھیں۔ پیشہ کو عیب سمجھنا ہم مسلمانوں نے ہندوستان میں اگر ہندوؤں سے سیکھا ہے۔ ہندوؤں میں قدیم زمانے سے پیشوں کی تفریق تھی اور جو شخص جو

پیشہ کرتا تھا اُس کے نام سے مشہور تھا اور گویا وہی پیشہ اُس کی ذات ہو جاتی تھی۔ اور
وہ اشرافوں سے کم درجے کا سمجھا جاتا تھا۔ یہی خیال مسلمانوں نے بھی لے لیا ہے حالانکہ
پیشہ کرنا کوئی عیب کی بات نہیں ہے۔ بشرطیکہ پیشہ اختیار کر کے اپنے اخلاق اور
عادات اور تعلیم و تربیت کو اس طرح پر خراب نہ کر دیں جس طرح کہ ہندوستان کے
پیشے والوں نے خراب کیا۔

ہم اپنی قوم کو نصیحت کرتے ہیں کہ سب سے اول وہ اعلیٰ درجہ کی تعلیم حاصل کریں جسمیں
اسلام کے ضروری عقائد اور موجودہ زمانے کی ضروریات کے مناسب دنیاوی تعلیم
شامل ہو اور اپنے اخلاق اور عادات کو عمدہ کریں راست بازی و ایمانداری دیانت و امانت
میں کامل ہوں۔ یہی وہ صفات ہیں جن سے انسان انسان ہوتا ہے۔ پھر غلامی یعنے کوئی
نوکری کے ملنے کی توقع پر سست نہ پڑے رہیں بلکہ اپنی ہمت اور جرأت کو کام میں لاویں
اور استفادہ طور پر کسی قسم کے پیشوں کے اختیار کرنے پر متوجہ ہوں خواہ کسی قسم کی
تجارت اختیار کریں تجارت اختیار کرنے میں روپیہ کی کمی نہیں ہے بشرطیکہ لوگوں کو
انکی ایمانداری دیانت و امانت مستعدی اور سلیقہ پر طمانیت ہو فقط

سید

بقای روح کا ایک تاریخی ثبوت

آج کل کے بعض مغربی تعلیم یافتہ جنکو نو تعلیم یافتہ ہی کہتے ہیں ایک عجیب قسم
کے وہمی مرض میں مبتلا ہیں۔ اُن کے نزدیک نہ کوئی خدا ہے اور نہ روح۔ خدا اُن کے نزدیک
اب بوڑھا ہو چکا ہے اور روح کی ہستی اور بقا کا خیال جو محض جہالت پر مبنی تھا اب علم کی

روشنی کے سامنے تاریکی کی طرح غائب ہوگیا ہے۔ اگر پوچھیں کہ کس علم یا کن دلائل کی رُو سے اُنہوں نے ان نہایت ہی ادق باتوں کا ثبوت بہم پہنچایا ہے تو انکو اس بات کے کہنے میں ذرہ بھی تامل نہوگا کہ اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ مسٹر بریڈلا جیسا فاضل اجل نہ خدا کو مانتا تھا اور نہ روح کو۔ مسٹر گیٹ نے روح کے عدم وجود پر لاجواب دلیلیں پیش کی ہیں اور مسٹر فاکس نے تو قطعی طور پر ثابت کر دیا ہے کہ خدا نے انسان کو پیدا نہیں کیا ہے بلکہ انسان نے خدا کو پیدا کیا ہے۔ اگر آپ ذرا اور گہری نگاہ ڈالیں اور اس بات کے تفتیش کی جرأت کر سکیں کہ کبھی ان حضرات نے مسٹر بریڈلا اور گیٹ اور فاکس کی تصنیفات کو پڑھا یا دیکھا ہے۔ تو آپ کو اس بات کے علم سے بہت ہی بڑا تعجب ہوگا کہ ان میں سے ننانوے فیصدی ایسے ہوں گے جنہوں نے بڑے بڑے فلاسفروں کے نام سننے کے سوائے اور کسی قسم کی واقفیت اُن کی تصنیفات سے پیدا نہیں کی اور وہ اُن کی تصنیف کردہ کتابوں کے نام تک بھی نہیں جانتے پڑھنا اور دیکھنا تو درکنار۔ اب اس سے یہ نتیجہ نکالنا بالکل جائز ہے کہ یہ لوگ بڑے بڑے یورپین فلاسفروں کے تتبع کو اپنا فخر سمجھنے کے سوائے اپنے عجیب اعتقادات کے لئے اور کوئی دلیل نہیں رکھتے۔ اگر کسی شخص نے اپنا پورا وقت اور عقل اور دماغ صرف کرنے کے بعد یہ کہا ہوتا کہ اُس کے نزدیک نہ خدا کا وجود ثابت ہے اور نہ روح کی ہستی متحقق ہے تو ہمیں اُس پر کسی قسم کا اعتراض کرنیکا موقع نہ ملتا اور ہم انصافاً اُس کے اعتقاد کو اُن لوگوں کے اعتقادات پر ترجیح دیتے جو جہالت کو ایمان قوی سے تعبیر کرتے ہیں اور لکیر کا فقیر ہونا مومن کی سب سے بڑی نشانی خیال کرتے ہیں۔ لیکن وہ لوگ جو کسی بڑے فلاسفر کا ہمخیال ہونا اپنا فخر جانکر اپنی کاہلی اور بے پروائی اور کند ذہنی سے اسقدر بڑے مسئلے پر غور نہیں کرتے اور پھر وجود باری اور بقائے روح کا قطعی انکار کرتے ہیں وہ نہایت ہی

ادنے طبقے کے لوگ ہیں اور اس قابل نہیں کہ سوسائٹی انکا کسی قسم کا اعزاز کرے خواہ وہ کتنے ہی دولت والے اور علم والے کیوں نہ ہو جائیں۔

اس مہینے کے پرچہ تہذیب الاخلاق میں ایک مضمون چھپا ہے جسمیں بیان کیا گیا ہے کہ یورپ کے حکماے علوم طبعیہ نے تجربوں سے اس بات کا ثبوت دیا ہے کہ انسان دو چیزوں سے مرکب ہے جسم سے اور روح سے۔ جسم فانی ہے اور روح غیر فانی۔ روح جو غیر مادی ہے جسم کے بعد رہتی ہے اور اپنے آپ کو ایسا ہی جانتی ہے جیسا زندگی میں انسان اپنے تئیں جانتا ہے۔ اور جو اعمال انسان نے اپنی زندگی میں کیے ہوں روح بعد میں ان سے متاثر ہوتی ہے۔ اب تک اس قسم کی کوئی کتاب تو ہماری نظر سے نہیں گذری۔ صرف سنی سنائی بات ہے کہ تجربے بھی ہوئے ہیں اور کتابیں بھی لکھی گئی ہیں لیکن ہم کوارٹرلی ریویو کی ایک پرانی جلد میں سے ایک مثال روح کی بقا کی بطور تاریخی ثبوت کے پیش کرتے ہیں جس سے یہ ثابت ہو جائیگا کہ روح دراصل ایک باقی رہنے والی چیز ہے اور اپنے زندگی کے اعمال سے متاثر بھی ہوتی ہے اور اپنے تئیں بخوبی جانتی بھی ہے اور بے مادے کی مدد کے کام بھی کر سکتی ہے۔

صوبہ سڈنی واقع براعظم آسٹریلیا میں جہاں اب یورپ کے مہذب باشندے آباد ہیں ۱۸۳۰ء میں ایک عجیب واقعہ ہوا جسکا تحریری ثبوت اب تک قانونی رپورٹوں میں موجود ہے اور جسکا تذکرہ اسوقت کے اخبارات میں بکثرت پایا جاتا ہے۔ ایک دفعہ کسی بڑا سبب دولتمند نو آباد انگریز زمیندار کے معتبر کارندے نے مشہور کر دیا کہ میرے آقا کو ضروری کام کی وجہ سے یکایک انگلستان کا سفر اختیار کرنا پڑا اور اپنی تمام جائداد اور زمینوں کا انتظام اپنی غیبت میں میرے سپرد کر گئے ہیں۔ چند ہفتہ بعد اس زمیندار کا ایک دوست

گھوڑے پر سوار اُس کی زمین میں سے گذرتے وقت دیکھتا کیا ہے کہ اُسکا دوست جسکو وہ خیال کر رہا تھا کہ سمندر کا سفر طے کر رہا ہوگا ایک جھاڑی کے اندر گھسا بیٹھا ہے وہ اپنے دوست کو موجود پا کر سخت متعجب ہوا اور ملاقات کی خاطر اُس کی طرف بڑھا۔ جب وہ اُسکے قریب پہنچا تو حسب معمول سلام کیا لیکن اُسکا دوست بجائے سلام کا جواب دینے کے نہایت ہی افسردہ اور افسوسناک چہرہ بنا کر اُس کی طرف سے پیٹھ پھیر کر چل دیا۔ اُس نے خیال کیا کہ میرا دوست کسی وجہ سے مجھ سے ناراض ہے اس لئے اُسکو منانا لازم ہے اس خیال سے وہ گھوڑے سے اُتر کر اُس کے پیچھے پیچھے چلدیا۔ جب اُسکا ناراض دوست ایک بڑے تالاب کے قریب پہنچا تو یکایک سایئے کی طرح کہیں غائب ہو گیا یہ اور بھی متعجب ہوا اور اُسی وقت جا کر پولیس میں اطلاع کی۔ پولیس نے جب تلاش کیا تو تالاب میں سے اُسی دولتمند زمیندار کی لاش نکل آئی۔ کارندہ پکڑا گیا۔ پیشتر اس سے کہ اُس سے کسی قسم کا سوال کیا جاتا اُس نے اپنے مقتول آقا کی روح کی عجیب کارروائی سنکر مارے ڈر کے خود بخود اقرار کر لیا کہ میں نے اُسی جھاڑی کے قریب پہنچ آقا کو قتل کیا تھا اور اُسی راستے پر سے جس سے روح نے اپنے دوست کی رہنمائی کی لاش اُٹھا کر تالاب میں پھینکنے کے لئے لے گیا تھا۔

ہمارے پاس اسی قسم کی تین چار اور مثالیں ہیں جو مشہور و معروف ہیں لیکن چونکہ اُنکا تحریری ثبوت ہمارے پاس موجود نہیں لہٰذا نظرانداز کی جاتی ہیں۔

عبداللہ

کیا روح محض ایک برقی طاقتوں کا مجموعہ ہے

اس قسم کے بہت سے نوٹ اردو اخبارات میں پائے جاتے ہیں اور ان میں سے بعض
کے نزدیک تو یورپ کے فلاسفروں نے روح کو قطعی برقی قوتوں کا مجموعہ ثابت کر دیا ہے
ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ اُردو اخبارات نے اس مسئلے کو خود گھڑا ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ اُن کو
فلاسفر کے اقوال سمجھنے میں بعض اوقات سخت مغالطے ہوتے ہیں۔

انگریزی میں دو الفاظ ہیں جو مختلف معنوں میں آتے ہیں لائف اور سول جنکا ترجمہ ہم
اُردو میں حیات اور روح کرتے ہیں۔ لایف (حیات) کو واقعی فلاسفر برقی قوتوں کا مجموعہ
ثابت کرنے کی بہت مدت سے کوشش کر رہے ہیں یہاں تک کہ سر آیزک نیوٹن اپنی کتاب
کے اخیر فقرے میں بیان کرتے ہیں کہ کوئی زمانہ ایسا آجائیگا کہ جب برق۔ روشنی۔ حرکت
اور لائف یہ سب ایک ثابت ہو جائینگی۔ سائنس کو یہاں تک تو کامیابی ہو گئی ہے کہ برق
اور روشنی کا منبع حرکت کو ثابت کر دکھایا ہے یعنی یہ دونوں حرکت کی مختلف درجے ہیں
مثلاً برق اُسوقت پیدا ہوگی جب ایک مادی شے دوسری مادی شے کو فی سیکنڈ ایک
خاص درجے کی حرکت دیگی اور اسی طرح روشنی بھی ایتھر کی حرکت سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ
مسئلہ ابھی تک زیر بحث ہے کہ آیا لائف بھی حرکت کا ایک خاص درجہ ہے یا کوئی اور چیز
اگر کوئی فلاسفر اس بات کو ثابت کر دیگا تو اس سے بڑھ کر اور کوئی کامیابی نہ سمجھی جائیگی۔ لیکن
ابھی تک کسی نے بھی کامیابی کا مونہہ نہیں دیکھا۔

اب اگر بالفرض ہم لائف کو برقی طاقتوں کا ایک مجموعہ قرار دیں تو ہماری روح پھر بھی
قائم رہیگی۔ روح وہ چیز ہے جو لائف پر حاکم ہے اور اُسکی سب سے بڑی صفت ہے ارادہ کرنا۔

برقی طاقتوں کا مجموعہ سوائے اسکے اور کچھ نہیں ہو سکتا کہ ایک مشین یعنی کل کہی جائے۔ مشین میں کام کرنے کی قابلیت تو ضرور ہوگی لیکن خود بخود کام کر نہیں سکتی۔ وہ چیز جو اس برقی طاقتوں کے انجن کو چلاتی ہے ہم اسکو روح کہتے ہیں اور وہ ایک بڑے سے بڑے زمانہ آیندہ کے فلاسفروں کے لئے بہی ایسا ہی راز سربستہ رہیگا جیسا کہ آج سے چار ہزار برس پہلے ایک گڈریے کے لئے تہا۔

عبداللہ

مسٹر والس سابق پروفیسر مدرستہ العلوم

کی

یادگار قائم رکھنے پر رائے

ہر کارے کہ ہمت بستہ گردد   اگر خارے بود گلدستہ گردد

حبیب اللہ خاں صاحب کا آرٹکل جو کہ میگزین کے پرچہ ۸ اکتوبر میں عنوان بالا سے چہپا ہے درحقیقت ایک قابل غور اور ضروری کام سے تعلق رکہتا ہے۔ چونکہ ہر شخص جو کہ اس سے ذرہ برابر بہی دلچسپی رکہتا ہے اجازت دیا گیا ہے کہ اپنی آزادانہ رائے ظاہر کرے لہذا تحریک ذیل چند کالج کے موجودہ طلبا کی رائے سے کیجاتی ہے۔ سب سے اول یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان دو باتوں کا فیصلہ کیا جائے

(۱) یعنے۔ آیا ہمکو صرف پڑہانے طالب علموں سے مالی اور عملی امداد کی استدعا کرنی چاہیے یا ہر شخص سے جو کہ مسٹر والس کے نام سے دلچسپی اور اُن کی یادگار قائم رکہنے کا خواہاں ہے۔

ہماری رائے میں اس کار خیر میں کسی قسم کا خاص امتیاز نہ ہونا چاہیئے۔ کیونکہ کیا وجہ ہے

کہ ہم لوگ یعنی کالج کے موجودہ طالب علم اگرچہ بحیثیت آزادی و تجربہ کے کسی شمار میں نہیں تاہم

اپنے بزرگ۔ معزز۔ پرجوش۔ سرآوردہ۔ فخر قوم پرانے طلبا کی خوشنودی و احکام

کو اپنا فرض عین سمجھکر حتی الامکان انجام دینے کی کوشش کیوں نہ کریں۔ اسمیں کوئی

شک نہیں کہ آج کل کالج میں بہت کم ایسے طالب علم ہونگے جنکو کہ مسٹر والس کی شاگردی

کا فخر حاصل ہے۔ مگر ایسے سیکڑوں ہیں جو کہ اس نام کو بوجہ اُس افسر کی نیک دلی کے ابتک

عزت سے لیتے ہیں۔

پس شش و پنج کا کوئی موقع نہیں اور نہ یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اپنے بھائیوں کے

کمزور ہاتوں کو ناقابل سمجھکر جنبش دیں یا اُس جوش کو جو کہ بہت تیزی سے اُنکے دلوں میں موجزن

ہے روک دیں۔ بلکہ اُن کے ارادوں کو اپنے تجربہ او عقل کی پر تاثیر اصلاح سے چمکائیں۔

تاکہ آیندہ بڑے بڑے کام کرنے کی ہمت کریں۔

(۲) امر یہ ہے کہ اُس سرمایہ کو جو کہ مسٹر والس کی یادگار قائم کرنے کے لیئے جمع کیا جائے

ایسے کام میں صرف ہو جس سے کہ مسٹر والس کو مناسبت تھی اور اس طریقے سے طلب کیا

جائے کہ اُسکے مہیا کرنے میں دقت نہو۔

سب سے پہلے یہ بات تنقیح طلب ہے کہ مسٹر والس کی مناسبت کس طرف ہو سکتی ہے

اگر واقعی یہ امر قابل غور ہے تو ہم اپنی ازادانہ رائے سے ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ مسٹر والس کا

زیادہ تر رجحان مزاج ہم لوگوں کی جسمانی ورزشوں کی طرف تھا اور اُن میں سے خاصکر

"کرکٹ" کے ساتھ۔ اب اگر ہماری رائے کسی طرح پر بھی درجہ قبولیت تک پہنچ سکتی ہے تو ہم

کہینگے کہ ایک "گیلری" کرکٹ فیلڈ میں بنائی جائے اور "والس گیلیری" کے نام سے موسوم ہو۔

اس طریقہ سے ہمارے مربی کا نام بھی قائم رہیگا۔ اور ایک ضرورت کی چیز بھی طیار ہوجائیگی۔ کرکٹ فیلڈ بارونق ہوجائیگا اور اس عمارت کی درودیوار سے سالہا سال تک وہ فرحت افزا بو آیا کرے گی جس سے اُن لوگوں کے دل و دماغ تازہ ہوجائیں گے جو کرکٹ کے شائق ہیں۔ یا وہ لوگ جوکہ اپنے خیرخواہان قدیم کا تذکرہ بے انتہا مسرت کے ساتھ سنتے ہیں۔ یا اپنی محنتوں کی داد چاہتے ہیں اور اپنے افعال کو پسندیدہ کرنے کے لئے طرح طرح سے مزین کرتے ہیں یا ایک بڑے آدمی کو اپنا ہم خیال دیکھکر خوش ہوتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔

مگر اس کے ساتھ ہی ہمکو سوچنا چاہیئے کہ اگر یہی روش اختیار کی گئی تو خاطرخواہ کامیابی ہوسکتی ہے کہ نہیں۔ ہماری رائے میں ہمارے منشائے دلی کے لئے یہ سب سے کم قوت کامیابی بخش منصوبہ ہوگا۔ کیونکہ نہ صرف کالج اسٹاف وطلباء مدرسہ بلکہ رؤسائے شہر وحکام اسٹیشن بھی (جوکہ مسٹر والس کے نام سے آشنا ہیں) کرکٹ کی امداد بخوشی کریں گے۔ جس سے کہ ہمارے ارادوں کو زیادہ وسعت کے ساتھ کامیابی ہوسکتی ہے۔ مگر اس کام میں زیادہ تر عملی کوشش درکار ہے اور چند پرجوش نوجوانوں کی ضرورت ہے۔ اگر ہمارے مولانا طفیل احمد صاحب و حبیب اللہ خاں صاحب بی۔ اے۔ ذرا کوشش کریں (اور یقین ہے کہ ضرور کریں گے۔) تو مولوی سراج احمد جیسے دریا دل بیسیوں ہیں لوگوں میں سے پیدا ہوجاینگے۔ رہا یہ کہ جو خدمات اس کام میں ہمارے سپرد کی جائیں گی ہم انکو بسروچشم قبول کریں گے۔ اور ہر ایک نئی تحریک پر وقتاً فوقتاً اپنی رائے ظاہر کیا کریں گے۔

خاکسار عظمت اللہ

طالب علم مدرستہ العلوم علیگڈہ

آج سے دو صدی پیشتر عیسائیوں کی طبابت اور اُسکا مقابلہ مسلمانوں کی طبابت سے۔ (از اسلامک ورلڈ لورپول)

ہمارے انگلستان میں بہت سے آدمی ہمیشہ سے گذشتہ زمانہ کے ثناخواں پائے جاتے ہیں اور پرانے علوم و فنون کی اسقدر تعریف کرتے ہیں کہ گویا پرستش کے درجے تک پہنچا دیتے ہیں۔ انہیں سے بعض اپنے مذاق اور مناسبت سے خاص خاص علوم پر شیدا ہوتے ہیں لیکن انکا ذہن اسطرف کبھی منتقل نہیں ہوتا کہ اگر پرانے زمانہ کے علوم و فنون سے آج کام لیا جائے تو وہ اُن کے حق میں کس قدر مضرت کا باعث ہوں گے۔ مثلاً اگر ہم آج سے دو صدی پہلے طبی نسخجات اور معالجات پر نظر ڈالیں تو بجز تعجب کے اور کوئی نتیجہ نہ ہوگا۔ اُن نسخوں کو دیکھکر حال کے کیمیا داں سخت متحیر ہوتے ہیں۔ جن مصیبت زدہ بیماروں کا ان نسخجات سے علاج ہوتا ہوگا انکا خدا ہی حافظ ہوگا۔ اُس زمانے میں سانپ کینچوے اور کیڑے مکوڑے اور مینڈک بہت استعمال کیئے جاتے تھے۔ ان غلیظ حشرات الارض کا کسی طرح سے استعمال ہوتا تھا۔ کبھی ان کی راکھ بیمار کو کھلائی جاتی تھی کبھی انکو سکھا کر انکا میدہ بنایا جاتا تھا اور کبھی یوں ہی پکا کر کھلا دیتے تھے بیمار ان مکروہ اور زہریلی چیزوں کو کھانے کے لیئے مجبور کیئے جاتے تھے۔ کیونکہ اُس زمانے میں ان بے بہا ادویات کے سواے اور کوئی دوا ہی نہ تھی۔ جان بیٹ نے اپنی کتاب سٹریز آف نیچر اینڈ آرٹ میں لکھا ہے کہ کیچڑ کا کیڑا خواہ وہ زندہ ہو یا سوکھا نکسیر کے لیئے اکسیر ہے اور نیز اگر ایک کیڑے کو کسی بیمار کے گلے میں لٹکا دیں تو اُسکو شفا ہو جائیگی۔ کیونکہ کیڑے کے ڈر سے بیمار کے خون کی حرکت بدل کر دل کی طرف عود کریگی اُس مصنف نے فتق کا علاج جو تجویز کیا ہے وہ بھی خالی از تعجب نہیں کیونکہ وہ لکھتا ہے کہ

کیچوؤں کی خاکستر اگر بیمار کو سفید شراب میں ملا کر اٹھارہ روز تک پلائی جائے تو یقینی فائدہ دیگی۔ باؤلے کتے کے کاٹنے کا علاج بھی عجیب ہے پہلے تو بیشاب سے زخم کو دھو ڈالیں اور پھر دو کبوتروں کو ٹھیک بیچا بیچ چیر کر اگر بازو میں کاٹا ہو تو گرما گرم ہاتوں میں رکھیں اور اگر ٹانگ میں کاٹا ہو تو پاؤں پر رکھیں۔ مکلس چقماق کا عرق باؤ گٹھیئے کے درد کے لیئے ازحد مفید سمجھا جاتا تھا۔

لارڈ رتھون اپنی کتاب لیدپرکیبی نٹ میں لکھتے ہیں کہ کیڑوں کا تیل جوڑوں کے درد کے لیئے اور نیز چوٹ کے لیئے ازحد مفید ہے۔ بعض بیماریوں میں خرگوش کے پاؤں کی راکھ اور بعض کے لئے سُرخ گائے کا دودھ مفید خیال کیا جاتا تھا۔

ڈاکٹر جان فرینچ نے متعدی بیماریوں کا علاج گلی ما اللحم انسان تجویز کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ اگر ممی یعنے انسان کے خشک اور سخت جسم میں سے چار اونس گوشت کا ٹکڑا کاٹکر اُسکو ٹرپنٹائن کی شراب کے دس اونس میں ڈالکر برتن کا مونہہ بند کر دیں ایک ماہ بعد جب ان دونوں کی آپس میں آمیزش شروع ہو جائے تو برتن کا مونہہ کھولدیں اور ایک ماہ تک اور اُسی طرح رکھیں اور اُنکو ملا کر شراب کو بالکل اُڑا دیں یہاں تک کہ برتن کے تلے ایک قسم کا تیل سا باقی رہجائے۔ یہ تیل اُن کے نزدیک تمام متعدی بیماریوں کے لیئے تریاق کا اثر رکھتا ہے۔ ڈاکٹر ایڈورڈ بونسٹ نے ما اللحم انسان کی ترکیب میں ایک نہایت ہی موٹے تازے نوجوان کا چار پونڈ گوشت تجویز کیا ہے اور یہ نوجوان ایسا ہونا چاہیئے جسنے ماہ اگست کے وسط میں خودکشی کی ہو۔

ابابیلوں کا ست۔ کیکڑوں۔ انڈوں اور ہڈیوں کا تیل۔ کیکڑوں کی آنکھوں اور مینڈک کے انڈوں کا تیل اور نیز کنکھجورے کا تیل بہت مصفی خون خیال کیئے جاتے ہیں۔ کسی نوجوان

آدمی کے خون کا ست بہت مفید سمجھا جاتا تھا اور سکر بڑ ہانے کا مجرب علاج تھا۔ یہ نہ سمجھنا
چاہیے کہ ان دواؤں کا استعمال اس زمانے میں بالکل انگلستان سے جاتا رہا ہے۔ دس بارہ
برس کا عرصہ گذرا ہے کہ ایک دوا ایجاد کی گئی تھی جسکی بڑی قدر کیجاتی ہے اور باعث فخر
سمجھی جاتی ہے۔ اس دوا کا جزو عظم آدمی کے بال خصوصاً کالے رنگ کے ہیں اور ایک تندرست
اچھے ہاضمے والی عورت کے بال تو بیحد مفید خیال کیئے جاتے ہیں۔ انگلستان کے دیہات
میں اب تک بال بچوں کا علاج کیڑے مکوڑے کیچوئے ہی زیادہ تر ہے۔

اب ہم ان عجیب دواؤں کا مقابلہ اُن ادویات سے کرتے ہیں جو رسول خدا صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے آج سے تیرہ سو برس پہلے استعمال کیں اور دنیا کو سکھائیں۔ ایک نہایت
ہی صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ رسول خدا نے کہا دکھہ جہاں میں نہیں کوئی ایسا کہ جس کی
دوا حق نے کی ہو نہ پیدا۔ ہر ایک درد کے لئے دوا ہے اور جب وہ دوا درد کی جڑ تک پہنچ
جاتی ہے تو درد رفع ہو جاتا ہے بعون اللہ تعالے۔

چار قسم کے علاج رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتائے ہیں جو بیماری کو روکتے
اور درد کو آرام دیتے ہیں۔ فصد کرانا اور مناسب دواوں کا پینا۔ اور داغ دینا اور بیمار کے کھانے
پینے میں پرہیز رکھنا۔ فصد انگلستان کے ڈاکٹروں کے نزدیک تمام مرضی امراض کا ایک عام
علاج ہے لیکن آنحضرت نے اسکو چند بیماریوں کے لیئے محدود رکھا ہے۔ سلمہ کا بیان
ہے کہ اگر دوران خون کی وجہ سے کسی کے سر میں درد ہوتا تو آنحضرت سر یا کندھوں کی فصد کا
حکم دیتے تھے اور ایک بار آپ کی ران مبارک میں درد ہوا تو آپ نے بھی فصد کھلوائی تھی۔

داغ دینے کا عمل عموماً زخموں کی حالت میں ہوتا تھا یا سانپ اور بچھو کے کاٹنے کی حالت
میں۔ بعض نو مسلم باعث ابتدائی جوش کے دوا کے استعمال کو برا بتاتے تھے اور کہتے تھے

فضل حسین

کہ یہ تقدیر ربانی کے بالکل خلاف ہے۔ سب لوگوں نے ملکر پوچھا کہ اے رسولؐ خدا کیا ہم دوا کا

استعمال کریں یا نہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب دیا کہ اے بندگان خدا

دوا کا استعمال کرو کیوں کہ خدا نے سوائے بڑھاپے کے کوئی ایسی بیماری پیدا نہیں کی

جسکے ساتھ اُسکا علاج بھی نہ پیدا کیا ہو۔ ادویات میں سے اکثر کالے دانے اور شہد کا

زیادہ استعمال ہوتا تھا۔ جلاب میں سنا کا زیادہ استعمال ہوتا تھا اور کشمش بحری کوئے کے

زیادہ بڑھ جانے اور حلق کے خراش کا علاج تھا۔ عود ہندی کا جوشاندہ ذات الجنب میں

دیا جاتا تھا۔ اور خناق میں اُسکی ناس کا استعمال ہوتا تھا۔ بخار میں ایک خاص مقدار تک

سرد پانی کے پینے کی اجازت تھی۔ بحری اور زیتون کے تیل کی مالش ذات الجنب والے کے

سینے پر کی جاتی تھی۔ بچھو یا کنکھجورے کے کاٹے کا زخم گرم پانی سے نمک ملا کر دھو دیتے

تھے اور آگ سے جل جانے کا علاج حنا تھی۔

یہ معلوم ہوتا ہے کہ رسولؐ خدا کا یہ خیال تھا کہ اکثر بیماریاں معدے کی خرابی سے ہوتی ہیں

تمام مومنوں کو بسیار خواری سے منع فرمایا ہے "سب سے بڑا برتن جو انسان بھر سکتا ہے وہ

وہ اُسکا پیٹ ہے۔ انسان کو چاہیئے کہ کبھی حد سے زیادہ معدے پر بار نہ ڈالے۔ معدے کا

ایک تہائی حصہ طعام سے بھرنا چاہیئے اور تہائی پانی وغیرہ مائعات سے اور تہائی بالکل خالی

خالی رکھنا چاہیئے تاکہ ہاضمہ ٹھیک عمل کر سکے۔"

بیمارداری کے طریقے مقررہ تھے۔ بیمار کے لیئے امن و آرام بہت ضروری تصور کیا

جاتا تھا۔ بیمار کو اپنی رغبت اور خواہش سے زیادہ کھلانے کی ممانعت تھی۔ بیماروں کو پانی

پینے میں اعتدال کی بھی سخت تاکید تھی۔

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گنڈے۔ تعویذ اور نامناسب تعصب آلود دواؤں

کی سخت ممانعت کی ہے۔ ایک بڑا طبیب اسلام لانے سے پہلے بہت سی خیالی اور بیہودہ دواؤں کا معتقد تھا جیسے دو صدی پہلے عیسائی تھے۔ جب اسلام لایا تو اُسنے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ مینڈک کا تیل استعمال کیا جائے یا نہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سخت ممانعت کی اور فرمایا کہ یہ کفر اور جاہلیت کی رسم ہے ایک صحابی نے آنحضرتؐ کی ڈاڑہی کے بال جمع کر کے اُن میں پانی ملا کر ایک جزامی کو پینے کے لیئے دیا تاکہ بالوں کی برکت سے اُسکو شفا ملے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ سُنکر ناراض ہوئے اور بالوں کو منگوا کر لوگوں کے سامنے جلا دیا اور فرمایا "اے میری اُمت کے لوگو یہ ضرور ہے کہ تم زمانۂ جاہلیت میں جادو اور گنڈوں کا استعمال کرتے تھے لیکن اب تمکو اللہ تعالے نے اچھا راستہ بتایا ہے۔ اب تم وہ دوائیں اور بوٹیاں استعمال کرو جو تجربے سے مفید ثابت ہوئی ہیں علاج کرو اور اللہ تعالے سے شفا کی دعا مانگو اور تعویذات اور گنڈوں کا مطلق اعتبار نکرو اور نہ کوئی خدا کا شریک بناؤ۔"

تازہ ایجاد

آج کل جو ترقی علوم وفنون میں دانایان فرنگ کر رہے ہیں۔ انہیں سنکر اور دیکھ کر قدرت خدا یاد آتی ہے۔ اور حیرت ہوتی ہے کہ انسان ضعیف البنیان سے کیونکر ایسی تعجب انگیز کام ظہور میں آتے ہیں جنکو اگر معجزہ اور کرامت کہیں۔ تو بیجا نہیں۔ کیسل میگزین کے گذشتہ پرچہ میں ایک مضمون چھپا ہے جسمیں لکھا ہے کہ Amsmlz مسٹر اسپینسر نامی ماہر اعمال برقی نے امریکا میں ایک جدید آلہ ایجاد کیا ہے جس کے ذریعے سے توسل قوت برقی عکسی تصویر کی نقل ایک مقام سے دوسرے مقام کو بھیجی جا سکتی ہے۔ اس پرچہ میں آلہ

مذکورہ کی پوری تصویر دی ہوئی ہے اور اُس کے استعمال کی مفصل ترکیب درج ہے۔ یہ آلہ
فوٹوگرفی اور ٹیلیفون دونوں کے مشترک اصول پر بنایا گیا ہے۔ تصویر ایک لیس دار
گاڑھے مصالح پر جمادی جاتی ہے۔ اور اُسپر سے برقی تاروں کے ذریعہ سے مقام مقصود پر
اُسکی نقل پہنچ جاتی ہے۔ نقل اصلی تصویر کے مانند صاف اور درست نہیں ہوتی۔ لیکن الکڑو
ٹاوٹ کے ذریعہ سے اُسے بآسانی ٹھیک کر سکتے ہیں۔ اور اُسمیں کچھ زیادہ دقت اٹھانی
نہیں پڑتی۔ موجد موصوف نے اپنی اس ایجاد کا نام آرٹوگراف رکھا ہے۔ اسے امید ہے
کہ عکسی تصویریں اور مقامات کے نقشے بہت تھوڑی دیر میں دور دور بھیجے جاسکیں گے
اور نیز یہی آلہ چاندی سونے وغیرہ نرم دھاتوں پر کندہ کرنے کا کام دے سکے گا۔

خدا ہمکو وہ دن بھی نصیب کرے کہ اسی طرح ہم اپنے ہم ملک بھائیوں کی ایجادات
اور اختراعات کو تعجب اور وقعت کی نظر سے دیکھیں "

لا کلاسس ایم۔ اے۔ او کالج علی گڈھ

بہ اتفاق رائے جناب پرنسپل صاحب و جناب لا پروفیسر صاحب ۱۸۹۵ء سے ۱۸۹۶ء
کے لا کلاسوں کے لیے مفصلہ ذیل تاریخیں قرار دی گئی ہیں۔

نومبر ۱۸۹۵ء	۴ نومبر	سے	۱۵ نومبر تک (دونوں دن شامل)
دسمبر ۱۸۹۵ء	۲ دسمبر	سے	۱۴۔ دسمبر تک
جنوری ۱۸۹۶ء	۶ جنوری	سے	۱۷ جنوری تک
فروری ۱۸۹۶ء	۳ فروری	سے	۱۴ فروری تک
مارچ ۱۸۹۶ء	۲ مارچ	سے	۱۳۔ مارچ تک
اپریل ۱۸۹۶ء	۶ اپریل	سے	۱۷۔ اپریل تک
مئی ۱۸۹۶ء	۴ مئی	سے	۱۵۔ مئی تک
جولائی ۱۸۹۶ء	۶ جولائی	سے	۱۱۔ جولائی تک

اطلاع

ہمارے ناظرین کو معلوم ہونا چاہیے کہ کالج میگزین کے اہتمام کے جدا جدا صیغے ہیں جو صیغہ مجھ سے متعلق ہے وہ صرف اُردو اڈیٹری کا ہے۔ پرچوں کے بھیجنے اور خریداروں سے خط کتابت کرنیکا کام مینیجر سے متعلق ہے۔ اس لیے جن صاحبوں کو اس قسم کے امور کے متعلق کچھ لکھنا ہو وہ مینیجر سے خط و کتابت کریں۔ مجھکو اس صیغے سے کچھ واسطہ نہیں ہے

(شبلی نعمانی)

اشتہار ڈیوٹی شاپ (دوکان الفرض)

کتب ذیل درخواست بھیجنے پر بصیغۂ ویلیو یا بارسال زر نقد دوکان الفرض سے ملسکتی ہیں

المامون۔ مصنفہ شمس العلما مولوی شبلی نعمانی۔ قیمت بلامحصول ..... عہ۔۴ر

سفرنامۂ روم و مصر و شام۔ مصنفۂ مولانائے موصوف الصدر " زیر طبع ... عہ ۔۵ر

علم الحساب ہر دو حصہ مترجمۂ ولایت حسین سکنڈ ماسٹر مدرسۃ العلوم ...... عما ۔۴ر

دیوان حالی۔ مصنفہ مولانا الطاف حسین حالی .... صہ ر ۔ سے ر .... عما

مسدس حالی۔ مع ضمیمۂ فرہنگ مصنفہ مولانا موصوف .. زیر طبع ۱۲ر

شکوۂ ہند ...... ایضاً ۲ر

مناجات بیوہ ..... مد ۲ر

علاوہ انکے اور کتابیں بھی موجود ہیں مگر اس مختصر میں گنجایش اندراج نہیں راقم ولایت حسین مینیجر ڈیوٹی شاپ مدرسۃ العلوم علی گڈھ... .... مطبوعہ مخزن پریس علی گڈھ

محمڈن اینگلو اوریئینٹل کالج میگزین

نمبر ۱۰	یکم ماہ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ ع	جلد ۲

فہرست مضامین

صرف اردو

مضمون		صفحہ
۱ — ریویو السفر الی المؤتمر مولانا مولوی شبلی صاحب نعمانی	...	۳۷۹
۲ — کالج میگزین اور اُس کے مضامین ایضا	...	۳۹۲
۳ — نظم شمس العلما مولوی شبلی	...	۳۹۶
۴ — مسٹر والس سابق پروفیسر مدرسۃ العلوم	...	۳۹۸
۵ — تہذیب الاخلاق کے مضامین	...	۴۰۰
مانیٹر اور مراۃ الاخبار	...	۴۰۰
۶ — فطری تخالف	...	۴۰۱

علیگڈھ انسٹیٹیوٹ پریس میں محمد ممتاز الدین کے اہتمام سے چھپا

کالج میگزین

قریباً چار برس ہوئے کہ اس نام کا ایک علمی رسالہ انگریزی اور اردو ملا ہوا — علیگڈہ کالج سے نکلنا شروع ہوا — اول اول وہ علیگڈہ انسٹیٹیوٹ کا ضمیمہ بن کر نکلتا رہا — لیکن سنہ ۱۸۹۴ع میں اس نے ایک مستقل رسالہ کی صورت اختیار کی — اس کے مضامین زیادہ تر کالج کی خبروں اور اس کے متعلقات پر محدود ہوتے تھے — اور اس وجہ سے عام پبلک کو اس کے ساتھ چنداں دلچسپی نہ تھی *

اس خیال سے اس کے منتظموں نے اس کو زیادہ وسعت دینی چاہی کہ وہ بالکل ایک علمی میگزین بن جائے جس میں کالج کی خبروں کے علاوہ — مسلمانوں کے علوم و فنون — تاریخ اور لٹریچر کے متعلق مفید اور پر زور مضامین لکھے جائیں — اس غرض سے اس کے ۲۴ صفحہ بالکل اردو کے لیئے مخصوص کردیئے گئے — اور اس صیغہ کا اہتمام خاص میری سپردگی میں دیا گیا میں اس رسالہ کے ترقی دینے میں حتی الامکان کوشش کرونگا *

ملک کے مشہور اہل قلم یعنی مولانا حالی — نواب محسن الملک — مولوی نذیر احمد — اور ماسٹر ذکاءاللہ — وغیرہ بزرگوں نے اس میں مضمون لکھنے کا وعدہ کیا ہے — اور اہل قلم بھی اگر اس کی اعانت فرمائینگے تو ہم نہایت فخر کے ساتھہ قبول کرینگے *

ہم کو امید ہے کہ ہندوستان کی اسلامی جماعت خریداری سے اس کی اشاعت میں مدد دیگی — میگزین کے کل صفحات ۴۰ ہیں اور قیمت مع محصول ڈاک — (۲) *

شبلی نعمانی — پروفیسر

مدرسۃ العلوم علیگڈہ

ریویو

السفر الی المؤتمر

پر

اسلام کی اُن وسیع آبادیوں میں جو مشرق سے لیکر مغرب تک پھیلی ہوئی ہیں۔ اگرچہ قومیت کا۔ نسل کا۔ شکل و صورت کا۔ رسم و رواج کا۔ عادات و خصائل کا سخت اختلاف پایا جاتا ہے لیکن یہ تعجب اور سخت تعجب کی بات ہے کہ ترقی اور تنزل کی سطح ہر جگہ قریباً یکساں ہے مثلاً ہندوستان کی جو یہ حالت ہے کہ چند برس پہلے تمام قوم پر ایک عام غفلت طاری تھی۔ تقلید اور رسم و رواج نے قوم کا رُواں رُواں جکڑ رکھا تھا۔ آزادی اور بلند خیالی کی روح فنا ہو گئی تھی۔ پھر مغربی تعلیم کے اثر نے ایک خفیف جنبش پیدا کی۔ لوگ آہستہ آہستہ جاگنے لگے روز بروز اپنی پستی اور تنزل کا احساس ہوتا گیا۔ یہاں تک کہ اب ملک کے ہر حصہ میں ترقی کی پکار ہے۔ اور ہر طرف جوش کا ایک نیا عالم نظر آتا ہے۔ تاہم اب تک جو کچھ ہوا ہے وہ زیادہ تر زبانی باتیں ہیں۔ جو کچھ کہا جاتا کیا نہیں جاتا۔ جسقدر زبان میں زور ہے ہاتھ میں نہیں ہے۔ عملی زندگی جو ترقی کی روح ہے اس میں صرف اسقدر ہوا ہے کہ چند پرانے تعلیم یافتہ لوگوں پر نیا رنگ چڑھ گیا ہے۔ ان کی تصنیفات و تالیفات میں یورپ کی جھلک آگئی ہے۔ کچھ لوگ یورپ ہو آئے ہیں اور جو کچھ وہاں دیکھا ہے قلم کے ذریعہ سے اسکا نہایت ہلکا خاکہ کھینچکر

قوم کو دکھلایا ہے۔ چند نوجوانوں نے یونیورسٹیوں کی ڈگریاں لی ہیں اور اپنی محنت۔ لیاقت
۔ قابلیت کو سرکاری ملازمت پر نذر چڑھا دیا ہے۔

بعینہ یہی حالت مصر و شام اور خاص دار السلطنۃ **قسطنطنیہ** کی ہے۔ اس سلسلۂ مشابہت
میں اسوقت ہمکو جس خاص حصہ سے بحث ہے وہ یورپ کا سفر۔ اور سفرناموں کی تصنیف کا
رواج ہے۔ مصر و شام میں سب سے پہلے جس نے یورپ کا سفر کیا وہ علامہ **رفاعہ بک** ہے
مصر میں جب یورپ کی تہذیب کا چرچا ہوا تو سلطنت کی طرف سے چند نوجوان یورپ میں تعلیم
پانے کے لیئے بھیجے گئے۔ اور علامہ موصوف انکا اتالیق مقرر ہو گیا۔ علامہ مذکور نے سفر سے
واپس آکر پھر حالات سفر اور خاص پیرس (دار السلطنۃ فرانس) کے متعلق ایک مفصل کتاب
لکھی جو ۱۲۶۵ھ میں بمقام مصر چھاپی گئی۔ عربی زبان میں یہ پہلا سفرنامہ تھا جو یورپ کے نئے
تمدن کے زمانہ پر لکھا گیا ہے۔ اس کے بعد اور اور لوگوں نے یورپ کے سفر کیئے اور وہاں
کی حالات میں کتابیں لکھیں۔ مثلاً **کشف المخبا۔ رحلہ حسین آفندی۔ رحلۃ الشیخ سلیم۔ ارشاد الالبا**۔

اس سلسلہ میں سب سے اخیر تصنیف وہ کتاب ہے جسکا نام **السفر الی المؤتمر** ہے
اور جو ہمارے اس آرٹکل کا عنوان ہے اس سفرنامے کا مصنف **احمد زکی آفندی** ہے۔
جو مصر کا ایک تعلیم یافتہ نوجوان۔ مشہور مصنف۔ اور خدیو کے محکمۂ ترجمہ کا رئیس المترجمین ہے
یہ مصنف یورپ کی مشرقی کانفرنس کے نویں جلسہ میں جو ۱۸۹۲ء میں بمقام لندن منعقد
ہوا تھا۔ خدیو کی طرف سے سفیر ہو کر گیا تھا۔ اسی نے وقتاً فوقتاً حالات سفر کے متعلق اپنے
دوستوں کو خطوط لکھے اور سفر سے واپس آکر ان خطوط کو مرتب کر کے سفرنامے کی صورت
میں شایع کیا۔ ملک کی قدردانی سے پہلے اڈیشن کی جلدیں نہایت جلد نکل گئیں اور مصنف نے

مناسب اضافہ کرکے اسکو دوبارہ چھپوایا۔ مجکو فخر ہے کہ خود مصنف نے اس اڈیشن کا ایک نسخہ مجکو تحفہ کے طور پر بھیجا۔ جو اسوقت میرے سامنے رکھا ہوا ہے۔

سب سے پہلے اس سفرنامے کے پڑہنے کے وقت جس چیز پر نگاہ پڑتی ہے وہ کتاب کی طرز عبارت اور انداز بیان ہے۔ اس کتاب کی طرز تحریر میں یورپ کا اسقدر زیادہ اثر ہے کہ پہلی ہی نگاہ مں محسوس ہوتا ہے۔ اگرچہ اس عام قاعدہ کے خیال سے کہ مغلوب قومیں ہمیشہ غالب قوموں کی ہر چیز میں پیروی کرتے ہیں مصنف معذور رکھا جا سکتا ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ اس تقلید نے کتاب کی خوبی کا معیار گہٹا دیا ہے۔ بے شبہ بہت سی ایسی زبانیں ہیں جو یورپ کی تقلید کی وجہ سے ترقی کے سانچے میں ڈہلی ہیں اور خصوصاً ہماری اُردو میں تو جو کچھہ آب وتاب۔ رنگینی و لطافت۔ جوش و اثر پیدا ہوا ہے سب انگرزی کی بدولت ہے۔ لیکن عربی کی حالت مختلف ہے۔ عربی زبان یا تو اسقدر بلند رتبہ اور تمام خصوصیتوں میں کامل ہے کہ دوسری کسی زبان کا اُس سے جوڑ نہیں ملتا یا اسکا اسلوب بیان اور طرز ادا۔ انگرزی سے اسقدر مختلف ہی کہ دونوں کا پیوند بدنما ہو جاتا ہے۔

مصنف کے سفر کا اجمالی نقشہ یہ ہے کہ وہ اسکندریہ سے چلکر برنڈزی۔ کی راہ سے نیپولی سے اٹلی۔ فلورنس۔ بنیزا۔ جنیوا۔ ہوتا ہوا فرانس پہنچا ہے۔ فرانس کی سیر کرکے وہ لندن روانہ ہوا اور مشرقی کانفرنس کے جلسہ میں شریک ہوکر انگلستان کے اکثر مقامات کی سیر کی۔ پہر پرتگال پہنچا اور دوبارہ لندن کو واپس آیا۔ لندن سے فرانس اور فرانس سے اسپین گیا اور یہ اس کے سفر کی اخیر منزل تہی۔ اگرچہ راہ میں جو مقامات آتے گئے ہیں ہر ایک کے متعلق مصنف نے کچھہ نہ کچھہ لکھا ہے۔ لیکن لندن اور پیرس کے حالات میں نہایت تفصیل کی ہے۔ اسپین کا حال اگرچہ باستثنار لندن و فرانس زیادہ لکھا ہے لیکن مسلمانوں کو اس

چھوڑے ہوئے دیس سے جو دلچسپی ہے اس کے لحاظ سے گویا کچھ نہیں لکھا۔ اس سے زیادہ تعجب یہ ہے کہ کتاب کی اصلی موضوع یعنے مشرقی کانفرنس پر بہت کم لکھا۔ جلسہ کی حالات نہایت اختصار سے لکھے جو تحریریں خود پیش کیں۔ اُنکا ایک نقشہ دیا ہے لیکن انصاف یہ ہے کہ وہ تحریرات کانفرنس کے رتبے کے شایاں نہیں۔

ایک خاص بات جو اس کتاب میں ہے وہ یہ ہے کہ مصنف اگرچہ یورپ کے ملکوں کا ذکر کرتا ہے لیکن ساتھ ساتھ ہر موقع پر اسلامی معلومات کے دلچسپ نکتے ایسے تناسب اور موزونی سے اضافہ کرتا جاتا ہے جس سے اس کی لٹریچر اور وسعت نظر۔ دونوں کا کمال ثابت ہوتا ہے۔ یورپ کے جن مقامات کا عربی جغرافیوں میں پتہ لگانا مشکل ہے ہر موقع پر مصنف اُن کے عربی ناموں کی تصریح کرتا ہے جس سے قطع نظر اس کے کہ عرب جغرافیہ نویسوں کا کمال معلوم ہوتا ہے۔ عربی تاریخوں کے سمجھنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔

ایک خاص بات یہ ہے اور وہ سفرنامے کی جان ہے کہ مصنف ہر موقع پر اُن اسباب کی تلاش کرتا ہے جن کی وجہ سے یورپ کو آج یہ ترقی نصیب ہوئی ہے۔ اٹلی کے ذکر میں وہ لکھتا ہے کہ۔

"یہاں تمام بازاروں میں۔ گلی کوچوں میں۔ باغوں میں۔ میدانوں میں۔ غرض ہر جگہ ہر موقع پر اُن لوگوں کی اسٹیچو (مجسمہ تصویریں) قائم کی ہیں جنہوں نے ملک اور قوم کے لیے کارہائے نمایاں کیے تھے۔ اس ذریعہ سے اُن کی ناموری ہمیشہ محسوس صورت میں نظر آتی ہے اور ملک کے ہر ایک آدمی کو ولولہ پیدا ہوتا ہے کہ انہیں کا سا بنجائے۔

لندن کے ذکر میں وہ لکھتا ہے کہ یہاں تمام لوگ وقت کو اسقدر عزیز رکھتے ہیں کہ جب کسی شخص سے کوئی بات پوچھو تو وہ نہایت جلدی کے ساتھ "ہاں" یا "نہیں" کہکر فوراً وہ کام کرنے

لگتا ہے جس میں پہلے سے مشغول تھا۔ اگر زیادہ ضرورت ہوئی تو نہایت مختصر چند الفاظ میں جواب دیگا۔ اور ساتھ ہی جو کام کر رہا تھا کرتا جائیگا۔ کتب خانوں میں، کمپنیوں کے دفتر میں۔ اور عام تجارتی کارخانوں میں ہر موقع پر یہ الفاظ اور جملے لکھے ہوئے ہوتے ہیں "چپ رہو" "صرف کام کی بات کہو"۔ "بولنا منع ہے"۔

لندن کی ترقی کا اندازہ وہ اسباب سے کرتا ہے کہ تمام شہر میں ایک عام حرکت اور جنبش پائی جاتی ہے۔ سڑکوں اور گذرگاہوں پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ گویا آدمیوں کا سیلاب اُمڈ آیا ہے لیکن باوجود اس کے غل اور شور کا کیا ذکر ہے آواز تک نہیں آتی۔ ہر شخص سر جھکائے تیز بھاگا جاتا ہے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ اسکو کوئی بڑا ضروری کام درپیش ہے۔"

حقیقت میں یورپ کی ترقی کا ایک بڑا سبب یہ ہے کہ ہر شخص ہر وقت نہایت مستعدی سے اپنے کام میں مشغول رہتا ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی دُھن میں لگا ہوا ہے بخلاف اس کے ہمارے ملک میں ایک عام فسردگی۔ کاہلی۔ بے پروائی پائی جاتی ہے۔

اٹلی اور انگلستان و فرانس کی ترقیوں کے ذکر میں وہ لکھتا ہے کہ ان لوگوں کی ترقی کا ایک بڑا سبب یہ ہے کہ قومی خدمت کی نہایت قدر کیجاتی ہے یہاں تک کہ اگر کسی شخص نے قوم کے لیئے کوئی بڑا کام کیا ہے تو گو وہ ذاتی افعال کے لحاظ سے کیسا ہی بدچلن۔ بدمعاش۔ کمینہ دنی الطبیعت ہو۔ تاہم تمام قوم اسکو اپنا سرتاج بنائیگی۔ ہر موقع پر اُسکا نام فخر سے لیا جائیگا۔ اُس کی یادگاریں قائم کی جائیں گی اور اُس کی برائیوں کا مطلق تذکرہ نہوگا"

اُس کے مقابلے میں ہمارے ملک کا حال دیکھو کہ اگر کسی شخص نے قوم کے لیئے اپنے آپکو فدا ہی کر دیا ہو۔ تاہم قوم کو صرف اُس کے عیوب پر نظر ہوگی اور اُس کی خوبیوں کا ذکر تک نہ آئیگا ؎

ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا۔

مصنف نے یورپ کے تمام شہروں میں سے لندن کے حالات نہایت تفصیل سے لکھے ہیں۔ لیکن چونکہ ہمارے ملک کے اکثر تعلیم یافتہ لندن کے حالات سے خود واقفیت رکھتے ہیں اس لیئے ہم اس حصہ کو بالکل چھوڑ دیتے ہیں۔ البتہ فرانس کے حالات جو مصنف نے بیان کئے ہیں اسکا مختصر سا خاکہ کھینچنا ناموزوں نہوگا۔

فرانس کی دار السلطنۃ پیرس کا ذکر وہ ان الفاظ سے شروع کرتا ہے "یہ پیرس ہے جو دنیا کا انتخاب اور عالم کا سیر گاہ ہے۔ یہ پیرس ہے جو عظمت و شان کی تصویر اور نزاکت و لطافت کا پیکر ہے یہ پیرس ہے جو علوم کی کان اور دائرۂ عرفان کا مرکز ہے۔ یہ پیرس ہے جس کی تعریف میں گو کتنا ہی مبالغہ کیا جائے تاہم اس کی اصلی تعریف ادا نہیں ہوسکتی۔ اس لیئے مجکو صرف یہ کہنا چاہیئے کہ وہ بہشتوں کی بہشت ہے، نہیں نہیں بلکہ وہ پیرس ہے"

اس عظیم الشان دار السلطنۃ کی عجیب و غریب باتوں میں سے مصنف نے سب سے پہلے عورتوں کی حالت پر تعجب کیا ہے وہ لکھتا ہے کہ "نوع انسانی کا وہ نصف حصہ (عورت) جو ہمارے ملک میں بالکل بیکار چیز ہے یہاں وہی تمام ترقیوں کی روح ہے اور اس کی اسقدر عزت کی جاتی ہے کہ فرانس کا یہ مشہور مقولہ ہے کہ "جو عورت کی مرضی ہے وہی خدا کی مرضی ہے"

مصنف نے اگرچہ عورتوں کی قابلیت کی نہایت تعریف لکھی ہے اور لکھا ہے کہ وہ تمام علوم و فنون میں نہایت اعلی درجہ کا کمال پیدا کرتی ہیں۔ یہاں تک کہ انشا پردازی۔ مضمون نگاری۔ شاعری۔ مقرری۔ مصوری۔ وکالت۔ طبابت۔ ایجاد۔ صنایع۔ ان تمام فنون میں اعلی درجہ کی کامل عورتیں موجود ہیں۔ تاہم اسکو تسلیم کرنا پڑا ہے کہ یورپ میں جو عورتوں کو آزادی حاصل ہے وہ سخت اعتراض کے قابل ہے۔

اس کے بعد مصنف نے متعدد عنوانوں کو تفصیل سے لکھا ہے مثلاً عجائب خانۂ کلین

کتب خانے۔ مذہبی عمارتیں۔ نباتات کا باغ۔ مدارس اور خیراتی کارخانے۔ تھیٹر۔ وغیرہ وغیرہ

عجائب خانوں میں سے دو تین عجائب خانے ذکر کے قابل ہیں۔ ایک عجائب خانہ

خاص۔ فنون اور صنایعوں کا ہے۔ اس میں بہت سے کمرے اور ایک کتب خانہ ہے جسمیں

تیس ہزار کتابیں ہیں۔ اور یہ کل کتابیں فقط صنعت کے متعلق ہیں۔ رات کو فن صنعت پر

لکچر دیا جاتا ہے اور ہر شخص کو بغیر کسی فیس کے اس میں شریک ہونے کی اجازت ہوتی ہے

لکچرار عموماً وہ ہوتے ہیں جو فن صنعت میں اپنا جواب نہیں رکھتے۔

اس عجائب خانہ میں ہر قسم کے آلات اور کلیں جو قدیم زمانے میں تھیں یا اب پیدا

ہوئی ہیں مہیا کی گئی ہیں۔ زراعت۔ رصد۔ نقاشی۔ تصویر کشی۔ رنگ سازی۔ جر ثقیل۔

وغیرہ کی نہایت قدیم۔ اور جدید آلات نہایت کثرت سے موجود ہیں۔

ایک عجائب خانہ ہے جسکا صرف یہ مقصد ہے کہ دنیا کے ہر حصّہ کے انسانوں کی

طرز معاشرت اور طریقہ تمدن کو دکھایا جائے۔ اس میں چالیس ہزار مجسم تصویریں ہیں۔ قدیم

زمانے کے تمام وحشی اور مہذب قوموں کو اُسی حالت اور وضع و لباس میں دکھایا ہے جسمیں

وہ زندگی بسر کرتے تھے۔

ایک عجائب خانہ فن تربیت کا ہے۔ اس میں تمام کتابیں۔ رسالے۔ نقشے

تصویریں۔ فن تربیت سے متعلق ہیں۔ اس عجائب خانے سے معلوم ہوتا ہے کہ قدیم زمانہ اور

اُس کے مختلف دوروں میں تعلیم و تربیت کے کیا طریقے تھے۔ تربیت کے متعلق کس قسم کے

آلات سے کام لیا جاتا تھا۔ خاص فن تربیت کے متعلق جسقدر کتابیں یہاں ہیں اُن کی تعداد

۶۸۴۸ ہے

ایک عجائب خانہ خاص مذہبی ہے یعنی دنیا کے تمام مختلف مذہبوں کو محسوس صورت

میں دکھایا ہے۔ اس عجائب خانہ کی بنیاد پروفیسر جمیسی نے ڈالی تھی جسنے تمام مشرقی ملکوں میں سفر کیا تھا اور مختلف مذاہب کے متعلق دس لاکھہ روپیہ کی قیمت کی کتابیں مہیا کی تھیں۔ یہ تمام کتابیں اس نے عجائب خانہ میں وقف کردیں۔ چنانچہ خاص چین۔ جاپان۔ اور مصر کے مذاہب کے متعلق ستر ہزار کتابیں ہیں بہت سی ہیکل اور مندر ہیں۔ فرعون کے زمانہ میں قیامت کے متعلق جو خیالات تھے۔ ان کی تصویریں ہیں۔ عبادت اور پرستش کے جو جو طریقے جس جس زمانے میں رائج تھے سب کے نمونے ہیں۔ غرض اس عجائب خانے سے ایک سرسری نگاہ میں دنیا کے تمام قوموں کے مذہبی اعمال اور مذہبی خیالات معلوم ہو سکتے ہیں کتب خانے کثرت سے ہیں۔ مگر سب سے زیادہ مشہور اور عظیم الشان کتب خانہ۔ قومی کتب خانہ ہے۔ اسکو چارلس اول نے ۱۳۸۵ء میں قائم کیا تھا۔ اُسوقت اس میں صرف بارہ ہزار کتابیں تھیں ۱۸۰۹ء میں مطبوعہ کتابوں کی تعداد تین لاکھ ہوگئی اور اب کم و بیش تیس لاکھہ کتابیں ہر قسم کی موجود ہیں۔

اس کتب خانے کے چار حصہ ہیں۔ پہلے حصہ میں مطبوعہ کتابیں۔ نقشے۔ جغرافیہ کے مجموعے ہیں۔ دوسرے میں قلمی کتابیں ہیں۔ تیسرے میں پرانے کتبے اور پتھر ہیں۔ کتابوں کے مطالعہ کرنے کا جو کمرہ ہے اس میں ہر وقت ۲۵ ہزار کتابیں موجود رہتی ہیں۔ جغرافیہ کے متعلق جس قدر کتابیں اور نقشے اس کتب خانے میں ہیں تمام دنیا میں نہیں ہیں صرف اٹلس اور نقشوں کی تعداد ڈہائی لاکھہ ہے۔ قلمی کتابیں ۹۰۱۱۹ ہیں جن میں آٹھہ ہزار کتابیں تصویردار اور مذہب و مطلا ہیں۔

مصنف نے حالات کی تفصیل کے بعد۔ اس کے سالانہ مصارف کا نقشہ دیا ہے اور لندن کی برٹش میوزیم سے موازنہ کیا ہے اسکا خلاصہ یہ ہے۔

سالانہ مصارف کتب خانہ پیرس

تنخواہ ملازمین	۴۰۰۰۳۶	فرنگ
اسباب وغیرہ	۲۰۰۰۷۲	فرنگ
طیاری فہرست	۸۰۰۰	فرنگ
جلد بندی	۲۵۰۰۰	فرنگ

مختصر کہ مجموعی مصارف ۶۸۸۰۰۰ ہے لیکن برٹش میوزیم کا سالانہ صرف ۲۵۰۰۰۰۰ ہے۔"

تعلیم کو جو یہاں وسعت حاصل ہے اس کے لحاظ سے مصنف کو بہت سے کالجوں اور اسکولوں کا ذکر کرنا چاہیے تھا۔ مگر اس نے صرف دو تین مدرسوں کے ذکر پر اکتفا کیا ہے اور حقیقت میں جس جدت کی وجہ سے اس نے انتخاب کیا وہ بیجا بھی نہیں۔ ان میں سے ایک مدرسہ اندھوں کا ہے۔ ہمارے ملک میں تو آنکھ والوں کی تعلیم کا بھی رونا ہے۔ لیکن وہاں اندھوں کی تعلیم کا جو انتظام ہے نہایت حیرت انگیز ہے۔ فرانس کو اس اولیت کا شرف بھی حاصل ہے کہ اول اُس نے اس قسم کی تعلیم کی بنا ڈالی یعنے پروفیسر ہاوی نے ۱۷۸۴ء عیسوی میں اندھوں کی تعلیم کے لیے مدرسہ کھولا اور تمام دنیا میں اس قسم کا یہ پہلا مدرسہ تھا یہ مدرسہ اب بھی موجود ہے۔ اس میں اسوقت ۱۵۰ لڑکے اور ۸۰ لڑکیاں تعلیم پاتی ہیں۔ مدت تعلیم دس برس ہے۔ اس میں ابتدائی اور اعلیٰ تعلیم اُبھرے حرفوں کے ذریعہ سے ہوتی ہے اور تمام کتابیں جو ان کو پڑھائی جاتی ہیں اسی قسم کے حروف میں چھپی ہوئی ہوتی ہیں۔ اس کے سوا کچھ تعلیم بھی ہوتی ہے اور کاتنا۔ بننا۔ خرادنا۔ سینا پرونا۔ سکھایا جاتا ہے۔ موسیقی کی تعلیم نہایت اعلیٰ درجہ کی ہوتی ہے۔ مدرسہ کے کتب خانہ میں ڈھائی ہزار کتابیں ہیں جو

اُبھرے ہوئے حرفوں میں چھپی ہوئی ہیں۔ اس مدرسہ اور دیگر قسم کے دیگر مدارس سے
اس درجہ کے لوگ تعلیم پاکر نکلے کہ آنکھ والے بھی ان کی قابلیت کا مقابلہ نہیں کرسکتے
ان میں سے بعض نہایت نامور پروفیسر گذرے ہیں جن کی شہرت آج تک ضرب المثل ہے۔
ایک کمیٹی۔ خاص اندھوں کی تعلیم اور ان کی اعانت کے لیئے قائم ہے۔ ڈیڑہ لاکھ فرنک
اسکا سرمایہ ہے اور قریباً ۲۳ ہزار فرنک سالانہ آمدنی ہے۔ یہ تمام رقم اندھوں کی تعلیم و تربیت
و دیگر ضروری مصارف میں صرف کی جاتی ہے۔ اسوقت اس کمیٹی کے ۸۰۰ ممبر ہیں اور روز بروز
ممبروں کی تعداد بڑہتی جاتی ہے۔ اندھوں کے لیئے متعدد اخبارات بھی ہیں جن میں سے
ایک بالکل اُبھرے ہوئے حرفوں میں چھپتا ہے ؎

اس سے زیادہ تعجب انگیز گونگوں کا مدرسہ ہے۔ مصنف کا بیان ہے کہ میں نے
جسوقت ان کی تعلیم کی کیفیت دیکھی تو حیرت زدہ رہ گیا۔ پروفیسر یا شاگرد ہاتھ کے اشارہ
سے بالکل کام نہیں لیتے اور باوجود اس کے ہر قسم کے مضامین کی تعلیم ہوتی ہے۔ مصنف
نے سمجھا تھا کہ بلند آوازی سے کام لیا جاتا ہوگا۔ چنانچہ اُس نے پکار پکار کر گونگوں سے
باتیں شروع کیں۔ لیکن جسقدر وہ زیادہ چلاتا تھا گونگے اور زیادہ سننے سے عاجز
رہتے تھے۔ آخر پروفیسر نے ان سے گفتگو کرنے کا طریقہ بتایا اور اسوقت جو کچھ اُن سے
کہا جاتا تھا وہ صاف سمجھتے جاتے تھے۔ اسمیں زیادہ تر لحاظ ہونٹوں کی حرکت کا ہے۔ گونگے
ہونٹوں کی حرکت پر خیال کرتے ہیں اور بات سمجھتے جاتے ہیں۔

تعجب یہ ہے کہ سالانہ جلسوں میں یہ گونگے لکچر اور اسپیچیں دیتے ہیں اور ہر قسم کے
مطالب کو صرف اشاروں سے ادا کرتے ہیں۔ چنانچہ ۱۸۹۲ء میں جب پروفیسر دولوہی کی[1]

---

[1] یہ شخص گونگوں کی تعلیم کا موجب ہے۔

سالگرہ کا جلسہ ہوا تو صدر انجمن مسٹر کوشفر تھا جو اسی مدرسے کا تعلیم یافتہ انجنیر تھا اور بالکل گونگا تھا۔ کھانے کے بعد مسٹر کوشفر نے ایک لمبی اسپیچ دی جس میں دو لوپی کے تمام کارنامے بیان کئے۔ اس کے بعد اوروں نے اسپیچیں دیں۔ یہ تمام اسپیچیں صرف اشاروں کے ذریعہ سے دی گئیں۔ اور تمام حاضرین بخوبی سمجھتے تھے۔

فیاضی اور خیرات کا جو عمدہ طریقہ یہاں۔ اور یورپ کے تمام ممالک میں جاری ہے وہ خاصکر لحاظ کے قابل ہے۔ ایشیائی ملک۔ فیاضی کے لیئے مشہور ہیں۔ لیکن فیاضی کا طریقہ ایسا ابتر ہے جس کی وجہ سے قوم کی قوم گدائی اور دریوزہ گری میں مبتلا ہو گئی ہے۔ اچھے خاصے توانا اور مضبوط آدمی بھیک مانگتے پھرتے ہیں۔ مولوی۔ صوفی۔ درویش نذر نیاز کے بہانے سے بے تکلف گدائی کرتے ہیں لیکن یورپ کا طریقہ بالکل جدا ہے۔ کوئی شخص کسی شخص کے آگے دست طلب دراز نہیں کرتا۔ نہ کوئی شخص کسی خاص شخص کو کچھ دیسکتا۔ جو کچھ جسکو دینا ہوتا ہے خیراتی کارخانوں کے حوالہ کرتا ہے وہاں سے نہایت احتیاط کے ساتھ وہ رقم اُن لوگوں کو پہنچا دیجاتی ہے جو درحقیقت مستحق ہوتے ہیں۔ فرانس میں اس قسم کی کمیٹیاں اور خیراتی کارخانے جس کثرت سے ہیں انکا شمار نہیں ہوسکتا۔ مصنف نے بہت سی کمیٹیوں کے نام لئے ہیں جن کی غرضیں مختلف ہیں۔ مثلاً یتیموں کی پرورش۔ غریب حاملہ عورتوں کی مدد۔ بیکار پیشہ وروں کے لیئے کام کی تلاش۔ کنواری عورتوں کے لئے شادی کا انتظام۔ وغیرہ وغیرہ (جن کی مجموعی تعداد ۵۴۲ ہے) لیکن باوجود اس کے قوم میں گداگری کی صفت کا شائبہ تک نہیں پایا جاتا۔

اسپین کا ذکر مصنف نے نہایت حسرت و افسوس کے ساتھ شروع کیا ہے۔ سرحد میں داخل ہوتے ہی مصنف کے دل میں اُس شان و شوکت کا خیال تازہ ہوگیا ہے جو اس

ملک کو اسلام کے عہد میں حاصل تھا۔ اسلامی عہد کی ترقیاں، عظمت و شوکت، نزاکت اور تکلف کے جلوے جابجا اب بھی نظر آتے ہیں اور مصنف انکو دیکھ کر بیتاب ہو ہو جاتا ہے غرناطہ کے قصر حمرا میں پہنچکر اسپر بالکل حیرت طاری ہوگئی اور باوجود اس کے کہ وہ لندن اور پیرس کی عجیب و غریب عمارتیں دیکھ چکا تھا تاہم حمرا نے دفعتاً ان سبکو دل سے بھلا دیا۔ اس موقع پر مصنف کے خاص الفاظ یہ ہیں۔ ویعلم الله انني ما رايت في طول سياحاتي شيئاً ادق واتقن واجمل واكمل مما رايت في هذه المدينة یعنی خدا جانتا ہے کہ میں نے اس تمام سفر میں کہیں ایسی دقیقۃ الصنعۃ استادانہ خوبصورت عمدہ تر چیزیں نہیں دیکھیں جیسی اس شہر میں دیکھیں،،

اس کے بعد مصنف نے فخر کے جوش میں آکر مسلمانوں کے عہد کی ترقی و تہذیب کی مختصر داستان لکھی ہے پھر اسلام کی بے تعصبی اور عیسائیوں کے تعصب کا موازنہ کیا ہے وہ لکھتا ہے کہ مسلمانوں نے جب اس ملک کو فتح کیا تو عیسائیوں کے تمام حقوق اور مذہبی ارکان برقرار رہنے دیئے برخلاف اس کے جب وہ عیسائیوں کے قبضہ میں آیا تو پوپ کے حکم سے مذہبی مجلسیں قائم ہوئیں جن کے فیصلوں کے مطابق ہزاروں لاکھوں اسلامی تصنیفات آگ میں جلا دی گئیں۔ اس کے ساتھ ہزاروں مسلماں بھی زندہ جلا دیئے گئے اور اگرچہ غرناطہ کے فتح کیوقت صریح معاہدہ ہوچکا تھا کہ مسلمانوں کے مذہب سے تعرض نہ کیا جائیگا۔ تاہم جب جنرل ٹمینس شہر میں داخل ہوا تو اس نے شہر کے تمام مسلمانوں کو بزور عیسائی بنانا چاہا چنانچہ پچاس ہزار مسلمان زبردستی عیسائی بنائے گئے۔ اسپر بھی اکتفا نہیں کیا گیا۔ بلکہ جنرل ترکما دا نے حکم دیا کہ چونکہ یہ لوگ دل سے عیسائی نہیں ہوئے ہیں اس لئے ان کو بالکل برباد کردینا چاہیئے

مصنف نے اس بات کو نہایت خوبی سے بیان کیا ہے کہ مسلمانوں کے عہد میں اس ملک کو جو رونق اور عروج حاصل تھا اب اسکا عشر عشیر بھی نہیں۔ مسلمانوں کے عہد میں اس کی مردم شماری چار کرور تھی۔ اب صرف ایک کرور ستر لاکھ ہے۔ زمینیں اکثر ویران پڑی ہیں اور معاش کے وسائل نہایت کم ہیں۔ مصنف لکھتا ہے کہ قلت آبادی اور کثرت ویرانی کے اسباب میں سے صرف یہ سبب لکھنا کافی ہوگا کہ فلپ ثانی نے چھ لاکھ مسلمانوں کو ایک دم سے جلاوطن کر دیا جو سب کے سب کاشتکار تھے اور جن کی بدولت زراعت کو نہایت ترقی تھی۔

آخر میں مصنف لکھتا ہے کہ اگرچہ عرب اس ملک میں نہیں رہے لیکن اُن کی یادگاریں ہر جگہ موجود ہیں۔ ملک میں جو قوانین اور انتظامات جاری ہیں۔ اُن میں اسلامی قوانین کے آثار موجود ہیں۔ یہاں تک کہ لوگوں کے اخلاق و عادات میں عرب کے اخلاق و عادات کی جھلک پائی جاتی ہے۔ تمام یورپ کے برخلاف۔ یہاں کے لوگ بیگانہ نواز اور مہمان پرست ہیں۔ یہ لوگ اجنبی آدمیوں کے ساتھ نہایت اخلاق سے پیش آتے ہیں۔ اور ہر کام میں اُسکی اعانت کرتے ہیں۔ مختصر یہ کہ یورپ کے اور ملکوں میں اور اس ملک میں صریحی فرق محسوس ہوتا ہے اور وہ فرق اُنہیں اخلاق کے لحاظ سے ہے جو خاص عرب کے اخلاق ہیں۔ شعر۔

شد عندلیب خاک و چمن از نوا پرست — عالم زمانتی و ز افغان ما پرست

کالج میگزین اور اُس کے مضامین

کالج میگزین جب سے میرے ہاتھ میں آیا ہے متعدد مضامین اس میں شایع ہونے کے لیئے جابجا سے آئے اور چونکہ وہ میگزین کے اصول کے موافق نہ تھے نظرانداز کیئے گئے لیکن مجکو اس غلطی کا اقرار کرنا چاہیئے کہ اب تک کسی طریقہ سے یہ ظاہر نہیں کیا گیا کہ میگزین کے مضامین کا معیار کیا ہے۔

سب سے پہلے یہ طے کرنا چاہیئے کہ ایک علمی میگزین میں جو قومی حیثیت بھی رکھتا ہو کیا خصوصیتیں ہونی چاہییں۔

آج کل کسی پرچہ کی مقبولیت کا بڑا ذریعہ یہ ہے کہ مسلمانوں کے فخر آمیز کارنامے بیان کیئے جائیں۔ اس مذاق کے بدولت یہ نوبت پہنچی کہ اکثر اس قسم کے رسالے اور تصنیفات جو نہایت اوچھے اور سنے سنائے معلومات پر مشتمل ہوتے ہیں صرف اسوجہ سے عوام میں مقبول ہو جاتے ہیں کہ ان میں اسلامی عظمت و شان کا شعبدہ دکھایا جاتا ہے رفتہ رفتہ یہ ایک قسم کی تجارت ہو گئی ہے اور چونکہ قوم میں عام طرح سے افلاس پھیلا ہوا ہے۔ اس تجارت کو رواج عام ہوتا جاتا ہے۔

مسلمانوں کے قدیم کارنامے دو حیثیت سے بیان کیئے جا سکتے ہیں۔ (۱) تاریخی حیثیت سے۔ (۲) قوم کو غیرت دلانے کے لحاظ سے۔ اول اول جب یہ طریقہ شروع ہوا تو زیادہ تر یہی دوسری حیثیت ملحوظ تھی۔ لیکن اب تجربے نے قطعی طور سے ثابت کر دیا کہ اس تریاق میں زہر ملا ہوا ہے۔ مسلمانوں کو اپنی اگلی ترقیاں سنکر بجائے اس کے کہ غیرت آئے۔ جھوٹا

غرور پیدا ہوتا ہے اور اُس کی نشہ میں انکو مطلق پروا نہیں ہوتی کہ اب کیا حالت ہے اور اس حالت کا اقتضا کیا ہے؟

البتہ دوسری حیثیت ایک ضروری حیثیت ہے کیونکہ اس حیثیت سے جب دوسری قوموں کے ہر قسم کے کارنامے ظاہر کئے جا سکتے ہیں اور کئے جانے چاہیں تو اپنی قوم کا بہرحال کچھ زیادہ حق ہے۔ لیکن اس کے لئے ضرور ہے کہ جو کچھ کہا جائے مستند حوالوں سے کہا جائے۔ تحقیقات کے مراحل طے کئے جائیں۔ واقعہ نگاری کا فرض ادا کیا جائے بے شبہ اس قسم کے مضامین ایک علمی میگزین میں جگہ پا سکتے ہیں لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اگر اسی قسم کے مضامین پر اکتفا کیا جائیگا تو ہمارے لٹریچر کا قدم اسوقت جہاں ہے وہیں رہیگا۔ اُردو لٹریچر کا خزانہ عربی و فارسی کی دولت سے بہت کچھ معمور ہو چکا ہے۔ جو کچھ کمی ہے یورپین سرمایہ کی ہے اور چونکہ اسوقت یورپ تحقیقات اور ایجادات کی کان ہے اس لئے اُردو کا اس کے سرمایہ سے خالی ہونا نہایت افسوس کے قابل ہے۔

یہ بات واقعی نہایت افسوس کے لائق ہے کہ باوجودیکہ قوم میں نئے تعلیم یافتہ لوگوں کی ایک جماعت موجود ہے۔ اُردو لٹریچر کی ترقی دینے کا خیال عام طور پر پھیلا ہوا ہے انگریزی کی تصنیفات اُردو میں ترجمہ ہوتی جاتی ہیں۔ تاہم اب تک یورپ کے اصلی خزانوں سے اُردو کے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں آیا۔ ترجمے جو کئے جاتے ہیں۔ اگر لفظی ہوتے ہیں تو مفہوم تک نہیں ہوتے اور محاورہ کا خیال رکھا جاتا ہے تو یورپین طرز ادا کی وہ تمام خصوصیتیں جاتی رہتی ہیں جن کے بغیر اُردو کا قدم آگے نہیں بڑھ سکتا۔ اس کے علاوہ ترجمہ بھی وہی کتابیں کی جاتی ہیں جو عام فریب ہوتی ہیں۔ علمی مضامین اور علمی کتابوں کی طرف کوئی شخص رُخ بھی نہیں کرتا۔ ایسے ہی لوگ ہیں جو تعلیم یافتہ ہیں اور اُردو کے لئے نہایت دلسوزی سے

کچھ کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن یہ نہیں جانتے کہ کیا کرنا چاہیے اور کیونکر کرنا چاہیے۔

اس آرٹکل میں ہمکو یہ بتانا ہے کہ انگریزی معلومات۔ یا انگریزی لٹریچر سے اُردو کو کیونکر فائدہ پہونچایا جا سکتا ہے۔ ہمارے نزدیک اس کے متعدد طریقے ہیں۔

(۱) انگریزی میں علمی مضامین پر کثرت سے کتابیں اور رسالے لکھے گئے ہیں۔ مثلاً اسٹورٹ مِل نے جو انگلستان کا بڑا فلاسفر گذرا ہے۔ شاعری کی حقیقت پر ایک آرٹکل ۳۲۔۴۰ صفحوں میں لکھا ہے اس آرٹکل میں اُس نے یہ بیان کیا ہے کہ شاعری کی حقیقت عام لوگ کیا سمجھتے ہیں۔ شاعری درحقیقت کس چیز کا نام ہے۔ عوام جسکو شاعری سمجھتے ہیں۔ اُنمیں شاعری کی حقیقت کے کیا کیا اجزا موجود ہیں۔ شعر۔ کلام بلیغ۔ ڈراما۔ ناول میں قدر مشترک کیا ہے اور کیا کیا خاص خصوصیتیں ہیں جن کی وجہ سے وہ الگ الگ مفہوم بن گئے ہیں وغیرہ وغیرہ

اسی طرح ریٹرک یعنی فصاحت و بلاغت پر مستقل تصنیفات ہیں۔ ایک پروفیسر نے مذہب کی تاریخ لکھی ہے جس میں اُس نے بیان کیا ہے۔ کہ دنیا میں مذہب کن اسباب طبیعی سے پیدا ہوا۔ رفتہ رفتہ تمدن اور تہذیب کی ترقی سے اس میں کیا کیا باتیں اضافہ ہوتی گئیں مختلف ملکوں کی خصوصیات ملکی نے مذہب میں کیا کیا تبدیلیاں پیدا کیں وغیرہ وغیرہ

یہ اور اسی قسم کے مضامین دلچسپ بھی ہیں۔ عالمانہ بھی ہیں۔ مفید بھی ہیں۔ اور سب سے بڑھکر یہ کہ اُردو زبان میں ان مضامین کے متعلق کچھ نہ کچھ معلومات پہلے سے موجود ہیں۔ اسلیے ان کے ادا کرنے میں نامانوس خیالات یا نامانوس الفاظ سے کام لینے کی ضرورت نہوگی۔ اس قسم کے مضامین کو اُردو میں لانے کا یہ طریقہ ہے کہ پہلے ان مضامین کا نہایت غور و فکر سے مطالعہ کیا جائے پھر ان کو اُردو میں اس طرح بیان کیا جائے کہ غیر ضروری باتیں چھوڑ دیجاویں جو خیالات انگریزی تلمیحات (الوژن) پر مبنی ہوں انکو ترک کر دیا جائے۔ جہاں اجمال ہو وہاں

توضیح کی جائے۔ انگریزی کے بجائے اُردو مثالیں پیش کی جائیں۔ غرض اصل مضمون کا ترجمہ نہو بلکہ مستقل آرٹکل ہو لیکن اُسی مضمون سے ماخوذ ہو۔

(۲) بہت سے ایسے مضامین ہیں جنکا محض ترجمہ کردینا کافی ہوگا۔ کسی پرچہ میں ہم اس قسم کے مضامین کی تفصیل لکھیں گے۔

(۳) جس قسم کے مضامین پر مسلمانوں اور اہل یورپ۔ دونوں کی تصنیفات موجود ہیں ان میں موازنہ کرکے بتانا چاہیئے کہ مسلمانوں کا طرز تصنیف کیا تھا اور یورپ کے طرز تصنیف سے اسکو کیا نسبت ہے مثلاً تاریخ۔ بیوگرافی۔ فصاحت و بلاغت۔ تحقیقات مذہب۔ یہ وہ مضامین ہیں جنپر عربی زبان میں کثرت سے کتابیں لکھی گئیں۔ انہیں مضامین پر یورپ نے نئے اسلوب سے لکھا ہے۔ اب موازنہ کرکے بتانا چاہیئے کہ کیا کیا خصوصیتیں دونوں کو جدا کرتی ہیں اور کسکو کس حیثیت سے ترجیح ہے۔

(۴) انگریزی لٹریچر (انشا پردازی) کو آہستہ آہستہ اُردو میں جذب کرنا چاہیئے۔ اسکا یہ طریقہ ہے کہ جن مضامین میں لٹریچر کی خوبی ہو اُنکا ترجمہ کیا جائے اور اسطرح کیا جائے کہ نہ تو محض لفظی ترجمہ ہو نہ اسقدر محاورہ کی پابندی ہو کہ انگریزی طرز ادا کی خصوصیت جاتی رہے یہ امر مسلم ہے کہ موجودہ اُردو پر آپ سے آپ انگریزی رنگ اسقدر چڑھ گیا ہے اور اسقدر نئے اسلوب اس میں جگہ پاتے جاتے ہیں کہ اگرچہ تدریج کی وجہ سے قدیم اُردو کو نئی اُردو تک پہنچنے میں کہیں۔ طفرہ پیش نہیں آیا لیکن دیکھنے والے دیکھ رہے ہیں کہ اُردو کہاں سے کہاں نکل آئی۔ اب صرف اسپر غور کرنا چاہیئے کہ کیا اسباب تھے جس کی وجہ سے اُردو کے اس انقلاب کا کسی خاص وقت احساس نہیں ہوا۔ انہیں طریقوں کے استعمال سے اُردو کو زیادہ تر انگریزی اسلوب سے آشنا کرنا چاہیئے۔ اس قسم کے مضامین جنہیں اسباب کی خاص رعایت

کی گئی ہو۔ کالج میگزین کے لئے نہایت قیمتی ہدیہ ہوں گی۔

اگر تعلیم یافتہ جماعت نے ہماری اس تحریر پر کچھ توجہ ظاہر کی تو اسباب میں ہم اور بہت کچھ لکھینگے

ترکیب بند

درتہنیت تشریف آوری ہز اکسلنسی نواب محمد فضل الدین خاں سکندر جنگ اقبال الدولہ اقتدار الملک وقار الامرا بہادر مدار المہام گورنمنٹ ہز ہائینس نظام حیدر آباد دکن۔ بہ مدرسۃ العلوم علی گڈھ

رشحات طبع شمس العلما مولوی محمد شبلی نعمانی پروفیسر مدرسۃ العلوم

در جہاں چوں سخن از شوکت و از شاں گذرد
نام دستور دکن بر سر عنواں گذرد

صدر جم مرتبہ نواب وقار الامرا
آنکہ گردوں بدرش بندۂ فرماں گذرد

ای خوشا بخت کہ آں داور جمشید حشم
بسر مدرسہ با ایں سروساماں گذرد

ایں دبستاں بمثل تازہ گلستانی ہست
خواجہ ابریست کہ برطرف گلستاں گذرد

گذر افتاد بما کو کبۂ جاہش را
تشنہ بنگر کہ بر و چشمۂ حیواں گذرد

ابر دیدی کہ گہر ریز رود بر سر خاک
موکب خواجہ ما نیز بدینساں گذرد

بمثل واقعہ مور و سلیماں باشد
گر حدیث از شرف و پایۂ مہماں گذرد

دلو را مدح تو اندازہ ما نیست و لے
خوش بود گر سخن از عالم احساں گذرد

یادگار کرم دولت آصف جاہی ست
بنظر ہر چہ دریں منزل و ایواں گذرد

میوزیم کو شرف نسبت نامش دارد
جاے لنت کہ از طارم کیواں گذرد

خاص و عامی ہمہ از فیض کشش سیراب اند | ابر ہم بر چمن و ہم بہ بیاباں گذرد
صاحبا گوش من دار کہ تا شرح دہم | انچہ بر ما ز سیہ کاری دوراں گذرد
بود روزے کہ گراں پایگی رتبۂ ما | بیش ازاں بود کہ در وہم سخنداں گذرد
حالیا کار بداں بے سر و پاے بکشید | کہ با ہر کہ رسد بر زدہ داماں گذرد
بگذر از غم و آزار پیاپی بر ما | انچہ بر شیشہ ز افتادن آں گذرد
ہر چہ از جانب کسی و ذلت و خواری بینی | خود عیاں ہست و بپرس آنکہ بہ پنہاں گذرد
گر نہ این مکتب و ایں مدرسہ برپا می گشت | بیم آں بود کہ ایں درد ز درماں گذرد
ایں مسیحانہ اگر بہر مداوا می خاست | بیم آں بود کہ رنجور خود از جاں گذرد
برسد بر در او ہر کہ بود طالب فن | آنکہ گوہر طلبد جانب عماں گذرد
گر بدیں گونہ بود گرمے ہنگامہ او | خود ز غرناطہ و بغداد و صفاہاں گذرد

ہر دم ایں مدرسہ از زیب دگر می گردد
اندکے باش کہ ایں قطرہ گہر می گردد

تا خود از دانش و فن نام و نشاں خواہد بود | جوی ایں فیض بدیں گونہ رواں خواہد بود
تا ابد طالب فن روے بدو خواہد کرد | تا ابد قبلۂ دانش طلباں خواہد بود
گر بدیں گونہ بود مائدۂ فیض دراز | یک جہاں زلہ ربای سر خواں خواہد بود
دوست، افسانۂ شادی بزباں خواہد راند | خصم را دیدۂ حیرت نگراں خواہد بود
ہست چوں در کنف قیصر و دارای دکن | ایمن از فتنۂ و آسیب زماں خواہد بود
ملک و ملت ہدف تیر حوادث بودہ است | آستانش حرم امن و اماں خواہد بود
آرزو ہاست در اندیشہ و از فضل خدا | انچہ اندیشہ نمودیم ہماں خواہد بود

گر بہ آئین سلف بہرہ رُبائیم زعلم | رخش اقبال دگر در تہ راں خواہد بود
باز در راہ طلب گرم بخیزیم زجا می | خواب در شیشہ ما چند گراں خواہد بود
می تواں غلغلہ اوج و ترقی انگیخت | تا بکے بر لب ما آہ و فغاں خواہد بود
بود آں ہم کہ بہ انسر گہے یار شود | چرخ تا چند بکام دگراں خواہد بود
ہاں بسنجی کہ نژاد عبرو آں بوے | این چنیں خستہ و رسوای جہاں خواہد بود
آں چمن زار کہ پروردۂ ابر کرم است | ہاں میندیش کہ تاراج خزاں خواہد بود
بس بود اینکہ نداریم سرتاج و کلاہ | بخت زیں بیش چہ در فکر زیاں خواہد بود

با ہمہ خستگی۔ آں فطرت آبائی ہست
خاک گشتیم و ہنوز آں سر و سودا باقی ست

مسٹر والس سابق پروفیسر مدرستہ العلوم

آج اس واقعہ جگر خراش کو جب مسٹر والس اپنے آخری لکچر کے بعد نہایت مفید اور دلپذیر نصائح کر کے اپنے شاگردوں سے رخصت ہوئے تھے پورے پانچ سال گذرے ہیں۔ لیکن اس مدت کے گذرنے پر بھی جس وقت وہ حسرت خیز الوداعی سین آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے تو ایک عجیب کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اسکا بیان کرنا میری قدرت سے باہر ہے البتہ وہ سب لوگ جو اُس موقع پر موجود تھے بجائے خود اندازہ کر سکیں گے کہ وہ کیسا جادو کا اثر تھا جو مسٹر والس کے سچے اور محبت آمیز الفاظ کے ساتھ بجلی کیطرح دلوں میں سرایت کر گیا تھا اور جس سے ایک عجیب قسم کی محویت کل کلاس پر طاری ہو گئی

تھی۔ اُسوقت مسٹر والس کے شاگردوں کے سینوں میں جو محبت اور اخلاص کا جوش موجزن تھا اُس سے یہ مترشح ہوتا تھا کہ ایک نہایت قریب زمانہ میں یہ لوگ ایک ایسی مستقل یادگار اس عدیم المثال شخص کی جس نے اپنی لیاقت۔ محنت۔ جانفشانی۔ محبت۔ خلق۔ مروت۔ اور نیکی سے ہر ایک دل کو مسخر کر لیا تھا۔ قائم کرینگے کہ جو کالج کی تاریخ میں اُس کے نام کو ہمیشہ زندہ رکھے گی۔ لیکن اس عرصہ میں کسی قسم کی تحریک نہ ہونے سے اس امید کے پورا ہونے کی طرف سے ایک گونہ مایوسی ہو گئی تھی۔ بارے خدا کا شکر ہے کہ چند باہمت لوگ اس طرف متوجہ ہوئے ہیں۔ مولوی طفیل احمد صاحب سے معلوم ہوا ہے کہ ہمارے مکرم اور مسٹر والس کے شاگرد رشید مولوی سراج احمد صاحب ایم۔ اے جو ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ناگپور ہیں اس خاص معاملہ میں نہایت سرگرمی سے سلسلہ جنبانی کر رہے ہیں۔ چنانچہ پچھلے ہفتہ میں جب علی گڈہ جانیکا موقع ملا اور چند پرانے احباب سے نیاز حاصل ہونے کا اتفاق ہوا تو اُن سب کو اسی امر پر نہایت گرمجوشی سے آمادہ پایا۔ چونکہ اس خیالی تجویز کو عملی شکل میں لانے والے زیادہ تر وہ لوگ ہوں گے جنکو مسٹر والس سے تلمذ کی عزت حاصل ہوئی ہے اور جنمیں سے اکثر اس تحریک سے واقف نہیں ہیں پس اس خیال سے کہ قبل طے ہونے کسی خاص امر کے ان سب صاحبوں سے استصواب نہایت ضروری ہے اس مختصر التماس کو بذریعہ کالج میگزین اس امید پر شایع کرنے کی جرأت کی جاتی ہے کہ وہ کل اصحاب جنکو ذرہ برابر بھی اس تحریک سے دلچسپی ہے وہ اپنی بیش بہا رائے سے مطلع فرما کر خود اپنے فرض ضروری سے سبکدوشی حاصل کرینگے۔ * خاکسار حبیب اللہ۔ اتروالی ضلع علی گڈہ ۱۲۔ اگست ۱۹۰۸ء

---

* مولوی سراج احمد صاحب ایم اے اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ناگپور نے والس میموریل کے لئے مبلغ ۵۰۰ روپیہ دینے کا وعدہ کیا ہے۔

ہمکو اس بات کے سننے سے بہت بڑی خوشی ہوئی ہے کہ تہذیب الاخلاق میں جسقدر سرسید احمد خاں بہادر کے مضامین شایع ہو چکے ہیں اُن کو منشی فضل الدین صاحب تاجر کتب لاہور نے علیحدہ چھاپ دیا ہے۔ ہم منشی فضل الدین صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اُنہوں نے اس ضروری کام کو اپنے ذمے لیکر پورا کیا۔ سرسید کے مضامین تہذیب الاخلاق کی روح ہے اور شایقین کو اُنکا یکجا دستیاب ہونا بہت بڑی بات ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ناظرین اس کی قدر کریں گے اور منشی فضل الدین صاحب کو آیندہ بھی ایسے ایسے کام کرنے کی جرأت دلائینگے۔ اس تمام مجموعہ مضامین کی قیمت صرف تین روپیہ ہے +

ہمکو اس بات سے نہایت خوشی ہے کہ بمبئی کے روشنضمیر سربرآوردہ مسلمانوں نے ایک نہایت عمدہ اور اعلیٰ درجہ کا اخبار نکالا ہے جس کے دو نمبر ہمارے سامنے ہیں۔ بلحاظ چھپائی اور کاغذ کے اس سے بہتر اخبار ہمنے نہیں دیکھا۔ مضمون بھی اس میں نہایت عمدہ ہوتے ہیں۔ یہ اخبار تین زبانوں میں جدا جدا نکلتا ہے۔ انگریزی اور گجراتی پرچے کا نام مانیٹر ہے اور اُردو کا مرأۃ الاخبار ہے۔ ہمکو امید ہے کہ یہ اخبار اپنے عمدہ مقاصد میں جلد کامیاب ہوگا۔ اور مسلمانان بمبئی جن میں عقلی اور علمی تحریک کی سخت ضرورت ہے اس سے مستفید ہوں گے۔ تینوں پرچوں کی قیمت پانچ روپیہ سال ہے (بلا محصول) انگریزی اور اُردو کی الگ الگ ۴؎ سال۔ اور بمبئی فورٹ چرچ گیٹ اسٹریٹ نمبر ۳۰ کے پتہ پر منشی خورشید حسن صاحب تپش منیجر اخبار سے مل سکتی ہے۔"

فضل حسین

فطری تخالف

بعض آدمی قدرتاً بعض رنگوں کو نہیں دیکھ سکتے مثلاً اگر سرخ رنگ کی کوئی چیز اُن کے سامنے رکھ دیجائے تو اُنکو مطلق نظر نہ آئیگی بعض ایک خاص قسم کی آواز کو نہیں سُن سکتے بعض ایک خاص ذائقہ محسوس نہیں کر سکتے۔ ان تمام تغیرات کی ایک بہت ہی معقول وجہ بیان کی گئی ہے اور وہ یہ ہے کہ ہمارے مختلف حواس میں مختلف قسم کی چیزوں کو محسوس کرنیکے لیئے مخصوص آلات موجود ہیں اور یہ آلات نہایت ہی باریک اور لطیف رگیں اور پٹھے ہوتے ہیں۔ مثلاً ہماری آنکھ میں ایک خاص باریک پٹھا سُرخ رنگ دیکھنے کے لیئے مخصوص ہے اور ایک سبز رنگ دیکھنے کے لیئے اور اسی طرح جسقدر چیزیں بینائی سے تعلق رکھتی ہیں سب کے لیئے الگ الگ آلات احساس مقرر ہیں اسی طرح مختلف اشیاء کے سونگھنے اور سننے اور چکھنے کا حال ہے۔ لہذا وہ لوگ جو ایک خاص قسم کے رنگ کو نہیں دیکھ سکتے یا خاص آواز کو نہیں سن سکتے یا ایک خاص بو کو نہیں سونگھ سکتے اُن میں اُن چیزونکی حس کے آلات موجود نہیں ہوتے۔ ان تغیرات کو دیکھنے سے جیسے تعجب ہوتا ہے ویسے ہی اس معقول وجہ کے سننے سے اطمینان بھی ہو جاتا ہے لیکن بعض انسانوں میں ایک اور قسم کا تغیر پایا گیا ہے جو مذکورۂ بالا سے کہیں بڑھ کر تعجب انگیز اور حیرت خیز ہے اور جس کی اب تک کوئی وجہ بیان نہیں کی گئی۔

بعض انسانوں کو قدرتاً بعض اشیاء سے ضد اور نفرت ہوتی ہے۔ وہ اپنی فطری مخالف چیزوں سے سخت ڈرتے ہیں۔ اور اُن کو دیکھنے یا چھونے سے حواس باختہ ہو کر بیہوش ہو جاتے ہیں۔ امیٹس لشیانس جو روم کا باشندہ تھا اُس کے ایک دوست پادری کو گلاب کے پھولوں سے اسقدر ضد معلوم ہوتا تھا کہ اگر پھول کو اُس کے سامنے کیا جاتا تو وہ فوراً بیہوش ہو کر گر پڑتا تھا

اور گلاب کے پہولوں کی شگفتگی کے موسم میں ہمیشہ اپنے کمرے میں بند رہتا تہا۔
نامو حکیم ہیپیرڈا اینو اور مارٹن شوکم جو فلاسفی کا پروفیسر تہا۔ ان دونوں کو پنیر کی بو سے غشی آجاتی تہی اور گہنٹوں بیہوش پڑے رہتے تہے۔ بعض آدمیوں کو سیب سے اتنا ڈر معلوم ہوتا ہے کہ کسی کو بندوق کی گولی سے بہی نہ معلوم ہوتا ہوگا۔

ایک بہادر سپاہی ڈیوک آف ایران خرگوش کے ننہے بچے کو دیکہتے ہی بیہوش ہوجاتا تہا۔ حالانکہ بڑے خرگوش کو دیکہہ کر اسکو کچہہ اثر نہ ہوتا تہا۔ سینرڈ ابرٹ اُس میز سے اُٹہہ کر بہاگ جاتا تہا جہاں نہایت چہوٹے سور کا گوشت رکہا ہوتا تہا۔ اور عجیب بات یہ تہی کہ اگر بکانے سے پہلے اُسکا سر کاٹکر کہیں دور پہینک آئے ہوں تو پہر اُسے کسی قسم کی تکلیف محسوس نہیں ہوتی تہی۔

ایک سپاہی تہا جس کے سامنے اگر سوتی کپڑے کو پہاڑتے تہے یا کاٹتے تہے تو اُسے غشی ہوجاتی تہی۔ نامی فلاسفر ہابز جو انسان کی طبعی خودغرضی کے اُصول کا سخت قائل تہا۔ اُس کی یہ حالت تہی کہ اگر ایک لمحہ بہی اُسے اندہیرے میں چہوڑتے تو حواس باختہ ہوجاتا۔

ٹائیکو برتہیہ اگر کسی خرگوش کو دیکہہ لیتا تو مہینوں بیمار پڑا رہتا تہا۔ مشہور فلاسفر بیلی۔ کو بارانی پانی کے بہنے کی آواز سنکر تشنج ہوجاتا تہا۔ حکیم بائیل کے زیر علاج ایک مریض تہا جس کے پاؤں میں کچہہ زخم ہوگئے تہے۔ بائیل اُس کے لئے ایک مرہم طیار کرلایا جس میں اُس نے شہد بہی ملا دیا تہا۔ بیمار کو کچہہ معلوم نہ تہا کہ مرہم میں کیا کیا اجزا ہیں لیکن مرہم کے جسم سے چہوتے ہی وہ چلا اُٹہا کہ اس میں شہد ملا ہوا ہے برائے خدا اسکو دور کرو ورنہ میں مرجاؤنگا۔

جولیا شاہ نیپلز۔ کی دختر گوشت کو اگر اتفاقاً چکہہ ہی لیتی تہی تو قریب المرگ ہوجاتی تہی سکالیجر۔ کا رنگ پودینے کو دیکہہ کر زرد پڑجاتا تہا۔ ایک پادری کا ذکر ہے کہ جب اُس کے سامنے

جرمیا کی انجیل میں سے کوئی خاص آیت پڑھی جاتی تھی تو وہ بیہوش ہو کر گر پڑتا تھا۔ اور ایک
سپاہی کا ذکر ہے کہ اگر اُس کے سامنے جراحی کے عمل کا کوئی ذکر کیا جاتا تھا تو نہایت سخت
بیمار ہو جاتا تھا۔ ایک دفعہ اتفاق سے کسی نے سنٹ جان مقتول کا نام لے لیا۔ اس نام
کے سنتے ہی سپاہی صاحب ہم سے زمین پر گر پڑے اور لوگ ان کو اُٹھا کر گھر لے گئے +
ہمارے سابق کمانڈر انچیف لارڈ رابرٹز کا یہ حال تھا کہ بلی کے نام سے کوسوں بھاگتے تھے۔ اگر
کمرے کے کسی ایسے کونے میں بلی چھپ کر بیٹھی رہتی جہاں دوسرا آدمی اُسکو نہ دیکھ سکے تو
لارڈ رابرٹز بلی بلی پکارتے ہوئے فوراً کمرے سے باہر بھاگتے تھے اور تلاش کرنے سے
معلوم ہوتا تھا کہ واقعی اُس کمرے میں بلی موجود ہے۔ اور بعض وقت ایسا بھی ہوا کہ تمام فوجی
افسروں کی محفل کے وقت اتفاق سے بلی کسی پیچھے کے دروازے سے بے خبر اندر گھس
آئی تو لارڈ رابرٹز کو ہی وقت اسقدر درد سر اور بے چینی شروع ہوتی کہ آخر کو کمرہ چھوڑ کر بھاگنا پڑتا
یا بلی وہاں سے فوراً نکلوائی جاتی + یہی نیچر کی نیرنگیاں ہیں جو ع بیروں زنشان رہنمونان؟
اور یہی قدرت کے تماشے ہیں جو ع برتر زخیال ذوفنوناں + کے مصداق ہیں +
یورپ کے تمام فلاسفران باتوں کو سنکر دم بخود ہیں کسی کی عقل ایک قدم بھی آگے
نہیں بڑھ سکتی کہ انسان کی فطرت کے عجائبات کا سراغ لگا سکے +
بہرحال جن لوگوں کو تمام حواس نہایت صحیح و سالم عطا ہوئے ہیں۔ اُن کے لئے نہایت
شکر کا مقام ہے۔ ایک باریک رگ و پٹھے کے کم و بیش یا اِدھر اُدھر ہو جانے سے کیا کیا تبدیلیاں
پیدا ہو جاتی ہیں۔ وہی گلاب کا پھول جس کے دیکھنے سے آنکھوں کو تازگی اور راحت جس کے
سونگھنے سے دماغ کو تراوٹ اور فرحت اور جس کے چھونے سے جسم کو لطف اور سرور حاصل ہوتا
ہے اسی کو دیکھ کر بعض انسان ایسے ڈرتے اور بھاگتے ہیں جیسے باؤلا کتا پانی سے ڈرتا اور

بہا گنتا ہے۔ وہی لطیف اور مزہ دار سیب جن کو انسان حیوان چرند پرند سب دل وجان سے چاہتے اور بڑی خوشی سے کھاتے ہیں بعض آدم زادوں کے لیئے بندوق کے گولے سے بھی بڑھ کر خوفناک ہیں۔ وہ شہد جو خلقت کو اسقدر مرغوب ہے بعض کے لیئے زہر کا اثر رکھتا ہے۔ یہ اسرار انسان کی حد عقل سے باہر ہیں جن کی جستجو کی حرص فضول اور جنکا دریافت کرنا محال۔ شعر کنہش بخرد شناخت نتوان زیں عقدہ بجز گذشت نتوان

اشتہار ڈپولی شاپ (دوکان الفرض)

M. A.-O. COLLEGE MAGAZINE.

This Magazine will contain articles on political, literary and other subjects of interest to the Muhammadan community. At least 24 pages of the Magazine will be in the Urdu language. Several Muhammadan gentlemen distinguished for their abilities and learning have promised to contribute towards the Urdu portion of the Magazine. It will also review books relating to Islam published in Europe and India. Translations will be published from Arabic papers printed in Egypt and Syria.

The Magazine is also the organ of the Educational Census, and will publish monthly reports of the progress of the work. It will likewise give the latest news of the Muhammadan Anglo-Oriental Defence Association of Upper India.

The Magazine will contain information of all sorts with regard to the M. A.-O. College. It will thus form a history of the College, both of its external relations and its internal life.

The Magazine will be ready also to publish short accounts of the progress of all Muhammadan Schools throughout India. Persons connected with such schools are invited to supply the Editor with information about them.

The annual subscription is Rs 3 including postage, and is payable strictly in advance. Ten numbers will be issued in the year. Subscribers should either send the subscription to the Manager, or allow him to send the first number by v. p. p. for Rs 3 or for Re. 1 As. 8 for half a year.

The Magazine will insert advertisements at the rate of 2 annas per line or Rs. 2 per page in Urdu.

THEODORE BECK,
English Editor,
MAULVI MUHAMMAD SHIBLI,
Urdu Editor.
NIAZ MUHAMMAD KHAN,
Manager.

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

New Series VOL. 2.	OCTOBER 1, 1895.	No. 10.

CONTENTS.

EXTRAORDINARY.

SUBJECT.		Page.
I.	Review on Al-Safar-Al-al-Mootmar (Maulvi Shibli Nomani)	379
II.	College Magazine and its articles : Ibid	390
III.	A. Persian Poem : Ibid	396
IV.	The Wallace Memorial . (Habibullah Khan)	398
V.	Sir Syed Ahmad Khan's articles in the Tahzeeb-ul-Akhlak	400
VI.	The Monitor and Mirat-ul-Akhbar	400
VII.	Natural Antipathy	401

———o———

Printed at the Institute Press, Aligarh.

For Siddon's Union Club.

———o———

علیگڈھ انسٹیٹیوٹ پریس میں محمد ممتازالدین کے اہتمام سے چھپا

محمدن اینگلو اورینٹل کالج میگزین

نمبر ۹	یکم ماہ ستمبر سنہ ۱۸۹۵ ع	جلد ۲

فہرست مضامین

انگریزي میں

مضمون — صفحہ

۱ — ہز آنر جناب لفٹننٹ گورنر بہادر کي تشریف آوري ۳۴۱
(۱) ٹرسٹیوں کا ایڈریس
(۲) مسٹر بک پرنسپل صاحب کي تقریر
(۳) جواب جناب لفٹننٹ گورنر بہادر

۲ — مسٹر بک پرنسپل صاحب کي تقریر — انجمن الفرض کے سالانہ جلسہ میں ... ۳۵۰

اُردو میں

۱ — انگلستان میں ہندوستانیوں کي تعلیم (آفتاب احمد خاں صاحب احمدي) ... ۳۵۵

۲ — نپولین اعظم کا مصر میں آنا (از مسٹر آرنلڈ مترجمہ سلیم الحق) ... ۳۶۷

۳ — انجمن الفرض کے چوتھے سالانہ جلسہ کے حالات نظم از حافظ ولایت اللہ صاحب ... ۳۷۴

علیگڈہ انسٹیٹیوٹ پریس میں محمد ممتاز الدین کے اہتمام سے چھپا

کالج میگزین

قریباً چار برس ہوئے کہ اس نام کا ایک علمی رسالہ انگریزی اور اُردو ملا ہوا — علیگڈہ کالج سے نکلنا شروع ہوا — اول اول وہ علیگڈہ اِنسٹیٹیوٹ کا ضمیمہ بن کر نکلتا رہا — لیکن سنہ ۱۸۹۴ع میں اس نے ایک مستقل رسالہ کی صورت اختیار کی — اس کے مضامین زیادہ تر کالج کی خبروں اوراُس کے متعلقات پر محدود ہوتے تھے — اور اِس وجہہ سے عام پبلک کو اس کے ساتھہ چنداں دلچسپی نہ تھی *

اِس خیال سے اِس کے منتظمون نے اِس کو زیادہ وسعت دینی چاہی تاکہ وہ بالکل ایک علمی میگزین بن جائے جس میں کالج کی خبروں کے علاوہ — مسلمانوں کے علوم و فنون — تاریخ اور لٹریچر کے متعلق — مفید اور پر زور مضمون لکھے جائیں — اِس غرض سے اِس کے ۲۴ صفحے بالکل اُردو کے لیئے مخصوص کردیئے گئے — اور اِس صیغہ کا اہتمام خاص میری سپردگی میں دیا گیا میں اِس رسالہ کے ترقی دینے میں حتی الامکان کوشش کرونگا *

ملک کے مشہور اہل قلم یعنی مولانا حالی — نواب محسن الملک — مولوی نذیر احمد — اور ماسٹر ذکاءاللہ — وغیرہ بزرگوں نے اِس میں مضامین لکھنے کا وعدہ کیا ہی — اور اہل قلم بھی اگر اِس کی اعانت فرمائینگے تو ہم نہایت شکر کے ساتھہ قبول کرینگے *

ہم کو اُمید ہی کہ ہندوستان کی اِسلامی جماعت خریداری سے اِس کی اشاعت میں مدد دیگی — میگزین کے کل صفحات ۴۰ ہیں اور قیمت مع محصول ڈاک — (؁) *

شبلی نعمانی — پروفیسر
مدرسۃ العلوم علیگڈہ

اللہ اکبر

تعلیم انگلستان

جبکہ زمانے کے پرزور اسباب اور برٹش گورنمنٹ کی تہ کو پہونچنے والے اثر ہندوستان کے لوگوں کو تعلیم انگلستان کی طرف روز بروز بڑہتی ہوئی زیادتی کے ساتہہ توجہ دلا رہے ہیں تو یہ نہایت مناسب بلکہ لازم ہے کہ تعلیم انگلستان کی حقیقت اور اُس کے لازمی نتایج پر پورے غور کے بعد اُس کے متعلق ایک صحیح جانچ کی جائے اور جو طالب علم وہاں بھیجے جائیں اُنکے بھیجنے والوں اور خود اُن کے ذہن میں اُس جانچ کا پورا اندازہ رہے۔

چونکہ مجکو بھی انگلستان میں تین سال تک قیام اور تعلیم کی خوش نصیبی حاصل ہو چکی ہے اس لیئے میں اپنے خیالات اپنے ملک اور قوم کے بزرگوں کی خدمت میں اس مسئلہ کے متعلق اس غرض سے پیش کرتا ہوں کہ بعد ذاتی تجربہ کے جو رائے میں قائم کرسکوں شاید اُس سے آیندہ جانیوالوں کو کچھہ مشورہ یا مدد ملسکے۔

میں اس مضمون کو دو حصوں میں تقسیم کرونگا۔ اول حصہ میں اس امر کی بابت اپنے خیالات ظاہر کرونگا کہ جو طلبا ہندوستان سے انگلستان بغرض تعلیم جاتے ہیں اُن کو وہاں کس کس قسم کی تعلیم ہوتی ہے یا ہوسکتی ہے۔ دوسرے حصہ میں اُن مقاصد کی

نسبت اپنی رائے لکھوں گا جو ہندوستانی طلبا کے وہاں جانے سے ہوتے ہیں یا ہونے چاہیں اور یہ لکھونگا کہ انگلستان پہونچنے کے بعد ان کو کس طرح رہنا چاہیئے اور وہاں کے لازمی او رضروری اخراجات ایک محتاط شریف الطبع شخص کے لیئے کیا ہیں۔ چونکہ اکثر صاحبوں کو اخراجات کی نسبت صحیح اندازہ کرنے میں اکثر دقت ہوتی ہے اور اسکے نسبت تحقیق کے اکثر ضرورت ہوتی ہے اس لیئے اپنے ذاتی تجربے کی بنا پر میں وہاں کے اخراجات کی بابت اگر ہوسکا تو کسیقدر تفصیل کے ساتھہ دوسرے حصہ میں تحریر کرونگا۔

حصہ اوّل

تعلیم کا اصلی مقصد جہاں تک کہ میں سمجہہ سکتا ہوں یہ ہے کہ خدا نے جو قوتیں ہمکو عطا فرمائی ہیں اُن سب سے کامل طور پر اور اپنی حالتوں کے لحاظ سے عمدہ اور جائز طور پر ہم میں کام لینے کی خواہش اور قابلیت پیدا ہو جائے۔ اب یہ دیکھنا چاہیئے کہ جو ہندوستانی طلبا انگلستان تعلیم کے لیئے جاتے ہیں اُن کو وہاں کس قسم کی اور کس درجہ تک کی تعلیم ہوتی ہے یا ہو سکتی ہے۔ ہندستان میں عام خیال یہ ہے کہ جو ہندوستانی نوجوان انگلستان تعلیم کے لیئے جاتے ہیں وہاں جاکر وہ یا تو کسی کالج میں داخل ہو جاتے ہیں یا پراوٹ طور پر کسی اُستاد سے پڑہ کر اپنے امتحان وغیرہ کے لیئے طیاری کرتے ہیں اور وہاں تین یا چار یا پانچ سال رہکر یا تو بیرسٹر ہو آتے ہیں یا کسی یونیورسٹی کے ڈگری بہی حاصل کر لیتے ہیں یا بعض بعض ایسے بہی خوش قسمت ہیں جو سول سروس میں کامیاب ہو آتے ہیں۔ غرضکہ تعلیم انگلستان سے اُن کے ذہن میں اُسی قسم کا خیال پیدا ہوتا ہی جیسا کہ یہاں کے کالجوں کی تعلیم کی بابت انکا خیال ہے کہ کلاس وار اور مقررہ مضامین و کتابوں کی خواندگی ہوتی ہے اور مقررہ اوقات پر طلبا امتحان دیکر بشرط کامیابی سرٹیفکٹ حاصل کرتے

ہیں۔ یعنے عام طور پر یہاں کے لوگوں کے خیال میں تعلیم انگلستان کتابی تعلیم پر محدود ہے
مگر تعلیم انگلستان کی نسبت یہ خیال ٹھیک نہیں ہے۔ نہ یہ خیال اُس کی پوری اصلیت پر مبنی
ہے۔ کتابی تعلیم تو اس تعلیم کا ایک جزو ہے جو انگلستان میں جاکر حاصل ہوتی ہے۔

جو تعلیم ایک نوعمر ہندوستانی کو انگلستان میں حاصل ہوتی ہے اسکو میں نے
پانچ قسموں پر تقسیم کیا ہے۔ اول کتابی تعلیم۔ دوم عملی تعلیم۔ سوم سوشیل تعلیم۔ چہارم پولٹکل
تعلیم اور پنجم دماغی تعلیم۔

اسمیں شک نہیں کہ تعلیم کا خواہ وہ کسی قسم کی ہو پورے طور پر حاصل ہونا یا نہونا بہت کچھ
خود طالب علم کے شوق اور ذہن پر منحصر ہے لیکن میری غرض یہ بیان کرنے کی ہے کہ جو نوعمر
ہندوستانی انگلستان تعلیم کی غرض سے جاتے ہیں اُنکو متذکرۂ بالا پانچ قسم کی تعلیم حاصل
کرنے کے پورے مواقع حاصل ہیں بلکہ ایک حد خاص تک تو اُنکو ضرور (وہ پوری توجہ کریں یا
نہ کریں) کچھہ نہ کچھہ ان میں سے ہر ایک قسم کی تعلیم حاصل ہوتی ہی ہے۔ اب ان پانچوں قسم کی
تعلیم کے نسبت میں اپنے خیالات نہایت مختصر طور پر تحریر کرونگا۔

اول کتابی تعلیم۔ کتابی تعلیم سے میری مراد وہ تعلیم ہے جو طلبا کو کالجوں میں پڑھنے
اور امتحانوں کے لیئے کتابیں مطالعہ کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ یہ وہ تعلیم ہے جو کہ خود ہندوستان
میں ہی اب نہایت خوبی اور کامیابی کے ساتھہ ہمکو حاصل ہوسکتی ہے۔ جو کتابیں انگلستان میں
پڑھائی جاتی ہیں وہ یہاں بھی پڑھائی جاسکتی ہیں اور اکثر پڑھی اور پڑھائی جاتی ہیں۔ جو مضامین
کہ وہاں کے یونیورسیٹیوں اور کالجوں کے کورسوں میں داخل ہیں وہ یہاں کے کورسوں میں
ہیں اور ہوسکتے ہیں۔ البتہ میرے خیال میں تین باتوں میں انگلستان کی کتابی تعلیم کو ہندوستان
کی تعلیم پر ترجیح ہے۔ اول یہ کہ چونکہ تمام اعلیٰ اور جدید مضامین زبان انگریزی میں ہیں اسلیئے

زبان انگریزی کی لیاقت اور عمدہ لیاقت اُن کو پورے طور پر سمجھنے کے لیئے ضروری ہے چونکہ
زبان انگریزی کو حاصل کرنے کے لئے انگلستان جاکر ہمکو عمدہ مواقع ملتے ہیں اس سیلئے ان
کتابوں کو جو یہاں بھی پڑہائی جاتی ہیں ان کو وہاں جانے کے بعد عمدہ طور سے سمجھنے کے لیئے
زیادہ سہولت ہے۔ دوسرے یہ کہ وہاں کے اُستاد بلاشبہ زیادہ اور بہت زیادہ لائق ہیں
اکثر وہ کتابیں جو یہاں کے کالجوں میں پڑھائی جاتی ہیں خود اُنہیں کے مصنف انگلستان کے
یونیورسٹیوں اور کالجوں میں پروفیسر اور لکچرار ہیں۔ دنیا میں آج جتنے اعلی اور جدید
مضامین ہیں اُنپر زبان انگریزی میں جسقدر کتابیں لکھی گئی ہیں یا لکھی جاتی ہیں اُن میں سے
اکثر کے مصنف وہی علما ہوتے ہیں جو کیمبرج یا اکسفورڈ یا دیگر یونیورسٹی ہائے انگلستان میں
پروفیسر یا اوستاد ہیں۔ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ایسے اوستادوں کے شاگردونکو
اعلی لیاقت حاصل کرنے کا کسقدر عمدہ موقع حاصل ہے۔ انگلستان کی یونیورسٹیوں میں
یہ عام قاعدہ ہے کہ جس عالم کو کسی خاص مضمون میں قدرتی دلچسپی اور لگاؤ ہو وہ اُسی کی تحقیق
اور ترقی میں اپنا وقت اور توجہ صرف کرتا ہے اور کالجوں میں اُس مضمون پر وہی لکچر دیتا ہے
۔جو انگلستان کے اور ہندوستان کے اوستادوں کی تعلیم میں فرق ہے وہ ویسا ہی ہے
جیسا کہ تازہ اور رکھے ہوئے پہلوں میں ہوتا ہے۔ جو ذائقہ کابلی انگوروں کا کابل میں ہوتا ہوگا
وہ پٹاریوں میں بند ہو کر یہاں آنے کے بعد ہرگز نہیں ہو سکتا۔ یہ کیفیت اُن تصانیف کی ہے
جو انگلستان کے علما کی یہاں پڑھائی جاتی ہیں۔ اس لیئے انگلستان میں ایک طالب علم کو اپنے
خاص مضمون میں اعلی درجہ حاصل کرنیکا نہایت عمدہ موقع حاصل ہے بشرطیکہ وہ اُس سے فائدہ
اُٹھائے۔ تیسرے یہ کہ بعض امتحانات ایسے ہیں کہ جو صرف انگلستان ہی میں دیئے جاسکتے
ہیں جیسے کہ بیرسٹری اور سول سروس وغیرہ۔ متذکرہ بالا تینوں وجوہ سے انگلستان میں

جو کتابی تعلیم ہکو حاصل ہو سکتی ہے اُسکو ہندوستان کی تعلیم پر بیشک ترجیح ہے۔

اب دوسری قسم کی تعلیم کی بنسبت کچھ بیان کرونگا یعنی عملی تعلیم۔ اس سے مراد وہ تعلیم ہے جو ایک نوعمر ہندوستانی کو انگلستان کے لوگوں کے روزانہ زندگی وطرز و عادت و اخلاق دیکھنے اور برتنے سے حاصل ہوتی ہے۔ یہ وہ تعلیم ہے جس سے ہمارے طرز عمل پر اثر پڑتا ہے۔ جو ہکو دل اور ارادے سے کام کرنا اور ہمت سے اپنے فرض کو ادا کرنا سکھاتی ہے۔ یہ تعلیم ہکو موجودہ حالت کے لحاظ سے اپنے ملک میں حاصل نہیں ہو سکتی۔

ایک نوعمر ہندوستانی کو انگلستان پہونچکر عجیب کیفیت نظر آتی ہے۔ وہاں کے باشندوں کے طرز و عادات و طریقۂ کام و باہمی میل جول یہ سب اُسکو اپنے ملک سے مختلف اور نرالی معلوم ہوتی ہیں۔ جس شخص کو وہ دیکھتا ہے خواہ وہ مرد ہو یا عورت نوجوان ہو یا لڑکا بوڑھا ہو یا بچہ سب کے سب مستعد اوقات کے پابند اپنے فرائض کو سمجھنے والے اور سمجھکر اُن کو دل و ارادہ سے پورا کرنے والے۔ ہمدرد سچے۔ جھوٹ سے متنفر۔ ایک دوسرے کی خوشی اور ترقی پر دل سے خوش ہونے والے۔ اڑے وقت پر خود بخود مدد کرنیوالے "اپنی مدد آپ" کے اصول پر کاربند۔ اپنی موجودہ حالت کی ترقی کی فکروں میں ہر وقت مصروف اپنے ملک کے درجہ کو دنیا میں اعلی پائے پر قائم رکھنے والے۔ اور دنیا میں مستقل اور کامیاب اثر ڈالنے والے ایسے لوگوں کو وہ سب طرف دیکھتا ہے اُن کی صحبت اُسکو نصیب ہوتی ہے۔ اُن سے ہر وقت اُسکو کام پڑتا ہے ہر موقع پر عالی خیالی اور عالی حوصلگی کی مثالیں دیکھکر اُس کی طبیعت حیران ہوتی ہے۔ یہ مثالیں اُس کے دل میں طرح طرح کے نئے جوش و ولولے پیدا کرتے ہیں۔ جبکہ وہاں ہر شخص وقت کا پابند ہے تو اس لئے اُن سے کاروبار میں اس کو بھی پابند ہونا پڑتا ہے چونکہ مستعدی اور ہمت وہاں ہر شخص کی عادت میں داخل ہے لہذا

اس کی عادتوں میں بھی وہ اثر کرجاتی ہیں جبکہ ہر طرف اولوالعزمی اور عالی حوصلگی اپنے آثار دکھاتے ہیں تو اس کے دل میں بھی بڑے بڑے جوش اُٹھتے ہیں اور اس میں ایک قسم کی نئی زندگی پیدا ہوتی ہے۔ انگلستان کے لوگ ادنی سے لیکر اعلے تک نہایت محنتی۔ جفاکش اور پرہمت ہیں۔ وہاں کے لوگوں کو اور یہاں کے لوگوں کو بلحاظ کام کرنے کی قوت کے وہی نسبت ہے جو کہ ایک انجن کو چھکڑے سے۔ غرضکہ وہاں کے لوگوں کے طرز و عادات و کاروبار سے بہت بڑا اثر ہوتا ہے اور اگر کسی پر نہو تو اُس کی حالت ناگفتہ بہ ہے ایسے لوگوں کو انگلستان ہرگز نہیں بھیجنا چاہیئے ورنہ اگر کچھ بھی سمجھ ہو تو ممکن نہیں کہ وہاں کی جفاکشی۔ ہمت۔ ایمانداری۔ پابندی اوقات اور جرأت جن کے ساتھ وہاں کے لوگ اپنے فرائض ادا کرتے ہیں ہمارے دلوں پر دائمی اثر نکریں اور ہماری آیندہ زندگی پر عمدہ اثر نہ ڈالیں یہ وہ بیش بہا تعلیم ہے جو ہمکو اس ملک میں حاصل نہیں ہوسکتی۔

تیسری قسم کی تعلیم جو ایک نوعمر ہندوستانی کو انگلستان میں حاصل ہوتی ہے وہ سوشیل تعلیم ہے اس سے وہ تعلیم مراد ہے جو انگلستان کے شرفا سے ملنے جلنے اور وہاں کے مرد و عورتوں کے باہمی تعلقات اور طرز معاشرت کے دیکھنے اور برتنے سے حاصل ہوتی ہے۔ سوشیل تعلیم ہندوستان میں جہاں تک کہ میں سمجھ سکتا ہوں موجودہ حالت سوسائٹی کے لحاظ سے ہو ہی نہیں سکتی۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ یہاں کی عورتوں کی حالت سوشیل تعلیم کی مانع ہے۔ اس مسئلہ کی نسبت آج کل دنیا بھر میں اور خاصکر ہندوستان میں سخت اختلاف رائے ہے۔ اس موقعہ پر صرف یہ کہنا کافی ہے کہ جو مراد سوشیل لائف سے ہے وہ اس ملک میں موجود نہیں ہے۔ مردوں اور عورتوں کا علیحدہ علیحدہ دو فریق ہونا اور ایک دوسرے کی سوسائٹی بالکل جدا ہونا اُس سوشیل لائف کے قطعی مانع ہے جو ہم انگلستان میں

پاستے ہیں اور جو میرے خیال میں مجموعی حالات اور نتائج کے لحاظ سے قابل تعریف اور ذریعہ بہبودی اور خوشی ہے۔

جو عورتوں کی ہر طرح کی ترقی کے خواہاں ہیں اور چاہتے ہیں کہ وہ بھی اپنی خداداد قوتوں کو کام میں لانیکے قابل بنائی جائیں وہ ضرور اس قسم کی تعلیم کی قدر کرینگے۔ عورتوں کی تعلیم اور اُن کی جائز اور محدود آزادی کی نسبت آج کل ہندوستان میں عجب عجب خیالات پھیلے ہوئے ہیں مگر جو خیال کہ اب تک حاوی رہا ہے اور ہے وہ یہ ہے کہ عورتوں کو زیادہ تعلیم اور آزادی دینے سے ان کے اخلاق درست نہیں رہتے۔ ایک ہمارے بڑے مشہور مصنف نے اپنے حال کی تصنیف میں اس مسئلہ کے دونوں پہلو دکھا کر آخر کار فیصلہ عورتوں کی اعلیٰ تعلیم اور آزادی کے خلاف کیا ہے۔ علاوہ ان کے اور جو ہمارے ہادیان رائے و خیال ہیں اُن میں سے اکثر اس مسئلہ کی نسبت نہایت سخت اور یکطرفہ رائے رکھتے ہیں میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو لوگ عورتوں کی ترقی تعلیم کے دل سے خواہاں ہیں وہ ضرور اس تعلیم کی قدر کریں گے اور چاہیں گے کہ ہمارے ملک کے نوعمروں کو وہ حاصل ہو اور اُس کا اثر اس ملک کے سوشیل حالت پر اُس کی خاص حالتوں اور ضرورتوں کے موافق پڑے مگر یہ تب ہی ہو سکتا ہے کہ وہ غلط اور بے بنیاد خیالات جو تعلیم یافتہ عورتوں کے اخلاق و اطوار کی نسبت یہاں عام طور پر اثر پائے ہوئے ہیں اُن کی اصلاح ہو۔ اس اصلاح کا اگر کوئی عمدہ طریقہ ہے تو وہی سوشیل تعلیم ہے جو صرف انگلستان جا کر حاصل ہو سکتی ہے۔ علاوہ اس کے ہماری ملکی سوشیل حالت کی درستی کے لیئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ خلاف نیچر تقسیم جوذات کے قاعدہ نے ملک کے باشندوں کی کی ہے اُس میں ترمیم اور تبدیلی ہو۔ شاید کبھی چیز نے اس ملک کی مجموعی قوت کو اسقدر متفرق اور کم نہیں کیا جیسا کہ ذات کے طریقہ نے

اور اس کا اثر صرف ہندؤں ہی تک محدود نہیں بلکہ ہندوستان کے مسلمانوں کے خیالات بھی اُس میں بہت رنگے جا چکے ہیں اور ان کے خیالات بھی بہت کچھ حقوق مخلوق کی نسبت غیر منصف اور بے رحمی کی بنا پر قائم ہو گئے ہیں۔ انگلستان کی تعلیم کا یہ بہت بڑا اثر ہے کہ انسان کی عظمت بطور انسان ہونے کے دل میں پیدا ہوتی ہے۔ کیونکہ اس ملک میں وہ رشتہ جو ہر ادنی و اعلےٰ میں بوجہ ایک خالق کی مخلوق ہونے کے قدرت سے قائم ہے۔ روزانہ زندگی میں دکھائی دیتا ہے اور کل ملک کے برتاؤ میں اُس کا بہت کچھ اثر پایا جاتا ہے کیا سبق سیکھنا چاہیئے اُس ملک سے جس نے کروڑوں روپیہ اور ہزاروں جانیں صرف کر کے افریقہ کے مظلوموں کو غیر ملک کے ظالموں کے چنگل سے چھڑایا ہو اور جسنے غلامی کے تاریخی دھبہ کو مہذب دنیا سے مٹا کر انسانی آزادی اور برابری کے اُصول کو ایک نئی اور مضبوط بنا پر قائم کیا ہو۔

ہمارے ملک کی سوشیل حالت کی درستی کے لیئے میرے خیال میں یہ بھی نہایت ضروری ہے کہ ہم غریب سے غریب اور مظلوم سے مظلوم ہم ملک کو ہمدردی اور قدر کی نگاہ سے دیکھیں نہ تکبر اور خود پسندی کے ساتھہ۔

ہندوستان میں چونکہ صدیوں سے زبردست زیردستوں کے ساتھہ خلاف انصاف برتاؤ کرتے آئے ہیں اس لیئے یہاں کی ہوا میں اس قسم کے خیالات رچ گئے ہیں۔ وہ لوگ جو عالی خاندان کہلائے جاتے ہیں وہ غربا کو رذیل سمجھنا اور اُن کے ساتھہ اسی قسم کا برتاؤ کرنا اپنی بزرگی کے قیام کے لیئے لازمی خیال کرتے ہیں۔ ان خیالات کو دور یا کم کرنے کے لیئے انگلستان جیسے انصاف پسند آزاد و مہذب ملک کی تعلیم میرے خیال میں لازمی ہے۔ میں تعلیم انگلستان کے اس اثر کو نہایت امیدوں بھرے دل کے ساتھہ پسند کرتا ہوں اور

یقین کرتا ہوں کہ رفتہ رفتہ اس کی بدولت ملک میں سے سوشیل ظلم کم اور باہمی اتفاق و اخلاص زیادہ ہوگا۔

چوتھی قسم کی تعلیم جو انگلستان میں حاصل ہوتی ہے وہ پولٹکل ہے۔ پولٹکل تعلیم اون اُصول کی تعلیم ہے جنپر گورنمنٹ حال بنی ہے۔ ہندوستان کی موجودہ حالت پر غور کرتے ہوئے اور اُس رشتہ او تعلق پر غور کرتے ہوئے جو آج اُس کے اور انگلستان کے درمیان واقع ہے یہ یقینی امر ہے کہ جو پولٹکل تعلیم ہماری خاص ضرورتوں کے لحاظ سے ہمکو انگلستان میں ہوسکتی ہے اور کہیں نہیں ہوسکتی۔ ہندوستان میں تو پولٹکل تعلیم موجودہ حالت میں ہوہی نہیں سکتی۔ کیونکہ نہ یہاں کے لوگوں کو اس قسم کے امور سمجھنے کی لیاقت ہے اور نہ انکو کوئی موقع حاصل ہے کہ وہ اُس میں تعلیم حاصل کریں۔ انگلستان کے پولٹکل لحاظ سے ایک خاص حالت ہے۔ جیسے کہ ہندوستان میں ملک کے لوگوں کو پولٹکل معاملات میں نہ کچھ دلچسپی ہے اور نہ کچھ دخل۔ اس کے برخلاف انگلستان میں وہاں کے عام لوگوں کو سب ملکوں سے زیادہ دلچسپی اور سب ملکوں سے زیادہ اصلی دخل حاصل ہے۔ اور نہ صرف آسودہ اور خاص خاص لوگوں کا بلکہ غربا اور مزدوروں کا بھی ملک کے گورنمنٹ میں بہت کچھ اثر ہے۔ جب کوئی قانون بنتا ہے اول اُس کی تجویز برسوں اخباروں اور رسالوں کے ذریعہ سے کل ملک کے سامنے پیش ہوتی ہے اُسپر سب بحث کرتے ہیں۔ بحث کے بعد جب ایک کافی تعداد ملک کے لوگوں کی اُسکو پسند کرتی ہے تب وہ پارلیمنٹ میں پہونچتی ہے۔ پھر جس شکل میں کہ وہ پارلیمنٹ میں پیش ہوتی ہے اُسپر کل ملک میں بحث ہوتی ہے اور اُس کے کل پہلوؤں پر کل ملک غور کرکے اخباروں رسالوں اور جلسوں کے ذریعہ سے اپنی رائے ظاہر کرتا ہے اور اُسکا پورا اثر پارلیمنٹ پر پڑتا ہے جو ملک کی مرضی کے خلاف کوئی تجویز

نہ پیش کر سکتی ہے اور نہ منظور۔

اس سے مطلب یہ ہے کہ جبکہ ملک کے عام لوگونکا اس قدر حصہ قانون کے وضع کرنے اور منظور کرنے میں ہے تو اس سے ملک کے پولٹکل حالت کو کسقدر ترقی ہوتی رہتی ہے اور ملک کی پولٹکل زندگی میں کس قدر قوت پیدا ہوتی رہتی ہے۔ بڑے بڑے وزرا مزدوروں اور کسانوں کی خوشامد کرتے ہیں اور رات دن اسی فکر میں رہتے ہیں کہ رعایا ان کی کارروائی اور خدمت سے آرام و آسایش پا کر ان سے خوش ہو۔

ایک نوعمر تعلیم یافتہ ہندوستانی جبکہ کئی سال تک ایسے لوگوں میں اور ایسی پولٹکل ہوا میں رہیگا تو ظاہر ہے کہ اُسپر کیا اثر ہونا چاہیئے۔ ان باتوں کو دیکھنے اور سمجھنے سے وہ کچھ کچھ اُن اُصول کو سمجھنے لگتا ہے جنپر کہا جاتا ہے کہ گورنمنٹ ہند مبنی ہے یعنی یہ کہ انگلستان کا ہندوستان پر حکومت کرنا خود ہندوستان کے نفع و ترقی کے لیئے ہے نہ کہ ذاتی غرض سے۔ انگلستان کا جو طرز حکومت ہے وہ اُس سے واقف ہوجاتا ہے انگلستان کی مجموعی اور جمہوری جو قوت ہے اور دنیا پر جسقدر آج اُسکا اثر ہے اُس کا بھی اُسکو کچھ کچھ اندازہ ہوجاتا ہے۔ غرضکہ وہ اس قابل ہوجاتا ہے کہ انگلستان کی حکومت سے جو ہندوستان میں بیشبہ نتایج دکھلائے ہیں اُن کی وہ قدر کرسکے اور جن طریقوں و قوانین کے ذریعہ سے وہ نتایج ظہور پذیر ہوئے ہیں۔ ان کی اصلیت کو سمجھنے لگے۔ جو لوگ ملک کے سچے بہی خواہ ہیں وہ ضرور پولٹکل تعلیم کی قدر کریں گے کیونکہ گورنمنٹ کے قیام اور استحکام اور ملک کے امن و امان کے لیئے یہ ضروری ہے کہ رعایا گورنمنٹ کے اُصول و طرز حکومت کو سمجھکر اس قابل ہو کہ گورنمنٹ کی قدر کرے اور گورنمنٹ

گو اپنی بہبودی اور خدمت کے لیئے ضروری سمجھے جہاں تک کہ میں سمجھ سکتا ہوں اُس پولٹکل تعلیم کا جو انگلستان میں حاصل ہوتی ہے یہ لازمی نتیجہ ہے کہ رعایا ہند برٹش گورنمنٹ کو مجموعی حالات کے لحاظ سے اپنے لیئے سب سے بہتر سمجھے۔ جنکو وہ تعلیم حاصل ہوئی ہے وہ جہاں تک کہ مجکو علم ہے ضرور سمجھتے ہیں۔

پانچویں قسم کی تعلیم جو انگلستان جانے سے حاصل ہوتی ہے دماغی تعلیم ہے۔ ہندوستان میں ہماری زندگی اس قدر تاریک اور سُست حالت میں ہے کہ ہماری خداداد قوتوں کو اپنی ترقی اور کام میں آنے کا پورا موقعہ نہیں ملتا۔ اسوجہ سے ہمارے خیالات کا دائرہ نہایت محدود رہتا ہے۔ انگلستان جانے سے ہماری دماغی اور عقلی قوتیں سب کام میں آنا شروع ہوتی ہیں۔ بہت سے نئے مضامین نئے طرز اور نئی حالتیں ہمارے دماغوں کے سامنے پیش ہوتے ہیں اور ان کی وجہ سے کثرت سے نئے خیالات دماغوں میں پیدا ہوتے ہیں او نئے خیالات پیدا کرنے کی دماغوں میں رغبت اور قوت پیدا ہوتی ہے اس سے جو دماغی ورزش ہوتی ہے اور اُس ورزش سے جو دماغی ترقی ہوتی ہے اُسکو میںنے دماغی تعلیم بیان کیا ہے۔ یہ میرا خیال ہے کہ جس درجہ تک یہ دماغی تعلیم ہمکو انگلستان جاکر حاصل ہوتی ہے یہاں نہیں ہو سکتی ۔

۶ - اپنے ملک سے چھ ہزار کوس کا فاصلہ طے کر کے ایک غیر ملک میں جانا اور وہاں چند سال رہنا خود ایک بہت بڑی چیز ہے خاصکر جبکہ وہ ملک انگلستان ہو۔ ہندوستان کے کنارے سے روانہ ہوتے ہی بالکل نئے اور عجیب واقعات اور حالات دکھائی دیتے ہیں جہاز ہی میں نئے لوگوں اور نئی حالتوں سے واقفیت ہونا شروع ہوتی ہے اور دماغ میں نئے نئے خیالات پیدا ہونے لگتے ہیں۔ پھر انگلستان پہونچنے پر وہاں کی دولت۔

شوکت۔ ثروت۔ وہاں کے لوگوں کے عالی خیالات اور عمدہ صفات عجب عجب خیالات سُجھاتے ہیں۔ انگلستان کی ترقی کو دیکھکر اور اپنے ملک کی ذلت اور خستہ حالی کی یاد اگرچہ دونوں کی حالتوں کے مقابلہ کے بعد اُن کے اسباب کی نسبت دل میں خیالات پیدا ہوتے ہیں وہ بیان سے باہر ہیں۔

آج کل ہمارے ملک میں ہمدرد اور روشن دماغ لوگ ملک کی خراب حالت کی نسبت لوگوں کو توجہ دلا رہے ہیں۔ کتابیں لکھی جاتی ہیں۔ مضامین شائع ہوتے ہیں لکچر اور اسپیچیں دیجاتی ہیں۔ مگر ظاہرا کچھ بہت اثر معلوم نہیں ہوتا۔ لیکن ہر دے سے مردہ دل اور بہتے سے بہتے ہندوستانی کو لندن لیجا کر دکھاؤ تو ممکن نہیں کہ اُس کے دل میں یہ سوال پیدا ہو کہ ہمارے ملک میں اور اس ملک میں اسقدر فرق کیوں ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے اسکا جواب اُس کی عقل کچھ ہی دے مگر اُس کے دماغ میں ممکن نہیں کہ اس قسم کی تحریک نہو۔ اور یہ ہر ایک حالت کی نسبت۔ دولت کی نسبت۔ تہذیب کی نسبت۔ علم کی نسبت غرضکہ جن جن امور میں انگلستان کے لوگ ہم سے برتر ہیں (اور یہ ظاہر ہے کہ قریب قریب ہر ایک چیز میں آج وہ ہم سے بڑھے ہوے ہیں اُن سب کی نسبت ایک نوعمر ہندوستانی کے دل میں ایک حسرت بھری خواہش پیدا ہوتی ہے کہ کاش اُس کے ملک میں بھی ایسی ترقی ہوتی۔ ایسے اثر سے جو دماغ میں خیالات پیدا ہوتے ہیں اور اُس سے جو دماغی تعلیم ہونی چاہیئے وہ ظاہر ہے۔ اور ان خیالات کے پیدا کرنے کے لیئے ایسا ہی پرعظمت۔ پرشوکت اور پر دولت ملک درکار ہے جیسا کہ انگلستان۔ علاوہ اس کے انگلستان کی روزانہ زندگی میں دماغ کا بہت خرچ ہے۔ قریب قریب ہر ایک شخص کا کم یا زیادہ تعلیم یافتہ ہونا کل علوم کا عام طور پر رائج ہونا کتابوں کا کثرت سے پڑھا جانا اخباروں و رسالوں کا کثرت سے چرچا ہونا ان سب وجوہ سے عام گفتگو میں

وہ فضا میں رہتے ہیں جن کے سمجھنے اور جنپر گفتگو کرنے کے لیئے دماغ کے صرف کرنے کی ضرورت ہے۔ جو ہندوستانی طالب علم انگلستان میں کچھ سال رہتے ہیں انپر ضرور اس دماغی زندگی کا اثر پڑتا ہے۔

متذکرۂ بالا سطور میں نہایت اختصار کے ساتھ میں نے اُن امور کیطرف توجہ دلائی ہے جن کی تعلیم ایک نوعمر ہندوستانی طالب علم کو انگلستان میں لازمی طور پر کم یا زیادہ حاصل ہوتی ہے۔ آیندہ حصہ میں انشاء اللہ میں وہاں کے رہنے۔ طریقوں تعلیم اور اخراجات کی نسبت تحریر کرونگا۔ . . . . باقی آیندہ

آفتاب احمد خاں احمدی

بی۔ اے و بیرسٹرایٹ لا

نپولین اعظم کا مصر میں آنا

جسقدر دلچسپی عام مسلمانوں کو نپولین اعظم کے مصر میں آنے کے واقعہ سے ہوسکتی ہے وہ غالباً انکو اس کے سوانح عمری کے اور کسی واقعہ سے نہیں ہوسکتی۔

کہتے ہیں کہ اس موقع پر اس عظیم الشان فاتح نے جو صرف چند سال بعد تقریباً آدھے یورپ کو فتح کرکے اپنے زیر قدم لانے والا تھا۔ علانیہ اپنا میلان خاطر مذہب اسلام کی طرف ظاہر کیا مشہور ہے کہ جب وہ مصر میں سب سے بڑے بڑے ایسے مقبروں کی سیر کرنے گیا تھا جو زمین کے نیچے بطور سرد ابے کے بنے ہوئے ہیں۔ تو اُسنے ایک مفتی سے حیلۃً بیان کیا تھا کہ میں مسلمان ہوگیا ہوں۔ اور اُسکے روبرو بظاہر اعتقاد اور صداقت کے طرز سے کلمۂ شہادت بھی پڑھا تھا لیکن نپولین کا پرائیویٹ سیکرٹری جو اس سفر میں اس کے ہمرکاب تھا ان بیانات کی قطعی تکذیب

کرتا ہے۔ یہ بیان صحیح ہوں یا غلط۔ تاہم نپولین کا عام رویہ اور برتاؤ مصر میں اسی قسم کا تھا جس سے کہ اس قسم کی خبریں ظاہر ہوئیں۔ اور غالباً نپولین ان کے تشہیر ہونے سے ناراض نہ تھا

پہلے ہم مختصر طور سے اس حکمت عملی پر نظر ڈالتے ہیں جس سے اس مہم کی بنا پڑی۔ نپولین کا یہ حملہ تمام قوانین جنگ کے بالکل خلاف تھا۔ کیونکہ اُس زمانے میں فرانس اور ٹرکی میں صلح تھی۔ اور اس وجہ سے فرانس کو کوئی حق حاصل نہ تھا۔ کہ ٹرکی کے ایک صوبہ پر فوج لیکر چڑھ آئے لیکن نپولین کی بلند خیالی اور عالی حوصلگی اس قسم کے خیالات سے کب رُکنے والی تھی۔ نپولین کو امید تھی کہ مصر کے فتح ہو جانے سے فرانس کو ایسی آبادی پر قبضہ حاصل ہو جائیگا۔ جو جزائر غرب الہند کے تمام فرانسیسی مقبوضات کی مقابلہ میں بہت زیادہ زرخیز اور مفید مطلب ہے۔ اسکا ارادہ تھا کہ دریائے نیل پر ایک فرانسیسی بستی آباد کرتا جس کی ترقی اور بہبودی کے لیئے غلاموں سے کام لینے کی ضرورت نہ پڑتی۔ بلکہ یہ بستی فرانس کی اشیاء صنعت کے خرید و فروخت کے لیئے ایسا مفید بازار ہو جاتی۔ کہ فرانس کے ہر قسم کے کارخانجات صناعی کو اس سے بہت بڑا فائدہ پہنچتا۔ افریقہ کے باشندوں کی ضروریات مہیا کرنے کے لیئے صرف فرانسیسی کاریگر کام میں لگائے جاتے اور اُس کے بدلے میں فرانس کو مصر سے گیہوں۔ چاول۔ شکر (Nitre) شورا وغیرہ افریقہ اور ایشیا کے تمام پیداوار مل سکتیں۔ علاوہ ازیں نپولین سمجھتا تھا کہ اگر فرانس کا اقتدار مصر میں قائم ہو گیا۔ تو انگریزوں کو زیادہ عرصے تک ہندوستان میں قدم جمانا ناممکن ہو جائیگا۔

خاکنائے سویز میں نہر کاٹنے سے ہندوستان کی تجارت انگریزوں سے نکلکر فرانسیسیوں کے قبضہ میں آجائیگی اور انگریزی سوداگری کے جہاز جو اس زمانے میں راس امید کے گرد ہوکر ہندوستان میں آتے جاتے ہیں۔ انکا کاروبار جاتا رہیگا۔ نپولین کی تجویز تھی کہ بحیرۂ احمر کے ساحل

جہازوں کے بیڑے طیار کرائے۔ جنگی سامان رسد اور ضروریات زندگی تو مصر کی پیداوار سے ملجائیں۔ اور فرانسیسی فوجیں جو مصر میں مقیم کیجائیں۔ ان میں بھرتی ہوں۔ اس تدبیر سے پنولین سمجھاتا کہ میں ہندوستان کا مالک بن جاؤنگا۔ قبل اس کے کہ انگریزوں کو میرے ارادوں کے دریافت کرنے کا موقع ملے۔ یہ بھی ایک تعجب انگیز امر ہے کہ اُسنے مرہٹوں اور ٹیپو صاحب سے مدد چاہی تھی۔

مصر میں پہنچنے کے بعد نپولین نے ٹیپو صاحب کو یہ کہلا بھیجا تھا کہ آپ کو پہلے ہی اطلاع ہو چکی ہے کہ میں ایک نہایت زبردست اور ناممکن التسخیر فوج لیکر بحیرہ احمر کے ساحل پر آپہنچا ہوں۔ اور آپ کو انگریزوں کے ظالم پنجے سے چھڑانے کی خواہش رکھتا ہوں

اسی قسم کی دلیرانہ اور بلند نظری کی تدبیروں کو پورا کرنے کی غرض سے نپولین مصر کو فتح کرنا چاہتا تھا وہ صرف کسی ایسے حیلہ کا محتاج تھا جس سے وہ مصر پر تو حملہ کر سکے مگر ٹرکی سے جنگ نہو۔ اس لیئے اسنے وزیر اعظم ٹرکی کو لکھ بھیجا۔ کہ فرانس کی فوج مصر میں آگئی ہے تاکہ فرقۂ مملوک کے سرداروں کو شرارت کی سزا دے۔ کہ وہ فرانسیسی سوداگروں کے ساتھ ہمیشہ گستاخی اور مزاحمت کرتے رہتے ہیں۔ ساتھ ہی نپولین نے سلطان ٹرکی سے ایک فرمان کی درخواست کی جس میں اُس نے اجازت چاہی کہ وہ ملک مصر کی قسمت کا فیصلہ قطعی طور سے کردے۔ اور تمام امور ریاست کا انتظام اس خوبی سے کرے کہ اُس سے سلطنت ٹرکی اور سرکار جمہوریہ فرانس کی عظمت و شان زیادہ ہو جاوے۔ اور نیز بی اور مملوک جو دونوں سلطنتوں کے دشمن ہیں بالکل پامال کردیئے جائیں۔ لیکن یہ کہنا کچھ ضرور نہیں۔ کہ ترک کسی طرح نپولین کی ان دلفریب باتوں میں نہیں آئے۔

یہ امر بیشک درست ہے۔ کہ اُس زمانے میں مملوک فرقہ کے آزاد و خود مختار ہونے کے سبب

ملک مصر کی حالت بہت افسوسناک تہی۔ بلکہ غالباً اس حالت کی مثال تاریخ میں نہیں مل سکتی معلوم ہوتا ہے کہ فرقہ مملوک کی ابتدا سلطان صلاح الدین کے زمانے میں ہوئی۔ سلطان موصوف نے اس فرقہ کے لوگوں کا ایک رسالہ بطور اپنے ذاتی محافظ یعنے باڈی گارڈ کے بنایا تہا۔ لیکن یہ رسالہ بجز سلطان کی ذات کے کسی اور شخص کے ماتحت یا متعلق نہ تہا۔ مملوک بچپن سے صوبہ جات سرکیشیا اور جارجیا میں خرید ہوئے تہے اور جس طرح سے کہ قسطنطنیہ میں * جنی سری ہیں۔ اسی طرح ان لوگوں کی تعلیم و تربیت بہی محض جنگی خدمات کے لیئے ہوتی تہی۔ مملوک عرب کے عمدہ سے عمدہ گھوڑوں پر سوار ہوتے تہے۔ اور ان کی جمعیت سلطان صلاح الدین کی فوج میں نہایت باشان و شوکت تہی۔ کچہہ عرصے میں یہ تیز فہم اور طاقتور گروہ رفتہ رفتہ جنگجو ہو گیا۔ اس گروہ کی ۲۴ جماعتیں قائم ہو گئیں۔ جو بجز اپنے اپنے سرداروں کے کسی اور کا حکم نہ مانتی تہیں۔ ان کے سردار بی کہلاتے تہے۔ اور اُن کے ماتحت سب لوگ مملوک کہلاتے تہے۔ یہ سب گروہ ملکر ایک ایسی جنگجو طاقت بن گئی تہی جو خود مختاری سے ملک پر حکومت کرتی تہی۔ سلطان کی براسئے نام حکومت کی کچہہ پرواہ نہ کرتی تہی۔ بلکہ سلطان کے مذہبی احتیاطات کو خاطر میں نہ لاتی تہی۔

نپولین نے اپنے مصر میں پہونچنے سے پیشتر ہی یہ کام کیا۔ کہ ملک مصر کی تمام رعایا کے نام ایک اعلان جاری کیا۔ جس میں اُس نے فرقہ مملوک کی ظالمانہ حکومت کو بہت بُرا بتایا۔ اور ظاہر کیا کہ میں ملک مصر میں امن اور آسایش قائم کرنے کی غرض سے نجات دہندہ بن کر آیا ہوں۔ اسی اعلان میں نپولین نے یہ بہی درج کیا تہا کہ میں۔ خدا۔ رسول اور قرآن شریف کی

* جنی سری (جان نثار) سلطنت عثمانیہ کے ایک مشہور دستہ فوج کا نام ہے۔ جو پہلی دفعہ ۱۳۲۶ء میں قائم ہوا تہا اسی دستہ کو ینگچری بہی کہتے ہیں

ملوکیوں سے زیادہ وقعت کرتا ہوں نیز علماء مذہب کی طرف خطاب کرکے لکہا تہا کہ قاضی شیخ اور امام سب لوگوں سے کہدیں۔ کہ ہم بہی مسلمانوں کے دوست ہیں ہیں وہی ہیں جس نے پوپ کو برباد کیا جو کہتا تہا کہ مسلمانوں سے جنگ کرنا ضروری ہے۔ ہم نے جزیرۂ مالٹا ـــــ کے نائٹ (غازی) تباہ کرڈالے۔ کیونکہ وہ کم فہم جنگ آور یقین رکہتے تہے۔ کہ خدا نے انکو مسلمانوں سے لڑنے کے لیئے مخصوص کیا ہے۔ جو لوگ ہماری طرف ہوں گے انکو تین خوشیاں حاصل ہونگی۔ وہ اپنی دولت اور مرتبہ میں ترقی پائینگے۔ وہ لوگ بہی جو جانبین میں سے کسی طرف نہوں گے خوش رہینگے۔ کیونکہ انکو ہماری غرض اور نیت سمجہنے کا موقع ملیگا۔ پہر وہ ہمارے جانبدار ہو جائینگے۔ لیکن افسوس ہے بلکہ سخت افسوس ہے اُن لوگوں پر جو ملوکیوں کے طرفدار بنکر ہمارے خلاف ہتہیار اوٹہائینگے۔ اور ہمسے لڑینگے۔ ایسے لوگوں کے لیئے کوی امید باقی نہیں وہ ضرور فنا ہوں گے۔

اسی طرح نپولین۔۔۔ ایک اور تحریر میں جو اس نے چند مہینے بعد پاشائے عکہ کے نام بہیجی تہی۔ دین اسلام کا حامی اور محافظ ہونے کا دعوے کرتا ہے۔ وہ لکہتا ہے "میں جو مصر میں آیا۔ اور فرقۂ مملوک کے سرداروں سے لڑا۔ یہ کام مینے صرف تمہارے فوائد کے لیئے درست اور مناسب سمجہکر کیا ہے۔ کیونکہ مملوک تمہارے دشمن ہیں۔ میں مسلمانوں سے جنگ کرنے نہیں آیا ہوں۔ تمکو معلوم ہے کہ جزیرۂ مالطہ میں پہنچکر پہلا کام جو میں نے کیا وہ تہا۔ کہ میں نے دو ہزار ترکوں کو جو برسوں سے غلامی اور قید میں پہنسے ہوے تہے۔ آزاد کرادیا۔ مصر میں آکر میں نے رعایا کی ہمت بڑہائی اور مفتیوں۔ اماموں اور مسجدوں کی حفاظت کی۔ مجہسے بڑہکر کسی اور نے زائرین مکہ معظمہ کے ساتہہ توجہ اور مروت سے سلوک نہ کیا ہوگا۔ حال میں پیغمبر خدا کی محفل میلاد اس دہوم دہام سے کی گئی ہے۔ کہ کبہی نہ ہوئی تہی۔ بیس فرانسیسیوں سے

زیادہ مسلمانوں کا اور کوئی دوست نہیں ہے "

اس مضمون لکھنے کا یہ منشا نہیں ہے کہ مصر میں جو لڑائیاں فرانسیسوں سے ہوئیں۔ انکا بیان کیا جائے۔ یا اُن معرکوں کا ذکر ہو جن کی وجہ سے فرانسیسوں کو اس مہم میں ناکامی ہوئی راقم صرف اسقدر بیان کرنا چاہتا ہے۔ کہ نپولین نے مصر میں مذہب اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ کس قسم کے تعلقات رکھے۔ بیشک اس نے حتی المقدور کوشش کی۔ کہ مسلمانوں کے دل اپنے ہاتھ میں لے۔ نپولین کے حکم سے قرآن و احکام الٰہی اور ملکی اور مذہبی محکمہ جات کا بہت ادب کیا جاتا تھا۔ شادی کی رسوم اور عورتوں کی بہت احتیاط سے حفاظت کیجاتی تھی۔ جس زمانے میں نپولین قاہرہ پر قابض تھا۔ اس نے پیغمبر خدا کی میلاد کی محفل بہت دھوم سے منعقد کی۔ نپولین مذہبی تقریبوں میں بڑی شان و شوکت سے شریک ہوتا تھا۔ اور بعد میں شیخ اعظم کے ساتھ پرتکلف ضیافتیں کھاتا تھا۔ وہ اکثر شہر کے خاص خاص مشایخ کو اپنے ساتھ کھانا کھلانے کے لیئے مدعو کرتا تھا۔ اور مذہبی بحثوں پر اُنسے دیر تک گفتگو کیا کرتا تھا۔ لیکن اس میں کچھ شک نہیں ہے۔ کہ نپولین کا یہ طریقہ محض پولیٹکل تدبیروں کی وجہ سے تھا۔ نہ کہ مذہبی خیالات سے۔

اُسکا سیکرٹری اسکی بابت صاف طور سے کہتا ہے کہ "بلاشبہ نپولین مقامی مذہب یعنے اسلام کی طرف بہت توجہ کرتا تھا اور بیشک اسکا رویہ زیادہ تر مسلمانوں جیسا تھا۔ نہ کہ عیسائیوں کے مانند۔ ایک روشن دماغ فاتح کو اپنی فتوحات مستحکم کرنے کے لیئے ضرور ہے کہ مفتوح رعایا کے مذہب کی حفاظت اور تعریف کرے۔ بلکہ اس کی خوبیوں میں مبالغہ کرے۔ نپولین نے یہ طریقہ اختیار کیا تھا کہ وہ سب مذہبوں کو انسان کی اختراع سمجھ کر یکساں جانتا تھا۔ لیکن وہ ان کی عزت انکو حکمرانی کا ایک مضبوط معاون آلہ سمجھکر کرتا تھا۔ تاہم میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ اگر اس کی

مشرقی فتوحات اس درجہ قابل قدر ہوتیں۔ تو وہ تبدیل مذہب نہ کردیتا" جو باتیں وہ حضرت
محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ مذہب اسلام یا قرآن شریف کی بابت ملک کے سر برآوردہ لوگوں کے
سامنے کرتا تھا۔ اُن پر وہ خود تنہائی میں ہنسا کرتا تھا۔ لیکن وہ چاہتا تھا۔ کہ اس کی باتیں ہر
شخص کی زبان پر عام ہو جائیں۔ اور اس کے مذہبی خیالات کا ترجمہ عربی اشعار میں کیا جائے
تاکہ عام لوگوں کا گمان اُس کے حق میں نیک ہو۔ اسی لحاظ سے اسنے اپنے ایک جرنیل کو
لکھا تھا۔ "میں تمہارا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ تمنے ہمارے پیغمبر کی عزت کی ہے"۔ یہ بھی مسلم ہے
کہ نپولین نے اسلام کے بہت سے علماء مذہب سے بحث کی تھی۔ لیکن اس نے اپنی تحقیقات
کبھی سچے دل اور خلوص نیت سے نہیں کی۔ یہ کام صرف وہ دل بہلانے کی غرض سے کرتا تھا
وہ مولوی جو ہم فرانسیسوں کو مسلمان بنا کر بہت خوش ہوتے۔ اپنی گفتگو میں ہمارے لئے بہت
سی تخفیفیں اور رعائتیں بیان کرتے تھے۔ لیکن یہ مباحثے کبھی اسقدر صاف باطنی اور صداقت
دلی سے نہیں ہوئے جن سے شبہ ہوسکے کہ کسی وقت میں انکا کوئی عملی نتیجہ ظہور میں آتا۔ اگر نپولین
نے کسی وقت میں اپنے آپ کو مسلمان بتایا۔ تو صرف اسوجہ سے کہ وہ ایک افسر فوج اور
پولیٹیکل سردار کی حیثیت سے ایک مسلمانی ملک میں آیا ہوا تھا۔ اسکو اپنی کامیابی۔ اپنی فوج
کی خیر و عافیت اور اپنی نیک نامی کا خیال مدنظر تھا۔ کسی اور ملک میں بھی جاکر وہ اس قسم کے
اعلان جاری کرتا۔ اور اسی طرز کی گفتگو وہاں کے باشندوں سے بھی کرتا۔ مثلاً ایران میں
وہ حضرت علیؓ کا معتقد بن جاتا۔ تبت میں لاما کا چیلا اور چین میں کنفیوشس کا پیرو ہو جاتا
اگرچہ معلوم نہیں ہوتا۔ کہ نپولین نے خود کبھی مسلمان ہونے کا قطعی ارادہ کیا ہو۔ لیکن
اس کے چند سردار واقعی مسلمان ہو گئے۔ جنرل منو جسنے مذہب بدلکر عبداللہ
نام اختیار کیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس افسر کو ملک مصر اور وہاں کے مذہب کے ساتھ اصلی ہمدردی

تھی۔ اسنے (Rossett) رشید یہ کی رہنے والی ایک مصری خاتون سے شادی کی جس کے ساتھ وہ فرانسیسوں کے مانند بہت اخلاق سے پیش آتا تھا۔ کھانے کے کمرے میں داخل ہوتے وقت جنرل منو اپنی بیوی کو ہاتھ کا سہارا دیتا تھا۔ میز پر اُسے سب سے اچھی جگہ بٹھاتا تھا۔ اور عمدہ سے عمدہ کھانا ہمیشہ اُسکو کھلاتا تھا۔ اگر اُسکا رومال گر پڑتا تھا تو وہ دوڑ کر اٹھا دیتا تھا۔ اس کی بیوی نے یہ باتیں اور مسلمان خاتونوں سے بیان کیں۔ تو اُن سب نے ملکہ سلطان کبیر یعنی نپولین (کیونکہ مصر میں وہ اسی لقب سے مشہور تھا۔) کی خدمت میں ایک عرضداشت پیش کی اور درخواست کی کہ ان کے خاوند بھی اسی طرح اُن کے ساتھ اخلاق سے برتاو کرنے پر مجبور کیے جاویں +

جنرل منو مصر سے اپنے سب ساتھیوں کے بعد روانہ ہوا جبکہ ۱۸۰۱ء میں فرانسیسی فوج نے اس ملک کو خالی کر دیا۔ اور نپولین کی یہ خواہش کہ مشرق میں ایک عظیم الشان سلطنت قائم کرے۔ مرجھا کر بالکل معدوم ہوگئی۔ فقط راقم ٹی۔ ڈبلیو آرنلڈ صاحب پروفیسر فلاسفی۔

مترجمہ سلام الحق

انجمن الفرض کا چوتھا سالانہ جلسہ

خدا کے فضل سے اس انجمن کا سالانہ جلسہ ۶۔ اگست کی شام کو پرنسپل ہال میں بہت رونق اور شان سے منعقد ہوا۔ طالب علموں کی کثرت سے ہال میں کرسیاں بچھانے کی گنجایش نہ تھی۔ اس لیے مشرقی طرز محفل کے مطابق سب کے لیے فرش کرا دیا گیا تھا خود پرنسپل صاحب ایک چوکی پر جلوہ افزائے صدر تھے۔ سب سے پہلے انجمن کے معزز امین پروفیسر آرنلڈ صاحب نے اپنی سالانہ رپورٹ پڑھی جسکا انتخاب ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ سال گذشتہ

[illegible]

میں ماہر [illegible] سرمایہ کے لیے [illegible] بہ وظائف۔ اور [illegible] تعمیر کے فنڈ میں جمع ہوا۔
باوجودیکہ امسال اکثر طالب علم کچھ بھی فیس ادا نہ کر سکے۔ تاہم اسقدر چندہ پہلے کبھی کسی برس میں جمع نہیں
ہوا۔ علاوہ ازیں فری بورڈنگ فنڈ میں جو [illegible] روپیہ جمع ہیں۔ انجمن [illegible] امداد الطلبا۔
القرض کی دوکان میں اب [illegible] حسب تفصیل ذیل موجود ہیں۔ مال فروختنی [illegible]
قرضہ واجب الوصول [illegible]۔ نقد جمع [illegible]۔ اس مجموعہ میں سے [illegible]
بابت قرضہ دادنی اور [illegible] بطور رقم ناقابل وصول وضع کر دینے کے بعد دوکان کے فنڈ
میں [illegible] کی رقم بچتی ہے۔ کل آمدنی میں امسال خرچ اسطرح ہوا۔ کہ [illegible] وظیفہ
میں دیئے گئے [illegible] آنریری سیکرٹری کالج کمیٹی کو ایک جدید کمرے کی تعمیر کے لیئے دیئے
گئے جسکا کرایہ وظائف میں لگایا جائیگا اور [illegible] نقد القرض کے نام سیونگ بنک میں جمع
ہوئے۔ تعمیر کے فنڈ میں سے [illegible] ایک اور کمرے کی بابت جو سکول کے طالب علموں کے
واسطے بلا کرایہ ہوگا۔ صرف کیئے گئے ہیں۔ تاہم اس فنڈ میں [illegible] جمع ہیں۔ انجمن کے
مستقل اس المال میں اب [illegible] کے کمرے بنے ہوئے ہیں۔ اور [illegible] وظائف کے
فنڈ میں نقد موجود ہیں۔

فاضل امین کی رپورٹ ختم ہونے کے بعد صاحبزادہ آفتاب احمد خان صاحب ایم اے نے
ایک مدلل اور فصیح تقریر میں اس انجمن کی مختصر تاریخ اور اس کے اغراض و مقاصد بیان فرمائے
صاحب موصوف نے بتایا۔ کہ اس کالج کی تکمیل میں مدد دینا ہر طالب علم کا فرض ہے۔
کیونکہ اسی کی تکمیل پر قوم کی تمام آیندہ امیدیں وابستہ ہیں۔ اور کہا کہ جہاں تک ممکن ہو۔ دامے
درمے سخنے۔ قدمے۔ ہم سب کو کالج کی امداد لازم ہے۔ ان کے بعد سرفراز خاں صاحب نے
بہت خوبی سے مقاصد انجمن کی تائید کی۔ اور اپنے کالج کے دوستوں سے التجا کی۔ کہ

الغرض کے لیئے کربمت باندہیں۔ بعدہٗ محمد علی خانصاحب نے اپنی اُردو تقریر میں انجمن کے فوائد اور اغراض وضاحت سے بتائے۔ ان کے بعد حافظ ولایت اللہ صاحب بی اے نے اپنی اُردو نظم پڑہی جو اسی پرچہ میں ہدیۂ ناظرین کیجاتی ہے۔ حافظ صاحب کا کلام جو سادگی اور پاکیزگی کی وجہ سے ہمیشہ مقبول ہوتا ہے تعریف کا محتاج نہیں ہے۔ پہر سید محمد صاحب نے انگریزی میں بہت خوبی اور صفائی سے تقریر کی۔ ان کے بعد سلام الحق نے بہی اور سب صاحبوں کی تقلید کرکے انجمن کے مقاصد وغیرہ بتانے کی کوشش کی۔ آخر میں لوی بہادر علی صاحب ایم اے نے گفتگو فرمائی۔ انجمن کی پچہلی کارروائیاں بیان کرکے آیندہ کامیابی کی امیدیں دلائیں اور کہا کہ نہ صرف اس انجمن کی بلکہ کالج اور تمام قوم کی آیندہ بہبودی صرف ہم نوجوان طلبا کی ہمت۔ جوش اور قومی ہمدردی پر موقوف ہی۔ اس لیے ہم سبکو لازم ہے کہ اپنی خواب غفلت سے بیدار ہوں اور رفاہ قوم کے کاموں میں مدد کرکے تلافی مافات کریں۔ سب کے بعد جناب پرنسپل صاحب نے نہایت جوش سے انگریزی میں ایک بلیغ و فصیح لکچر دیا جو اسی پرچہ میں ناظرین کے ملاحظہ کے لیئے شایع کیا جاتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ طلبا پر اسوقت تمام تقریروں کا معقول اثر ہوا۔ اکثر نے چندہ کے کارڈ اور عرضداشت لیں۔ اور حتی المقدور انجمن کے لیئے کوشش کرنے کا وعدہ کیا۔ جلسہ کی کارروائی میجک لین ٹرن کے تماشے کے بعد جو سید زین الدین صاحب نے بہت صفائی سے دکہایا ختم ہوئی۔ خدا کرے کہ آیندہ سال بہی پچہلے برس کی طرح آمدنی سب سے بڑہ کر رہے۔ اور اسی طرح اس انجمن کو روز افزوں ترقی نصیب ہو۔ آمین +

از حافظ محمد ولایت اللہ بی اے طالب علم مدرسۃ العلوم در جلسہ سالانہ انجمن الفرض منعقدہ ۶ اگست ۱۸۹۰ء

عبث ہے یہ سب میری ہرزہ سرائی — کہ واقف ہے مدت سے ساری خدائی
مسلمانوں پر ہے کچھ ایسی بن آئی — کہ مشکل سے ممکن ہے جس سے رہائی
جسے دیکھیے ہے پریشان و مضطر
نہ ہمدرد کوئی نہ غمخوار و یاور

نہ علم و ہنر ہے نہ صنعت نہ حرفت — نہ ہے پاس دولت۔ نہ کچھ پاس عزت
طبیعت میں غیرت نہ قومی حمیت — ارادوں میں وسعت نہ رفعت نہ ہمت
کبھی تھے جو باجاہ و ذوالقدر و ذیشاں
وہ پھرتے ہیں سب خوار و مفلس پریشاں

یہ سب کچھ بری ان کی حالت ہوئی ہے — مگر اب بھی دیکھو تو غفلت وہی ہے
جو پوچھو کہ کوئی خطاوار بھی ہے — تو الزام سے صاف ہر ایک ہی ہے
زمانے کے نالاں ہیں قسمت کے شاکی
کہ مجبور ہیں۔ ہم نے کوئی خطا کی

ذرا سوچو سمجھو حقیقت کو جانو — زمانے کو مت بیچ میں لا کے سانو
جو ایمان کی پوچھو اسے سر مانو — تو ہے سو کی اک بات مانو نہ مانو
زمانے پہ ناحق ہیں الزام سارے
یہ کرتوت ہیں سب ہمارے تمہارے

یہ کس طرح حالت ہماری سنبھلتی — نہ ٹلتی بھی ہے تو کس طرح ٹلتی

کسی کی اگر آپ کے آگے چلتی   تو حالت ہماری یقیناً بدلتی ! !

نہیں تم میں ہمت یہ سارا سبب ہے

جو تل جاؤ اس پر تو مشکل ہی کب ہے

یہ کہتا نہیں میں کہ وقت کرو تم !   ابھی کام مشکل جو ہو مت کرو تم !

مگر قوم کی کچھ تو خدمت کرو تم   جو کچھ ہو سکے تم سے ہمت کرو تم

تو دیکھیں مصیبت یہ ٹلتی نہیں ہے

ہماری یہ حالت بدلتی نہیں ہے

لکھانا پڑھانا یہ سید کے سر ہے   اُسے بھی یہی دل سے مد نظر ہے

مگر آپ کو اس کی بھی کچھ خبر ہے   کوئی کام ہوتا بھی بے سیم و زر ہے

مدد پوری پوری نہ جب تک کروگے

سمجھ لو یوں ہی سب پریشاں رہوگے

یہ تعطیل آتی ہے ہو جاؤ یک دل   معطل نہ بیٹھو نہ بن جاؤ کاہل

نکل جاؤ بازار میں بن کے سائل   کرو حسب مقدور ہر اک سے حاصل

تو سب کام مشکل یہ آسان ہوویں

جسے دیکھکر سارے حیراں ہوویں

یہ ہے بھائیو عرض تم سے ہماری   کرو ہو سکے جو مدد اور یاری

لگاؤ جو تم زور سب باری باری   تو آسان ہوں کام بھاری سے بھاری

یہ ہوں گے تو بس ساتھ سب کے دیے سے

کہ ہوتے نہیں ایک دو کے کئے سے

اشتہار

ڈیپوٹی شاپ (دوکان انجمن الفرض)

کتب ذیل درخواست کرنے پر بصیغہ ویلیو پے ایبل پارسل یا زر نقد دوکان الفرض سے مل سکتی ہیں *

المامون مصنفہ شمس العلما مولوی شبلی صاحب نعمانی			
قیمت بلا محصول	۹۰۰	عمہ	۳
سیرۃ النعمان مصنفہ مولانا موصوف	۹۰۰	عمہ	۳
سفر نامہ روم و مصر و شام ایضاً	۹۰۰	عمہ	۵
کتب خانۂ اسکندریہ ایضاً	۹۰۰		۵
دیوان حالی مصنفہ مولانا الطاف حسین صاحب حالی			
مسدس حالی مد و جزر اسلام مع ضمیمہ و فرہنگ	۹۰۰		۱۲
مناجات بیوہ مصنفہ مولانا الطاف حسین صاحب حالی			۲

علاوہ ازیں اور کتابیں بھی موجود ہیں مگر اس مختصر فہرست میں گنجایش اندراج نہیں *

راقم

ولایت حسین

مینیجر ڈیپوٹی شاپ

DEATH OF YUSUF KHAN, SON OF GAUHAR KHAN

We are very sorry to announce the death of Yusuf Khan, one of the late students of our College, who has been killed in a skirmish with the troops of the Khan of Kalat. It was a wrong step to take that promising youth in the neighbourhood of his outlaw father, who it was certain would take him away with himself as he actually did. Had Yusuf Khan been allowed to remain in the College for a couple of years more, he would have become a little wiser and would never have fallen in the snares of his father even if compelled to death.

M A.-O. COLLEGE MAGAZINE

In the next two months our subscribers, we hope, will be contented to get only Urdu portion of the paper, instead of nothing, as given in the notice on the title page.

NIAZ MOHAMMED KHAN,

Manager.

cated and civilised of the nations of Islam, but may go forth as missionaries of education to other Mahomedan countries. All that is needed is to stir the stagnant pool of your society, to arouse and call into play the latent ability that is now wasted, to kindle in all classes, rich and poor, the fire of enlightened patriotism, a patriotism that sees that as British citizens, if only they rouse themselves to energetic action, the capacity for progress among the Mahomedans is boundless. We have to combat the intellectual blindness that fails to see that only by education can the position of the nation be improved, the fatalism that drugs the activity of the individuals and produces moral stupor, and the selfishness that deadens the heart and renders it indifferent to national degradation. I call on you, students of this College and members of Duty, to go forth on this good work, and to prove that you at least are not wanting in enterprize and in patriotism. Let each one of you feel that on his shoulders rests a burden of responsibility; that on him to some extent, however humble his position, depends the future of his nation. If you do this your labours will assuredly be crowned with success; your College will prosper; and the Mahomedans of India will in time take their proper rank among the civilized nations of the world.

—o—

ships, expenses of supervision &c. and we arrive at a total of 5 lakhs of rupees. Gentlemen, if we can collect 5 lakhs of rupees in the next ten years, I think we may have 1,000 boarders at the end of that time. A sum not less than this has been collected since the College was founded. There is therefore nothing inherently impossible in the task. Hitherto the funds of this College have been collected by the great Founder of this institution. The burden of collection must in future be taken upon themselves by the students of this College. If they do not collect the money there is no hope of the College realising its lofty ambition I am extremely glad to observe that the members of the Duty have been year by year increasing the amount of their collections. I hope that this year they will beat the record of previous years. You have before you the disagreeable task of appealing to many of the wealthy whose hearts are apathetic to the sunken condition of their community. Bring before the minds of these men the miserable small number of English-educated Mahomedans. Ask them whether they wish that their nation should retain its honour or sink to the level of the low castes of Hindus. Point out that the spread of English education is essential to progress ; and that a great central national institution with at least 1,000 students would very soon put new life into the nation. Although your arguments may in many cases fall on barren soil, yet here and there I cannot doubt you will find men who have the intelligence necessary to appreciate these facts and sufficient patriotism to take action on them. It is time that this College pushed ahead and gave the Mahomedans some notion of what we intend to make of it. We have to turn out educated men not by tens and twenties but by hundreds, so as to proportion our work to the size of the community we have to effect. There are twice as many Mahomedans in India as there are Englishmen in England, yet there is I suppose one hundred times as much education in England as there is among the Indian Mahomedans. You heard the other day of the miserable state of ignorance in the Mahomedans of Morocco. Gentlemen, I look forward to the time when if we only carry out our work with proper energy the Mahomedans of India may not only become the most edu-

THE DUDY.

At the Annual Meeting of the Duty, held on Aug. 5th, the President, Mr. Beck, spoke as follows :—

GENTLEMEN,

I should like on this occasion to sketch a programme of what the College should attempt to achieve during the next ten years. Our ultimate aim for this College is that it shall be in itself a University like Oxford and Cambridge, based on the principle of the residence of the students in the College buildings and conferring its own degrees. I do not think there is any chance of our attaining this end in the present generation, but I think it very necessary that our ultimate aim should be widely known throughout the Mahomedan community and should be kept steadily in view. I wish all of you to grasp this idea and to propagate it. Now what is a reasonable ambition for the next ten years of our efforts ? I think it would be sufficient if at the end of this time we could show 1,000 Mahomedan students, of the School and College departments combined, in the College Boarding-House. Up to the present we have succeeded in becoming a College of the second grade so far as numbers are concerned. We should now be determined to rise to an institution of the first grade. The number of students we educate is so small as to make scarcely a perceptible difference to the percentage of educated Mahomedans throughout India. In order to bring up the Mahomedan nation to its proper level of English education we must work on a bigger scale. This would be easy if we had more boarding-houses and more funds. This year I have I suppose declined fifty or sixty applications for scholarships from students who are too poor to pay the expenses of higher education. There would be no difficulty in largely increasing the number of our College Class students if we had room to house them, and scholarships wherewith to assist them. We have now 300 boarders, and the new Debenture rooms will enable us to put up 60 or 70 more. We want accommodation for at least 600 more students. At the rate of 3 boarders for Rs 1,000 we require two lakhs of rupees. Add half a lakh for additional class-rooms, and we have two lakhs and a half. Add a similar sum for scholar-

of his colleagues. There is I am convinced no College in India in which the managers and the members of teachnig staff are more in sympathy with the taught, or in which the personal influence of the teachers is more powerful and beneficial.

STUDENTS OF THE M. A.-O. COLLEGE :—

I am glad to have this opportunity of meeting a new generation of students of this College. Even more than your predecessors you enjoy the good fortune of belonging to a College of high and increasing reputation, which is rendered attractive by its fine buildings and extensive grounds, and in which you have not only great advantages with respect to tuition, but enjoy the benefit of a well organized Collegiate life and close association with your contemporaries in work and amusement. I see from recent reports that you fully maintain in all respects whether in the class-rooms or at games, in character and conduct the reputation established for your College by your predecessors, and that to this are added an active feeling of loyalty to the College, and practical efforts to improve its position. To my mind this last development is a very pleasing feature in the history of this institution, and one which is equally creditable to the authorities and to the students.

" I trust that you will persevere in this generous spirit of loyalty and that there are not a few among you who will in after life succeed by conscientious work and by honourable and manly bearing in doing what you can to prove to the world the goodness of the training which is given here, and in this way to maintain and extend the reputation of a College which has not only been a benefactor to its students, but has already exercised great and beneficial influence, direct and indirect, upon education in India."

At the close of the address the Hon'ble Haji Ismail Khan thanked Mr. Cadell on behalf of the trustees of the College. Three cheers were then proposed by the students for Mr. Cadell, and for the English ladies and gentlemen. Mr. Cadell then proposed three cheers for Sir Syed Ahmed Khan and for Mr. Beck. The Lieutenant-Governor then inspected the mosque and other buildings of the College.

poned for lack of funds. In this connection, the contributions which are beginning to come in from former students of the College are peculiarly gratifying, and it may be hoped that as the number of men who have passed from this College into various professions increases, the generous support of their *alma mater* which has already begun, will gradually increase, and will prove to be important in volume, as well as admirable in spirit which prompts it.

And this brings me to what is perhaps the most important change of all which has occurred since I left the district. Then your attitude was largely one of hope, however confident, but now that so many of the students of this College have gone out into the world you can speak not only of promise but of performance. Both what I have observed myself, and what I have heard from others, lead me to share in the belief expressed by your Principal in his last report " that the tone of the College encourages truthfulness, honesty and honour," and to hold that its teaching tends to turn out men who are not only well-educated, but are also manly and straightforward, and are anxious to carry into the practical business of life, the high principle to inculcate which is a chief object of your training here. And I am convinced that the physical exercises which are encouraged in this College, and the executive duties which are imposed upon your students, tend to develop the energy, the tact and the practical common sense, which are so essential to success in life.

So far I have been speaking of changes which have taken place. I would now congratulate you on the fact that in the managing body and in the teaching staff, recent changes have been comparatively speaking so few, and above all that the venerable founder of this College is still able to devote himself to the noble task which he has set before him, of educating and elevating the youth of his community, and that he continues to have the assistance of able and earnest coadjutors.

I am glad also to find among the teaching staff, not only the faces of old friends, but if possible even more than the old enthusiasm for and devotion to the work on which its members are engaged. I would specially congratulate the Principal Mr. Beck on the success which has attended his efforts and those

and before it, have continued, and may now be looked upon as firmly established and traditional.

"I have been pleased on the occasion of each successive visit to Aligarh to see in the substantial buildings which have been rising year by year, such convincing signs of the energy of your management, and to hear of the popularity of the institutions under your care, and of their steadily increasing success. I find that, during the eight years which have passed since I left the district, the number of boarders has been nearly trebbled, while the number of graduates has increased tenfold. When you can show progress such as this, you can, I think, afford to endure patiently the unfavourable results of the Entrance and Intermediate Examinations of a single year, and to look forward to the success which is certain to reward increased effort. At the same time it must be admitted that if the results complained of are due to a sudden variation in the standard insisted upon, such changes are to be deprecated.

I have listened with attention to your Principal's views on the important educational questions which he has discussed, and which his position in the University will enable him to impress on the attention of its authorities. The specialization of Colleges is a question which has already attracted the attention of the Director of Public Instruction, and the only point which I need mention now is, that if Colleges are specialized, Mahomedan students will have to leave this the Mahomedan College of the Provinces when they take up subjects which the College may elect to discard. It may be wise to disregard this objection but the subject requires the fullest consideration.

I am glad to learn that your funds are increasing, and that H. H. the Nizam continues the enlightened and munificent liberality towards the College, for which all interested in education in this part of India should be grateful. There can be few institutions which are more worthy of his support than this is, and none I believe in which funds, destined for the extension of Mahomedan education, are more faithfully or more usefully applied. It may be hoped that in time, the support received from the more wealthy members of your community, in this part of India, will become more general, and that you may then be able to take up the many improvements which are now post-

and Cambridge and of the Scotch and German Universities, the better will be our education. We shall thus in time, I hope, remove the reproach that our Indian higher education fails to turn out real scholars.

"But an objection is sometimes raised that nothing we do can be of any use, because we have such a wretched lot of students that it is impossible to light in their sordid souls the generous spark of love of knowledge for its own sake. I reply that a bad workman complains of his tools. No one would have supposed that our students had a physique robust enough to enable them to play the British soldier on equal terms in the football field, yet experience has proved they have. I believe we have excellent material to work on, and that as the love of learning has flourished for centuries both among Hindus and Musalmans, it is not our students but ourselves who are to blame if the University fails to foster it. Among the prizes which your Honour will distribute to-day are some for monitors. The monitorial system was introduced some years ago in the College, but without success. However by further work, and by taking advantage of previous experience, it has succeeded admirably. I take this as an instance that it is foolish to give up as hopeless without trial any branch of education we may wish to encourage."

The Lieutenant-Governor then distributed the prizes, after which he made the following speech :—

TRUSTEES OF THE MAHOMEDAN ANGLO-ORIENTAL COLLEGE,—I have to thank you for the kind words with which you have received me, and for the honour which you propose to confer upon me in associating my name with a scholarship in your College.

"I am afraid, gentlemen, that you set too high a value on what I was able, when a Magistrate here, to do for the district. And with respect to this College, I can only claim to have maintained and passed on to my successor, the attitude of friendly and respectful sympathy towards its management, which was and is due to an institution of great importance to the State as well as to the people of Northern India. I am glad to know that the friendly relations between the district officials and the authorities of this College which existed in my time

lectures on subjects not included in the Univ ersity Examinations, so as to arouse in our students a disinterested taste for knowledge and culture. And if any student have pa ssed the highest examinations in any subject, say the M. A. in Mathematics or Science, and wish to pursue his studies further, he should have the chance of doing so under the guidance of an able Profsssor. If out of every 100 graduates we could thus produce one real scholar, no amount of time and labour spent on his education would be thrown away, for the seeds of learning would be planted in this country and would in time yield a noble and plentiful fruit. But this requires in the Colleges a surplus of power after the needs of the examination have been satisfied, and it is to the Government we must look for setting an example in this direction. Those institutions that rest on popular support would be accused of wasting their resources in unproductive labour. Such lectures as I allude to would require ample leisure for preparation such as is unattainable under the Indian system of running a College like a school, and thereby forcing the Professor to teach several lessons daily out of a text-book instead of enabling him to deliver carefully prepared lectures. A distinguished Professor of Bombay, who now occupies a chair in a European University, said that if a tour be made round India, commencing with Bombay and proceeding through Madras to Calcutta, thence to the North-West Provinces, and finishing with the Punjab, it would be found that the system of College education steadily deteriorated, more lectures being expected per week from the Professor, and less time given in vacation to prepare for them. It is worthy of remark that Bombay, with four months of vacations, and a maximum number of two lectures per day for the professors of the best College, stands first among Indian Universities for producing native scholars of a European reputation. It is a mistake to suppose that the vacation is a time to be spent by the Professor in idleness. It is essential to him for the proper preparation of his work and for that self-culture and study without which he cannot be a man of learning, but must become an intellectual drudge. I am firmly convinced that the more in these and other respects we follow the system of Oxford

allowed to usurp the position of a capricious and tyrannical master. How this may be achieved is a technical question for experts, on which it would be unsuitable and tedious for me to express my opinions here. I will deal only with the second consideration, as to what positive steps can be taken to encourage original research. The Faculty of Arts of the Allahabad University passed a resolution in favour of giving one or more gold medals to graduates who wrote scholarly theses. The proposal has not yet been carried into effect, but I hope it will be, and experience will show how far it is successful. The University of Madras includes an original dissertation as one of the qualifications for the M. A. degree in History, and I was told by a very able friend of mine belonging to the Madras Civil Service, who has examined them, that they often show real merit and patient research. A second way in which learning may be encouraged is by the specialisation of the various Colleges in different directions. I am glad to see that Government has taken a step in this direction by the appointment of a second Science Professor for the Muir College. The teaching of science in these provinces has hitherto been little better than nomial. The University has now, however, instituted a B. Sc. degree. The teaching Physics and Chemistry has been provided for, and when professors of animal of vegetable biology, with laboratories, have been added, the province will possess a fairly complete school of science. The University is also by degrees opening the way for other Colleges to take special lines. It is proposed to institute a course of Political Economy and Political Philosophy for the B. A. degree, and we intend to teach it here. Economics afford an excellent intellectual discipline; little is known of the subject in Indian society in spite of its great importance, and India offers special problems for investigation. By degrees every College will, I hope, strike out its own line and our University will come to possoss that many-sided variety, which its name implies, and which is essential to higher development, instead of the mediocre uniformity that has hitherto distinguished it.

"As a further step towards the encouragement of learning, it would, I think be well if our Colleges could give some

of which is charged on the College funds. The number of students last year in the College Department was 205, and in the College and School together 565. Of these 329 were boarders.

"In the last University Examination, out of 27 candidates for the B. A. Degree, 21 passed, one of whom took Honours in English, and another in Additional Mathematics. In the Intermediate, out of 65, only 22 passed, and in the Entrance, out of 59, only 19. These small percentages are similar to those in the University at large. We are very sorry that many promising students have thus been thrown back in their studies, and are unaware of the cause of this severity, not knowing whether to attribute it to any special defect in our students, or to any fresh policy inaugurated by the University.

"In physical education we have likewise made progress, and last year saw the institution of a Riding School in the College.

"Finally, we request of you the favour that you will allow us to found a permanent memorial of your kindness to us—a memorial that shall last so long as God gives life to this institution—namely, a scholarship to be named after your Honour and to be given to a student of the College classes."

Mr. Beck then spoke as follows :—

YOUR HONOUR, LADIES AND GENTLEMEN.—Before requesting you to be so kind as to distribute the prizes I may be permitted perhaps to make a few general remarks on education. The objects of a University and consequently of the Colleges that compose it, are two ; first, to give a liberal education to the gentry, professional classes, and state servants of a people, and second, to promote scholarship. In the latter of these aims we have so far achieved no success. I am not aware of any graduate of the University of Allahabad having produced any original work of any description. I attribute this failure to two causes ; first, that we take no steps to encourage scholarly research, and second, that we allow our examinations to monopolise the motives of study and so stifle the love of learning. I am fully alive to the importance of the examination as a test, but it should be used as a well disciplined servant and not

Honour's Collectorship is remembered by all, rich and poor, in Aligarh, on account of the peace and good order that prevailed, although the times were such as to give just cause for alarm. Moreover the health of this district and with it the health of the students of this College, owe a very marked improvement to the embankment which you constructed, and which has ever since effectively preserved this town from the floods that formerly did so much damage. The strength of character and the genuine heartfelt sympathy for the progress of the natives of India, of which your Honour left a lasting impression on the minds of the people of Aligarh, caused them to feel the liveliest pleasure when your Honour was appointed to the exalted position of Lieutenant-Governor of these Provinces. We therefore offer our thanks to you with no ordinary feelings. We welcome you as a kind friend of this College, whose generosity is perpetuated on the stones of this Strachey Hall, and as a Ruler whom we have for years learnt to admire and respect.

"It is, therefore, needless for us to enter into detail as to the objects of this institution. Your Honour has had a personal opportunity of judging as to the spirit of loyalty which we wish to impress on the students of this College and of the kind of education we endeavour to impart. Since you left Aligarh the College has progressed in funds, in buildings, and in the number of students. The most substantial addition to our funds has been due to the generosity of His Highness the Nizam of Hyderabad, who has increased the permanent *jagirs* which he has presented to the College, so that we now derive an income of Rs. 24,000 per annum from this source. We feel sure your Honour will be glad to know that His Highness the Nizam has thus shown himself an enlightened patron of the cause of progress among the Mussalmans of India. Our buildings, as you will observe, have made some progress during the past few years, though much yet remains to be done. In particular we have experienced great difficulty in providing boarding accommodation for the students who wish to come here to study, and have been obliged to refuse many applicants for admission in consequence. At present a set of 51 rooms is being built, with money borrowed on debentures, the interest

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

New Series VOL. 2.	SEPT. 1, 1895.	No. 9.

—o—

THE M. A.-O. COLLEGE AT ALIGARH.

—o—

DISTRIBUTION OF PRIZES BY Mr. CADELL.

—o—

THE QUESTION OF HIGHER EDUCATION.

—o—

On August 8th, Mr. Alan Cadell, Lieutenant-Governor of the North-West Provinces, received an address from the trustees of the M. A.-O. College, Aligarh, in the Strachey Hall of that institution, and distributed the prizes to students of the College. A large audience, including all the English residents of the station and the leading native gentry of the district, was assembled on the occasion. The address, which was read by Mr. Syed Mahmood, ran as follows :—

" MAY IT PLEASE YOUR HONOUR,—We the trustees of the Mahomedan Anglo-Oriental College, on behalf of ourselves and the supporters of this College, offer you our heartfelt thanks for the favour you have done us in visiting our College at great personal inconvenience to yourself.

" Our pleasure on this occasion far exceeds that which we naturally feel when the Ruler of the Province condescends to visit our institution. For we have in your Honour not only a respected Ruler, but a patron who has for years shown his friendship and sympathy for our College. The time of your

M. A.-O. COLLEGE MAGAZINE.

This Magazine will contain articles on political, literary and other subjects of interest to the Muhammadan community. At least 24 pages of the Magazine will be in the Urdu language. Several Muhammadan gentlemen distinguished for their abilities and learning have promised to contribute towards the Urdu portion of the Magazine. It will also review books relating to Islam published in Europe and India. Translations will be published from Arabic papers printed in Egypt and Syria.

The Magazine is also the organ of the Educational Census, and will publish monthly reports of the progress of the work. It will likewise give the latest news of the Muhammadan Anglo-Oriental Defence Association of Upper India.

The Magazine will contain information of all sorts with regard to the M. A.-O. College. It will thus form a history of the College, both of its external relations and its internal life.

The Magazine will be ready also to publish short accounts of the progress of all Muhammadan Schools throughout India. Persons connected with such schools are invited to supply the Editor with information about them.

The annual subscription is Rs 3 including postage, and is payable strictly in advance. Ten numbers will be issued in the year. Subscribers should either send the subscription to the Manager, or allow him to send the first number by v. p. p. for Rs 3 or for Re. 1 As. 8 for half a year.

The Magazine will insert advertisements at the rate of 2 annas per line or Rs. 2 per page in Urdu.

THEODORE BECK,

English Editor,

MAULVI MUHAMMAD SHIBLI,

Urdu Editor.

NIAZ MUHAMMAD KHAN,

Manager.

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

New Series VOL. 2. | SEPT. 1, 1895. | No. 9.

CONTENTS.

(ENGLISH.)

SUBJECT. Page.

I. His Honour the Lieutenant Governor's visit to our College :— ... 341

(i) Address from the Trustees.

(ii) M. Beck's speech.

(iii) His Honour's reply.

II. Mr. Beck's speech in the Annual Meeting of the Duty. ... 350

URDU.

I. Education of Indian gentlemen in England (by Aftab Ahmed Khan) ... 355

II. Emperor Napoleon's conquest of Egypt by Mr. Arnold ... 367

III. Proceedings of the 4th Annual Meeting of the Duty ... 374

Printed at the Institute Press, Aligarh.
For Siddon's Union Club.

محمدن اینگلو اوریئینٹل کالج
میگزین

جلد ۲ | یکم ماہ اگست سنہ ۱۸۹۵ع | نمبر ۸

فہرست مضامین

انگریزی میں

مضمون — صفحہ

۱ — جناب پرنسپل صاحب کا لکچر اخلاق پر ... ۳۰۱
۲ — نینی تال میں ہمارا کرکٹ کا میچ ... ۳۰۷
۳ — علیگڈہ میں تھیٹر کی کمپنی ... ۳۰۸
۴ — کالج میگزین ... ۳۰۹
۵ — جناب مولوی چراغ علی صاحب مرحوم ... ۳۱۰
۶ — انگلستان میں الکشن اور ہندوستان ... ۳۱۱
۷ — برادر ہڈ اور ڈیوٹی ... ۳۱۲

اردو میں

۸ — امیر تیمور صاحب قران گیتی ستان (خان بہادر شمس العلما مولانا مولوی ذکاءالله صاحب) ... ۳۱۳
۹ — مکونکس اور مسلمان (شمس العلما مولانا مولوی شبلی صاحب نعمانی) ... ۳۲۶
۱۰ — بحیرہ بالٹک میں مسلمانوں کی ابتدائی تجارت مسٹر آرنلڈ (مترجمہ سلام الحق صاحب) ... ۳۳۲
۱۱ — رپورٹ تعلیمی مردم شماری ... ۳۴۷

علیگڈہ انسٹیٹیوٹ پریس میں محمد ممتاز الدین کے اہتمام سے چھپا

کالج میگزین

قریباً چار برس ہوئے کہ اس نام کا ایک علمی رسالہ انگریزی اور اردو ملا ہوا - علیگڈھ کالج سے نکلنا شروع ہوا - اول اول وہ علیگڈھ انسٹیٹیوٹ کا ضمیمہ بن کر نکلتا رہا — لیکن سنہ ۱۸۹۴ع میں اس نے ایک مستقل رسالہ کی صورت اختیار کی — اس کے مضامین زیادہ تر کالج کی خبروں اور اُس کے متعلقات پر محدود ہوتے تھے — اور اِس وجہ سے عام پبلک کو اس کے ساتھ چنداں دلچسپی نہ تھی *

اِس خیال سے اِس کے منتظموں نے اِس کو زیادہ وسعت دینی چاہی تاکہ وہ بالکل ایک علمی میگزین بن جائے جس میں کالج کی خبروں کے علاوہ - مسلمانوں کے علوم و فنون — تاریخ اور لٹریچر کے متعلق مفید اور پر زور مضامین لکھے جائیں - اِس غرض سے اِس کے ۲۴ صفحے بالکل اُردو کے لیئے مخصوص کردیئے گئے - اور اِس صیغہ کا اہتمام خاص میری سپردگی میں دیا گیا میں اِس رسالہ کے ترقی دینے میں حتی الامکان کوشش کرونگا *

ملک کے مشہور اہل قلم یعنی مولانا حالی - نواب محسن الملک - مولوی نذیر احمد — اور ماسٹر ذکاءاللہ — وغیرہ بزرگوں نے اِس میں مضامین لکھنے کا وعدہ کیا ہی — اور اہل قلم بھی اگر اِس کی اعانت فرمائینگے تو ہم نہایت فخر کے ساتھ قبول کرینگے *

ہم کو اُمید ہی کہ ہندوستان کی اِسلامی جماعت خریداری سے اِس کی اشاعت میں مدد دیگی — میگزین کے کل صفحات ۴۰ ہیں اور قیمت مع محصول ڈاک - ([illegible]) *

شبلی نعمانی — پروفیسر
مدرسۃ العلوم علیگڈھ

امیر تیمور صاحبقراں گیتی ستاں

امیر تیمور دنیا کے اُن چند اولوالعزم شہنشاہوں میں سے ہے کہ جنہوں نے ساری دنیا
کے فتح کا ارادہ کیا تھا اور فقط یہ ارادہ ہی نہیں کیا اُسکو کر کے دکھا دیا۔ تیمور کے نام کے ساتھ
جو گیتی ستاں لکھا جاتا ہے وہ صاحبقراں کی قافیہ بندی کے لیئے نہیں لکھا جاتا بلکہ وہ حقیقت
میں اس خطاب کا مستحق تھا۔ اگر اُس کی عمر چند سال اور وفا کرتی تو دنیا کا کوئی ملک اُس کے ہاتھ
سے نہ بچتا۔ اس لئے ہم اس کا حال بالاجمال لکھتے ہیں۔ امیر تیمور ایک عجیب پیکر بشر مظہر قدرت
آفریدگار و مصدر غرایب آثار و بدایع اطوار تھا۔ اس میں رنگ برنگ کے نیرنگ عجیب عجیب
نظر آتے تھے۔ شجاعت و دلاوری اس درجۂ کمال پر تھی کہ ابتداءِ عمر سے آخر عمر تک کسی ورطہ
و مہلکہ میں دہشت و خوف اُس کی خاطر کے پاس نہ آئے۔ اصابت رائے اس مرتبہ پر کہ
مدۃ العمر میں جو تدبیر اُس کے فکر و اندیشہ میں آئی وہ تقدیر کے موافق تھی۔ قہر و سیاست وہ
کہ خدا تعالےٰ کے اوصاف جلالی کا آئینہ۔ رقت قلب وہ کہ جسوقت پروردگار کا سپاس گذار
ہو تو آنکھوں سے آنسوؤں کا پانی رواں ہو جس میں دل اسکا شکر کی طرح گداز ہو۔ اولوالعزم
ایسا کہ اس نے یہ ارادہ کیا کہ مصر و افریقہ کو فتح کر کے دریائے نیل سے گذرے اور بحر اطلانطک

میں جائے اور آبنائے جبل طارق کی راہ سے یورپ میں آئے اور تمام یورپ کی سلطنتوں کو مطیع کرکے صحرا اور روس و تاتار کو طے کرکے پھر اپنے گھر میں آئے۔

سمرنا میں بیٹھ کر چین کی تسخیر کا منصوبہ باندھنا اس کی ہمت بلند کو بتاتا تھا کہ اس کی حد و نہایت نہ تھی۔ چین سے چنگیز خاں کی اولاد کی سلطنت کے جاتے رہنے کو وہ اپنی قوم کا ننگ جانتا تھا اور اُسکا انتظام لینا اپنے اوپر فرض سمجھتا تھا۔ وہ یہ جانتا تھا کہ میں نے اور میرے لشکر نے جو ہزاروں مسلمانوں کے قتل کرنے کا گناہ کبیرہ کیا ہے اسکا کفارہ چین کے کافروں کے قتل کرنے سے اور بت خانوں کو ڈھا کر اُن کی جگہ مسجدیں بنانے سے ہو جائیگا بحکم (ان الحسنات یذھبن السیئات) سبب آمرزش میرے اور میرے لشکر کے گناہوں کا ہوگا۔ اس کی ہیبت ایسی تھی کہ یورپ کی تمام عیسائی سلطنتیں اُس کے نام سے کانپتی تھیں وہ ان سب کو محکوم و مسلمان بنانا چاہتا تھا۔ بری قوت اُس کی انتہائے زمیں پر پہونچی ہوئی تھی۔ مگر بحری قوت اتنی بھی نہ تھی کہ یورپ اور ایشیا کے درمیان جو ایک سمندر چھوٹا سا ہے اُسپر تسلط ہو سکتا۔ بری سپاہ کا شمار نہ تھا اور بحری فوج نام کو نہ تھی۔ لاکھوں سوار پاس تھے مگر ایک بیڑا جہازوں کا جو جنگی سامان رکھتا ہو اُس کے پاس نہ تھا۔ اس لئے دریائے سیحون سے پار اپنی پرانی اور نئی رعیت کی فوج بری بھیجکر مغلوں اور قالموقوں کو مطیع کیا اور جنگل میں شہر اور چراخور آباد کیے۔ اور ایک نقشہ نہایت درست اور صحیح اُن ملکوں کا جواب تک معلوم نہ تھے ارطش سے لیکر دیوار چین تک بنوایا۔ اپنے ایام سلطنت چھتیس سال میں ولایت ماوراء النہر۔ خوارزم۔ ترکستان۔ خراسان۔ عراقین۔ آذربائجان۔ فارس۔ مازندران۔ کرمان۔ دیار بکر۔ خوزستان۔ مصر۔ شام۔ روم و ہند وغیرہ وغیرہ کو اس کشور کشا نے فتح کر لیا۔ ۷۸۹ھ میں اصفہان کے آدمیوں نے فتنہ و فساد برپا کیا اس لئے اُس شہر کو قتل عام کیا۔ وہاں سے

دار الملک فارس میں آیا۔ آل مظفر اُس کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ توقمش خاں کہ فرمانروا
دشت قپچاق کا تھا اور اُسی کا تربیت یافتہ تھا اُس نے مخالفت کی اور دو دفعہ لشکرکشی
اسپر ہوئی اور فتح ہوئی۔ دشت قپچاق کا طول ہزار فرسنگ اور عرض چھ سو فرسنگ تھا۔ اُسکی
سیر خود بہ نفس نفیس کی۔ اور فتنہ و فساد کے خس و خاشاک سے اُسکو پاک صاف کیا۔ ۷۹۵ھ
ہجری میں ایران میں دوبارہ جاکر شاہ منصور کو جو سرکش ہو گیا تھا شیراز میں قتل کیا۔ آل مظفر کو
پامال کیا۔ پھر بغداد کو فتح کیا۔ کئی دفعہ گرجستان میں آیا۔ ۸۰۱ھ ہجری میں دریائے سندھ
پر پل بنا کر عبور کیا۔ اور ہندوستان کو فتح کیا۔ ۸۰۳ھ ہجری میں شام کا ارادہ کیا اور حلب کو
فتح کیا۔ پھر وہاں سے دمشق پر فوج کشی کی اور امراء شام جو قید میں تھے اُنکو قتل کیا۔ دوسرے
سال روم کا ارادہ کیا۔ ۸۰۴ھ ہجری میں انگوزیہ میں معرکہ مصاف آراستہ ہوا اور ایلدرم
بایزید سلطان روم گرفتار ہو کر امیر تیمور کے سامنے آیا تو نہایت اسکا اعزاز کیا۔ وہاں سے
آذربائجان میں آیا۔ ڈیڑھ سال زابلستان کا انتظام کیا۔ سلطان مصر نے روپیہ اور اشرفیاں
پر امیر تیمور کے نام کا سکہ لگا کر اُس کی خدمت میں بھیجے اور اس حدود کی سب فرمانرواوں
نے اطاعت اختیار کی۔ حرمین شریفین اور اماکن شریفہ کے منابر پر اس کی فرمانروائی کا خطبہ
پڑھا گیا۔ ۸۰۶ھ میں فیروزکوہ میں وہ آیا اور یہاں فتح حاصل کر کے خراسان میں گیا اور ۸۰۶ھ
میں نیشاپور کی راہ سے ماوراءالنہر میں آیا اور وطن مالوف میں امیرزادہ الغ بیگ۔ امیرزادہ ابراہیم
سلطان۔ امیرزادہ اجل۔ عمر شیخ۔ امیرزادہ احمد بایقرا کی شادیوں کا جشن عظیم فرمایا جسکو
اس زمانے کا چکاگو کی دنیا کی نمایش گاہ کہنا چاہیے جس میں ہر ملک کے آدمی اور چیزیں موجود
تھیں۔ اس جشن عظیم کا مقام کان گل مقرر ہوا جس کی بلندی و پستی و صحرا و دشت کی زمین میں
سبزی اور سبزی میں گلکاری اُگائی گئی اور خس و خاشاک کے بجائے لالہ و گل لگائے گئے

کہ جس نے کان گل کو حقیقت میں کانِ گُل بنا دیا۔ پھر اس زمین میں آسمانی خیموں کا شہر بسایا گیا۔ بادشاہ کے واسطے چار سراپردے اور شاہزادوں اور امرا کے واسطے دو سو خیمہ وخرگاہ لگائے گئے جن کے سایہ میں دس ہزار آدمی بیٹھ سکتے تھے۔ ہر شاہزادہ و امیر کے واسطے ایک ایک بارگاہ و خیمہ وخرگاہ تھا۔ یہ خیمے ریشمین طنابوں سے تانے گئے سراپردہ خاص زردوزی تھا اور اُس میں موتی اور جواہر لگے ہوئے تھے بارہ پائے اس کے امرا، اور شاہزادوں کے لیئے اپنے اپنے مرتبہ کے موجب بیٹھنے کے لیئے بنائے گئے تھے مخمل اور سقرلاط سے منڈھے گئے تھے اور خیموں کے ستون ایسے منقش تھے کہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ ایک باغ کو بغل میں دبائے ہوئے ہیں۔ بعض خیمے سونے چاندی کے استادوں پر استادہ تھے۔ بعض کے ستون سیم خام کے معلوم ہوتے تھے۔ اُن کے اندر فرش وہ طرح طرح کے گلدار بچھے ہوئے تھے کہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ فصل بہار کی چاندنی بچھی ہوئی ہے۔ بادشاہ نے سب شاہزادوں کو سوا مرزا شاہرخ کے اس جشن میں شریک ہونے کو بلایا۔ خاص و عام کو اس میں شریک ہونے کی صلاء عام دیدی۔ چاروں طرف خبر بھیجدی کہ حکام و سرداروا عیان وکل اشراف اس جشن میں شریک ہوں۔ دنیا کا کوئی ملک یا شہر باقی نہ رہا ہوگا جہاں کا آدمی یہاں نہ آیا ہوگا۔ چین۔ سقلاب۔ ہند و روم۔ ایران توران۔ زابلستان و مازندران۔ خراسان۔ فارس۔ بغداد۔ شام سے آدمی آئے تھے۔ شاہ مصر کا سفیر موجود تھا اور نقد وجواہر و قمشہ کے سوا زرافہ اور شتر مرغ کہ صنعت آفریدگار کے عجیب نمونے ہیں نذر کے لیئے لایا تھا ترکستان کا امیر یہاں موجود تھا۔ امرا نامدار و سرداران ذی مقدار۔ بزرگان و پہلوانان لشکر و امیران سپاہ۔ اور سپاہی و شہری۔ خرد و بزرگ۔ آسودہ حال بے اندوہ و ملال شاداں و خرم چاروں طرف سے آنکر جمع ہوئے۔ ہر اہل پیشہ و حرفہ نے اپنا اپنا جدا بازا لگایا تھا اور

درباہمی صنائع وبدائع سے ایک کامل نمایش گاہ کو دکھایا تھا۔ عمدہ صنعتیں اور انوکھی دستکاریاں
در طرح طرح کے اختراع سے جادو کا کام اور اچنبھے کا تماشا بنایا تھا۔ ہر اہل پیشہ نے اپنے
اندیشہ کے موافق اپنی دکان کو بطرز لطیف زیب دی تھی۔ جوہریوں نے جوہری بازار لگایا
جس کو یاقوت رمانی۔ لعل ناب۔ سفتہ و ناسفتہ درخوشاب سے ایسا سجایا تھا کہ وہاں بلور و مرجان
و شیب پر کوئی نظر بھی نہیں ڈالتا تھا۔ زرگروں نے اپنی دکانوں کو زیوروں سے دلہن بنا
رکھا تھا۔ بزازوں نے دیبا و استبرق۔ پرنیاں و حریر سے گلزار بنایا تھا۔ ندافوں نے مرغ
بابال و پر بنائے۔ مینار دھنکی ہوئی روئی اور نے سے ایسے بنائے جیسے خشت و گل سے
بنتے ہیں۔ سر سے پاؤں تک اُن پر نقش و نگار بنائے اور اُن کے اوپر لگ لگ بنائے۔
چرم گروں نے اپنے دست ہنر سے یہ ذوفنونی دکھائی کہ ایک شتر پر دو ہودج بنائے اور
ہر ایک میں ایک پتلی اور پتلی کے ہاتھ میں ایک پوست تھا جس سے وہ پوست بازی اور پاکوبی
کرتی تھی۔ بوریا بافوں نے یہ عجیب تماشا دکھلایا کہ بوریوں میں خطوط کوفی و معقلی کی عبارتیں لکھ
کر خوشنویسوں کے قطعات کو مات کیا تھا۔ بازیگروں نے اپنی ریسمان تا نگر آسمان پر پہنچائیں
اور اُن پر چڑھ کر ماہ و مہر کا تماشا دکھایا۔ قصابوں نے یہ طلسم دکھایا کہ گوسفند کو صنعت سے آدمی
کی صورت بنا کر لاتے اور اُس کا پوست اُتار لیتے۔ بکریوں کے سینگوں پر سونے کی
سنگوٹیاں چڑھالتے اور برابر آگے پیچھے نچاتے ہوئے لاتے۔ پوستین دوزوں نے
پوستینوں کو وہ آرایش دی تھی کہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ سارے جنگل کے جانور لومڑی۔ بھیڑا۔
بھیڑیا۔ پلنگ و شتر زندہ کھڑے ہیں۔ صورت میں دو نظر آتے آتے معنی میں بری تھے۔ چوب
و نے و ریسمان و پلاس کے اونٹ بنائے تھے۔ میوہ فروشوں نے فواکہ کو عجیب دلفریب
زیب سے چُنا تھا کہ ایک باغ لگا ہوا معلوم ہوتا تھا۔ اور اُن کی خوشبو سے دماغ معطر ہوتا تھا

ارباب طرب و اہل نشاط نے تو خیمہ گاہ کو اِندر کا اکھاڑا بنا رکھا تھا۔ پریروا اپنا کمال دکھاتے تھے کہ ناچتے ناچتے اپنے رنگ ایسے بدلتے تھے کہ کبھی ہاتھی اور کبھی گوسفند بنجاتے تھے کھانا پکانے میں جنگل کی لکڑیاں تمام ہوگئیں۔ گوشت کے مینار لگے تھے۔ طرح طرح کے کھانے جان پرور۔ لذیذ۔ لطیف و معطر پکتے تھے۔ شرابوں میں قوس قزح کی طرح کے سب رنگ موجود تھے۔ صاحبقراں نے فرمان صادر کیا تھا کہ ان ایام سور شادی و عیش میں کسی پر تعدی و قہر و طیش نہ کیا جاوے۔ کسی تیرہ روز یا نیکبخت سے سخت زبانی نہ کیجاوے۔ کسی کا مگار و مبتلا سے چون و چرا نہو۔ کوئی کچھ بھی نیک و بد کام کرے اُسپر طعن نہ کیا جاوے۔ کسی کام پر گوشمالی نہ کیجاوے غرض اس شادی کی چہل پہل اور عیش و عشرت کی ریل پیل میں قانون تعزیرات معطل تھا۔

اس وقت بادشاہ کے دسترخوان پر تمام سلطنتوں اور قوموں کے اُمرا کھانا کھاتے تھے۔ یورپ کی سلطنتوں کے سفیر بھی اس دعوت میں داخل ہوئے تھے۔ اس زمانے میں یورپ کو مسلمان اپنے غرور کے سبب سے ایسی نظر حقارت سے دیکھتے تھے کہ یہ لکھا ہے کہ جیسے سمندر میں جھینگا مچھلیاں بھی داخل ہوتی ہیں اسی طرح یہ سفیر بھی اس دعوت عظیم میں شریک ہوئے تھے۔

اول بادشاہ نے اختر شناسوں سے مبارک ساعت اور سبھ لگن نکاح کے لیئے دریافت کی۔ بعد مقدمات عقد کے تصحیح کی شیخ شمس الدین محمد فرغزی نے خطبۂ نکاح پڑھایا۔ اور ملت حنفی کے موافق نکاح ہوا۔ بے شمار در و گوہر نثار ہوئے۔ حضرت صاحبقراں نے جشن گاہ میں تخت پر جلوس کیا۔ اور شان و شکوہ میں جاہ و جلال کا جلوہ دکھایا۔ شاہزادے و امیر و سادات و امام و ایلچی جو چار و نطرف سے آئے تھے ان میں سے ہر ایک اپنے مرتبہ کے موافق سراپردے کے بارہ پایوں پر بیٹھے۔ نذریں گذریں خلعت دیئے گئے۔ پھر رقص و سرود اور می

ورود کی مجلسیں منعقد ہوئیں۔ خوب جشن اُڑے۔ نوشاہ شہزادے رسم معہود کے موافق لباس بدلتے تھے اور ہر دفعہ لباس بدلنے پر سیم و زر و لعل و یاقوت و گہر نثار ہوتے تھے۔ جشن گاہ میں دو مہینے تک شاہ و سپاہ نے خوب عیش اڑائے۔ سلطنت کے حاصل کرنے میں جو پچاس سال امیر تیمور کے گذرے تھے اُن میں صرف یہی دو مہینے عیش و نشاط میں بسر ہوئے۔ جب اس جشن شادی سے فراغت ہوئی تو تیمور پھر مصالح ملک، ملت و نظم امور جمہور میں مصروف ہوا اور حکم عام صادر ہوا کہ امر معروف اور نہی منکر میں سعی بلیغ کیجاوے اور پھر کوئی شراب نہ پیئے۔

جشن سے فراغت پاکر چین و خطا کی طرف لوا عزم کو بلند کیا۔ اُمرائے عرض کیا کہ کل دو لاکھ پیادہ و سوار تیار ہیں جو اعدائے دولت پر بلائے خدا ہیں۔ آپکے پرتل اور بنگاہ اور سامان جنگ پانچسو بڑے بڑے چھکڑوں اور گھوڑوں اور اونٹوں اور جانوروں پر رواں ہوتا ہے۔

سمرقند سے پیکن تک چھ مہینے میں کاروان جاتا ہے اس لشکر عظیم کو اور زیادہ عرصہ اس سفر میں لگے گا۔ موسم ایسا تھا کہ سردی کی شدت اور برف و باراں کی کثرت تھی۔ دریائے سیحون جم گیا تھا اور ڈیڑھ دو گز یخ کھودنے کے بعد پانی نکلتا تھا۔ اسپر گاڑی چھکڑے سوار و پیادے سب بے تکلف چلتے تھے۔ امیر صاحبقراں نے نہ اپنی ستر برس کی عمر پر نہ موسم کی سختی پر خیال کیا گھوڑے پر سوار ہوکر ڈھائی سو (۲۰۰ میل) اپنی دارالسلطنت سے سفر کرکے اترار کے قریب خیمہ ڈالا جہاں حضرت عزرائیل اس کے منتظر بیٹھے تھے۔ اس سفر کی تکان اور برف کے ٹھنڈے پانی نے بخار کو زیادہ کر دیا۔ ملک و سپاہ مال و گنج نے مرض کے رنج کو دفع نہ کیا۔ جب بیماری سے مزاج زبوں ہوا تو تخت و تاج کچھ کام نہ آیا۔ اس حال میں بھی قوائے دماغی اُس کے اول سے آخر تک سلامت رہے۔ جب اسے صائب سمجھا کہ مرض قابل علاج نہیں ہے۔ تو خواتین اور خواص امرا کو بلاکر فرمایا کہ اب میں تم سے رخصت ہوتا ہوں اور تم سب کو خدا کے حوالے کرتا ہو

میرے لئے نوحہ وزاری اصلا نہ کرنا میری آمرزش کی دعا خدا سے کرنا۔ مجھے یقین ہے گو میرے گناہ بے شمار ہیں مگر خدا سے امید بخشایش ہے۔ اب پیر محمد جہانگیر کو ولی عہد و قائم مقام اپنا کرتا ہوں۔ سمرقند کے تخت پر وہ فرماں روا ہوگا۔ سب امرا سے قسم لی کہ اس کی مخالفت نہ کرینگے اسی حال میں مرض کی اور شدت ہوئی۔ سرہانے قرآن خوانی ہو رہی تھی۔ کلمہ توحید زباں پر تھا کہ روح نے پرواز کی۔ یہ واقعہ جہاں سوز ۱۷ شعبان روز چہارشنبہ کو بوقت شب ۸۰۷ھ میں واقع ہوا۔ وفات کی مختلف تاریخیں کہی گئیں اُن میں سے ایک یہ ہے۔

رباعی

سلطان تیمور آنکہ چرخ را دل خوں کرد   دز خون عدو روئے زمیں گلگوں کرد

در ہفدہ شعبان سوئے علیین تافت   فی الحال ز رضواں سرو پا بروں کرد

"وداع شہریارے" بھی تاریخ ہے۔ اکہتر برس کی عمر جس کے عدد الم کہ صدر اعظم قرآن شریف ہے مطابق تھی۔ سمرقند کو اس کی نعش روانہ ہوئی۔ ۲۲۔ شعبان کو اپنے قبہ مرقد میں دفن ہوئی۔ مدت سلطنت چھتیس سال تھی۔ یہ عدد ان تین حرفوں۔ ا۔ ل۔ ہ۔ کے موافق ہیں جنسے کلمہ (لا الٰہ الا اللہ) مرتب ہوتا ہے اور چھتیس آدمی اس کی اولاد میں وفات کے وقت موجود تھے۔ اس کے ساتھ ہی چین کی فتح کا ارادہ ہی گیا۔ لشکر پراگندہ ہوگیا۔ غرض چین بچگیا اور اس کے مرنے کے پندرہ برس بعد اس کی اولاد نے ایک خط دوستانہ بیکن کو خاقان چین کے پاس بھیجا۔

امیر تیمور کی شہرت تمام مغرب و مشرق میں پھیلی۔ اس کی اولاد میں سلطنت عظیم قرنوں تک رہی۔ اس کی رعایا نے اسکی تعظیم و تکریم ایسی کی جیسے کہ کسی معبود کی ہوتی ہے۔ اس کو بعض نے الوہیت کے درجہ پر پہنچایا۔ اور اس کی عدالت کو ضرب المثل بنایا۔ اس کے سخت سے

سخت دشمن جنہوں نے اُسکو راس الفساق کا خطاب دیا اور یہ کہا کہ امیر تیمور جیسے شریر اور پرتدی بشر دنیا میں کم پیدا ہوئے ہیں وہ بھی اُسکی مدح و ثنا کرنے پر مجبور تھے۔ اگرچہ پاؤں میں لنگ تھا لیکن صورت میں وجاہت تھی اور دبدبہ شاہانہ اُس کی صورت سے برستا تھا۔ قد و قامت موزوں اور اعضا میں تناسب تھا۔ جسم شہ زور تھا۔ ورزش کی عادت تھی۔ غذا میں اعتدال رکھتا تھا۔ معمولی گفتگو میں شیریں کلام تھا گو عربی زبان نہ جانتا تھا مگر ترکی اور فارسی زبان نہایت فصاحت اور بلاغت سے بولتا تھا علما سے گفتگو کا شوق تھا۔ زیادہ تر علوم اور تاریخ کی باتیں اُنسے کیا کرتا تھا۔ فرصت کے گھنٹوں میں شطرنج کھیلا کرتا تھا۔ اور اس میں نئی نئی باتیں اختراع کرتا تھا جس سے معلوم نہیں کہ شطرنج کی ترقی ہوئی یا تنزل۔ متشرع مسلمان تھا اور حرارت مذہبی شدت سے رکھتا تھا۔ توہمات۔ شگونوں۔ فالوں۔ خواب کی تعبیروں۔ ولیوں نجومیوں۔ پیشین گویوں کا قائل تھا۔ اور ان پر اعتقاد رکھتا تھا مگر یہ امر مشتبہ ہے کہ ایسا دانشمند ایسی باتوں کا کب معتقد ہو سکتا ہے۔ یہ فقط اُس کی عاقلانہ پولیسی عوام الناس کے گرویدہ رکھنے کے لئے تھی۔ وہ اس اپنی وسیع سلطنت میں مطلق العنان تھا نہ کسی دشمن کا مقدور تھا کہ اُس کے حکم سے سرتابی کر سکے نہ کسی دوست کی یہ طاقت تھی کہ جسکو وہ عزیز رکھتا ہو اُس سے برگشتہ کرا دے۔ نہ کسی وزیر کا حوصلہ تھا کہ اُس کی رائے کو کسی امر سے پھیر دے۔ یہ اُسکا ایک مستقل مقولہ تھا کہ بادشاہ کے حکم پر خواہ اُسکا نتیجہ کچھ ہی ہو چوں و چرا نہیں ہونی چاہیئے اور وہ منسوخ نہیں ہونا چاہیئے۔ مگر اس کے دشمن کہتے ہیں کہ اس مقولہ کے موافق فقط تعزیری احکام پر عمل ہوتا تھا۔ مگر رحم و شفقت اور مرحمت کے احکام پر اسکا چنداں عمل نہ تھا۔ اس کی اولاد اور اولاد کی اولاد نہایت مطیع و منقاد اس کی تھی جب اُن میں سے کوئی اپنے فرض سے انحراف کرتا تھا تو اُسکو سزائیں تورۂ چنگیز خانی کے موافق دیتا تھا یعنی پیروں پر لکڑیاں مارے

جاتی تھیں اور پھر بدستور اپنے عہدے پر بحال کر دیا جاتا تھا۔ وہ ملنسار و یار باش تھا۔ دوستوں پر نوازش کرتا تھا۔ دشمنوں کے قصور معاف کرتا۔ تمام قواعد اخلاق عوام کی اغراض پر مبنی ہوتے ہیں۔ بادشاہ کی دانائی جب ہی تعریف کے لائق ہوتی ہے کہ وہ فیاضی اور سخی ایسا ہو کہ خود مفلس نہ ہو جائے اور منصف ایسا ہو کہ اپنے انصاف سے وہ خود قوی اور متمول ہو جائے۔ فرمانروائی اور فرمانبری میں ایک اندازہ موزوں قائم کرے۔ مغرور و سرکش کو سرزنش کرے ضعیف کی حمایت کرے مستحق کو انعام دے۔ اپنی مملکت سے ستی و بدی کو دور کرے۔ مسافر۔ غربا و تجار کے لیے امن و عافیت پیدا کرے۔ سپاہ کو غارتگری سے روکے مزارعین کی محنت پر ہمت بلند ہوائے اور متساوی اور معتدل جمع انپر مقرر کرے۔ ٹیکسوں کے بڑھانے کے بغیر آمدنی ملک کی افزائش کرے۔ یہ سب باتیں بادشاہ کے فرایض میں داخل ہیں۔ ان فرایض کے ادا کرنے کا معاوضہ اسکو ملتا ہے اب دیکھنا چاہیئے کہ ان فرائض میں سے امیر تیمور نے کونسے فرائض ادا کیئے۔

جب صاحبقراں کی سلطنت کا آغاز ہوا ہے تو ایشیا میں ملوک طوائف اور حکام مختلف کا استیلا و تسلط تھا۔ اور یہ حال سالہا سال سے ہو رہا تھا۔ والیان اور فرمانروایان ملک کی مخالفت اور منازعت سے ملک و شہر تباہ حال ہو رہے تھے۔ ایک دوسرے کو کھائے جاتا تھا۔ راستوں میں کہیں امن و امان نہ تھا۔ راہزن راہوں کو لوٹتے تھے۔ بدکردار شہروں پر دست درازیاں کرتے تھے۔ غرض مزاج عالم اعتدال سے باہر تھا۔ ظاہر ہے کہ پیکر انسانی کے دارالخلافہ پر کہ تمام عالم کا نسخہ ہے جب مواد فاسد غالب ہوا اور مزاج صحت و سلامت کی راہ سے منحرف ہوا تو بغیر قوی تنقیہ کے کہ مادہ مرض کو دفع کرے علاج پذیر نہیں ہوتا۔ اور جب یہ مواد فاسد دفعتہً دفع ہوتا ہے تو اُس کے ساتھ ضرور مادہ صالح بھی تحلیل ہوتا ہے۔ پس جب حکیم قادر کا یہ ارادہ ہوا کہ مزاج عالم صاحب قراں کے قہر و لطف کے تلخ و شیریں سے اصلاح پاوے اور اعتدال پر آئے

نے تہوڑی مدت میں ممالک گیہان کو سخر کیا اور گردن کشوں اور جابروں کی سلطنتوں کو چہین لیا اور اپنے عدل واحسان سے یہ امن وامان قائم کیا کہ اگر کوئی شخص یا لڑکا ایک طشت سونے یا چاندی کا بہرا ہوا مشرق سے مغرب کو لیجاوے تو کوئی چور یا شریر اُسکو آسیب نہیں پہونچا سکتا تہا۔

شعر

گرچہ از مشرق بمغرب طشت زر تنہا برد　　　کس نیارد تیز در خورشید دیدار عدل او

اس حالت میں بہت سے ہولناک امر بہی صادر ہوئے قتل۔ غارت۔ قید۔ تاراج۔ یہ باتیں جہانگیری کے لیئے ناگزیر ہیں۔ یعنے جو تیمور نے ہولناک کام کیئے انکا عذر معقول ملکوں کی حالتیں کر رہی ہیں۔ ان چار باتوں پر جو پیچہے بیان کیجاتی ہیں اگر ہم غور کریں تو یہ معلوم ہوگا کہ تیمور انسان پر احسان کرنے والا ایسا نہ تہا جیسا اُسکو خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیئے کوڑا تہا یعنی انسان کا محسن نہ تہا بلکہ اُس کے لیئے تازیانہ تہا۔ اول بعض خاص بدظمیوں اور مقامی ظلموں کا علاج امیر تیمور کی تلوار نے کیا مگر یہ علاج مرض سے زیادہ موذی نکلا۔ مثلاً ایران میں چہوٹے چہوٹے حاکم ظالم جابر قاہر ہوتے تہے اور غارتگری اور بدنظمی سے رعایا کو ستاتے تہے۔ مگر اس سے ان کی کل قومیں برباد و پامال نہ ہوتی تہیں۔ لیکن ان حضرت مصلح ملکی کے ہاتہ سے وہ بالکل مستاصل ہوگئیں۔ وہ سرسبز و شاداب زمینیں جن میں شہر آباد تہے اب اُن میں اہل شہر کے سروں کے ستون اور مینار ہیں فتوحات تیموری کی یادگاریں قائم ہوئیں۔ تیمور کی آنکہوں کے سامنے اس کی سپاہ نے۔ استراخان۔ خوارزم۔ دہلی۔ اصفہان۔ بغداد۔ حلب۔ دمشق بصرہ۔ سمرنا۔ اور ہزاروں شہروں کو تاخت وتاراج کیا یا جلا دیا یا بیخ بنیاد سے اکہیڑ کر پہینک۔ اگر کوئی ناصح یا حکیم جرأت کرکے امیر تیمور کو ان آدمیوں کی تعداد بتلاتا کہ جو امن اور انتظام کے قائم کرنے میں قتل ہوئے ہیں تو ضرور اُسکا دل لرز جاتا تہا۔

دوم جن جنگہائے عظیم میں اسنے ملکوں کو فتح کیا انپر قبضہ رکہنے اور سلطنت و حکومت کرنے کا بہت تہوڑا خیال کیا۔ ترکستان قبچاق۔ روس۔ ہندوستان۔ شام۔ اناطولیا۔ (ارض روم) آرمینیا۔ جارجیہ۔ پر حملے کیئے اور انکو فتح کیا مگر ان دور دراز کے ملکو نپر قبضہ رکہنے اور حکومت کرنے کی تمنا نہ کی۔ ان ملکوں سے غنائم کو لیکر کوچ کیا اور نہ اپنے پیچہے ان میں سپاہ چہوڑی کہ وہ متمرد رعایا کی تنبیہ و گوشمالی کرتی اور نہ کوئی منتظم اور ضابط مجسٹریٹ چہوڑا کہ وہ مطیع رعایا کی حمایت کرتا۔ پہلے انتظام کو خاک میں ملا دیا اور اس کے حملے سے جو پہلی برائیاں بڑہ گئیں یا نئی پیدا ہو گئیں انکا کچہہ علاج نہ کیا یعنی برائیوں کا معاوضہ بہلائیوں سے نہیں کیا۔ سوم ماوراء النہر اور ایران کے مہذب اور شایستہ بنانے اور نظم و نسق کرنے میں غرض ہر طرح سے اسکو آراستہ و پیراستہ کرنے میں امیر تیمور نے دل و جان سے کوشش کی اور ساری ہمت صرف کی۔ مگر جب کہیں دور دراز ملک میں دریائے والگا یا گنگا کے کناروں پڑا ہوا جاتا تو اس کے حسن انتظام میں ہمیشہ خلل پڑتا اور اس کے ملازم اپنے آقا یہاں تک کہ بیٹے باپ کو اور اپنے فرائض کو بہول جاتے۔ گو وہ حسن انتظام کے قائم کرنے کے لیئے تحقیقات کرتا اور مفسدوں کو سزا دیتا مگر جو مضرتیں بدانتظامی سے ہو جاتی تہیں ان کی مکافات ان سزاؤں اور تحقیقاتوں سے نہ ہوتی تہیں۔ مگر اس سے یہ بات تو معلوم ہوتی ہے کہ امیر تیمور کے دماغ عالی میں گورنمنٹ کے کمال کا وسیع خیال موجود تہا اور وہ خوب سمجہتا تہا کہ کامل گورنمنٹ کے کیا معنی ہیں۔

چہارم۔ امیر تیمور کی سلطنت اور گورنمنٹ میں جو خوبیاں اور برکتیں تہیں وہ اس کی ذات ہی کے ساتہہ بخار بن کر اڑ گئیں۔ اس کی اولاد اور اولاد کی اولاد آپس میں عناد رکہتی تہی اور خلق میں فساد اٹہاتی تہی۔ ان کی بلند ہمتی کا اقتضا یہی تہا کہ وہ اپنے نام پر سلطنت رکہنی

چاہتے تھے مگر خود حکومت کرنے کا شوق نہ رکھتے تھے۔ امیر تیمور کے چھوٹے بیٹے مرزا شاہرخ نے سلطنت کے ایک ٹکڑے کو ماوراالنہر میں کچھ دنوں بافر دشکوہ رکھا مگر اُس کے مرنے کے بعد اس سلطنت پر تاریکی چھا گئی اور خوں ریزی نے اپنا رنگ دکھایا۔ ایک صدی پوری نہ ہونے پائی تھی کہ ماوراالنہر اور ایران کو ازبک اور ترکمان سیاہ وسفید میشی نے پامال کیا اور تیمور کی اولاد کی سلطنت کا نام باقی نہ رہا نسل تیموری کا خاتمہ ہو چکا تھا اگر اُس کی پانچویں نسل میں ایک ہیرو۔ ازبک سے بھاگ کر ہندوستان کے فتح کرنے کے مقصد سے نہ چلا آتا۔ اس کے قائم مقاموں نے جو سلاطین مغلیہ کہلاتے ہیں اپنی حکومت اور تسلط کو ہمارے ملک میں راس کماری سے لیکر کشمیر تک اور قندہار سے خلیج بنگالہ تک پھیلا دیا۔ اورنگ زیب کے عہد سے اس سلطنت میں بھی تنزل شروع ہوا۔ ایک ایرانی ملک میں آیا اور دہلی کے خزانوں کو لوٹ کرلے گیا۔ پھر انگلستان کے تاجروں کی کمپنی نے آنکر تو اسکا نام و نشان بھی مٹا دیا۔

امیر تیمور نے ایک کتاب بہت صاف صاف ترکی زبان میں لکھی ہے جس سے اُس کی کمال درجہ کی لیاقت فرمانروائی اور سلطنت کرنے کی معلوم ہوتی ہے۔ جن کو یہ شبہہ پڑا ہے کہ یہ کتاب کسی اور نے لکھی ہے یا اُس نے اپنے حکم سے لکھوائی ہے غلط معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ جو حال تیمور کے اُس میں لکھے ہیں اُنکا کسی اور کے قلم سے نکلنا مشکل ہی۔ اُس نے بعض باتیں اپنی سادہ لوحی کی ایسی لکھی ہیں کہ کوئی اور نہیں لکھ سکتا۔ بعض انگریزی مورخ لکھتے ہیں کہ اس میں ایسی باتیں بنا بنا کے لکھی گئی ہیں کہ چیونٹی کے پاؤں تلے آنے سے کلیجہ دکھ جاتا ہے۔ بھلا جس ترک خونخوار نے شہر کے شہر ملک کے ملک بے چراغ کر دے ہوں وہ اگر بدھ کا اوتار بھی بنکر دنیا میں آوے تو بھی اُسکا کلیجہ چیونٹی کے پاؤں تلے آنے

نہ ملیگا۔ غرض تیمور کی کوئی مدح کرکے خواہ اُلوہیت کے درجہ پر پہنچائے یا ہجو کرکے اسکو راس الفساق ٹھیرائے۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ وہ دنیا کے چند مستثنے ناموشہنشاہوں اور سپہ سالاروں میں سے ایک قاعدہ ہے کہ اس قسم کے ناموروں کے اعمال اور اخلاق کی میزان میں ایک پلڑے میں حسنات اور دوسرے میں سیات چڑھائے جاتے ہیں کوئی اس پلڑے کو جھکاتا ہے کوئی اُس پلڑے کو اور کوئی دونوں کو برابر رکھتا۔ اصل حقیقت معلوم نہیں۔

خان بہادر شمس العلما مولوی ذکاء اللہ صاحب

مکینکس اور مسلمان

مکینکس یونانی لفظ ہے۔ انگریزی میں یہی لفظ مشین بنگیا ہے۔ جسکو ہماری زبان میں کَل سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ یہ فن آج کل اگرچہ بے انتہا ترقی کرگیا ہے۔ لیکن اسکا وجود بہت قدیم زمانے سے ہے۔ یونان میں وہ علمی حیثیت سے حاصل کیا جاتا تھا اور مسلمانوں نے جب یونان کے علوم و فنون سیکھے تو صرف علم پر قناعت نہیں کی بلکہ اس فن سے عملی کام بھی لیئے۔ عربی زبان میں اسکا نام علم الحرکات ہے لیکن یونان کا اصلی لفظ بھی صورت بدلکر مستعمل ہے لفظ منجنیق جو عربی و فارسی میں کثرت سے مستعمل ہے اور جس کے اشتقاق کے بیان میں ہمارے علمائے لغت نے سخت غلطیاں کی ہیں دراصل وہی یونانی لفظ مکانک کا معرب ہے۔ البتہ اسقدر فرق ہے کہ منجنیق کا استعمال اب عام حیثیت سے نہیں رہا بلکہ ایک خاص آلہ کا نام رکھدیا گیا ہے

مسلمانوں میں اس فن کی ابتدا اسوقت سے ہوئی جب دولت عباسیہ میں یونانی تصنیفات ترجمہ ہونی شروع ہوئیں۔ چنانچہ اور علوم و فنون کیساتھ اس فن کی بھی تمام کتابوں کا ترجمہ ہوگیا۔ ان میں سے ہمکو جن کتابوں کے نام معلوم ہوسکے اُنکی تفصیل ذیل میں ہے۔

کتاب عمل آلاۃ التی تطرح البنادق تصنیف ارشمیدس۔ کتاب الدوایر والدوائب تصنیف ہرقل نجار۔ کتاب فی الاشیا المتحرکۃ من ذاتہا تصنیف ایرن۔ کتاب آلۃ الزمر البوقی۔ کتاب آلۃ الزمر الرحی۔ کتاب الدوالیب تصنیف مارطس۔ کتاب الارغنون[1]۔ کتاب ایرن فی الجر الثقیل۔

ان کتابوں میں سے اوّل اور آخر کتاب۔ آج بھی لندن کے کتب خانہ برٹش میوزیم میں موجود ہے۔ پہلی کتاب میں تصویریں بھی بنی ہوئی ہیں[2]۔ یونانی تصنیفات سے مطلع ہوکر مسلمانوں نے خود اس فن میں نئی نئی باتیں اختراع کیں اور مستقل وجدید کتابیں لکھیں۔ بنو موسیٰ نے جو مامون کے دربار کے مشہور فلاسفر تھے اس فن میں جو کتاب لکھی اور جسکا نام غلطی سے کتاب الحیل مشہور ہوگیا۔ نہایت محققانہ اور ایجادانہ کتاب ہے۔ مورخ ابن الندیم نے لکھا ہے کہ اس کتاب میں کئی طرح کے مکانکل عمل کا بیان ہے مورخ ابن خلکان نے جو ساتویں صدی ہجری میں موجود تھا۔ لکھا ہے کہ میں نے اس کتاب کو پڑھا ہے اس میں عجیب عجیب نادر باتیں ہیں اور اس فن کی تمام کتابوں سے افضل ہے پروفیسر سیدیو S e Dillat جو فرانس کا مشہور مصنف ہے اپنی کتاب

---

[1] دیکھو کتاب الفہرست مطبوعہ یورپ صفحہ ۲۸۵ - ۱۲ [2] دیکھو فہرست کتب عربی موجودہ کتب خانہ برٹش میوزیم بزبان لاطین صفحہ ۶۱۹ - ۱۲ [3] کتاب الفہرست صفحہ ۲۸۵ - ۱۲ -

HISTOIRE GENERALE DES ARABES (صفحہ ۹ ۴ ۲۔ جلد دوم) میں لکھتا ہے

کہ "ہم کو اس بات کے بیان کرنے کی ضرورت نہیں کہ مسلمانوں کے عہد میں مکینکس کا فن

کمال کی کس حد تک پہنچگیا تھا"

پروفیسر لیبان فرانسیسی CUSTAVE LEBON اپنی کتاب LA CIVILISATION

DES ARABES میں لکھتا ہے کہ "عربوں کو مکینکس کی اور خصوصاً علم مکینکس کی بہت واقفیت

حاصل تھی۔ وہ آلات جو ان کے بنائے ہوئے آج بھی ہم کو مل سکتے ہیں اور وہ واقعات جو

انکے متعلق قدیم مورخوں نے لکھے ہیں اُن سے عربوں کی لیاقت کا ایک بلند خیال پیدا

ہوتا ہے۔ یہ امر یقینی ہے کہ عرب کے پاس پنڈلم (لنگر) والی گھڑیاں تھیں جو پانی کے

گھڑیوں سے بالکل مختلف تھیں۔ یہ بات اُن بیانات سے جو چند مصنفوں نے لکھے ہیں

ثابت ہوتی ہے خصوصاً طالیدو TADELA کی بنجمن صاحب BENJAMIN

کے بیان سے جو بارہویں صدی عیسوی میں فلسطین گیا تھا اور جس نے دمشق کی مسجد کی

گھڑی کا حال لکھا ہے۔"

سب سے پہلی ایجاد اس فن کے متعلق جو بیان کی جاتی ہے وہ وہ گھڑی ہے جو

ہرون الرشید نے شارلمین شہنشاہ فرانس کو بھیجی تھی۔ یورپ کے اکثر مورخوں

نے اسکا ذکر کیا ہے۔ اور پروفیسر سیدیو نے مکانکس کی ترقی کے ثبوت میں اسی

گھڑی کا نام لیا ہے۔ ان مورخوں کا بیان ہے کہ اس گھڑی میں چھوٹے چھوٹے بارہ

دروازے تھے۔ ہر گھنٹے کے گذرنے پر گھنٹوں کی تعداد کے موافق دروازے کھلتے تھے

اور اسی تعداد کے موافق تانبے کی گولیاں ایک آہنی توے پر گر کر آواز دیتی تھیں۔

لہ دمشق کی مسجد کی گھڑی کا حال۔ آگے کسی قدر تفصیل کے ساتھ آتا ہے۔

یہ دروازے برابر کھلے رہتے تھے یہاں تک کہ جب دورہ پورا ہوجاتا تھا تو بارہ سوار دروازوں سے نکلکر گھڑی کی بالائی سطح پر چکر لگاتے تھے۔

مسٹر پامر نے اس گھڑی کے وجود سے اس بنا پر انکار کیا ہے کہ عرب کے مورخ اس واقعہ کا ذکر نہیں کرتے۔ لیکن مسٹر پامر کو معلوم نہیں کہ مورخین عرب نے سیکڑوں ہزاروں واقعات قلم انداز کردیئے ہیں جنکا ثبوت اور اور طریقہ سے قطعاً معلوم ہے۔ مورخین عرب نے تو سرے سے شارلمین کی سفارت ہی کا ذکر نہیں کیا ہے۔ کیا مسٹر پامر کو اس سے بھی انکار ہوگا۔ یورپ کے مورخوں نے جو اس واقعہ کا ذکر کیا ہے نہایت قوی حوالوں کے ساتھ کیا ہے۔ مثلاً پروفیسر سیدیو نے مارینی - MARIGNY اور ایجی نارٹ EGINHART کی تصنیفات کی شہادت پیش کی ہے۔ اور آخرالذکر شخص خود شہنشاہ شارلمین کے زمانے میں موجود تھا۔

البتہ یہ تعجب ہے کہ ہرون الرشید نے شارلمین کو جو تحفے بھیجے تھے وہ ابتک فرانس کے معبد پانیتون میں موجود ہیں لیکن گھڑی کا پتہ نہیں۔ احمد زکی مصری جس نے ۱۸۹۲ء میں یورپ کا سفر کیا وہ اس عمارت کے ذکر میں لکھتا ہے کہ "یہاں ایک مشرقی سیاح کے لیئے جو چیز زیادہ دلچسپی کا سبب ہوسکتی ہے وہ وہ کمرہ ہے جس کی دیواروں پر شارلمین کی تصویر اس ہیئت سے بنائی ہے کہ وہ ہرون الرشید کی سفارت کا استقبال کررہا ہے اور سفارت کے ہاتھ میں بیت المقدس کی کنجیاں ہیں جو ہرون الرشید نے شارلمین کو تحفہ میں بھیجی ہیں۔ یہاں دو ریشمی پردے بھی ہیں جن کی قیمت ۴۴ ہزار روپیے ہیں۔"

بہرحال اس گھڑی کا وجود ثابت ہو یا نہو۔ لیکن اس سے انکار نہیں ہوسکتا۔ کہ

مسلمانوں کے عہد میں اور بہت سی گھڑیاں اور مکانیکل آلات طیار ہوئے جن میں سے بعض کا حال ہم اس موقع پر لکھتے ہیں۔

علامہ ابن جبیر جسنے ۵۸۰ھ میں شام و حجاز کا سفر کیا تھا۔ اپنے سفرنامے میں دمشق کی جامع مسجد کے ذکر میں ایک گھڑی کا حال ان الفاظ میں لکھتا ہے کہ "باب جیرون کی دیوار میں طاق کی شکل کا ایک دریچہ ہے اور اس میں بارہ چھوٹے پیتل کے طاقچے ہیں۔ ان طاقچوں میں بارہ بارہ چھوٹے چھوٹے دروازے ہیں۔ پہلے اور اخیر طاقچے کے نیچے دو باز بنے ہوئے ہیں جو پیتل کی تھالیوں پر کھڑے ہیں۔ جب ایک گھنٹہ گذرتا ہے تو دونوں باز اپنی گردنیں بڑھاتے ہیں اور اپنی چونچ سے اُن تھالیوں میں اس انداز سے پیتل کی گولیاں گراتے ہیں کہ جادو معلوم ہوتا ہے۔ گولیوں کے گرنے سے گونج پیدا ہوتی ہے اور طاقچے کا دروازہ جو اس گھنٹے کے لیئے بنا ہے خود بخود بند ہو جاتا ہے۔ اسی طرح جب ایک دورہ پورا ہو جاتا ہے تو تمام دروازے بند ہو جاتے ہیں"۔

دنیا میں اوّل اوّل جب گھڑی کی ایجاد ہوئی تو اُس سے صرف گھنٹہ کا حال معلوم ہو سکتا تھا۔ لیکن جتنے گھنٹے گذر چکتے تھے اُن کی تعداد معلوم نہیں ہو سکتی تھی۔ مسلمانوں میں بھی اول اسی قسم کی گھڑیاں رایج ہوئیں دمشق کی اس گھڑی میں دونوں باتیں دو مختلف ذریعوں سے معلوم ہوتی تھیں۔ یعنی گھنٹے کے گذرنے کی اطلاع گولیوں سے ہوتی تھی۔ جو مصنوعی بازوں کے مونہہ سے گرتی تھیں۔ اور گھنٹوں کی تعداد دروازوں سے معلوم ہوتی تھی۔ کیونکہ جتنے گھنٹے گذرتے تھے اسی تعداد کے موافق دروازے خود بخود بند ہو جاتے تھے۔

اس گھڑی میں رات کیلئے اور تدبیر تھی اور وہ یہ کہ جو دائرہ ان طاقچوں کے گرد تھا اس میں تانبے کے بارہ حلقے بنے ہوئے تھے۔ ہر حلقہ میں دیوار کی طرف شیشہ لگا ہوا تھا شیشوں کے پیچھے شمع تھی جو پانی کے ذریعہ سے حرکت کرتی تھی۔ شمع گھنٹوں کی ترتیب کے موافق اُن حلقوں کے سامنے آتی جاتی تھی اور جس حلقہ کے سامنے آتی تھی وہ سُرخ دکھائی دینے لگتا تھا یہاں تک کہ صبح ہوتے ہوتے تمام حلقے سُرخ ہو جاتے تھے[1]

خلیفہ المستنصر باللہ عباسی المتوفی سنہ ۶۴۰ھ نے۔ بغداد میں جو مشہور مدرسہ قائم کیا تھا اور جسکا نام مستنصریہ تھا اُس کے لیئے ایک نہایت عجیب و غریب گھڑی طیار کرائی تھی اس گھڑی کی صورت یہ تھی کہ لاجورد کا ایک حلقہ آسمان کی شکل کا بنایا تھا اور اُس میں ایک آفتاب تھا جو برابر حرکت کرتا رہتا تھا۔ علامہ ابن جوزی نے اس گھڑی کی تعریف میں یہ چند اشعار لکھے ہیں۔

تهدی الی الطاعات ساعتہ — الناس وبالنجم هم یهتدون

صور فیہ فلک دایر — والشمس تجری مالها سکون

دایرة من لازورد حلت — نقطة بتر فیہ سر مصون

گھڑیوں کے سوا اس قسم کے اور آلات کا بھی پتہ لگتا ہے۔ سلطان عبدالمومن۔ جو مراکش کا مشہور بادشاہ گذرا ہے اُسکو حضرت عثمانؓ کے اُن قرانوں میں سے ایک قرآن ہاتھ آگیا تھا جو انہوں نے اپنے اہتمام سے لکھوا کر مصر و شام و بصرہ و کوفہ میں بھجوائے تھے۔ عبدالمومن نے اس قران کی نہایت قدر کی اور اُس کے لیئے ایک کل کا صندوق

---

[1] سفرنامہ ابن جبیر مطبوعہ یورپ صفحہ ۲۷۱، ۲۷۲۔

[2] یہ تمام تفصیل آثار البلاد قزوینی میں ہے۔ دیکھو کتاب مذکور مطبوعہ ۱۸۴۸ء مقام جرمن صفحہ ۲۱۱۔

طیار کرایا جس کی کیفیت علامہ مقری نے اس طرح لکھی ہے "یہ صندوق عجیب حکمت سے بنایا گیا تھا۔ جب اس میں کنجی ڈالکر پھراتے تھے تو اُس کے پٹ کھل جاتے تھے اور اندر سے ایک خانہ نکلتا تھا جس میں ایک رحل ایک کرسی پر رکھی ہوئی ہوتی تھی۔ رحل بغیر کسی کے ہاتھ لگائے خود کھلتی تھی۔ جب رحل اور چوکی بالکل باہر آجاتی تھی تو خانہ ازخود بند ہو جاتا تھا۔ کنجی کو جب اُلٹی طرف پھیرتے تھے تو خانہ پھر کھل جاتا تھا۔ اور چوکی و رحل خود صندوق میں جا کر بند ہو جاتی تھیں[1]۔

البتہ یہ افسوس ہے کہ اس فن سے کوئی بڑا کام نہیں لیا گیا نہ عام پبلک کا موں سے کچھ مدد لی گئی۔ علم جرثقیل پر مسلمانوں کی مستقل تصنیفات موجود ہیں لیکن ہمکو معلوم نہیں کہ مسلمانوں نے دنیا کے ہر حصہ میں جو بڑی بڑی عمارتیں بنوائیں ان میں کبھی جرثقیل سے کام لیا گیا۔ خلیفہ المتوکل باللہ عباسی کے عہد میں کچھ خفیف سا پتہ چلتا ہے لیکن وہ اسقدر غیر معین اور مشتبہ ہے کہ ہم اس موقع پر اسکا ذکر نہیں کر سکتے۔

شبلی نعمانی

بحیرۂ بالٹک میں مسلمانوں کی ابتدائی تجارت

آج کل اخباروں میں جو حالات بحیرۂ بالٹک میں شہنشاہ جرمنی کی طرف سے نہر کھلنے اور اس تقریب میں یورپ کی تمام سلطنتوں کی طرف سے جہازات آنے کی بابت شائع ہوئے ہیں۔ اُن سے غالباً ہمارے ناظرین میں سے بہت کم صاحبوں کو دلچسپی ہوگی۔

[1] نفح الطیب مطبوعہ یورپ۔ جلد اول۔ صفحہ ۴۰۵۔

اور غالباً ہمارے ناظرین میں سے کسی صاحب نے اس موقع پر ایک ترکی جہاز کے
ایک مسلمانی سلطنت کی طرف سے موجود ہونیکو مناسب موقع اور تاریخی تعلق نہ خیال کیا ہوگا لیکن
اس تقریب میں ایک مسلمانی جہاز کی شرکت سے خواہ کتنا ہی کم خیال لوگوں کے دلوں میں
پیدا ہوا ہو تاہم اس کی موجودگی میں ایک تاریخانہ دلچسپی ہے۔ کیونکہ صرف مسلمانوں کے
ذریعہ سے بحیرۂ بالٹک کے ساحل کے ملکوں نے مہذب دنیا سے پہلے پہل تعلق پیدا کیا
تھا۔ یہ تعلق اگرچہ بالواسطہ تھا۔ لیکن بہت ابتدائی زمانے میں تجارتی تعلقات سے شمالی
یورپ کے ان دور دراز حصوں کا اسلامی مشرق کے ساتھ میل جول تھا۔ یعنے اُس
زمانے میں جبکہ اسلامی دنیا روشنی اور تہذیب کا مرکز تھی۔ اور ڈنمارک جرمنی۔ سویڈن ۔
نوروے وحشت اور جہالت میں ڈوبے ہوئے تھے

اس مضمون کے لکھنے کا منشا یہ ہے کہ مسلمانوں کے بحیرۂ بالٹک میں تجارتی
تعلقات رکھنے کا حال بیان کیا جاوے۔

اس تجارت کی معقول طور سے وسیع ہونے کی بڑی شہادت بیشمار مسلمانی سکوں
کے شمالی یورپ میں جانے سے ملتی ہے۔ جب ہم غور کرتے ہیں کہ ان سکوں کی تعداد
جو فی الواقع پائے گئے ہیں۔ اور جن کے حالات تحریر ہوئے۔ ایک لاکھ سے کم نہیں
اور یہ تعداد ضرور اُن تمام مدفون خزانوں کا جو اب تک نامعلوم ہیں یا جو وقتاً فوقتاً علما کی
نظر چڑھنے سے اور علمی مجالس کے دفتروں میں تحریر ہونے سے پہلے ہی گلائے جا چکے
ہیں۔ ایک جز ہوگی تو اس سے کچھ اندازہ اس بیشمار زر نقد کی تعداد کا ہو سکتا ہے۔ جو
ضرور اُن ملکوں میں پشمینہ اور پوستینوں کے عوض میں جن کو مسلمان سوداگر خریدتے

* مثلاً نوروے۔ سویڈن۔ ڈنمارک۔ جرمنی روس اور فنلنڈ میں۔

سے آیا ہوگا۔ یہ سکے عموماً برتنوں یا اور کسی قسم کی محفوظ چیزوں میں پائے گئے ہیں۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ یہ پوشیدہ خزانے تھے۔ جن کی موجودگی اور مقام دفن کسی کو مالکوں کی وفات کے بعد معلوم نہ رہے۔ بعض اوقات ان دفائن پر بطور نشان کوئی درخت اُگا ہوا ہے۔ اور کہیں ایک بڑا پتھر کھڑا ہے۔ کہیں کہیں ان سکوں کی تعداد جو ایک ہی جگہ اکٹھے ملے ہیں بہت معقول ہے ایک ہی دفینہ سے ۱۱۰۷۷ سکے نکلے ہیں جن میں ۷۰۰۹ سکے سلطنت سامانیہ کے ہیں۔ اور باقی ۱۴۰ خلفاء بغداد کے ان مقامات کے جہاں یہ دفینے نکلے ہیں نقشے بنائے گئے ہیں۔ اور ان سے قدیمی تجارتی راستوں کی وسعت اور سمت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً سویڈن ہی میں ۱۶۹ دفینے صرف مشرقی ساحل پر معلوم ہوئے ہیں۔ لیکن اگر ہم اس قسم کی ان تمام شہادتوں کی جو علماء یورپ نے غور کے ساتھ جمع کی ہیں اور اُن کی فہرستیں بنائی ہیں ایک لمبی تفصیل دیں تو مضمون طویل ہوجائیگا۔ اور غالباً ناظرین اس کے ملاحظہ سے تنگ جائینگے یہاں صرف اسقدر بیان کرنا کافی ہوگا کہ ان شہادتوں سے کیا نتیجے نکالے گئے ہیں۔

اوّل تو یہ ظاہر ہے۔ کہ مسلمان سوداگروں کی روانگی کا مقام سلطنت سامانیہ کا علاقہ اور ماوراءالنہر کے بڑے تجارتی مرکز تھے۔ اور اس طرح سے شمالی ملکوں کی تجارتی پیداوار اسلامی دنیا کے اور حصوں میں تقسیم ہوتی تھی۔

اکثر سکوں پر جنکا بیان کیا گیا ہے۔ زیادہ تر سامانیہ خاندان کی ضرب ہے اور بہت کم تعداد پر بغداد کے عباسیہ خلفاء کا سکہ لگا ہوا ہے۔ علاوہ ازیں ان دفینوں میں۔ مصر۔ شمالی افریقہ اور سپین کی اسلامی ریاستوں کے سکے بالکل نہیں ملتے اس بات سے اور نیز اسوجہ سے کہ جنوبی جرمنی یا یورپ کے مغرب میں کہیں ایسے دفینے نہیں پائے گئے۔

اس خیال کی تردید ہوتی ہے۔ کہ ان ابتدائی ایام میں شمالی یورپ اور اسلامی تہذیب کے مرکزوں میں بحری راستے سے آمد و رفت تھی۔ لیکن علاوہ ازیں ان امور سے خشکی کے راستے سے بحیرۂ کیسپین اور بالٹک کے درمیان باہمی تعلق ثابت ہوتا ہے۔ اور اون تجارتوں کی بابت جو مختصر بیانات۔ ابن فضلان۔ ابن حوقل۔ یاقوت وغیرہ عرب کے مورخوں کی تصنیفات میں پائے جاتے ہیں۔ اُن سے بھی یہی نتیجہ نکلتا ہے۔

ان تحریری ماخذوں سے ہمکو معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان سوداگر دریائے والگا کو عبور کرکے شہر بلغار تک جایا کرتے تھے۔ اس سے آگے وہ نہیں گئے۔ کیونکہ اس کے آگے ملکوں کے باشندے وحشی تھے۔ اور وہ پردیسیوں کو مار ڈالتے تھے۔ اس لیئے ہم بیشمار اسلامی سکّوں کے بحیرۂ بالٹک کے ساحل پر پائے جانے سے یہ نتیجہ نکالنے کے مجاز نہیں ہو سکتے۔ کہ کوئی مسلمان سوداگر شمال میں اس بحیرۂ تک کبھی گیا تھا۔ اور نیز عرب کے جغرافیہ دانونکی تحریریں اس خیال کے برخلاف گواہی دیتی ہے۔ لیکن صرف اسی تجارت کے وسیلہ سے سویڈن اور نوروے کے وحشی باشندوں نے پہلے پہل مہذب دنیا سے میل جول پیدا کیا۔ مسلمان سوداگروں کے ہاتھ کھال اور پشمینے بیچنے سے وہ تجارت کے پرامن کاروبار سیکھ گئے۔ مسلمانوں کے سکّوں سے جو ان کو معاوضہ میں ملتے تھے۔ ان کو پہلی دفعہ باہمی تبادلۂ اشیاء کے ابتدائی طریقہ کو چھوڑ دینا۔ اور نقدی کو معاوضہ کا ذریعہ قرار دینا سوجھا۔ انہی اسلامی سکّوں سے انکو خود اپنے سکے بنانے کا ابتدائی خیال پیدا ہوا۔ جس مطلب کے لئے عرب کے سکّوں نے نمونہ کا کام دیا خیالات اور فکر کے لیئے ایک وسیع میدان پیدا ہوتا ہے اگر ہم بیان کریں کہ ان تجارتی تعلقات کی چند صدیوں تک اور قائم رہنے اور شمالی یورپ میں اسلامی قوت

کے زیادہ موثر ہو جانے سے کیا نتیجے پیدا ہو جاتے۔ لیکن چند اسباب ایسے ہوئے جنسے
کہ شمال اور مشرق کے درمیان یہ تعلق گیارہویں صدی کے شروع میں جاتا رہا۔

ان تجارتی تعلقات کے زوال پذیر ہونے کے لیئے اس تاریخ کا قرار دینا اس امر
سے ظاہر ہے کہ بسنہ ایکہزار یا ایکہزار بارہ مسیحی سے بعد کے کوئی سکہ نہیں پائے گئے
اس وقت کے قریب غالباً بحیرۂ بالٹک کی قوموں کی تجارت مغربی سمتوں میں ہونے لگی۔
جبکہ سویڈن نوروے کے بادشاہوں کے عیسائی مذہب اختیار کر لینے سے انکا میل
جول سلطنت روما اور یورپ کی دوسری مغربی ریاستوں سے ہو گیا۔

سنہ ۹۶۶ میں MICISLAV. میکیسلاو شاہ پولنڈ عیسائی ہو گیا۔ سویڈن کے
بادشاہ اولاف نے سنہ [illegible] میں اصطباغ لیا۔ اور اسی زمانے میں بادشاہ کینیوٹ نے
عیسائی مذہب ڈنمارک میں پھیلایا۔ علاوہ ازیں نورمن لوگوں کے دور دور پھیل جانے او شمالی فرانس
اور بحیرۂ روم کے ساحل پر آباد ہو جانے سے بھی یہی نتیجہ پیدا ہوا۔ اور یورپ کے شمالی ملک
مشرقی اثر سے جدا ہو گئے۔ برخلاف اس کے خود مشرق میں ایسے پولٹکل اسباب پیدا
ہو گئے تھے۔ جنسے بحیرۂ کیسپین اور بالٹک کے درمیان جو تجارت ہوتی تھی وہ برباد ہو گئی
خصوصاً خاندان سامانیہ کا زوال۔ جس کے بیدار مغز بادشاہوں نے اپنی رعیت میں سوداگری
اور تجارتی کاروبار کو ترقی اور وسعت دینے کے لیئے بہت کچھ کیا تھا۔ نیز جنوبی ملکوں
میں روسیوں کا فوجی اقتدار بڑھ جانا۔ جس سے کہ بلغار اور اطل کے مشہور تجارتی شہر برباد
اور تباہ ہو گئے۔ جو اسلامی سوداگروں کے تجارت کے لیئے بڑے مرکز تھے۔

مندرجۂ بالا مضمون بحیرۂ بالٹک اور اسلامی مشرق کے درمیان تجارت ہونے کا
حال ہے اس تجارت کی ہمکو مطلق خبر نہوتی۔ اگر اسلامی سکے شمالی ممالک میں نہ نکلتے اور

وہاں کے علمی جریدوں میں ہوشیاری اور تحقیق کے ساتھ ان کے حالات درج نہ کیے جاتے۔

پچھلی بات (یعنی اخباروں کی تحریر) بے شک خاص توجہ کے قابل ہے۔ کیوں کہ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ زمانہ حال کی تحقیقات سے گذشتہ زمانے کے ایسے تاریخی واقعات کو جہالت کی تاریکی سے نکال لینے میں کامیابی ہوتی ہے۔ جن کی بابت کوئی تحریری سند نہیں رہی اور جو واقعہ نگاروں کی تحریر میں درج ہی نہیں ہوئے

لہٰذا جس طرح سے کہ ہمکو ہندوستان کے ابتدائی واقعات اور خاندان گپتا کی تاریخ۔ اور قدیمی زمانے کے بہت سے شاہی خاندانوں کے حالات اُس وقت کے سکوں سے دریافت ہوئے ہیں اسی طرح خاندان سامانیہ کے سکے جو شمالی یورپ کے دفینوں میں محفوظ رہے ابتدائی مسلمان سوداگروں کے وسیع کاروبار تجارت کی بابت جنکا حال مؤرخوں نے نہیں لکھا ہے۔ خاموش عینی گواہ ہیں۔ فقط

(مترجمہ سلام الحق)

رپورٹ تعلیمی مردم شماری مسلمانان گونڈہ

سید اقبال علی صاحب جج گونڈہ نے نہایت قابلیت سے شہر مذکور کی رپورٹ حسب ذیل تیار فرما کر ہمارے پاس بھیجی ہے۔

باشندگان ضلع گونڈہ و تحصیل بلرام پور کے بچے انگریزی تعلیم پاتے ہیں۔ کیونکہ وہاں
انگریزی کے ہائی اسکول موجود ہیں۔ ان مقامات کے مسلمانوں میں انگریزی تعلیم کا
رواج ہونا شروع ہو گیا ہے۔

ایسے لوگوں کے بچے جو فکر معاش سے آزاد ہیں اور جو اپنے بچوں کی تعلیم پر خرچ
کرنے کی مقدرت رکھتے ہیں۔ وہ تو تعلیم پاتے ہیں۔ مگر قصبات اور دیہات میں چونکہ مدارس
انگریزی نہیں ہیں۔ اس لیئے وہاں کے باشندے اپنے بچوں کو انگریزی تعلیم نہیں دیتے
ان مقامات میں بعض ایسے اشخاص ہیں جو انگریزی تعلیم کے خرچ کے متحمل نہیں ہو سکتے۔
اور جو ان میں سے صاحب ثروت ہیں وہ اپنی اولاد کی مفارقت گوارا نہیں کرتے اور بعض
تعلیم کی طرف سے بالکل بے پرواہ ہیں جیسا کہ مندرجہ ذیل واقعہ سے معلوم ہوگا۔

میں نے ایک محرر کو تعلیمی مردم شماری کے لیئے دیہات میں بھیجا تھا۔ اُس کے ایک
زمیندار سے ملاقات ہوئی۔ اور انگریزی تعلیم کا کچھ تذکرہ شروع ہوا۔ اثنائے گفتگو میں زمیندار
نے سختی۔ درشتی سے جواب دیا کہ جاؤ۔ جاؤ تم بڑے عقلمند ہو جو ٹٹو پر سوار ہو کر پھر رہے ہو
تم ہی ڈپٹی گیری لیلو۔۔

تحصیلوں میں انگریزی مدارس کے موقوف کرنے کا یہ نتیجہ ہوا ہے کہ جو لوگ اپنے
بچوں کو تھوڑے خرچ سے تعلیم دلا سکتے ہیں اب وہ مطلق نہیں پڑھاتے۔

جن اشخاص کے نام فہرست میں مندرج ہیں اُن کی مجموعی آمدنی ۲۴۳۵۔
روپیہ ماہوار ہے

گوشوارہ بابت تعداد اُن مسلمان لڑکوں کی جو قصبات و دیہات

ضلع گونڈہ میں رہتے ہیں اور تعلیم پانیکے قابل ہیں

نام قصبہ یا دہ	مجموعی تعداد اطفال	تعداد اُن لڑکوں کی جو تعلیم پانے کے قابل ہیں	تعداد اُن لڑکوں کی جنکی عمر اب تعلیم پانے کے قابل نہیں	ایضاً جن کے والدین انگریزی تعلیم کے شائق نہیں	״ جن کے والدین انگریزی تعلیم کے شائق ہیں	تعداد اُن لڑکوں کی جو اُردو مڈل کلاس میں پڑھتے ہیں اور امتحان مذکور پاس کرنیکے خواہشمند ہیں	تعداد اُن لڑکوں کی جو علاوہ مدرسہ میں تعلیم پانے کے گھر پر فارسی اور عربی بھی پڑھتے ہیں	تعداد ایسے لڑکوں کی جو بالکل نہیں پڑھتے	تعداد ایسے لڑکوں کی جو گھر پر انگریزی تعلیم پاتے ہیں اور خانہ نمبر ۹ میں شامل ہیں	تعداد ایسے اشخاص کی جو اپنے لڑکوں کو ضلع اسکول میں تعلیم کے لیے بھیج سکتے ہیں
	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
گونڈہ	۹	۴	۵	۷	۲	۰	۰	۹	۰	۶
خراسا	۱۳	۱۲	۱	۱۱	۲	۵	۰	۴	۰	۹
دیوریا	۶	۶	۰	۶	۰	۰	۳	۳	۰	۲
کتوا	۲	۲	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۰	۲
جاکسر	۲	۲	۰	۰	۲	۰	۰	۰	۰	۱
جستی پور	۲	۲	۰	۲	۰	۰	۰	۰	۰	۱
اجگڈہ	۲	۲	۰	۲	۰	۰	۰	۰	۰	۱
دہوریا	۲	۲	۰	۰	۱	۰	۰	۲	۰	۲
ڈولونیل گنج	۲	۲	۰	۰	۲	۱	۰	۰	۰	۱
نواب گنج	۳	۳	۰	۰	۳	۰	۰	۰	۱	۲
ارتراولا	۸	۸	۰	۴	۴	۰	۱	۰	۰	۶
تاتاپور	۱	۱	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۱
میہوا	۱	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱
چاہروپور	۱	۱	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۱
بروم بہاری	۱	۱	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۱
رنتیارام پور	۱۱	۵	۶	۰	۱۱	۰	۱۰	۱	۰	۷
میزان	۶۶	۵۴	۱۲	۳۲	۳۰	۶	۱۴	۲۰	۱	۴۴

میرٹھ

ارشاد الدین صاحب نے ۱۹۰۳ء میں میرٹھ شہر کی تعلیمی مردم شماری مرتب فرمائی تھی۔ اُس میں پچاس اشخاص کے نام درج تھے جو باوجود استطاعت کے اپنے بیٹوں کو تعلیم نہیں دیتے تھے اور ایسے لڑکوں کی تعداد ۶۹ تھی۔ اس سال پھر صاحب ممدوح نے نہایت کوشش اور محنت سے سابقہ فہرست کو ترمیم فرماکر ہمارے پاس روانہ فرمایا ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ منجملہ ۶۹ لڑکوں کے ۲۴ لڑکے انگریزی مدارس میں داخل ہو کر تعلیم پاتے ہیں۔ آٹھ لڑکوں کی عمریں ۱۸ برس سے متجاوز ہو گئی ہیں۔ اس لیئے تعلیم پانے کے قابل نہیں رہے۔ ۴۔ لڑکوں کی نسبت وعدہ کیا گیا ہے کہ اُنکو عنقریب انگریزی تعلیم شروع کرائی جاویگی۔ ۳۔ لڑکے بوجہ افلاس سابقہ فہرست سے نکال دیئے گئے ہیں ۲ اشخاص کا پتہ نہیں ملا۔

علاوہ ازیں ۸ نئے اشخاص کا نام لکھا ہے جو اپنے لڑکوں کو باوجود استطاعت تعلیم نہیں دیتے اور ایسے لڑکوں کی تعداد ۹ ہے۔

خورجہ ضلع بلند شہر

سمیع اللہ صاحب طالب علم مدرسۃ العلوم علی گڈہ نے شہر مذکور کی رپورٹ تعلیمی مردم شماری مرتب فرمائی ہے۔ اُس فہرست میں ۱۴۱ نام ایسے لوگوں کے درج ہیں جو اپنے لڑکوں کو باوجود استطاعت تعلیم نہیں دیتے۔ اور ۵۰ ایسے لڑکے ہیں جو تعلیم سے بالکل بے بہرہ ہیں۔ ان اشخاص کی مجموعی آمدنی تخمیناً ۶۶۴۰ روپیہ ماہوار ہے

it must give a great check to the spread of radical ideas, which, when they find their way to India, prove so utterly unsuited to the people. It will strengthen the House of Lords immensely, for it will establish the strange fact that the hereditary House when it threw out Home Rule represented the opinions of the people of England more accurately than the elected House of Commons. It may be pretty confidently predicted that Home Rule for Ireland is now finally negatived, for even the Liberals must give up hope of ever carrying it. Among the satisfactory incidents of the campaign is the unseating of Mr. Dadabhai Naoroji and the election of Mr. Bhownagree, a Conservative Parsee. The Congresswalas will learn to their dismay that they are not to have the monopoly of Indian members in the House of Commons. Lord Salisbury has shown great tact in thus beating them with their own cards.

—o—

THE BROTHERHOOD AND THE DUTY.

The following contributions have been received by the M. A.-O. College Brotherhood and the Duty :—

THE BROTHERHOOD

1895.				
July	4	Badrul Hasan Sahib	... Rs.	5
	10	Nazir Ahmed ,,	.. ,,	2
	12	Badrul Hasan ,,	... ,,	5
	15	S. Abdul Basit ,,	... ,,	2

THE DUTY.

July 5th	Given by Aftab Ahmad, Esquire, on the occasion of the birth of a son ...	, 20
July 8th	Given by M. Abdul Ghuffar Sahib, Deputy Collector, Gonda, on the occasion of his son's passing the Intermediate Examination ..	,, 10
July 16th	Collected by M. Irshad Uddin Sahib...	,, 8-12-0
	Collected by Muhammad Ishaq Sahib, a student of the College. ...	,, 31--8-0

WANTED.

Three English-knowing Mahomedan School Masters on salaries of Rs 25, Rs 25 and Rs 15 for Mahomedan Schools at Secunderabad, (Deccan), Aonla, and Icholi (Zila Meerut,) respectively. Applications should be addressed to the Principal, M. A.-O. College.

(Latin Greek, Chaldee, Syriac and English). Undoubtedly he possessed a real thirst after knowledge, for amidst the pressing cares of the many high positions which he filled, he carried on his literary pursuits to the last, and thus deserves to be called a man of action as well as a man of letters.

His learned contributions to the Tahzib-ul-Akhlaq and other periodicals were always received with general admiration and interest. A very favourable judgment has been pronounced on his book on "Proposed reforms in the Ottoman Empire", which he had dedicated by special permission to H. I. M. the Sultan.

The late Nawab was a patriotic friend of his people, whose welfare he had always at heart As a Trustee of the M. A.-O. College he took the most lively interest in its advancement and his death is a misfortune for the institution.

S. H.

THE ENGLISH ELECTIONS AND INDIA.

The general election in England has happened at an unfortunate moment for India, inasmuch as the change of Secretaries of State has necessitated the maintenance of the troops in Chitral until the new Secretary issues an order on the subject, and this will cost the Indian Government several lakhs of rupees. It is doubtful whether the change of government will prove directly advantageous to India, because it deprives her of the services of Sir Henry Fowler as Secretary of State, a man who, in the opinion of competent judges, is the best we have had for many years. His action in connection with the simultaneous competitive examinations and opium questions showed that neither his judgment nor conduct were influenced in the least by popular agitators. A Liberal Government is in a strong position in dealing with such questions inasmuch as it is certain to be supported by the Conservatives if it adopts a strong line of action, whereas there is always a danger of the Conservatives being opposed by the Liberals under similar circumstances, as was the case when Mr. Gladstone declaimed against the Vernacular Press Act. Nevertheless in spite of these disadvantages the indirect effects of the Conservative victory in England are likely to be advantageous to India. For

An additional advantage of this arrangement is that it will increase the circulation of the Magazine. The number of subscribers has now reached 300, which is a satisfactory advance on 104 which was the number in December last. We believe the Magazine meets a real want, for though there are many Mahomedan neswapapers, there is a great deficiency of monthly magazines containing good articles. The increase of circultion is largely due to the energy of the students who in their vacations have brought the Magazine to the notice of the public. We are likewise indebted to the Moslem Chronicle, the Chaudwen Sadi and the Najmul Akhbar for very favourable notices of the paper. Our indebtedness to some other Urdu journals would be greater if the compliment they have paid us by copying our articles were accompanied by an acknowledgment of the source from which they have been derived. We trust our subscribers will assist us still further in getting the Magazine better known, the more so as the contributions are all given without remuneration and the profits of the journal, if any, will be devoted to the Siddons Union Club.

THE LIEUTENANT-GOVERNOR.

Mr. Cadell, Lieutenant-Governor of the North-West Provinces, will visit the College on the 7th or 8th August and will receive an Address from the Trustees of the College.

MAULVI CHERAGH ALI.

We have to perform the sad duty of lamenting the loss which the Musalmans of India have sustained by the untimely death of Nawab Azam Yar Jung, Maulvi Cheragh Ali of Hyderabad. The deceased was reckoned among those few prominent figures of real ability and culture, of whom the Moslems can justly feel proud. A man of sterling abilities, exceptional qualities and patriotic feelings, his loss is keenly felt by his co-religionists in India and abroad. In his public capacity he was an able statesman and administrator, and a zealous student of quiet and unassuming demeanour in private. In addition to having a profound knowledge of Arabic and Persian, of which he was a perfect master, he is said to have availed himself of a considerable acquaintance with foreign tongues

Managers of these companies announce from time to time that they are certainly going to leave next day, so as to draw a larger audience, yet days and weeks pass and still they remain. The people of the city complain likewise of the theatre. They say that the passion to see the performances is so strong in the humbler classes that they reduce themselves to poverty, and are tempted to theft. In Delhi the rage for the theatre was so great that it is said that the *bhisties* sold their *mashks* and left their wives and children starving in order to purchase tickets. At last the Deputy Commissioner had to step in to the assistance of the town and expel the company. It would seem that the theatre, like the ability to borrow given to the peasant, is one of those European institutions which must be introduced cautiously into India. At the Municipality meeting held on July 22nd some measures were taken to restrict theatrical performances in Aligarh. A permanent committee of three, consisting of the Collector, the Principal of the College and Babu Jogendro Nath Chatterjee was appointed to grant permission to companies to perform in Aligarh, to fix the dates of their departure, and to take measures to ensure that no indecent jokes were allowed in the plays. In England this last function is performed by the Lord Chamberlain and is most essential for public decency. Hitherto, in Aligarh at least, no such precautions have been taken. It is gratifying to know that the College authorities will in future have some control over the popular amusements of the town, as is the case in Oxford and Cambridge

THE COLLEGE MAGAZINE.

The College Magazine has now been fixed as a text-book for translation from Urdu to English in the First and Second Year College Classes. The institution of a paper in translation for the Intermediate Examination has made it necessary that translation should be regularly taught. The College Magazine serves excellently for this purpose as it contains a variety of articles by the best living Urdu writers, on different topics and in various styles. It likewise contains poetry by the greatest living Urdu poet. The price is moderate, and the subject matter interesting, and especially for students of the M. A.-O. College.

The second match was with the Station Club. The station people who were our equals in batting but far inferior in bowling scored 96 runs. Lt. Cadell only made a stand for 57, the rest were disposed off for 39. On the first day just after the lunch rain set in and we could not finish our first Innings that day. The following day we had rain again, but we got an opportunity for batting. We scored 115 runs for four wickets. This match too ended in a draw very much in our favour.

The third and the last match was played against the Sherwood School, and this was the only match which we could actually finish. The victory fell to our lot. We won the toss and sent Sherwood in, who were disposed off easily for 66. The home team scored 119 runs for 7 wickets and declared their innings closed. The Sherwood Eleven followed, and scored only 65, thus the home team won the match by an innings and 17 runs.

We made a great show of batting in all these matches. Ziaullah and Shaukat played with great tact and skill always scoring double figures and breaking the bowling of the opponents. Ziaullah's batting average for these 3 matches was 116, being out only once, Sarfaraz and Ahsan who were in good form fared very badly. Abdul Mughni worked miracles both in his batting and bowling. Abdul Hassan's tricky bowling puzzled the best bats; he stands first in the bowling averages. Azmat did very well in batting.

ABDULLAH
C. C.

THE THEATRE IN ALIGARH.

A good deal of nuisance has been experienced of late by the College authorities on account of the length of time which theatrical companies stay in Aligarh. Attracted largely by the College they drain the students of their pocket money, and offer constant temptation to the boarders to break the rule against leaving the College compound at night. The

OUR CRICKETERS AT NAINI TAL.

The idea of our visit to Naini Tal was originated by our late Captain long ago, and it was with great impatience that we were waiting for this longed for occasion. The curiosity of those who had never been to the hills before and the dull and monotonous life of the Boarding-house, helped very much to overcome the obstacles which delayed our departure. We at last decided to start on the 19th of June and reached Naini Tal safely on the 21st.

It won't be out of place here to say a few words in favour of our Cricketers. The perseverance and indefatigable energy with which they treaded the unaccustomed paths of the hills is certainly praiseworthy, and shows the readiness with which they sacrifice the comforts of life for gaining reputation for the College, and carry its name to such parts of the country where no one ever dreamt of it

We played three matches there. Our first fixture was with the Colvin Cricket Club, one of the best native teams in India. The match began very late, owing to the heavy fall of rain on the preceding night having made the ground wet.

The home team being put in first made a very poor show of batting. This was owing partly to the worry and fatigue of the journey which made them feel stiff and feverish in the beginning, and partly because they were unaccustomed to the ground. But their poor score of 66 startled them, they shook off their laziness, and fielded with such dexterity and carefulness as surprised their opponents. They were disposed off very easily for 45 runs.

The second Innings was begun the same day. The home team going in again scored 113 runs for three wickets Ziaullah, Mughni and Abul Hassan made double figures. We could not finish the match, because the rain which set in the next day, interfered very much. The match which might have resulted in a victory for the home team, ended in a draw, very much in our favour.

found students err in this respect. In fact it is very exceptional to find students not lose a portion of their manners if they are treated with intimacy. I have never met better manners among my students than those of two Rajput taluqdars with whom I was very intimate, and one of whom unfortunately is now dead.

The accidentals of good manners are held so important in society that a man who fails in them is apt to be excluded. Thus an Englishman who does not pronounce the letter *h* or who puts his knife in his mouth when eating is assumed to belong to the lower classes. In particular, care is required about the manner of eating and drinking A man may be excluded from European society for some small things of this nature, when he may falsely suppose that it is due to prejudice against his race, colour or religion. Last year I was staying in a big hotel in Germany. People of all nations had come to drink the medicinal waters of the place. A man arrived whose method of eating was such as to attract general attention. I can not describe it except by saying that he attacked his food with fury like a hungry dog, without that restraint which is characteristic of a gentleman. First of all he sat by a Spanish lady who said to me in French 'He is a savage from the forest.' She spoke to the Manager, and the man was moved further down the table. Next day other people complained and I saw that he was still further off with empty seats on either side of him. Next day he was at a table by himself, and then he left the hotel in a rage at being thus treated. We heard then that he was a Count from Roumania, but his high position could not make him tolerated by an absolutely cosmopolitan society. I thought of some complaints I had heard of Natives of India being excluded from hotels, and of a remark of a Mahomedan friend of mine that he never found any difficulty, and judged that the cause doubtless was that the former were unacquainted with and the latter understood the code of European manners. Hence the importance, if you mix with Englishmen, of making a study of these points, some of which may appear to be trifling matters of detail.

clothes, but daily washing of the whole body and clean under-clothing are equally essential. In English society hawking and spitting are not tolerated and the use of a handkerchief is obligatory. Most English people dislike the habit of chewing *pan*. As a rule in Rome, do as the Romans do, provided that the thing done is not morally forbidden. Thus when you are dining with Englishmen adopt English manners, and similarly with Orientals, but do not take wine even if urged to do so. In conversation listen to the person who is talking to you, and do not constantly interrupt him in his remarks. Do not make cool requests, asking a man for example to lend you his horse or gun when you are not on terms of intimacy. It is bad manners when you force a man to be rude in self-defence, as when you ask for a favour which is declined and you continue to press your request. In saluting cultivate a graceful bearing, and do not toss a finger to your forehead like a ticket collector. In the presence of your superiors adopt a respectful attitude of body and tone of speech. In English society this is equally a condition of good manners, though the differences are more subtle and less marked than in the East. With superiors wait to speak, as a rule, until you are spoken to, unless you have some business to bring forward. Be considerate with inferiors and always thoughtful of their feelings. When the great Sir Salar Jung walked in his garden and a coolie woman saluted him, he used to remove his walking stick from his right hand to his left to return the salutation.

I will add a few more minor points. If you receive an invitation, always answer it at once whether you accept or decline, and if after accepting anything prevents you from going write an apology as soon as you know you cannot go. If you ever enter a Christian Church always take off your head dress; otherwise do not enter. If you receive a letter of condolence from an Englishman on the loss of a relation, you should acknowledge it; if from an Indian it is not necessary as the Oriental etiquette differs in this respect. Never take things not belonging to you without asking. If shown kindness by a superior do not presume on that kindness to become familiar or neglect the due signs of respect. I have constantly

favourably with those of any people in the world. I have never met finer examples of dignity and true courtesy. But there are some points to which I must direct your attention, that will be needed if you mix in English society. The great element of novelty is that you will meet ladies as well as men. And your first rule must be to show a marked increase of respect for women. Among Mahomedan families the respect for women ranges, as far as I have been able to discover, from a degree of respect equal to that which we feel in good English society to a sense of superiority in men over women, whom they prefer to keep ignorant. Among my Mahomedan friends those who feel just as courteous Englishmen do towards the sex treat ladies with the proper deference. But those persons who think, that woman is inferior or if not inferior should be kept inferior through ignorance lest they should not remain in proper subjection (as a young men once confessed to me was his opinion)—such persons are certain consciously or unconsciously to adopt offensive manners in the society of ladies. The great fact to be laid hold of is that woman is the equal of man; but that as he is the stronger, it is his duty to serve her. When you meet ladies you should salute them more deeply than men, observe more deference in your manner of speaking to them, and be ready to oblige them in every trifling way, such as offering a seat, opening a door if a lady leaves a room, carrying anything she may have to take, picking up anything she may let fall. In a word you should always give ladies precedence, obtain for them if possible the best of everything, and count as a privilege every service you can render them. Adopt these manners and your ladies at home will join with English ladies in praise of your good breeding.

You must be careful in conversation with ladies never to allude to subjects of a coarse or indecent character, much less freedom being permissible in mixed society than between men. Never swear, use violent expressions, or speak angrily to another man before ladies.

Turning to another matter, cleanliness is of great importance, as the want of it offends more senses than one. It is not enough to be satisfied with apparent cleanliness of skin and

every one of you who are inclined not to show proper respect to your older relations, that you not only prove yourselves to be wanting in good manners, and decent feeling, but may be actually retarding the education of your community. I have known students blown out with conceit because they wore English clothes, or because they were rich, or because though really poor they had induced others to think them rich by extravagantly spending their father's money in showy clothes.

Good manners take their root deep in the character. Coarse flattery and servility are odious qualities that are incompatible with good manners. Manliness, sincerity, truthfulness and self-respect form the soil on which good manners can be planted. It is a little difficult to explain in words the great difference that exists between conceit and self-respect, two qualities to both of which the word pride is sometimes applied. Self-respect arises out of moral qualities. A man who is too proud to flatter so as to gain a post, or to lie to protect himself from punishment or injury, has self-respect. The man of self-respect resents an insult to his honour, his integrity, his character; while the conceited man resents an insult to his sense of importance, his social position, or his assumed superiority to his fellow men. If you think that because you know some English and have picked up a feeble smattering of European culture you are better than your parents and the old-fashioned Musalmans, your conceit will lead you to behave as cads and not as gentlemen in Mahomedan society. In France, which for centuries has set the standard of manners in Europe, the respect for parents is practised with the utmost vigour. I remember that Gambetta, the greatest man in France at the time, went on a triumphal journey from Paris to the village where he was born to pay his respects to his old father who kept a small grocer's shop, and the whole of France rang with acclamation at his filial piety. But if your pride is of the sort that would make it impossible for you to tell a lie or take a bribe, I hope your pride will be unbounded.

You cannot do better if you want to learn good manners, than take lessons from the manners of the genuine Mahomedan aristocrat, whose manners will compare

Good manners may be classified into the essential and the accidental. In all countries of the world most of the essential elements of good manners are the same, though the accidental may vary. Among the essential elements of good manners are consideration for the feelings and convenience of others, modesty and self-respect. A man of good manners will not make remarks such as would hurt the susceptibilities of any one present who heard him. He would in his conduct take care not to disappoint expectations he had aroused. He would habitually have present to his mind the feelings of the people with whom he has to deal and as far as possible in his words and conduct avoid any occasion of hurting them. Hundreds of instances of bad manners aise from want of consideration of other people. If you fail to keep a promise, or keep some one waiting at an appointment, are unpunctual in attending the cricket or football field when your presence is required in a match (which you often are), you put others to inconvenience and are guilty of bad manners.

The great enemy to good manners is any form of egoism, such as prefering your own convenience to that of others, or being puffed up with self-conceit. Good manners require habitual unselfishness in your dealings with others. And without a sense of modesty good manners cannot exist. The bumptious young man who thinks himself the superior of his fellows or the equal of his betters is certain to let it be seen by some breach of manners. It is therefore necessary for the man who wishes to acquire good manners to think little of himself and his acquirements. And if he will reflect on how little he has to be proud of, and on how much other men surpass him in various respects he will find but little difficulty in recognising how baseless is his conceit. I lay great stress on this quality of modesty because conceit is a besetting vice of many Mahomedan youths, and I have seen men stoop to the basest actions because their silly vanity has been offended. You should show proper deference to age, to position and to learning. I heard not long ago of a Mahomedan gentleman of good position who refused to teach his sons English because he said the young men who learnt English treated their fathers like servants. Now think

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

New Series VOL. 2.	AUGUST 1, 1895.	No. 8.

MANNERS.*

English education in India has unfortunately been attended by a deterioration of manners. Among the causes of this is doubtless the fact that but little attention has been paid in colleges and schools to this branch of education. Another cause is that a very unsuccessful attempt has been made to exchange Oriental for English manners, the result being as a rule that those persons who have not had the opportunity of mixing freely in good English society have fallen between two stools, and become ill-mannered according to both standards. But I think a third cause is to be found in considerations of a different character. In Europe the arbiters of manners are ladies. They correct the manners of their relations and punish any breach of good manners in others by partial or total exclusion from their society. In India the tone of good manners was set by the royal court, and was maintained by the marked and well graded differences of rank. Now-a-days the non-existence of a court and the greater fusion of ranks arising from the more democratic ideas and methods of the West, has weakened the means of enforcing good manners in India, while the purdah system prevents the women from exercising that influence which they do in Europe. Good manners are not easily acquired, and require continual self-restraint. When no external authority enforces them, a man's manners have a natural tendency to grow bad. Hence the best mannered among you should be constantly on your guard in this respect.

* An address given by the Principal to the students of the M. A. O College.

M. A.-O. COLLEGE MAGAZINE.

This Magazine will contain articles on political, literary and other subjects of interest to the Muhammadan community. At least 24 pages of the Magazine will be in the Urdu language. Several Muhammadan gentlemen distinguished for their abilities and learning have promised to contribute towards the Urdu portion of the Magazine. It will also review books relating to Islam published in Europe and India. Translations will be published from Arabic papers printed in Egypt and Syria.

The Magazine is also the organ of the Educational Census, and will publish monthly reports of the progress of the work. It will likewise give the latest news of the Muhammadan Anglo-Oriental Defence Association of Upper India.

The Magazine will contain information of all sorts with regard to the M. A.-O. College. It will thus form a history of the College, both of its external relations and its internal life.

The Magazine will be ready also to publish short accounts of the progress of all Muhammadan Schools throughout India. Persons connected with such schools are invited to supply the Editor with information about them.

The annual subscription is Rs 3 including postage, and is payable strictly in advance. Ten numbers will be issued in the year. Subscribers should either send the subscription to the Manager, or allow him to send the first number by v. p. p. for Rs 3 or for Re. 1—As. 8 for half a year.

The Magazine will insert advertisements at the rate of 2 annas per line or Rs. 2 per page in Urdu.

THEODORE BECK,
English Editor,

MAULVI MUHAMMAD SHIBLI,
Urdu Editor.

NIAZ MUHAMMAD KHAN,
Manager.

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

New Series VOL. 2.	AUGUST 1, 1895.	No. 8.

CONTENTS.

(English.)

	Subject		Page.
I.	A Lecture on Manners by the Principal of the M. A.-O. College.	...	301
II.	Our Cricketers at Naini Tal	...	307
III.	The Theatre at Aligarh	...	308
IV.	The College Magazine	...	309
V.	The Late Maulvi Cheragh Ali	...	310
VI.	The English Elections and India	...	311
VII.	The Brotherhood and the Duty	...	312
	(Urdu.)		
VIII.	Amir Timur by Khan Bahadur Shamsul-Ulama Maulvi Zaka Ullah	...	313
IX.	Mechanics and Muhammadans (By Maulana Shibli Nomani)	...	326
X.	Early Moslem Trade in the Baltic Sea (By Mr. Arnold)	...	332
XI.	Muhammadan Educational Census	...	337

---o---

Printed at the Institute Press, Aligarh.
For Siddon's Union Club.

محمدن اینگلو اورینٹل کالج میگزین

جلد ۲	بابت ماہ جولائی سنہ ۱۸۹۵ ع	نمبر ۷

فہرست مضامین

انگریزی میں

مضمون		صفحہ
۱ — کالج پر پرنسپل کی سالانہ رپورٹ	...	۲۵۳
۲ — کالج کا نتیجہ یونیورسٹی	...	۲۷۴

اردو میں

مضمون		صفحہ
۳ — اسلامی حکومتیں اور شفاخانے (مولوی شبلی صاحب نعمانی)	...	۲۷۵
۴ — مسلمانوں میں عملی قوت کیوں نہیں رہی (مولانا الطاف حسین حالی)	...	۲۹۲
۵ — نظم مولانا الطاف حسین حالی کی	...	۲۹۷

کالج میگزین

قریباً چار برس ہوئے کہ اس نام کا ایک علمی رسالہ انگریزی اور اردو ملا ہوا - علیگڈہ کالج سے نکلنا شروع ہوا - اول اول وہ علیگڈہ انسٹیٹیوٹ کا ضمیمہ بن کر نکلتا رہا — لیکن سنہ ۱۸۹۴ع میں اس نے ایک مستقل رسالہ کی صورت اختیار کی — اس کے مضامین زیادہ تر کالج کی خبروں اور اس کے متعلقات پر محدود ہوتے تھے — اور اس وجہ سے عام پبلک کو اس کے ساتھہ چنداں دلچسپی نہ تھی *

اس خیال سے اس کے منتظموں نے اس کو زیادہ وسعت دینی چاہی تاکہ وہ بالکل ایک علمی میگزین بن جائے جس میں کالج کی خبروں کے علاوہ - مسلمانوں کے علوم و فنون — تاریخ اور لٹریچر کے متعلق - مفید اور پر زور مضامین لکھے جائیں - اس غرض سے اس کے ۲۴ صفحے بالکل اردو کے لئے مخصوص کردئیے گئے - اور اس حصہ کا اہتمام خاص میری سپردگی میں دیا گیا ہے میں اس رسالہ کے ترقی دینے میں حتی الامکان کوشش کرونگا *

ملک کے مشہور اہل قلم یعنی مولانا حالی - نواب محسن الملک - مولوی نذیر احمد — اور منشی ذکاءاللہ — وغیرہ بزرگوں نے اس میں مضامین لکھنے کا وعدہ کیا ہے — اور اہل قلم بھی اگر اس کی اعانت فرمائینگے تو ہم نہایت شکر کے ساتھہ قبول کرینگے *

ہم کو امید ہے کہ ہندوستان کی اسلامی جماعت خریداری سے اس کی اشاعت میں مدد دیگی — میگزین کے کل صفحات ۴۰ ہیں اور قیمت مع محصول ڈاک - ([illegible]) *

شبلی نعمانی — پروفیسر

مدرسۃ العلوم علیگڈہ

اسلامی حکومتیں اور شفاخانے

ایشیائی قوموں میں کسی سلطنت کی عظمت و شان یا پستی و تنزل کا اندازہ ہمیشہ فتوحات ملکی اور فوجی طاقت سے کیا جاتا تھا اور غالباً یورپ کا بھی آج سے دو سو برس پہلے یہی حال تھا۔ اسکا یہ اثر تھا کہ اُس عہد کی تاریخی تصنیفات میں کسی سلطنت اور حکومت کے متعلق جو واقعات لکھے جاتے تھے وہ زیادہ تر فتوحات اور خانہ جنگیوں کے واقعات ہوتے تھے۔ اسلامی تاریخیں بھی اس الزام سے بری نہیں اور یہی وجہ ہے کہ آج کل یورپ نے اسلامی تاریخوں کا نام "قصاب کی دوکان" رکھا ہے۔ یورپ کے طعنہ دینے کی بہ نسبت ہمکو زیادہ افسوس یہ ہے کہ اس طرز تحریر نے مسلمانوں کے بہت سے عجیب و غریب کارنامے گمنامی کی خاک میں دفن کر دیئے۔ ہم نہایت قوی دلیلوں سے اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ مسلمانوں کی حکومت کا زمانہ۔ مہذب حکومت کا زمانہ تھا۔ انتظام کے جدا جدا صیغے قائم تھے اور ہر صیغہ کا وزیر یا سکرٹری الگ تھا۔ ہمیشہ تیسویں برس تمام اراضی کی پیمایش ہوتی تھی اور زمین کی افزایش اور لیاقت کے لحاظ سے دفتر خراج کی اصلاح و ترمیم ہوتی تھی۔ پبلک ورک یعنی منافع عامہ کا وسیع محکمہ تھا جو سڑکوں کی درستی۔ پلوں کی مرمت۔ شہر کی صفائی

حفظان صحت۔ اور اس قسم کے تمام امور کا متکفل تھا۔ غرض ایک مہذب سلطنت کے جو لوازمات ہیں سب تھے لیکن آج ہم ان کی تفصیل بتانے سے بالکل عاجز ہیں اور یہی عجز ہے جو ہمکو اپنی قدیم تاریخوں کی شکایت پر مجبور کرتا ہے۔

بہرحال یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی حکومت کی تہذیب و تمدن کے متعلق جدا جدا عنوان قائم کیے جائیں اور جہاں تک ممکن ہو ان کے متعلق نہایت تفصیلی مضامین لکھے جائیں اگر اس طریقہ میں ہمکو کامیابی ہوئی تو اُن مضامین کا مجموعہ جو وقتاً فوقتاً ہمارے میگزین میں شایع ہوتے رہینگے مسلمانوں کی تہذیب و تمدن کی مکمل تاریخ بنجائیگا اور اسوقت ہم اُسکو ایک مستقل کتاب کی صورت میں شائع کر سکینگے

یہ آرٹکل پبلک ورک کی ایک خاص شاخ یعنے شفاخانوں کے متعلق ہے۔

اس قسم کی خود رو طبابت جو لازمہ زندگی ہے۔ ہر قوم میں ہمیشہ پائی جاتی ہے اور عرب میں بھی ہمیشہ سے موجود تھی لیکن علمی طبابت جو کسب و تعلم کی محتاج ہے۔ اسکا پتہ بھی عرب میں مدت سے چلتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت سے پہلے۔ حارث بن کلدہ نے جو طائف کا رہنے والا تھا۔ فارس میں جاکر طب کی تحصیل کی۔ اور وہاں سے واپس آکر قوم کی زبان سے **طبیب العرب** کا خطاب حاصل کیا۔ طبابت کے تعلق سے اُسنے نوشیروان کے دربار میں بھی رسائی حاصل کی تھی۔ اسکا بیٹا نضر بن حارث اس سے زیادہ نامور ہوا اور اُسکے بدولت علم طب کو عرب میں زیادہ ترقی ہوئی یہانتک کہ حضرت عمرؓ نے جب فارس پر لشکر کشی کی تو فوج کے ساتھہ بہت سے طبیب و جراح بھی بھیجے۔

حارث بن کلدہ

امیر معاویہ نے عرب کو چھوڑ کر دمشق کو پایہ تخت بنایا اور سلطنت اور دربار کے ٹھاٹھہ جمائے۔ چنانچہ ایک عیسائی طبیب جسکا نام ابن آثال تھا خاص دربار کا طبیب مقرر ہوا۔ اس کے سوا

اور بہت سے طبیب دربار سے تعلق رکھتے تھے۔

تمدن کی وسعت کے ساتھ اس صیغہ کو بھی برابر ترقی ہوتی گئی۔ اور ملک میں بہت سے جراح وطبیب پیدا ہو گئے۔ جو بطور خود اپنے گھروں پر علاج کرتے تھے۔ کیونکہ اسوقت تک شفاخانوں کا طریقہ نہیں قائم ہوا تھا۔ سب سے پہلے جسنے اس کی بنیاد ڈالی وہ حکومت بنی اُمیّہ کا تیسرا تاجدار ولید بن عبدالملک تھا۔ ولید کو رفاہ عام کے کاموں سے طبعی لگاؤ تھا۔ اور اس صیغہ میں بہت سے کام ہیں جو اول اسی کے ہاتوں سے عمل میں آئے اول اسی نے مہمان خانہ عام قائم کیا۔ ملک میں جسقدر اندھے اور مفلوج تھے سبکی فہرست مرتب کرا کے ان کے وظیفے مقرر کر دیئے اور ہر ایک کے ساتھ ایک ایک خادم متعین کیا۔ بذامیوں کے روزینے مقرر کر دیئے اور حکم دیا کہ گھر سے نہ نکلنے پائیں۔ اسی سلسلہ میں شفاخانے کی بنیاد ڈالی جو ۸۸ھ ہجری میں بنکر طیار ہوا اور بہت سے طبیب و جراح علاج کے لیئے متعین ہوئے[۱]

سب سے پہلا شفاخانہ

محکمۂ طبابت کے قائم ہونے سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ یہودی و عیسائی علما کثرت سے دربار میں باریاب ہوئے اور یونانی علوم وفنون سے واقف ہونیکا رستہ کھلا۔ کیونکہ طب کی عمدہ تصنیفات یونانی ہی زبان میں تہیں اور اُن کے ترجمے کے بغیر علاج اور دواسازی وغیرہ میں ترقی نہیں ہو سکتی تہی۔ چنانچہ اُسی زمانے میں ماسرجویہ یہودی نے اہرن قس کی کتاب کا سُریانی زبان سے ترجمہ کیا۔ اور یہ کتاب شاہی کتب خانہ میں داخل کی گئی۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اپنے عہد حکومت میں اس ترجمہ کو کتب خانہ سے نکلوا کر نقلیں کرائیں اور بہت سے نسخے تمام لوگوں کے استعمال کے لیئے شائع اور مشتہر کئے[۲]

رفتہ رفتہ تمام ملک میں کثرت سے شفاخانے قائم ہو گئے دولت عباسیہ کے آغاز میں

---

[۱] مقریزی دوم ۴۰۵۔ [۲] طبقات الاطبا صفحہ ۱۶۳ جلد اول۔

جندلیساپور کے شفاخانے نے جسکا مہتمم اور معالج جارجس تھا نہایت شہرت پائی۔ جارجس یونانی زبان کا بہت بڑا ماہر تھا اور فن طب میں اجتہاد کا منصب رکھتا تھا۔ اس نے شفاخانوں کے استعمال کے لیئے سریانی زبان میں ایک نہایت عمدہ قرابادین طیار کی جسکا ترجمہ زمانہ مابعد میں حنین بن اسحاق نے عربی میں کیا۔ سنہ ۱۴۸ھ میں خلیفہ منصور عباسی بیمار ہو کر زندگی سے مایوس ہو گیا تو جارجس کے نام طلبی کا فرمان بھیجا۔ جارج نے شفاخانہ کا اہتمام بیٹے کے سپرد کیا اور دربار خلافت میں حاضر ہوا۔ اس کے علاج سے منصور کو شفا ہو گئی۔ منصور کی فرمائش سے اسنے یونانی زبان کے بہت سی کتابیں عربی زبان میں ترجمہ کیں۔ اس مشہور شفاخانہ کا دوسرا ڈاکٹر سابور بن سہل تھا۔ جو متوکل کے زمانے میں تھا اور سنہ ۲۵۵ھ میں وفات پائی۔ اسنے ایک نہایت مفصل قرابادین طیار کی جس میں سترہ باب تھے۔ کئی سو برس تک تمام شفاخانوں میں اسی قرابادین پر عمل درآمد رہا۔ ماسوَیہ جو ایک نامی طبیب گذرا ہے اور جس کے حالات علامہ ابن ابی اصیبعہ نے کسی قدر تفصیل سے لکھے ہیں۔ اسی ہسپتال میں تیس برس تک دوا سازی اور مرہم پٹی کا کام کرتا رہا۔

ویدک کا داخل ہونا

عباسیوں کے ابتدائی زمانے تک تمام شفاخانوں میں یونانی یا فارسی طبابت کے اصول کے موافق علاج ہوتا تھا۔ لیکن رفتہ رفتہ برامکہ کے طفیل سے ویدک بھی شامل ہو گئی۔

یحیی بن خالد برمکی نے جو ہرون الرشید کا وزیر اعظم اور دولت عباسیہ کا دست و بازو تھا ایک شخص کو ہندوستان بھیجا کہ وہاں جو دوائیں اور نباتات علاج میں برتی جاتی ہیں انکو بہم پہنچا کر ساتھ لائے[1] یحیی نے ہندوستان کے نامی طبیبوں اور ویدکوں کو بھی دربار میں طلب کیا چنانچہ منکہ سالے۔ اور ابن دہن۔ بغداد میں آئے۔ منکہ نے بہت سے سنسکرت کتابوں کا جو طب کے متعلق تھیں عربی زبان میں ترجمہ کرایا۔ ابن دہن اس شفاخانے کا افسر مقرر ہوا جو خاندان برامکہ

[1] فہرست صفحہ ۲۴۵۔

نے بغداد میں تعمیر کرایا تھا۔ بغداد میں اسوقت اگرچہ بہت سے شفاخانے موجود تھے مگر یہ عزت برامکہ ہی کے ہسپتال کو حاصل تھی کہ اسکا افسر اور ڈاکٹر ایک ہندو حکیم تہا۔ اس واقعہ سے ہم مسلمانوں کی بے تعصبی اور علمی قدردانی کا بھی اندازہ کر سکتے ہیں۔ سرد جو ہندوستان کا ایک مشہور حکیم گذرا ہے۔ فن طب میں اس کی ایک نہایت عمدہ تصنیف دس مقالوں میں تھی۔ یحیٰی نے منکہ کو اس کے ترجمہ پر مامور کیا[1]۔ اور جب ترجمہ طیار ہوگیا تو حکم دیا کہ شفاخانہ میں قرابادین کے طور پر کام میں لایا جائے۔

ہرون الرشید نے ایک خاص ہسپتال ادتعمیر کرایا اور ماسویہ کو جسکا ذکر اوپر گذر چکا ہے اس کا مہتمم اور ڈاکٹر مقرر کیا۔ رشید کے زمانے میں طبابت کا مستقل اور وسیع سررشتہ قائم ہوگیا متعدد شفاخانے ایک ایک ڈاکٹر کی نگرانی میں تھے۔ اور ایک شخص تمام شفاخانوں کا انسپکٹر جنرل ہوتا تھا جو رئیس الاطبا کے لقب سے پکارا جاتا تھا یہ عہدہ اول بختیشوع کو ۱۷۱ھ میں اور بعد اس کے بیٹے جبرئیل کو ۱۷۵ھ میں ملا۔ جبرئیل کی تنخواہ دس ہزار درہم ماہوار تھے اور پانچ ہزار ماہوار بھتہ تہا[2]۔ یہ تو خاص عہدہ کی تنخواہ تھی۔ دربار خلافت۔ زبیدہ خاتون۔ برامکہ وغیرہ کے ہاں سے جو سالانہ مقرر تھا اُس کی تعداد کئی لاکھ تہی جس کی تفصیل خود جبرئیل کے کاغذات حساب سے علامہ ابن ابی اصیبعہ نے نقل کی ہے بختیشوع اور جبرئیل دونوں باپ بیٹے عیسائی تھے۔ اور باوجود اسکے ہرون اور مامون کے دربار میں ان کو یہ عزت حاصل تھی کہ وزرا اور امرا ان کے دست نگر رہتے تہے یہاں تک کہ جبرئیل کا بیٹا بختیشوع۔ لباس۔ سواری۔ ساز و سامان حشمت و شوکت میں خود خلیفۂ وقت کا مقابلہ کرتا تہا۔

انسپکٹر جنرل شفاخانجات کی تنخواہ۔

یہ تعجب ہے کہ باوجود اس کے کہ تمام ممالک اسلامی میں ہر جگہہ شفاخانوں کا رواج ہوگیا تہا۔ مصر میں ایک مدت تک اس مقصد کے لئے کوئی خاص عمارت نہیں تعمیر ہوئی۔ علامہ مقریزی نے

[1] فہرست ۳۰۳ [2] طبقات صفحہ ۱۳۶۔ و ۱۴۳۔

مغافر کے ایک شفاخانے کا ذکر کیا ہے جو فتح بن خاقان وزیر خلیفہ المتوکل باللہ کے حکم سے تعمیر ہوا
تھا۔ لیکن اس کی بنا کی تاریخ یا اور کسی قسم کی تفصیل نہیں لکھی۔ اس سے زیادہ یہ کہ ابن طولون کے
ہسپتال کے ذکر میں لکھا ہے کہ اس سے پہلے مصر میں کوئی شفاخانہ موجود نہ تھا۔ ہماری دانست
میں اس کی یہ وجہ ہے کہ اسلام سے پہلے مصر فن طب کا مشہور درسگاہ تھا اور بہت بڑے
بڑے حکیم وطبیب موجود تھے جو یونانی حکما کے ہم پلہ سمجھے جاتے تھے۔ ان حکما کی وجہ سے طب اور علاج
کو نہایت ترقی تھی۔ ہر حکیم کا گھر گویا ایک مستقل شفاخانہ تھا۔ اور ممکن بلکہ غالب احتمال یہ ہے کہ باقاعدہ
شفاخانے بھی موجود رہے ہوں۔ اسلام کے بعد ولید کے زمانے سے شفاخانوں کی بنیاد پڑی
اور رفتہ رفتہ اسکا وسیع سررشتہ قائم ہوگیا۔ لیکن اس صیغہ کا تمام اہتمام مدت تک عیسائیوں کے
ہاتھ میں رہا اور وہی انسپکٹر جنرل اور ڈاکٹر وغیرہ مقرر ہوتے تھے۔ اس حالت میں چنداں ضرورت
نہ تھی کہ جو مطب گاہیں یا شفاخانے۔ نہایت عمدگی کے ساتھ پہلے سے قائم تھے انکو بے رونق کردیا
جائے اور نئی عمارتیں قائم کی جائیں۔ بہرحال وجہ جو کچھ ہو۔ احمد بن طولون کے زمانے
تک مصر میں کوئی اسلامی شفاخانہ موجود نہ تھا۔

احمد بن طولون۔ دولت عباسیہ کیطرف سے مصر ومغرب وشام کا گورنر تھا۔ اور چونکہ سلطنت
عباسیہ کو روز بروز ضعف ہوتا جاتا تھا۔ اسکی حالت مستقل سلطنت تک پہنچ گئی تھی۔ ۲۶۱ھ میں اس نے
ایک نہایت عظیم الشان شفاخانہ کی بنیاد ڈالی۔ اور طیاری کے بعد بہت سی جائداد اس کے مصارف
کے لیئے وقف کی۔ صرف کا تخمینہ ساٹھ ہزار دینار ہوا جس کے کم سے کم تین لاکھ روپئے ہوتے ہیں
اس میں علاج کا دستور یہ تھا کہ جب کوئی بیمار علاج کے لیئے آتا تھا تو اُس کے کپڑے اور جو کچھ اُس کے
پاس نقدی ہوتی تھی۔ لے لی جاتی تھی۔ اور شفاخانے کے خزانچی کے پاس امانت رہتی تھی شفاخانے
کی طرف سے اُسکو نیا کپڑا اور بچھانے کے لیئے بستر ملتا تھا۔ صبح اور شام دونوں وقت جراح اور ڈاکٹر

اس کے دیکھنے اور دوا خوراک وغیرہ میں کمی بیشی کرنے کی غرض سے آتے تھے۔ جب صحیح ہو کر اتنی طاقت آجاتی تھی کہ روٹی اور مرغ کا شوربا کھانے لگتا تھا تب اسکو اسکی امانت واپس کر دی جاتی تھی اور ہسپتال سے چلے جانے کی اجازت ملتی تھی۔ احمد بن طولون ہمیشہ ہر جمعہ کو خود ملاحظہ کے لیئے آتا تھا۔ اور دواخانہ وغیرہ کی جانچ کرتا تھا۔ اس کے ساتھ ایک ایک مریض کے پاس جاکر دیکھتا تھا اور انکا حال دریافت کرتا تھا۔ پاگلوں کے علاج کے لیئے الگ کمرے تھے اور نہایت خبرگیری سے انکا علاج ہوتا تھا۔

ایک جدت

احمد بن طولون نے اس صیغہ میں ایک اور جدت کی جو اور کہیں نہ تھی۔ ۲۶۳ھ میں اس نے جو بہت بڑی عظیم الشان جامع مسجد ایک لاکھ دینار کے صرف سے بنوائی اس میں ایک طرف ایک وسیع مکان بنوایا جس میں ہر وقت ہر قسم کی دوائیں اور شربت موجود رہتے تھے۔ ایک طبیب مقرر تھا جو ہمیشہ جمعہ کے دن وہاں نماز کے اول وقت سے اخیر تک بیٹھا رہتا تھا۔ مسجد میں اتفاقیہ کوئی شخص کسی عارضہ میں مبتلا ہو جاتا تھا تو طبیب کے پاس لایا جاتا تھا اور اسکا علاج ہوتا تھا۔

خلیفہ مقتدر باللہ کے عہد میں شفاخانوں کی ترقی

خلیفہ مقتدر باللہ کے زمانے میں اس صیغہ کو نہایت ترقی ہوئی اور بہت سی نئی باتیں ایجاد ہوئیں۔ علی بن عیسی وزارت کا منصب رکھتا تھا اور اسکو رفاہ عام کے کاموں پر نہایت توجہ تھی۔ اتفاق یہ کہ اس زمانے میں کثرت سے وبائی امراض پھیلے۔ سنان بن ثابت بن قرہ جو بہت بڑا مشہور طبیب اور صابی المذہب تھا شفاخانوں کا انسپکٹر جنرل تھا۔ علی نے اسکو متعدد فرمان اس بارہ میں لکھے اور شفاخانوں کے متعلق سے نئے نئے کارخانے قائم کیئے۔ سب سے پہلے یہ کیا کہ چونکہ اسوقت تک جیلخانوں کے لیئے علیحدہ ذاکر نہیں ہوتا تھا۔ اس نے سنان کو حکم دیا کہ چند

جیلخانہ کا ہسپتال

طبیب خاص جیلخانوں میں علاج کرنے کے لیئے مقرر کیئے جائیں شہر پری ڈسپنسری یعنی عارضی

---

[1] یہ تمام تفصیل علامہ مقریزی نے کتاب الخطط والآثار میں لکھی دیکھو کتاب مذکور صفحہ ۴۰۵ جلد دوم۔

عارضی شفاخانے

ہسپتالوں کا صیغہ قائم کیا۔ بہت سے طبیب مقرر ہوئے کہ چھوٹے چھوٹے قصبات میں جہاں طبیب اور شفاخانے نہیں ہیں دورہ کریں۔ اور ہر جگہ دو دو چار چار دن ضرورت کے موافق قیام کرکے بیماروں کا علاج کریں ان طبیبوں کے ساتھ ایک مختصر دواخانہ ہوتا تھا اور قصبات اور دیہات میں علاج کرتے پھرتے تھے۔

امتحان کا طریقہ قائم ہوا۔

ایک نئی بات یہ ہوئی کہ امتحان کا طریقہ قائم ہوا جو اس سے پہلے بالکل مروج نہ تھا۔ اس کی ابتدا یوں ہوئی کہ سنہ ۳۱۹ھ میں ایک نیم حکیم نے ایک بیمار کا غلط علاج کیا اور وہ مر گیا خلیفہ کو اُس کی اطلاع ہوئی تو یہ حکم صادر ہوا کہ کوئی شخص باقاعدہ جب تک امتحان نہ دے مطب اور علاج نہ کرنے پائے۔ سنان بن ثابت ممتحن مقرر ہوا اور ہزاروں طبیبوں نے امتحان دیا۔ بغداد کی وسعت اور تمدن کا اس سے اندازہ کرنا چاہیے۔ کہ آٹھ سو ساٹھ آدمی امتحان میں پورے اُترے

آٹھ سو طبیب سند یافتہ تھے۔

اور انکو سند عطا کی گئی حالانکہ امتحان میں وہ لوگ شامل نہ تھے جنکا کمال پہلے سے مسلم تھا۔ یا جو لوگ دربار سے تعلق رکھتے تھے۔ سند میں تصریح ہوتی تھی کہ کس درجہ کا امتحان دیا ہے اور کس قسم کے علاج کی اسکو اجازت دی گئی ہے۔

مقتدر نے ان انتظامات کے علاوہ متعدد بڑے بڑے شفاخانے قائم کئے۔ ایک شفاخانہ اپنی ماں کے نام سے قائم کیا جسکا سالانہ خرچ سات ہزار دینار تھا جسکے اول مرتبہ ۳۵ پینتیس ہزار روپے ہوئے۔ یہ شفاخانہ آب ہوا اور نظر کی خوبی کے لحاظ سے دجلہ کے کنارے تعمیر کیا گیا۔ محرم سنہ ۳۰۶ھ میں افتتاح کی رسم عمل میں آئی اور بہت سے طبیب و جراح معقول مشاہرہ پر متعین ہوئے۔ اسی سنہ میں ایک اور شفاخانہ اپنے نام سے قائم کیا جسکا ماہانہ خرچ دو سو دینار یعنی ہزار روپیہ ماہانہ تھا۔[1]

[1] یہ تمام تفصیل طبقات الاطباء صفحہ ۲۲۱ و ۲۲۲۔ اور منتظم فی اخبار ام القری ۱۹۱ میں سے۔

علی بن عیسیٰ کا شفاخانہ

علی بن عیسیٰ وزیر سلطنت نے اپنے صرف سے محلہ حربیہ میں ۳۰۲ھ میں ایک شفاخانہ قائم کیا۔ اور مشہور طبیب ابو سعید بن یعقوب الانصراسکا ڈاکٹر مقرر ہوا۔ اس زمانے کے قریب یعنی ۳۱۳ھ میں۔ محلہ درب المفضل میں۔ ابن الفرات نے ایک ہسپتال قائم کیا۔ اور ثابت بن سنان کو اسکے اہتمام کی خدمت دی۔ یہ وہ شفاخانے ہیں جو خاص بغداد میں تعمیر ہوئے اور جن کے حالات ہم کسیقدر تفصیل کے ساتھ معلوم کرسکے۔ لیکن اسلامی فیاضیوں نے تمام ممالک میں جس کثرت سے اس قسم کی مفید یادگاریں قائم کی ہونگی انکا شمار کون کرسکتا ہے۔

عضد الدولہ کا بیمثل شفاخانہ

بغداد۔ اگرچہ شفاخانوں سے معمور تھا تاہم آبادی کی کثرت کے لحاظ سے ابھی اور ضرورت تھی۔ اسی ضرورت کے لحاظ سے عضد الدولہ نے ایک اور شفاخانہ قائم کیا جسکی وسعت خوبی عمارت۔ کثرت آلات۔ ترتیب اور درستی کے لحاظ سے مورخین نے تسلیم کیا ہے کہ تمام دنیا میں کوئی شفاخانہ اس کے مثل تعمیر نہیں ہوا۔

علامہ ابن خلکان کے خاص الفاظ یہ ہیں۔ لیس فی الدنیا مثل ترتیبہ۔ واعدلہ من الآلات ما یقصر الشرح عن وصفہ۔ عضد الدولہ۔ دنیا کے مشہور بادشاہوں میں سے ہے۔ اسلام کی تاریخ میں وہ سب سے پہلا فرمانروا ہے جو بادشاہ کے نام سے پکارا گیا۔ بغداد میں خلفائے عباسیہ کے سوا۔ خطبہ میں کسی کا نام نہیں پڑھا گیا تھا۔ یہ فخر سب سے پہلے عضد الدولہ ہی کو حاصل ہوا۔ اس کی سلطنت نہایت وسیع اور منتظم تھی۔ وہ خود نہایت علم دوست اور خاصکر رفاہ عام کے کاموں کا نہایت دلدادہ تھا اس نے اپنے عہد میں حفظان صحت کے صیغہ کو نہایت ترقی دی۔ تمام اضلاع اور قصبات میں نئے شفاخانے قائم کئے اور پرانوں کی اصلاح اور مرمت کرائی۔ جس عظیم الشان شفاخانہ کا ہم نے اوپر ذکر کیا اس کی عمارت ۳۷۱ھ میں انجام کو پہونچی۔ یہ شفاخانہ درحقیقت ایک مڈیکل یونیورسٹی تھی

لہ طبقات صفحہ ۲۲۲

نہایت کثرت سے ہر قسم کے آلات مہیا کیے گئے تھے۔ اور بہت سے مشہور طبیب لکچر دینے کیلیے مقرر تھے۔ علاج کے لیئے دور دور سے مشہور طبیب بلوا کر متعین کیے گئے تھے ان سب کی تعداد اول ۱۰۰ تھی۔ انتخاب کے بعد گھٹ کر ۲۴ رہ گئے جن میں۔ ابن بکس۔ ابو یعقوب۔ ابن شکرایا۔ ابو عیسی۔ بنو حسنو۔ جیسے نامور اطبا داخل تھے۔

۲۴ طبیب تھے

جراح

جراحوں میں سے ابوالخیر۔ ابوالحسن نفاح زیادہ نامور تھے۔ پٹی باندہنے والوں کا افسر ابوالصلت تھا جو اس فن میں اپنا جواب نہیں رکہتا تھا۔

کحال

بہت سے کحال تھے جن میں زیادہ مشہور ابوالنصر بن الدحلی تہا۔ فزیکل سائنس کے بہت سے اساتذہ تھے۔ غرض فن طب کی جسقدر شاخیں ہیں سب کے مشہور ماہر اور استاد اسمیں لکچر دینے اور علاج کرنے کے لیئے مقرر تھے۔ اور ہر صیغہ میں متعدد لکچرار اور پروفیسر تھے۔ آگے چلکر ایک مناسب موقع پر ہم بعض کے حالات بہی لکہینگے۔

چوتہی صدی

چوتھی صدی میں سلطنت اسلام کی وسعت نے بہت سے صاحب تاج و تخت پیدا کر دیئے یہاں تک کہ رفتہ رفتہ سامانیہ۔ سلجوقیہ۔ غزنویہ۔ فاطمیہ۔ نوریہ۔ ایوبیہ۔ اتابکیہ۔ وغیرہ بڑی بڑی پرزور اور وسیع سلطنتیں قائم ہو گئیں۔ اگرچہ اس تفرق اجزا سے مجموعی قوت کو صدمہ پہونچا لیکن رفاہ عام کے صیغہ کو بہت ترقی ہوئی جس کی وجہ یہ تھی کہ جو نئی حکومت قائم ہوتی تھی اسکو قبول عام حاصل کرنے کے لیئے اس سے بڑہ کر کوئی آلہ نہ تہا۔ اس سلسلہ نے طبابت کو بہی بہت فروغ دیا

شفاخانوں کی کثرت

اور ہر جگہہ نہایت کثرت سے شفاخانے قائم ہوئے۔ چھٹی صدی میں جب علامہ ابن جبیر نے حج کی تقریب سے عراق و شام کا سفر کیا تو بغداد۔ موصل۔ حران۔ حلب۔ حماۃ۔ دمشق میں اس کثرت سے شفاخانے دیکھے کہ حیران رہ گیا چنانچہ اس نے اپنے سفرنامے میں ان شہروں کے شفاخانوں کا ذکر تفصیل اور اجمال کے ساتھ کیا ہے۔ اس عہد میں سلطان نورالدین اور صلاح الدین نے تمام ممالک

میں کثرت سے شفاخانے قائم کیئے اُن میں سے بعض مشہور شفاخانوں کا ذکر ہم اس مقام پر کرتے ہیں

شفاخانہ نوریہ

نوریہ یہ شفاخانہ نورالدین زنگی نے دمشق میں تعمیر کرایا تھا۔ کروسیڈ کے معرکوں میں یورپ کا ایک فرمانروا نورالدین کی قید میں آگیا تھا۔ اُس نے ایک معتد بہ رقم اپنی رہائی کے لیئے پیش کی اور نورالدین نے اُسکو رہا کر دیا۔ شفاخانہ مذکور اسی رقم سے طیار ہوا اور اس سے اُسکی لاگت کی مقدار کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ اس کے خوب صورت اور بلند دروازے موید الدین نے طیار کیئے تھے جو فن نجاری میں نہایت کمال رکھتا تھا۔ اور جس نے محض فن نجاری کی تکمیل کے لیئے اقلیدس اور مجسطی کی تکمیل کی تھی شفاخانوں کا اب تک یہ دستور تھا کہ اُمرا اور دولتمندوں کو اُس میں علاج کرانے کی اجازت نہیں ہوتی تھی لیکن نورالدین نے جو وقف نامہ لکھا اُس میں یہ اجازت دی کہ "جو نایاب دوائیں یہاں کے سوا اور کہیں نہیں مل سکتیں اُن کے استعمال میں غریب و امیر سب یکساں ہیں"۔ علامہ ابن جبیر نے ؁ میں اُسکو دیکھا تھا۔ وہ لکھتے ہیں کہ اس میں بہت سے محرر منشی۔ طبیب۔ خدام نوکر ہیں۔ بیماروں کا رجسٹر منشیوں کے پاس رہتا ہے اور اُسمیں بیماروں کے نام و نشان کے علاوہ اُن کے مصارف اور ضروریات کی تفصیل لکھی جاتی ہے۔ اطبا صبح کو وقت ہمیشہ ہر روز بیماروں کو دیکھتے ہیں اور اُن کی دوا اور غذا کی خبرگیری کرتے ہیں۔ روزانہ خرچ کم و بیش سو روپیہ ہے۔ علامہ مذکور نے لکھا ہے کہ دمشق میں اسی قسم کا ایک اور شفاخانہ ہے۔ لیکن یہ نیا ہے اور زیادہ پرشان و شوکت ہے۔

صلاح الدین کا شفاخانہ۔

سلطان صلاح الدین نے جب فاطمیین کی سلطنت کو برباد کیا تو شاہی ایوانوں میں سے ایک نہایت شاندار ایوان تھا جسکی دیواروں پر پورا قرآن مجید لکھا ہوا تھا۔ سلطان نے[1] اسکو دیکھ کر کہا کہ یہ مکان شفاخانہ کے لیئے موزوں ہے۔ چنانچہ ؁ میں اسکو تھوڑے سے تغیر اور اصلاح

---

[1] طبقات الاطبا صفحہ ۱۹۰

کے بعد شفاخانہ بنایا۔ اور بہت سے طبیب و جراح علمائے طبعیات۔ مشرف۔ عامل۔ خدام مقرر کیے[1]

علامہ ابن جبیر نے اُس کی نسبت یہ الفاظ لکھے ہیں " قاہرہ کا یہ شفاخانہ۔ صلاح الدین کے مفاخر میں سے ہے۔ وہ ایک نہایت خوبصورت اور شاندار ایوان ہے۔ بہت سے کمرے ہیں ہر کمرہ میں پلنگ بچھے ہیں جن پر سلیقہ سے بچھونے اور تکیے لگے ہیں۔ دواؤں کے لئے الگ کمرہ ہے اور اُس کے لیئے دواساز اور منشی وغیرہ مقرر ہیں۔ عورتوں کے علاج کے لیئے اسی سلسلہ میں ایک الگ قطعہ ہے اور ان کی خدمت۔ خبر گیری اور علاج کے لیئے عورتیں مامور ہیں۔ پاگلوں کے علاج کے لیئے الگ مکانات ہیں۔ جنکا احاطہ نہایت وسیع ہے اور دریچوں میں لوہے کی جالیاں ہیں۔ شفاخانے کا اہتمام ایک طبیب سکرٹری کے متعلق ہے۔ اس کے ماتحت بہت سے نوکر ہیں جو صبح و شام دونوں وقت بیماروں کا ملاحظہ کرتے ہیں۔ اور ان کی غذا اور دوا میں تبدیلی اور اصلاح کرتے رہتے ہیں۔ سُلطان ہمیشہ خود شفاخانہ کے ملاحظہ کے لیئے آتا ہے اور بیماروں کے معالجہ اور خبر گیری کی سخت تاکید رکھتا ہے"۔ علامہ مذکور نے لکھا ہے کہ "قاہرہ میں بعینہٖ اسی درجہ کا ایک اور شفاخانہ ہے" سلطان مذکور نے اسکندریہ میں جو شفاخانہ قائم کیا وہ بھی نہایت اعلیٰ درجہ کا تھا۔ اور ایک خاص بات میں تمام اور شفاخانوں سے ممتاز تھا۔ یعنے جو لوگ شفاخانہ کے علاج کو خلاف شان سمجھتے تھے۔ اُن کے علاج کے لیئے۔ الگ طبیب اور جراح مقرر تھے جو اُن کے گھروں پر جا کر علاج کرتے تھے۔ البتہ یہ تخصیص تھی کہ یہ فیاضی صرف اُن لوگوں کے لیئے مخصوص تھی جو مسافر اور اجنبی ہوتے تھے۔

نورالدین اور صلاح الدین کی تقلید نے شفاخانوں کے رواج کو اور ترقی دی ۶۷۴ھ میں ملک منصور قلاؤن جو اُس زمانہ تک فوجی افسر تھا۔ ایک سفر میں دمشق پہنچکر قولنج کے عارضہ

---

[1] مقریزی صفحہ ۴۰۷۔ جلد دوم۔

میں مبتلا ہوا۔ چونکہ مرض نہایت شدید تہا اور اطبا نے جو لیاب دوائیں تجویز کیں وہ اور کہیں نہیں مل سکتی تہیں اس لیئے نورالدین کے شفاخانے سے دوائیں منگوائی گئیں۔ قلاوُن کو جب شفا ہوگئی تو شفاخانے کے ملاحظہ کے لیئے گیا۔ اور دیکھکر متعجب ہو گیا۔ دل میں نیت کی کہ سلطنت حاصل ہوگئی تو اس سے بڑہ کر شفاخانہ بنواؤنگا۔ ۶۷۸ھ میں جب تخت نشین ہوا تو شفاخانے کی تعمیر شروع کی۔ جہاں تک ہمکو معلوم ہے شفاخانے عضدیہ کے سوا تمام ممالک اسلامی میں اس عظمت کا کوئی شفاخانہ کبھی تعمیر نہیں ہوا۔ اور بعض خصوصیتوں کے لحاظ سے تو اُسکو عضدیہ پر بھی ترجیح حاصل تھی۔

قلاوُن کا بے نظیر شفاخانہ

فاطمین کے شاہی مکانات میں سے ایک بڑا وسیع محل تہا جسکو خلیفہ العزیز باللہ کے بیٹے نے تعمیر کرایا تھا۔ ان کی حکومت کی بربادی کے بعد سلطان صلاح الدین کے قبضہ میں آیا اور اسی کے خاندان میں وراثۃً چلا آتا تہا۔ قلاوُن نے شفاخانہ بنانیکا ارادہ کیا تو اس سے زیادہ موزوں کوئی عمارت نہیں مل سکتی تہی۔ چنانچہ مالک مکان سے اسکو خریدا اور ۶۸۳ھ میں شفاخانے کی بنیاد ڈالی۔ اس مکان کی قدیم صورت یہ تھی کہ چار بڑے بڑے ایوان تھے مکان کا کل احاطہ ۱۰۰۰۰ گز تہا احاطہ ہی میں ایک نہر تھی جس کے ذریعے ایوانوں میں پانی آتا تھا۔ قلاوُن نے ایوانات بدستور رہنے دیئے اور بہت سی نئی عمارتیں اضافہ کیں۔ تین سو قیدی اور بہت سے مزدور روزانہ کام کرتے تھے۔ مصر و قاہرہ میں جس قدر راج اور معمار تہے عام حکم تہا کہ شفاخانے کے سوا اور کہیں کام نہ کرنے پائیں۔ ستون جس قدر تھے عموماً سنگ مرمر یا صوان یا سنگ خام کے تھے۔ قلاوُن خود روزانہ عمارت کے ملاحظہ کے لیئے جاتا تہا۔ غرض اس اہتمام اور سروسامان سے پورے گیارہ مہینے میں عمارت بنکر طیار ہوئی۔ علامہ سخاوی نے لکھا ہے کہ یہ شفاخانہ قاہرہ کے نامی اور عظیم الشان عمارتوں میں سے شمار کیا جاتا ہے۔ قلاوُن نے اس کے مصارف کے لیئے بہت سی جائدادیں وقف کیں جن کی سالانہ آمدنی دس لاکھ درہم تھی۔ وقف نامہ میں لکھا کہ یہ شفاخانہ۔ امیر غریب۔

شفاخانہ کی سالانہ آمدنی دس لاکھ تھی۔

غلام۔ آقا۔ بادشاہ۔ رعیت۔ سب کے لئے عام ہے۔ بلکہ جو لوگ شفاخانے میں نہ آئیں وہ بھی اس کی دوائیں استعمال کر سکتے ہیں۔

ہر مرض کے علاج کے لئے جدا جدا کمرے

ایک خاص التزام یہ تھا کہ ہر مرض کے علاج کے لئے جدا جدا کمرے تھے۔ چنانچہ بخار والوں کے لئے قدیم کے چاروں ایوان تھے۔ آشوب چشم۔ لرزہ۔ اسہال وغیرہ بیماریوں کے لئے الگ مکانات تھے۔ مردوں اور عورتوں کی تفریق الگ تھی۔ یعنے دونوں کے لئے جدا جدا قطعے تھے ان کے علاوہ اور بہت سے کمرے تھے۔ جو کھانا پکانے۔ دوا بنانے۔ بیماروں کے رجسٹر رکھنے۔ طب کے درس دینے اور اسی قسم کے کاموں کے لئے مخصوص تھے۔ لطف یہ کہ ان تمام کمروں میں نہر کے ذریعے سے پانی آتا تھا۔ اور ہر وقت پانی کی جدولیں جاری رہتی تھیں۔

شفاخانے کے ساتھ ایک مدرسہ بھی تھا جس میں چاروں مذہب کے فقیہ تعلیم دیتے تھے انتظام کی درستی اور ترتیب کے لئے شفاخانے کو متعدد صیغوں میں تقسیم کیا تھا اور ہر صیغہ کا سکرٹری الگ تھا جس کثرت سے لوگ اسمیں علاج کو آتے تھے اُنکا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ معمولی شربت چھوڑ کر۔ شربت انار وغیرہ کے روزانہ پانسو رطل صرف ہوتے تھے۔

پانسو رطل روزانہ شربت کا صرف تھا

مکہ معظمہ و مدینہ منورہ کے شفاخانے۔

مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں بھی بہت سے شفاخانے قائم ہوئے۔ ۶۲۹ھ میں خلیفہ مستنصر نے مکہ معظمہ میں جو عالیشان شفاخانہ بنوایا تھا۔ شریف مکہ حسن بن عجلان نے ۸۱۶ھ میں چالیس ہزار کے صرف سے اس کی مرمت کی۔ سلطان ظاہر بیبرس المتوفی ۶۷۶ھ نے مدینہ منورہ کے قدیم شفاخانے کی مرمت کی۔ اور مصر سے ایک طبیب اور ہر قسم کی معجون اور دوائیں بھجوائیں۔

ہندوستان میں بھی کثرت سے شفاخانے موجود تھے اور اگر ہم مقریزی کی روایت کا اعتبار کریں تو صرف ایک شہر دہلی میں محمد تغلق کے زمانے میں ستر شفاخانے جاری تھے۔" جہانگیر نے ۱۰۱۴ھ میں تخت نشین ہونے کے ساتھ جو بارہ احکام صادر کئے اُن میں ایک یہ تھا کہ شہروں

کلاں دارالشفاہا ساختہ اطبا بجہت معالجۂ بیماران تعین نمایند و آنچہ صرف و خرچ می شدہ باشد از سرکار خالصہ شریفہ می دادہ باشند"

شفاخانے کی تاریخ میں چند امور لحاظ کے قابل ہیں۔

شفاخانوں کی کثرت کی وجہ۔

(۱) شفاخانوں کی کثرت کی بڑی وجہ یہ تھی کہ جو شفاخانے کسی بادشاہ کے دور حکومت میں قائم ہوتے تھے وہ اس وجہ سے آیندہ برباد نہیں ہونے پاتے تھے کہ شفاخانہ اور اس کے متعلق جو جائداد ہوتی تھی وقف میں داخل تھی اور وقف میں شرعاً کسی کو تصرف کا اختیار نہیں ہے نیا حکمراں جو حکومت کے تخت پر بیٹھتا تھا وہ قدیم یادگاروں پر خواہ مخواہ کچھ اضافہ کرنا چاہتا تھا۔

(۲) شفاخانے کی کوئی قسم اور کوئی نوع ایسی نہ تھی جو موجود نہ تھی۔ سفری شفاخانے اور جمعہ مسمہ کے شفاخانے کا ذکر اوپر گذر چکا ہے۔ فوجی شفاخانے کا بھی نہایت معقول انتظام تھا۔

فوجی ہسپتال

طبیبوں اور دواؤں کا انتظام تو خود صحابہؓ کے زمانے میں موجود تھا۔ لیکن فوجی شفاخانہ کی باقاعدہ بنیاد سب سے اول سلطان محمود نے ڈالی۔ سلجوقیوں کا فوجی شفاخانہ دو سو اونٹوں پر چلتا تھا[1]

شفاخانوں کے افسر ماہرین فن ہوتے تھے۔

(۳) ایک خاص امر قابل لحاظ ہے کہ وقتاً فوقتاً جو اطبا۔ شفاخانوں کے افسر یا انسپکٹر جنرل مقرر ہوتے تھے وہ عموماً مجتہد الفن اور استاد الفن ہوتے تھے۔ ابوبکر رازی جو فن طب کا ایک رکن ہے اور جسکی تصنیفات سے (جو سو سے متجاوز ہیں) ابن سینا نے فائدہ اٹھایا ہے۔ رے کے شفاخانے کا ڈاکٹر تھا۔ سعید بن یعقوب دمشقی۔ جو ۳۰۲ھ میں بغداد۔ و مکہ۔ و مدینہ کے شفاخانوں کا افسر مقرر ہوا مشہور حکیم گذرا ہے۔ اس نے عربی زبان میں یونانی وغیرہ سے بہت سی کتابیں ترجمہ کیں سنان بن ثابت جو مقتدر باللہ کے زمانے میں شفاخانوں کا انسپکٹر جنرل تھا۔ فن طب کے ارکان میں سے شمار کیا جاتا ہے۔ طبقات الاطبا میں اس کے حالات پڑھنے سے اس کی وقعت کا اندازہ

---

[1] تاریخ سلجوق صفحہ

ہو سکتا ہے۔

عضدیہ شفاخانے میں ہمیشہ ۲۴ طبیب کام کرتے تھے اور ہر ایک اپنے فن کا اُستاد ہوتا تھا

ان میں سے بعض کا حال ہم نہایت اختصار کے ساتھہ لکھتے ہیں۔

ابوالحسن کشکرایا۔ یہ مشہور حکیم تھا اور پہلے سیف الدولہ کے دربار میں نوکر تھا۔ سنان بن ثابت کے تمام شاگردوں میں نہایت ممتاز تھا۔

نظیف القس۔ عیسائی تھا اور بہت سی زبانیں جانتا تھا۔ یونانی سے بہت سی کتابیں عربی زبان میں ترجمہ کیں۔

ابوالفرج۔ یہ حکیم اور فلاسفر تھا۔ اور عیسائی مذہب کہتا تھا۔ اس نے ارسطو اور بقراط و جالینوس کی کتابوں پر بہت سی مفید شرحیں اور حاشیہ لکھے۔ ابن سینا نے اپنی تصنیفات میں اسکا ذکر کیا ہے اور اس کے کمال کا اعتراف کیا ہے۔ وہ شفاخانے میں علاج کے علاوہ طب پر لکچر بھی دیتا تھا۔ اس کی تصنیفات کی مطول فہرست طبقات الاطبا میں مذکور ہے۔

ابراہیم بن بکس مختلف زبانیں جانتا تھا۔ عربی زبان میں یونانی وغیرہ کی بہت سی کتابیں ترجمہ کیں۔ یہ طب پر لکچر دیا کرتا تھا۔

سعید بن ہبتہ اللہ خلیفہ مستظہر باللہ کا طبیب تھا۔ اسکی تصنیفات میں سے مغنی۔ کتاب الاقناع وغیرہ ہیں۔

امین الدولہ بن تلمیذ۔ مشہور عیسائی حکیم تھا۔ سریانی۔ فارسی۔ عربی۔ زبانیں جانتا تھا خلیفۂ وقت نے اسکو بغداد کے محکمہ طبابت کا افسر مقرر کیا تھا اور تمام اطبا اسکی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ عضدیہ شفاخانہ بھی اسی کی ماتحتی میں تھا۔ اس کی بہت سی مفید تصنیفات یادگار ہیں۔

عمدہ دواؤں کو بہم پہنچانیکا انتظام

(۳) شفاخانوں کے ساتھہ دواؤں کے عمدہ بہم پہنچانیکا بھی نہایت اہتمام تھا۔ عطار جو دوائیں

پہنچتے تھے اُن کی جانچ اور امتحان کے لیئے ایک خاص محکمہ تہا جسکے افسر کا لقب رئیس العشابین ہوتا تھا۔ اس عہدے پر ہمیشہ وہ اطبا مقرر ہوتے تھے جو نباتات کے فن میں کمال رکھتے تھے۔ چنانچہ ساتویں صدی میں اس عہدے پر ضیا ابن بیطار المتوفی ؁۶۴۶ھ کا تقرر ہوا۔ جو اس فن میں اس درجہ کا کمال رکھتا کہ مسلمانوں میں کوئی شخص اسکا ہمسر پیدا نہیں ہوا۔ نباتات اور ادویہ پر یونان میں جو کتابیں لکہی گئیں۔ اور ان پر مسلمانوں نے جو کچھ اضافہ کیا تہا۔ اُسکو حفظ یاد تھیں۔ لیکن اسنے اسی پر اکتفا نہیں کی بلکہ خود دور دراز ملکوں کا سفر کیا۔ یونان۔ اٹلی۔ جزائر بحر روم میں نباتات کی تحقیقات کی مصورین سے جو ہمیشہ اس کے ساتھ رہتے تھے گہانسوں اور بوٹیوں کی تصویریں کھینچواتا تھا۔ اور ان کی مختلف حالتوں کی تاثیریں جداگانہ قلمبند کرتا تہا۔ اس نے یونانیوں کی بہت سی غلطیاں ظاہر کیں اور بہت سی نئی نباتات اور بوٹیاں دریافت کیں جو یونانیوں کو معلوم نہیں تہیں۔

(۴) شفاخانوں میں جو لوگ اعمال ید مثلاً جراحی کحالی فصادی۔ وغیرہ کاموں پر مامور ہوتے تھے وہ فن طب کے پورے ماہر ہوتے تھے۔ آج کل کے ہندوستانی اطبا کا سا حال نہ تھا کہ جراحی و فصادی کو ہاتھ نہیں لگاتے۔ قاہرہ میں سلطان صلاح الدین نے جو شفاخانہ قایم کیا تہا۔ اس میں کحالی کی خدمت قاضی نفیس الدین المتوفی ؁۶۳۶ھ کے سپرد تھی جو تمام مملکت مصر کے افسر الاطبا تھے۔ شفاخانہ عضدیہ میں ابو الخیر۔ اور ابو الحسن بن نفاح جراحی کا کام کرتے تھے۔ ہڈیوں کے جوڑنے اور مرہم پٹی کرنے پر حکیم ابو الصلت مقرر تھا۔

اعمال ید کرنیوالے

اسلامی شفاخانوں کی یہ نہایت مختصر تاریخ ہے۔ اسلام میں اس صیغہ کو اسقدر وسعت ہوئی تھی کہ شفاخانوں کے حالات اور شفاخانوں کے تجربوں پر بہت سے اطبا مثل ابوبکر رازی۔ امین الدولہ بن تلمیذ۔ ابو سعید زاہد العلما نے مستقل کتابیں لکھیں۔ مگر افسوس ہے کہ وہ کتابیں آج دنیا سے ناپید ہیں۔ اسلیئے ناظرین کو مجبوراً ہماری محدود اور ناکافی معلومات پر قناعت کرنی چاہیئے۔"

6. The moral education is more difficult to test. I hope and believe that the tone of the College encourages truthfulness, honesty and honour; though I think that more attention ought to be given to this aspect of education. There are many students whose conduct is, I am convinced, guided by conscientious conviction and a sense of duty; and there are many in whom these qualities are very insufficiently developed. In their religious observances the students are on the whole regular: a substructure of orthodox belief being made conspicuous by piety in some cases and obscured by a more worldly disposition in others. Broadly speaking, the tendency of the College tends I believe rather to confirm than undermine the faith of the Mahomedan students.

7. Some positive assertions may be made as to the effect of the College on the civic virtues of the students. The fundamental civic virtue of loyalty to the Queen and the British Empire, is actively taught in the College. I am of opinion, that far too little attention is paid by the Government and the educated Indian public to the encouragement of this

1892	215	21
1893	230	15
1894	270	40
1895	329	59

The increase would have been greater still in the past two years, if it had not been necessary to refuse admission to several students on account of want of accommodation in the Boarding House. I shall deal with this matter in § 40 of this Report.

II.—THE COLLEGE EDUCATION.

3. The intellectual education of the College is partly tested by the results of University examinations, which are given below; but not fully, for a high degree does not in India necessarily imply scholarly tastes, a cultivated mind, or the faculty of hard thinking. However perfect the system of University examinations, the only effective instrument of education is the College acting on the student by the personal influence of its Professors and by the intellectual life it fosters. The University should give free scope to every College to utilise to the utmost the learning and abilities of its Professors. I am happy to say that the University of Allahabad is steadily moving in this direction. I have here to ask how far the M. A.-O College gives an intellectual education over and above the routine of preparation for the University examinations.

4. But little progress has I think been made in this direction. No old student has undertaken any scholarly research worth speaking of. Nor does there exist in the College that stimulating intellectual atmosphere which is found in a European University. It is of course impossible that with a small staff of Professors in this intellectually stagnant country we could vie with the great educational centres of the West. Still I think more than has yet been done might be accomplished. In some respects we attempt to stimulate the students' intellect—by the Union Club, Akhwanus Safa, the Magazine, etc,—but our attention has been directed more towards the physical and social aspects of education than the scholarly. And this order of procedure may I think be excused on the

Total of Both Depertments.

Boarders	329.	Day-scholars	236.
Musalmans	456.	Hindus	109.

Total 565.

Number of Students in the Law Class 90.

2. The following figures show the increase in the numbers during the past two years :—

	Jan 1st. 1893.	Jan 1st 1894.	Increase.	March 31st 1895.	Increase.
No. in College	121	154	33	205	51
No. in School	241	293	52	360	67
Total	362	447	85	565	118

The numbers of the College and School on January 1st 1895, were :—College 202, School 358, Total 560; consequently the increase from January 1st 1894 to January 1st 1895 was 113. In future March 31st will be taken as the date of comparison

The numbers in the Law Class for the last three years have been :—

1893	1894	1895
69	61	90

The numbers in the Boarding House in the corresponding years were as follows :—

March 31st 1893.	March 31st 1894.	Increase.	March 31st 1895.	Increase.
230	270	40	329	59

Thus the numbers have not only grown but the rate of increase has itself increased. This is made more obvious when the numbers are given since 1888, for some time before which date the opposite process had been in operation.

	Number of Boarders.	Increase in year.
1888	114	— 4
1889	151	+ 35
1890	163	12
1891	194	31

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

New Series VOL. 2.	JULY 1, 1895.	No. 7.

Muhammadan Anglo-Oriental College, Aligarh.

THE PRINCIPAL'S ANNUAL REPORT, FOR 1894-95.

I.—NUMBER OF STUDENTS.

1. The number of students on the rolls of the M.-A. O. College, Aligarh, on March 31st 1895, was as follows :—

COLLEGE DEPARTMENT.

(a) Boarders. (b) Day-scholars.

(i) Musalmans 161 (ii) Hindus 3. (i) Musalmans 7. (ii) Hindus 34,

Total Boarders 164. Total Day-scholars 41.
Total Musalmans 168. Total Hindus 37.

Total number in College Department 205.

SCHOOL DEPARTMENT.

(a) Boarders. (b) Days-cholars.

(i.) Musalmans 161. (ii.) Hindus 4. (i) Musalmans 127. (ii) Hindus 68.

Total Boarders 165. Total Day-scholars 195.
Total Musalmans 288. Total Hindus 72.

Total number in School Department 360.

M. A.-O. COLLEGE MAGAZINE.

This Magazine will contain articles on political, literary and other subjects of interest to the Muhammadan community. At least 24 pages of the Magazine will be in the Urdu language. Several Muhammadan gentlemen distinguished for their abilities and learning have promised to contribute towards the Urdu portion of the Magazine. It will also review books relating to Islam published in Europe and India. Translations will be published from Arabic papers printed in Egypt and Syria.

The Magazine is also the organ of the Educational Census, and will publish monthly reports of the progress of the work. It will likewise give the latest news of the Muhammadan Anglo-Oriental Defence Association of Upper India.

The Magazine will contain information of all sorts with regard to the M. A.-O. College. It will thus form a history of the College, both of its external relations and its internal life.

The Magazine will be ready also to publish short accounts of the progress of all Muhammadan Schools throughout India. Persons connected with such schools are invited to supply the Editor with information about them.

The annual subscription is Rs 3 including postage, and is payable strictly in advance. Ten numbers will be issued in the year. Subscribers should either send the subscription to the Manager, or allow him to send the first number by v. p. p. for Rs 3 or for Re. 1 As. 8 for half a year.

The Magazine will insert advertisements at the rate of 1 anna per line or Rs. 3 per page.

THEODORE BECK,
English Editor,
MAULVI MUHAMMAD SHIBLI,
Urdu Editor.
NIAZ MUHAMMAD KHAN,
Manager.

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

New Series VOL. 2.	JULY 1, 1895.	No. 7.

CONTENTS.

ENGLISH.

SUBJECT — Page.

I. The Principal's Annual Report for 1894-95 ... 253

II. Results of the University Examinations ... 274a

URDOO.

III. Hospitals under the Muhammadan Rulers—Maulvi Shibli Sahib ... 275

IV. How Muhammadans lost their Practical Wisdom Maulana Hali ... 292

V. A Poem by Maulana Hali ... 297

———o———

Printed at the Institute Press, Aligarh,

For Siddon's Union Club.

محمدن اینگلو اورینٹل کالج میگزین

نمبر ۶	بابت ماہ جون سنہ ۱۸۹۵ع	جلد ۲

فہرست مضامین

انگریزي میں

مضمون		صفحہ
۱ — معاش کے لیئے گریجوایٹوں کي کوشش	...	۲۰۱
۲ — اڈیٹوریل	...	۲۰۷
۳ — کالج کي خبریں ؛ —		
(۱) برادرِ ھق	...	۲۰۸
(۲) ذاتي خبریں	...	۲۰۹
(۳) راڈنگ سکول	...	۲۱۰
(۴) کرکٹ کي میچوں کا حال	...	۲۱۰
۴ — نظم ؛ —		
(۱) ھزتھي دامت کي سارنگي پر	...	۲۱۱
(۲) برج بنات النعش پر	...	۲۱۲

اُردو میں

مضمون		صفحہ
۵ — مولوي شبلي صاحب نعماني کا لکچر جو اُنھوں نے ندوۃ العلما کے جلسے میں دیا	...	۲۱۳
۶ — تعلیمي مردم شماري	...	۲۳۳
۷ — انگریز اور ھندوستاني — بقیہ لکچر مسٹر تھیوڈور بیک	...	۲۳۴

کالج میگزین

قریباً چار برس ہوئے کہ اس نام کا ایک علمی رسالہ انگریزی اور اردو ملا ہوا – علیگڈہ کالج سے نکلنا شروع ہوا – اول اول وہ علیگڈہ انسٹیٹیوٹ گزٹ کا ضمیمہ بن کر نکلتا رہا – لیکن سنہ ۱۸۹۴ع میں اس نے ایک مستقل رسالہ کی صورت اختیار کی – اس کے مضامین زیادہ تر کالج کی خبروں اور اس کے معاملات پر محدود ہوتے تھے – اور اس وجہ سے عام پبلک کو اس کے ساتھہ چنداں دلچسپی نہ تھی *

اس خیال سے اس کے منتظموں نے اس کو زیادہ وسعت دینی چاہی تاکہ وہ بالکل ایک علمی میگزین بن جائے جس میں کالج کی خبروں کے علاوہ – مسلمانوں کے علوم و فنون – تاریخ اور لٹریچر کے متعلق – مفید اور پر زور مضامین لکھے جاویں – اس غرض سے اس کے ۲۴ صفحے بالکل اردو کے لئے مخصوص کردیئے گئے – اور اس حصہ کا اہتمام خاص میری سپردگی میں دیا گیا ہے میں اس رسالہ کے ترقی دینے میں حتی الامکان کوشش کرونگا *

ملک کے مشہور اہل قلم یعنی مولانا حالی – نواب محسن الملک – مولوی نذیر احمد – اور ماسٹر ذکاءاللہ – وغیرہ بزرگوں نے اس میں مضامین لکھنے کا وعدہ کیا ہے – اور اہل قلم بھی اگر اس کی اعانت فرماوینگے تو ہم نہایت فخر کے ساتھہ قبول کرینگے *

ہم کو امید ہے کہ ہندوستان کی اسلامی جماعت خریداری سے اس کی اشاعت میں مدد دیگی – میگزین کے کل صفحات ۴۰ ہیں اور قیمت مع محصول ڈاک – (ے م) *

شبلی نعمانی — پروفیسر

مدرسۃ العلوم علیگڈھ

جو

شبلی نعمانی نے ندوۃ العلما کے پہلے اجلاس منعقدہ ۱۲- اپریل ۹۴ء میں دیا

الحمدللہ والصلوٰۃ علیٰ رسولہ والہ واصحابہ

جناب صدر انجمن و دیگر بزرگان قوم

آج اسوقت مجکو جس مضمون پر تقریر کرنے کی اجازت دی گئی ہے وہ یہ ہی کہ زمانۂ موجودہ کے لحاظ سے ہمارے علما کے فرائض کیا ہیں، یعنی زمانہ موجودہ کی ضرورتوں کے لحاظ سے علما پر کیا ذمہ داریاں ہیں۔ ملک اور جماعت اسلامی کا اُن پر کیا حق ہے؟ قوم کے لیئے اُنکو کیا کرنا ہے؟ اور اسوقت تک اُنہوں نے قوم کے لیئے کیا کیا ہے؟

یہ سوالات نہایت اہم ہیں اور کچھہ شبہہ نہیں کہ جماعت اسلام کی بہبودی کا بہت کچھہ بلکہ تمامتر دارومدار انہی سوالات پر ہے۔

اے حضرات! جس زمانہ میں یہاں اسلامی حکومت قائم تہی۔ اُسوقت قوم کے دینی اور دنیوی دونوں قسم کے معاملات علما کے ہاتہ میں ہتے۔ نماز و روزہ وغیرہ کے احکام بتانے کے علاوہ۔ علما ہی اُنکے مقدمہ فیصل کرتے تہے۔ علما ہی جرائم پر حد و تعزیر کی سزا دیتے تہے۔ علما ہی قتل و قصاص کے احکام صادر کرتے تہے۔

غرض قوم کی دین و دنیا دونوں کی عنان اختیار علما کے ہاتھ میں تھی۔ اب جبکہ انقلاب حکومت ہوگیا اور دنیوی معاملات گورنمنٹ کے قبضہ اختیار میں آگئے تو ہمکو دیکھنا چاہیے کہ قوم سے علما کا کیا تعلق باقی ہے۔ یعنی گورنمنٹ نے کسقدر اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لیئے ہیں اور کس قدر باقی رہ گیا ہے۔ جو درحقیقت علما کا حق ہے اور جس میں دست اندازی کرنی خود گورنمنٹ کو مقصود نہیں ہے۔

علما کی موجودہ حالت۔ ان کی عزلت نشینی بلکہ بے پروائی نے عام طور پر یقین دلا دیا ہے کہ انکو جو تعلق قوم سے باقی رہ گیا ہے وہ صرف مذہبی تعلق ہے یعنی یہ کہ صرف نماز و روزہ وغیرہ کے مسائل بتا دیا کریں۔ باقی معاملات اُن کے دسترس سے باہر ہیں اور اُن کو ان معاملات میں دست اندازی کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔

لیکن میرے نزدیک یہ خیال غلط اور محض غلط ہے۔ گورنمنٹ نے جو حقوق اپنے لئے مخصوص کر لیئے ہیں بیشبہہ علما کو اُن سے کچھ تعلق نہیں ہے۔ لیکن وہ حقوق ہیں کیا؟۔ مالگذاری کا وصول کرنا، امن و امان کا قائم رکھنا؛ دنیوی معاملات کے فیصلے کے لئے عدالتوں کا قائم کرنا؛ عہدہ داران ملکی کا مقرر کرنا؛ یا اور خاص اسی قسم کے امور ہیں جو گورنمنٹ نے اپنے اختیار میں لے لیئے ہیں لیکن قوم کی زندگی کے اجزا صرف اسیقدر نہیں ہیں۔

قوم کی اخلاقی زندگی جو تمام ترقیوں کی جڑ ہے۔ قوم کی علمی حالت جس پہ ترقی و تنزل کا مدار ہے۔ قومی مراسم و دستوارات جن سے قوم بنتی یا بگڑتی ہے اور سب سے زیادہ قوم کی دماغی زندگی۔ یعنی خیالات کی وسعت۔ بلند حوصلگی۔ روشنضمیری

آزادخیالی۔ ان تمام اوصاف کے سرچشمہ۔ ہمارے علما اور علما کی تلقین و ہدایت ہے۔ شادی وبیاہ وغیرہ کی وہ مسرفانہ رسمیں جنھوں نے سیکڑوں ہزاروں خاندان تباہ کردیئے ہیں۔ گورمنٹ کا اُنپر کچھ زور نہیں چلسکتا۔ لیکن الحمدللہ اس گئی گذری حالت میں بھی علما کو قوم پر وہ حیثیت حاصل ہے کہ آج اگر تمام علما متفق ہوکر کمربستہ ہوجائیں تو تمام ہندوستان میں اس سرے سے اس سرے تک یہ خانہ برانداز رسمیں یک لخت معدوم ہوجائیں۔ قوم کے اخلاق جو روز بروز تباہ ہوتے جاتے ہیں۔ گورمنٹ اور گورمنٹ کی تعلیم مطلق اسکی اصلاح نہیں کرسکی۔ اور نہ کرسکے۔ لیکن اگر علما آمادہ ہوں اور مناسب تدبیروں سے کام لیں تو قوم میں پھر وہ اخلاقی خوبیاں پیدا ہوسکتی ہیں جو سو دوسو برس پہلے موجود تھیں۔

الحاد اور دہریت کی طرف میلان جو روز بروز عام ہوتا جاتا ہے اسکا روکنا اگر گورمنٹ کو ممکن ہوتا تو وہ زیادہ نہیں تو مذہب عیسوی کو تو اس سے محفوظ رکھہ سکتی۔ لیکن ہمارے علما اگر معقول طریقہ پر اسکو روکنا چاہیں تو اسی طرح اسکا قلع وقمع کرسکتے ہیں جس طرح یونانی فلسفہ کے پھیلنے کے وقت امام غزالی۔ امام رازی۔ قاضی عضد۔ ابن رشد نے زندقہ والحاد کا استیصال کردیا تھا۔ ان باتوں سے ظاہر ہوا ہوگا کہ قوم کی زندگی کا بہت بڑا حصہ بھی علما ہی کا حق ملکیت ہے۔ اور وہی اس حصہ کی فرمانروائی کے کامل الاختیار ہیں۔ یا ہوسکتے ہیں۔

غرض اس امر سے انکار نہیں ہوسکتا کہ علما کو قوم پر اب بھی نہایت وسیع اختیارات حاصل ہوسکتے ہیں۔ ان اختیارات کے حاصل ہونے کی

شاید علما کو ضرورت نہو۔ لیکن قوم کو اس کی ضرورت اور سخت ضرورت ہے۔ کیونکہ علما جب تک قوم کے خیالات۔ قوم کے اخلاق۔ قوم کے دل و دماغ۔ قوم کی معاشرت قوم کی تمدن۔ غرض قومی زندگی کے تمام بڑے بڑے حصّوں کو اپنے قبضۂ اختیار میں نہ لینگے۔ قوم کی ہرگز ترقی نہیں ہو سکتی۔

لیکن ان اختیارات کے ہاتھہ میں لینے کے وقت علما پر کچھہ ذمہ داریاں عائد ہوں گی اور انہیں ذمہ داریوں کو میں علماے حال کے فرایض سے تعبیر کرتا ہوں جو میرے مضمون کا عنوان ہے۔ ان فرایض کو بدفعات ذیل بیان کرتا ہوں۔

علما کا سب سے بڑا فرض یہ ہے کہ وہ ایک مجموعی قوت پیدا کریں۔ یعنی تمام ہندوستان کے علما میں ایک خاص رشتۂ اتحاد قائم ہو۔ تمام علما ایک دوسرے کے نام سے، مقام سے، حالات سے، واقف ہوں۔ آپس میں خط و کتابت ہو، مہتم بالشان امور میں تمام علما مشاورت اور استصواب سے کام لیں۔ کبھی کبھی وہ صرف اجتماع و اتحاد کی غرض سے ایک جگہہ جمع ہو جایا کریں۔ اور اس مقصد کے لیئے ندوۃ العلما سے زیادہ عمدہ موقع نہیں مل سکتا۔

اے حضرات! علما کے باہمی اتفاق کی نسبت بار بار کہا جا چکا ہے اور اگر مجکو بھی یہی کہنا ہوتا تو کچھہ ضرورت نہ تھی کہ جو مضمون سیکڑوں دفعہ بیان کیا جا چکا ہے میں بھی اسی کا اعادہ کروں۔ لیکن مجکو ایک خاص پہلو کیطرف خیال دلانا ہے۔

اتفاق و اتحاد کا جو طریقہ اب تک لوگوں نے بیان کیا ہے وہ یہ ہے۔ کہ تمام علما مسائل فقہیہ میں ہم مذہب و ہم خیال ہو جائیں۔ اور اسوقت نہایت اعلیٰ درجہ

کا اتحاد و اتفاق قائم ہو جائیگا۔

لیکن میں پوچھتا ہوں کہ کیا ایسا اتفاق کسی زمانہ میں کبھی ہوا ہے؟ صحابہ رضوان اللہ علیہم کے مبارک زمانہ میں جبکہ تمام مسلمان کنفس واحدۃ تھے کیا مسائل میں اختلاف آرا نہ تھا جس شخص نے صحیح ترمذی مطالعہ کی ہے اور قریباً ہر مسئلہ کے متعلق اس کے تراجم ابواب دیکھے ہیں کیونکر اس بدیہی واقعہ سے انکار کرسکتا ہے۔

وضو۔ تیمم۔ قرات۔ اور نماز کے دیگر واجبات و سنن کے متعلق کیا تمام صحابہ ہر مسئلہ میں قاطبتہً متفق الرائے تھے۔ کون ایسا غلط دعوی کرسکتا ہے؟ لیکن کیا ان اختلاف مسائل کیوجہ سے ان میں کسی قسم کی کدورت تھی! کسی طرح کا رنج تھا! کسی طرح کی اجنبیت تھی! حاشا اللہ کبھی نہیں۔ ہرگز نہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ اتحاد و اتفاق کے لیئے یہ ضرور نہیں کہ آپس میں کسی طرحکا اختلاف رائے نہو۔ اس لیئے ہمکو اتفاق و اتحاد کی حدود متعین کرلینی چاہئیں یعنی اختلاف و اتفاق کے دائرے الگ الگ ہوں۔ ایک عالم کو کسی مسئلہ میں دوسرے سے اختلاف ہے تو اختلاف کا اثر اسی مسئلہ تک محدود رہے۔ یہ نہو کہ اس اختلاف کی وجہ سے اور تمام تعلقات ہی منقطع ہو جائیں۔ جو اختلاف سے کچھ تعلق نہیں رکھتے۔ اسکی نہایت عمدہ مثال امام بخاری و امام مسلم کا واقعہ ہے۔ امام مسلم حدیث معنعن کے شرائط اتصال میں۔ امام بخاری سے اختلاف رکھتے تھے۔ چنانچہ اپنی کتاب کے مقدمہ میں امام بخاری کا مذہب بیان کرکے کہا ہے کہ "یہ مذہب محض لغو اور باطل ہے اور اس قابل نہیں کہ اس کے رد کی طرف توجہ کی جائے" لیکن باوجود اسکے

جب امام بخاری سے ملنے گئے تو نہایت محبت اور تعظیم سے اُن کی پیشانی چومی اور کہا کہ دعنی اقبل رجلک یعنی اجازت دیجئے کہ آپ کے پانوں چوموں۔

قرون اولی میں اسی اصول پر عمل تہا۔ یعنے اختلاف واتفاق کی جدا جدا حدیں تہیں اور یہی وجہ ہے کہ اُس زمانہ میں باوجود اختلافات کے اتحاد واتفاق کا زور پوری طرح قائم تہا۔ صحابہ بیسیوں مسائل میں مختلف الرائے تہے لیکن عام اتحاد واتفاق میں اختلاف کا پرتو اتک نہ تہا۔ قرن ثانی۔ اور اوائل قرن ثالث کا بہی یہی حال تہا۔

آج جس چیز کیوجہ سے مسلمانوں کی ہوا اکہڑ گئی ہے۔ جسنے ہماری طاقت کو بالکل گہٹا دیا ہے۔ جس کی وجہ سے گورنمنٹ کی نگاہ میں اس گروہ کی عظمت نہیں رہی۔ جس کی وجہ سے مخالفین کو ہمیشہ شماتت کا موقع ملا ہے' وہ یہ ہے کہ ہم اختلاف واتفاق کو اصلی حدود پر نہیں رہنے دیتے۔

ہم نے بارہا سنا ہے کہ کوئی مجمع۔ عام جماعت اسلام کے فائدے کی غرض سے منعقد ہوا۔ مثلا دستار بندی کا جلسہ۔ کسی مدرسہ عربی کا جلسہ اصلاح تعلیم کا جلسہ وغیرہ وغیرہ۔ تو وہ لوگ جلسہ میں شریک نہ ہوئے جنکو بانیان جلسہ سے مسائل مختلف فیہا کے بارہ میں اختلاف تہا۔

اے حضرات۔ آپ کو معلوم ہے کہ یہی ندوۃ العلما جس میں آپ اسوقت تشریف فرما ہیں۔ اگر اتفاق واتحاد کے ٹہیک اصول پر قائم ہو جائے تو وہ کتنی بڑی عظیم الشان طاقت بن سکتی ہے۔

اُسوقت ندوۃ دعوی کر سکتی ہے کہ اوقاف کے لاکہوں رُپئے جو متولیوں

کے ہاتھ سے نہایت بیدردی سے برباد ہو رہے ہیں۔ ندوہ کے ہاتھ میں دیدیے جائیں اور گورنمنٹ نہایت خوشی سے اس دعوی کو قبول کرے۔

ندوہ دعوی کر سکتی ہے کہ انگریزی مدارس میں عربی و فارسی کا نصاب تعلیم جو اسوقت ابتری کی حالت میں ہے اُنکی اصلاح کر دی جائے۔ اور گورنمنٹ کو اس دعوی پر بہت کچھ لحاظ ہوگا۔

ندوہ دعوی کر سکتی ہے کہ جس طرح قدیم زمانہ میں عدالت صدر میں فقہی مسائل کے لیے قاضی و مفتی مقرر کیے جاتے تھے وہ قاعدہ نئے سر سے قائم کیا جائے

ندوہ کو اسوقت یہ قوت حاصل ہوگی کہ تمام جماعت اسلام اسکی ہدایتوں کی پابند ہو، اس کے فتووں کے آگے سر جھکائے۔ اس کے فیصلوں سے سرتابی نہ کر سکے۔ اس صورت میں ندوہ۔ قوم کو تمام بیہودہ رسموں سے خلاف شرع باتوں۔ ناجائز امور سے۔ بزور روک سکتی اور جماعت اسلام کو نماز کا۔ روزہ کا۔ حج کا۔ زکوۃ کا بزور پابند کر سکتی ہے۔ یہ زور تلوار کا نہیں ہوگا۔ بلکہ اتباع شریعت کا اور اتفاق باہمی کا۔

لیکن یہ قوت اسطرح نہیں حاصل ہو سکتی ہے کہ سال میں ایک دفعہ ندوہ نے اجلاس کر لیا۔ اشتہارات کا ڈھنڈورا پیٹ کر باہر والوں کو جو حقیقت سے ناواقف تھے بلا لیا۔ علما عاجزی سے۔ تقاضے سے۔ خوشامد سے۔ سفارش سے مجلس میں شریک ہو گئے۔ ندوہ اگر یوں ہوئی تو سمجھ لیجیے کہ اور انجمنوں کی طرح وہ بھی شہر کا ایک مشاعرہ ہے

ندوہ کو یہ قوت اُسوقت حاصل ہوگی جب تمام علما اسکو اپنا ذاتی کام سمجھیں

بغیر کسی درخواست کے۔ تقاضے کے۔ منت کے۔ دور دور سے سفر کرکے آئیں۔ اور سال بھر اُس کی اُدھیڑبُن میں رہیں۔ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ اہل حدیث اور احناف میں لڑائی ہوکر مقدمہ عدالت تک جائے تو بن بلائے دونوں فریق کے علما سیکڑوں کوس سے۔ دوڑے ہوئے آئیں اور ندوہ میں بلایا جائے تو۔ مہتموں کو وہ خوشامدیں کرنی پڑیں جو کسی تقریب میں میزبان کو مہمانوں کے بلانے میں کرنی پڑتی ہیں۔ جس قوم کو اختلاف کی باتوں میں۔ وہ شیفتگی ہو اور اتفاق میں یہ بے پروائی اور بیدلی۔ اُسکا خدا ہی حافظ ہے۔

حضرات۔ ندوہ کے قالب میں جو روح ہے آپ اُسکا اندازہ بھی نہیں کرسکتے یہ مجلس صرف ایک برس سے قایم ہے۔ ابھی تک اسنے کوئی عملی کارروائی نہیں کی ہے۔ اتفاق کا کوئی جلوہ علانیہ نمایاں نہیں ہوا۔ تاہم اسنے وہ اثر اور زور پیدا کرلیا ہے جو اور مجلسوں کو باوجود مدت ہاے دراز اور دنیوی وجاہتوں کے اب تک حاصل نہیں ہوا۔

اس کی ایک پکار پر کہاں کہاں سے لبیک کی صدائیں آئیں۔ کس قدر دور دراز مسافتوں کو طے کرکے لوگ یہاں تک پہونچے۔ لوگوں کی نگاہیں کس ادب۔ کس جوش۔ کس محبت سے اسپر پڑ رہی ہیں۔

اب یہ امر علما کے ہاتھ میں ہے کہ ندوہ کو اس بلند درجہ پر پہونچائیں جو اسکے رتبے کے شایاں ہے۔ یا خدانخواستہ۔ نااتفاقی سے۔ غفلت سے۔ رشک سے۔ غلط فہمی سے۔ اسکو اس طرح برباد کردیں جس طرح قوم کی اور تمام کوششیں نااتفاقی سے برباد ہوتی رہی ہیں۔

دوسرا بہت بڑا مرض جو علما پہ ہے وہ اس دہریت اور الحاد کے اثر کا روکنا ہے جو آج کل یورپ میں پہیلکر ہندوستان کی طرف بڑہتا آتا ہے۔ غالباً اس مرض کے پہیلنے سے کسی کو انکار نہیں ہے۔ گفتگو جو کچہ ہے وہ علاج کے طرز و طریقہ میں ہے۔ لیکن میرے نزدیک ہمکو اسباب میں زیادہ غوض وفکر کی حاجت نہیں ہے۔ یہ بیماری پہلے بہی ایک دفعہ اسلامی ممالک میں پہیل چکی اور اطبا شریعت یعنی علما سلف کا علاج اسکے دفع کرنے میں کارگر ثابت ہوا ہے۔ عباسیونکا اول اول زمانہ تہا کہ فلسفہ یونانی کا ترجمہ ہوا اور ساتہہ ہی چاروں طرف الحاد کی ہوا پہیل گئی۔ اکثر فقہا اور بعض محدثین نے اسکا یہ علاج تجویز کیا کہ سرے سے فلسفہ پڑہایا نجائے۔ یہانتک کہ علم کلام کو بہی اس لحاظ سے ممنوع قرار دیا کہ اسمیں عقلیات کی آمیزش تہی۔ امام شافعی کا قول ہے کہ حکمی فی اہل الکلام ان یضربوا بالجرید ویطاف بہم فی القبایل یعنی اہل کلام کے بارے میں میرا یہ فیصلہ ہے کہ ان کو درے لگائے جائیں اور قبایل میں انکی تشہیر کیجائے۔ اس علاج نے بلحاظ حالات موجودہ کسیقدر فائدہ دیا۔ یعنی بعض نیک دل فلسفہ پڑہنے سے رُک گئے۔ لیکن پورا نفع نہوا۔ کیونکہ سیکڑوں ہزاروں مسلمان منطق وفلسفہ پر ایسے فریفتہ ہوگئے تہے کہ اسکو بالکل چہوڑ نہ سکتے تہے۔ آخر علمانے دوسرا علاج سوچا۔ یعنے فلسفہ کے مسائل پر اطلاع حاصل کرکے فلسفہ کے رد کے لئے علم کلام ایجاد کیا۔ اس علاج کے مجوز۔ امام غزالی۔ امام رازی۔ ابن رشد۔ قاضی عضد وغیرہ تہے اور واقعی اُن کی یہ تدبیر نہایت کارگر نکلی۔ اسی کا اثر ہے کہ اگرچہ درس نظامیہ میں تمام عُلوم وفنون سے زیادہ منطق وفلسفہ کی کتابیں زیر درس ہیں

تاہم مذہبی عقاید کو ان سے کچھ ضرر نہیں پہونچتا۔

ہمارے زمانے میں بھی اسی مرض نے ظہور کیا ہے اور پہلی قسم کا علاج بھی ہو چکا ہے اب اگر وہ علاج مفید ثابت ہو تو فبہا۔ ورنہ دوسری قسم کا علاج شروع کیا جائے۔ اور امام غزالی اور امام رازی کی روحیں تازہ کیجائیں۔

ترکی حکومت میں اس ضرورت کو تسلیم کرکے علامہ حسین جسر نے جو تمام روم شام میں علوم دینیہ وعقلیہ کا استاد تسلیم کیا جاتا ہے ایک کتاب تصنیف کی جسکا نام حمیدیہ ہے۔ تمام مسلمانوں نے اس تصنیف کی نہایت قدر کی اور خود سلطان المعظم خلد اللہ دولتہ نے علامہ مذکور کو اس کتاب کے صلہ میں بہت کچھ صلے اور عطیے عنایت کیے۔ یہ کتاب ترکی زبان میں بھی ترجمہ کی گئی اور عام طور پر اس کا رواج ہو گیا ہے۔

میں نے اس کتاب کو دیکھا ہے اور اگرچہ میرے نزدیک وہ موجودہ ضرورت کیلئے ناکافی ہے۔ تاہم اس بات سے مسرت ہوتی ہے کہ اس نے ایک عمدہ کام کی بنیاد ڈالی۔ یہ دوسروں کا فرض ہے کہ اس بنیاد پر مضبوط اور مستحکم عمارتیں بنائیں۔

تیسرا امر جس کیطرف میں علما کی توجہ مائل کرنا چاہتا ہوں علوم اسلامیہ کے درس و تدریس میں وسعت پیدا کرنا ہے۔

اے حضرات۔ اس امر سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ پچاس ساٹھ برس سے ہماری علمی حالت برابر تنزل کی طرف بڑھ رہی ہے جس درجہ کے علما پچاس برس پہلے موجود تھے۔ اس زمانے کے بعد اس درجہ کے علما نہیں پیدا ہوئے۔ اور زمانہ مابعد میں جس رتبہ کے علما پیدا ہوے اُس زمانہ کے بعد اس درجہ کے بھی پیدا

نہیں ہوئے۔ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ شاہ عبدالقادر صاحبؒ مفتی محمد یوسف صاحبؒ مولوی فضل حق صاحب جیسے علما پیدا ہوئے۔ اب گویا ناممکن معلوم ہوتا ہے۔ بلکہ اتنی توبہی توقع نہیں کہ مولوی عبدالحی صاحبؒ مرحوم۔ مولوی ارشاد حسین صاحبؒ مرحوم مولانا احمد علی صاحبؒ مرحوم۔ جیسے بزرگ بہی قوم میں پیدا ہوں۔ تصنیفات کا یہ حال ہے کہ عربی زبان میں اب بہت کم کتابیں لکھی جاتی ہیں۔ اُردو زبان میں جو کتابیں لکھی جاتی ہیں وہ بہی کچھ محققانہ نہیں ہوتیں بلکہ صرف چند نزاعی مسئلوں کے متعلق اودہر اودہر کی خوشہ چینی ہوتی ہے۔ پہر کیا اسکی یہ وجہ ہے کہ اب علوم عربیہ کی قدردانی نہیں رہی۔ اور ان علوم کے پڑہنے والوں کو مناصب اور عہدے نہیں ملتے۔ لیکن ذرا بہی غور سے معلوم ہو سکتا ہے کہ یہ اس بات کی وجہ نہیں ہو سکتی خدا کا شکر ہے اور ہم اسپر فخر کرتے ہیں کہ مسلمانوں نے علم کو کبہی تحصیل دولت کے لیئے نہیں پڑہا۔ نہ علما کسی زمانہ میں بہت دولتمند یا صاحب جاہ و منصب تہے۔ ملا نظام الدین۔ ملا حسن۔ ملا کمال۔ شاہ ولی اللہ صاحب شاہ عبدالعزیز صاحب کو کون سی دولت و ثروت حاصل تہی۔

پہر کیا اسکی یہ وجہ ہو سکتی ہے کہ علوم کی تحصیل کے سامان کم ہیں۔ یہ بہی صحیح نہیں اب جس کثرت سے ہندوستان کے ہر گوشہ میں عربی مدارس موجود ہیں پہلے کبہی نہ تہے جس قدر کتابیں اب چہپکر شایع ہو گئیں۔ اگلے زمانہ میں کہاں دستیاب ہوتی تہیں۔ سفر کے وسائل اور ذرایع جیسے اب آسان ہو گئے ہیں پہلے کب تہے۔

پہر کیا اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ اخیر زمانہ ہے۔ اور اس برے زمانہ کا اقتضا ہی یہ ہے کہ اگلی سی ہمتیں اور اگلی سی حوصلہ مندیاں زمانہ سے مفقود ہو جائیں۔ لیکن

اگر ایسا ہے تو زمانہ تمام دنیا کو محیط ہے۔ اسلیئے دنیا کے ہر گوشہ میں ایسی ہی پستی اور ایسا ہی تنزل پایا جانا چاہیئے۔ حالانکہ دنیا کے اور حصوں میں علوم و فنون کی بہار آرہی ہے۔ میں اس وقت اجمال کیساتھہ دکہانا چاہتا ہوں کہ دنیا کے اور حصوں میں نئی علوم و فنون کو کس قدر ترقی ہے اور ترقی کے کیا کیا وسائل پیدا ہو گئے ہیں۔

اے حضرات۔ اگرچہ ہندوستان کی موجودہ حالت دیکہکر یہی قیاس ہوتا ہے کہ اب علمی ترقی کے میدان میں کوئی نئی وسعت پیدا نہیں ہو سکتی۔ لیکن شام و مصر اور بالخصوص یورپ کی علمی رفتار کے لحاظ سے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس زمانہ میں جو سامان پیدا ہو گئے ہیں اور علوم و فنون کے متعلق۔ نظر و فکر کے جو طریقے اب ایجاد ہوئے ہیں پہلے انکا نام و نشان بہی نہ تہا۔ اگرچہ ممکن تہا کہ میں اس مضمون پر منطق حکمت تاریخ جغرافیہ۔ طبعیات وغیرہ۔ ہر ایک علم کے لحاظ سے بحث کرتا۔ لیکن اس قدر وقت و فرصت نہیں ہے۔ اسلیئے صرف فن ادب کے متعلق کچہہ عرض کرتا ہوں۔

اے حضرات۔ فن ادب کوئی معمولی فن نہیں ہے۔ قرآن مجید اور احادیث کے سمجہنے اور اُس کے نکات سے واقف ہونیکا اس سے بہتر کوئی ذریعہ نہیں یہی وجہ ہے کہ تمام بڑے بڑے مفسرین اور محدثین ادب میں نہایت کمال رکہتے تہے فن ادب میں ہمارے ہاں صرف مقامات حریری۔ متنبی سبعہ معلقہ۔ درس میں داخل تہا۔ اور بعض لوگ تموری و نفحۃ الیمن۔ بہی پڑہتے تہے۔ صرف یہی نہیں تہا کہ درسی کتابیں انہیں میں منحصر تہیں۔ بلکہ ادب کا کل سرمایہ جو ہمارے ملک میں دستیاب ہو سکتا تہا وہ یہی کتابیں یا ان کی شرحیں اور حاشیہ تہے۔

اب خیال فرمایئے کہ آجکل ادب کا کس قدر سرمایہ پیدا ہو گیا ہے۔ جاہلیت و

شروع اسلام کے اشعار کی نسبت مفسرین نے لکھا ہے کہ قرآن مجید کے مطالب سمجھنے کے لیئے ان پر اطلاع حاصل ہونی ضرور ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس کا قول ہے۔ الشعر دیوان العرب فاذا خفی علینا الحرف من القرآن رجعنا الی دیوانہا۔ انہیں کا قول ہے۔ اذا سالتمونی عن غریب القرآن فالتمسوہ فی الشعر جن اشعار کو حضرت عبداللہ بن عباس نے فہم قرآن کے لیئے ضروری سمجھا اس میں سے ہمارے پاس صرف سبعہ معلقہ موجود تہا۔ لیکن اب شام و مصر وغیرہ میں اشعار عرب کا بے انتہا ذخیرہ موجود ہوگیا ہے۔ شعراے جاہلیت و مخضرمین میں سے امرء القیس۔ زہیر بن ابی سلمی لبید بن ربیعۃ العامری۔ نابغہ ذبیانی۔ علقمۃ الفحل۔ عروۃ بن الورد۔ حاتم طائی۔ اوس بن حجر۔ خنساء۔ عنترۃ بن شداد العبسی طرفۃ بن عبد بکری۔ نادرۃ۔ کے دیوان چہپ گئے ہیں قبیلہ ہذیل جنکی نسبت تسلیم کیا گیا ہے کہ عرب کے تمام قبایل میں سب سے فصیح تر تہے۔ اس قبیلہ کے تمام شعرا کا کلام ایک مجموعہ میں چہاپا گیا ہے۔ خلیفہ منصور عباسی نے خلیفہ مہدی کی تعلیم کے لیئے اشعار عرب کا جو مجموعہ تیار کرایا تہا اور جسکو علامہ مفضل ضبی نے جمع کیا تہا۔ بیروت میں چہپکر شایع ہوا ہے۔

۴۹ قصیدے جو مختارات اشعار العرب کہلاتے ہیں پورے چہپ گئے ہیں۔ جمہرۃ العرب شایع ہوچکا ہے۔ اسلامی شعرا میں سے جنکا کلام مستند مانا گیا ہے۔ اُن میں سے۔ حطیئہ۔ عمر بن ابی ربیعہ۔ اخطل۔ فرزدق۔ ابومحجن ثقفی کا دیوان چہپ چکا ہے۔ اور زمانہ مابعد کے شعرا کا کلام تو نہایت کثرت سے شایع ہوچکا ہے۔ عباس بن الاحنف۔ صریع الغوانی۔ عبداللہ بن المعتز۔ ابوتمام

ابو عبادہ بحتری۔ ابو العتاہیہ۔ ابو فراس۔ ابو نواس۔ کہ انمین سے ہر ایک فن شعر کا امام تہا۔ سب کے دیوان چہپ چکے ہیں۔ ان کے سوا ادب کی وہ کتابیں جنمیں کثرت سے اشعار عرب مذکور ہیں بکثرت شایع ہو چکی ہیں۔

یہ تو فقط اس سرمایہ کا بیان تہا جو فن ادب میں اب موجود ہے۔ لیکن جب آپ یہ خیال فرمائینگے کہ اس فن کے متعلق پہلے واقفیت اور تحقیقات کا کیا طرز تہا؟ اور اب کیا ہے؟ تو اور بہی تعجب ہوگا۔ پہلے یہ طریقہ تہا کہ سبعہ معلقہ کے ساتوں قصیدے معمولی طور سے پڑہا دیئے جاتے تہے اور شوقین طالب علم لغات کو حفظ کر لیتے تہے۔ اس کے سوا اُنکو کچھ نہیں معلوم ہوتا تہا کہ یہ شعرا کون تہے۔ انکو اور شاعروں سے کیا نسبت ہے۔ ان کے کلام میں کیا کیا خوبیاں ہیں؟ کہاں کہاں انمیں بلاغت کی کمی ہے؟ لیکن اب ان امور کی تحقیق کیجاتی ہے کہ عرب میں شاعری کب پیدا ہوئی۔ کن اسباب سے پیدا ہوئی۔ کس قبیلہ میں اول اسکا رواج ہوا اقسام شعر میں سے کون کون سی قسمیں کس کس زمانہ میں ایجاد ہوئیں۔ شعراے جاہلیت نے کن کن مضامین پر شعر لکہے۔ انمیں عہد بعہد کیا کیا ترقیاں ہوئیں۔ بلاغت کے کون کون سے اسلوب انہوں نے استعمال کیئے۔ ان کی شاعری سے عرب پر کیا اثر پڑا؟ اسلامی شعرانے فن شعر میں کیا تصرفات کیئے۔ زباں کو کیونکر صاف کیا۔ کتنے الفاظ چہوڑ دیئے۔ کن کن نیے مضامین پر اشعار لکہے۔ اسی طرح عہد بعہد اُس فن میں کیا کیا ترقیاں ہوئیں؟۔ ادب کی طرح اور علوم و فنون میں بہی تحقیقات کا طرز بدلگیا ہے لیکن ان کے بیان کرنے کے لیئے وقت نہیں۔

اے حضرات۔ علما کا ایک اور سب سے بڑا فرض۔ بلند حوصلگی اور عالی ہمتی کا پیدا

کرتا ہے۔ اس سے خدانخواستہ میری یہ مراد نہیں کہ وہ بڑی بڑی نوکریوں کی خواہش
کریں۔ دولت کی جمع کرنے کی تدبیریں سوچیں۔ بلکہ میری مراد علمی اور مذہبی حوصلہ مندی
ہے۔ وہ حوصلہ مندی جسکا یہ اثر تھا کہ محدثین ایک ایک حدیث کے لیئے ہزاروں کوس
کا سفر کرتے تھے۔ جسکا یہ اثر تھا کہ اندلس کے طلبا ہندوستان میں تحصیل علم کیلیے
آتے تھے۔ جسکا یہ اثر تھا کہ ابن بیطار نے نباتات کے دریافت کے لیے اندلس
سے چلکر یونان۔ اور بحر روم کے تمام جزائر کی خاک چھان ڈالی تھی۔ جسکا یہ اثر تھا کہ
جغرافیہ کی تحقیقات کے لیئے علامہ بشاری نے پورے ۲۰ برس۔ دنیا کے سفر
میں صرف کر دیئے تھے۔ جسکا یہ اثر تھا کہ ابوالفرج اصفہانی نے پورے ۵۰ برس صرف
کرکے کتاب الاغانی لکھی۔ اور دنیا کو علم ادب کے بڑے بڑے کتب خانوں سے مستغنی
کر دیا۔ جسکا یہ اثر تھا کہ اصمعی۔ محاورات عرب کی تحقیقات کے لیئے عرب کے بیابانوں
کی خاک چھانتا پھرتا تھا۔

ای حضرات کیا موجودہ زمانہ میں ان حوصلہ مندوں کی ایک بھی مثال
پائی جاتی ہے۔ اور کیا ان حوصلہ مندیوں کے بغیر علما اپنے فرض سے ادا ہو سکتے ہیں۔

افسوس اور سخت افسوس یہ ہے کہ علمی حوصلہ مندی اسقدر مفقود ہو گئی ہے
کہ ہم اُسکے امکان کا بھی تصور نہیں کر سکتے حالانکہ وہ حوصلہ مندیاں۔ دوسرے
قوموں میں موجود ہیں۔ اور اگر آپ اجازت دیں تو میں مثال کے طور پر صرف ان
عجیب و غریب کوششوں کا ذکر کروں۔ جو دوسری قوموں نے خاص ہمارے علوم و فنون
کی ترقی دینے میں کی ہیں۔

(۱) سب سے بڑا احسان جو یورپ کا عربی زبان اور عربی علوم و فنون پر

ہے یہ ہے کہ عربی کی وہ کتابیں جو مسلمانوں کے لیئے مایۂ فخر ہیں اور باوجود اسکے اسقدر نایاب تھیں کہ کہیں انکا پتہ بھی نہیں لگتا تہا۔ یورپ نے نہایت تلاش سے بہم پہونچائیں۔ ان کی تصحیح کی۔ حاشیئے چڑہائے۔ اختلاف نسخ قلمبند کیئے۔ مضامین والفاظ کی فہرست مرتب کی۔ اور نہایت حسن وخوبی کے ساتھ چھاپکر مشتہر کیا۔

ان محنتوں کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ جس جرمن پروفیسر نے کتاب الفہرست کی تصحیح وترتیب کی اُس کے پورے میں سال اسکام میں صرف ہوئے۔ پروفیسر وایٹ اٹھارہ برس سے جریر کے دیوان کے مرتب کرنے میں مصروف ہے۔ برلن کی ایک کمیٹی نے لاکھ روپیے صرف اسی کام کے لیئے وقف کردیئے کہ طبقات بن سعد کا پورا نسخہ جو بارہ جلدوں میں ہے چھاپ دیا جائے چنانچہ خاص اس غرض سے پروفیسر زاخو۔ اپریل ۱۸۹۵ء میں مصر پہونچا اور اب تک وہیں مقیم ہے۔ اس طرح کی اور بہت سی مثالیں ہیں۔ اسوقت تک عربی کی جسقدر نایاب کتابیں یورپ نے چھاپکر شایع کیں۔ ان سب کا نام تو میں گنا نہیں سکتا۔ لیکن تاریخ کی تصنیفات کی ایک فہرست ذیل میں لکھتا ہوں جنمیں سے اکثر خود میری نظر سے گذری ہیں۔ یہ وہ کتابیں ہیں جو یورپ کے چھاپنے سے پہلے ناپید تھیں اور ہمارے ہندوستان کے علما۔ اب بھی ان کے نام سے بیخبر ہیں۔ انمیں سے بعض مصر وغیرہ میں چھپی ہیں تو یورپ ہی کے نسخہ سے منقول ہوکر چھپی ہیں۔

تاریخ ابوجعفر محمد بن جریر الطبری تمام وکمال ۱۲ جلد۔ اخبار الطوال ابو حنیفہ دینوری۔ کتاب التنبیہ والاشراف للمسعودی۔ انساب الاشراف للبلاذری۔ تاریخ یعقوبی۔ فتوح البلدان بلاذری۔ کتاب الفہرست ابن الندیم بغدادی۔ رحلۃ بن جبیر

معجب - البیان المغرب فی اخبار المغرب للمراکشی - سیرۃ صلاح الدین للقاضی بہاء الدین بن شداد - الفتح القسی للعماد الاصفہانی - ذیل للطبری - المشتبہ للذہبی - معجم ابن ابار - اخبار مکۃ للازرقی - المنتقی باخبار ام القری - اعلام باعلام بیت اللہ الحرام - استبصار فی عجائب الامصار - الاثار الباقیۃ عن القرون الخالیۃ - کتاب الاعتبار لابن منقذ - المام للمقریزی - البیان الاعراب بما بارض مصر من الاعراب - کتاب الہند للبیرونی - الخبر عن اول دولۃ من دول الاشراف العلویین - عیون والحدائق - زبدۃ الحلب فی تاریخ حلب - تاریخ آل سلجوق - زبدۃ النصرۃ فی اخبار الوزرا السلجوقیۃ - سلسلۃ التواریخ - اخبار العصر - اخبار مجموعہ فی فتح الاندلس - تاج التراجم لقاسم بن قطلوبغا - الفخری فی الاداب السلطانیۃ - مروج الذہب للمسعودی - کتاب الصلۃ لابن بشکوال - تکملہ کتاب الصلۃ - بغیۃ الملتمس فی تاریخ رجال اہل الاندلس - طبقات المفسرین للسیوطی - اخبار ملوک مغرب و اندلس للمقریزی - عجائب الہند لبزرک بن شہریار - بتہ صقلیہ - تہذیب الاسمار للنووی - کتاب الانساب للمقدسی - فتوح الشام للازدی - تلخص طبقات الحفاظ للسیوطی - معارف بن قتیبہ -

ان کتابوں کے علاوہ یورپ جغرافیہ کی تصنیفات کا پورا سلسلہ مرتب کرکے چھاپا ہمارے خیال میں بھی نہ تھا کہ جغرافیہ کے فن میں جو اس ملک میں خاص انگریزوں کی بدولت آیا ہے - اور اسی وجہ سے ہمارے علما اس سے بالکل ناآشنا ہیں - مسلمانوں نے کوئی خاص کمال پیدا کیا تھا - لیکن ان تصنیفات کو دیکھکر معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں سے پہلے اس فن کی کیا حالت تھی اور مسلمانوں نے اسکو کہاں سے کہاں پہونچا دیا - کسکو خیال تھا کہ تیسری صدی ہجری میں عرب کا ایسا جغرافیہ طیار ہوا ہوگا - جو بالکل آج کل کی

تحقیقات کے موافق ہے جسمیں عرب کے ایک ایک شہر ایک ایک گاؤں کی تفصیل تو اور ہر ہر گاؤں کی پیداوار۔ عمارتیں۔ معدنیات۔ اشجار۔ نباتات۔ جانور۔ تجارت وغیرہ کے حالات تفصیل سے مذکور ہیں۔ عرب کا یہ جغرافیہ ابن الحایک ہمدانی نے سنہ ۳۳۴ھ میں لکھا جو یورپ میں بمقام لیڈن سنہ ۱۸۸۴ء میں چھاپا گیا۔

جغرافیہ کے سلسلہ میں جو نایاب کتابیں یورپ میں چھاپی گئیں اُن سے کے نام حسب ذیل ہیں۔

معجم البلدان یاقوت حموی چار جلد۔ مشترک یاقوت حموی۔ مراصد الاطلاع۔ احسن التقاسیم فی معرفۃ الاقالیم۔ جغرافیہ ابن حوقل بغدادی۔ مختصر کتاب البلدان لابن الفقیہ الہمدانی۔ کتاب البلدان للیعقوبی۔ تقویم البلدان۔ المسالک و الممالک لابن خرداذبہ۔ مسالک الممالک للاصطخری۔ نزہۃ المشتاق للشریف الادریسی۔

یہ سب بڑی بڑی ضخیم کتابیں ہیں اور ان کے دیکھنے سے مسلمانوں کی علمی کوششوں کا اندازہ ہوسکتا ہے۔

(۲) دوسری تیسری صدی میں جو نئے الفاظ عربی تصنیفات خصوصاً تاریخ میں شامل ہوتے گئے۔ لغت کی کتابوں میں کہیں انکا پتہ نہیں لگتا۔ تاریخ طبری۔ اور بلاذری۔ و مقریزی میں سیکڑوں ہزاروں الفاظ ایسے موجود ہیں جو قاموس لسان العرب شرح قاموس وغیرہ بڑی بڑی کتابوں میں نہیں ملتے۔ اور مجکو اس کا خاص تجربہ ہوچکا ہے۔ یورپ نے اس مشکل کی عقدہ کشائی کی۔ فرانس کے ایک پروفیسر نے جسکا نام دوزی ہے خاص اس قسم کے لغات پر ایک کتاب لکھی۔ جو دو جلدوں میں چھپکر شایع ہوئی ہے اور جسمیں سترہ سو صفحے ہیں۔ یہ کتاب میرے

مطالعہ میں ہے اور میں ہر دفعہ مصنف کی محنت اور تحقیق پر حیران رہ جاتا ہوں
ہمارے ملک کے علما شاید یورپ کی وسعت نظر اور کثرت معلومات کا اعتراف نہ کریں
لیکن مصر و شام کے فضلا۔ ان تصنیفات کو پڑھکر کیونکر انکار کر سکتے تھے۔ علامہ
حمزہ فتح اللہ جو مصر میں فن ادب کا اُستاد الکل ہے اسنے اپنے رسالہ باکورۃ
الکلام میں علانیہ تسلیم کیا کہ نحن فی اللغۃ العربیۃ کالعالۃ علیھم۔ یعنی "عربی زبان
میں ہم یورپ کے دست نگر ہیں"۔

(۴) عربی زبان میں ایسی کوئی تصنیف موجود نہ تھی اور نہ کبھی لکھی گئی جو
مسلمان فلاسفروں کی تصنیفات کی ریویو کے طور پر ہو اور جس سے یہ ظاہر ہو کہ
یونانیوں کے کیا مسائل تھے اور حکمائے اسلام نے اسپر کیا ترقی کی۔ یورپ میں
اس قسم کی تصنیفات کثرت سے لکھی گئیں اور برابر لکھی جا رہی ہیں۔

ارسطو کی قاطیغوریاس جسکو حنین بن اسحاق نے عربی میں ترجمہ کیا تھا۔
اصل یونانی زبان میں۔ مع عربی ترجمہ کے چھاپی گئی ہے اور اس کے دیباچہ میں
اس امر پر بحث کی ہے کہ یہ ترجمہ کہاں تک صحیح اور اصل کے مطابق ہے۔

جرمن کے ایک پروفیسر نے فارابی کی تمام تصنیفات اور مسائل پر تین سو
صفحوں میں ایک مفصل ریویو لکھا۔ اسی طرح امام غزالی کی تصنیفات پر تین سو صفحوں
میں ایک کتاب لکھی گئی۔ میں نے یہ دونوں کتابیں دیکھی ہیں اگرچہ افسوس ہے کہ
جرمن زبان نہ جاننے کی وجہ سے اُن سے متمتع نہیں ہو سکا۔

پروفیسر مونک نے فرنچ زبان میں خاص اس بحث پر کہ مسلمانوں نے
یونانیوں کے علوم کی کیونکر تحصیل کی اور اُنسے یہودیوں نے کیونکر سیکھا۔ ایک

مستقل کتاب لکھی چنانچہ مین نے اس کتاب کے بعض مقامات سبقاً سبقاً پڑھے ہیں پروفیسر رینان نے حکیم ابن رشد کے فلسفہ پر چار سو صفحوں میں ایک عجیب و غریب کتاب لکھی۔ جسمیں اُسنے تفصیلاً بیان کیا ہے کہ جرمن اور فرانس میں کئی سو برس تک خاص ابن رشد کا فلسفہ جاری رہا اور وہاں بہت سے فرقے پیدا ہو گئے تھے جو اپنے تئیں بجائے ارسطو/افلاطون کے ابن رشد کیطرف منسوب کرتے تھے

پارسال مقام جنیوا میں جو اورنیٹل کانفرنس منعقد ہوئی۔ آسمیں ایک تجویز منظور ہوئی کہ ایک کمیٹی قائم ہو جسمین عربی زبان کے بڑے بڑے کامل الفن ممبر مقرر کیئے جائیں۔ اسی کمیٹی کا یہ کام ہوگا کہ مسلمانوں نے فلسفہ۔ ہیئت۔ طب۔ اور لٹریچر مین جو ترقی کی۔ اس کی ایک مفصل انسایکلو پڈیا طیار کرے۔ چنانچہ اسی کانفرنس میں یہ کمیٹی قائم ہو گئی۔ اور بڑے بڑے عربی داں پروفیسر اس کے ممبر مقرر ہوئے۔

ای حضرات علما۔ جبکہ دوسری قومیں خود ہمارے علوم و فنون میں ایسی عجیب و غریب کوششیں کر رہی ہیں اور عربی زبان کے میدان میں اسقدر وسعت پیدا ہو گئی ہے تو کیا ہمکو اسی پر قناعت کرنی چاہیئے کہ ایک محدود کورس کی چند کتابیں پڑھا لی جائیں اور تمام عمر اسی محدود دائرہ میں بند پڑے رہیں۔

علمی حوصلہ مندی جسکو میں نے علما کا فرض بتایا ہے اسکا یہ اقتضا ہے کہ اگلوں نے ہمارے لیئے جو سرمایہ چھوڑا تھا۔ دنیا سے ہم جائیں تو اُسمیں اضافہ کر کے جائیں۔ یہ خیال غلط اور بالکل غلط ہے کہ علمی کارخانہ میں کام کرنے کے لیئے اب کچھ باقی نہیں رہا۔ ابھی بہت وسعت ہے اور بہت کچھ کیا جا سکتا ہے۔ ✦

فیضِ روح القدس ار باز مدد فرماید — دیگراں نیز کنند آنچہ مسیحا می کرد

* یہ پورا لکچر ندوۃ العلما کے اجلاس میں نہیں پڑھا گیا تہا۔ بلکہ اس کے جستہ جستہ مقامات کو لے لیا گیا تہا۔

تعلیمی مردم شماری

سمیع اللہ صاحب طالب علم مدرستہ العلوم نے اترولی ضلع علی گڈہ کی تعلیمی مردم شماری کی رپورٹ بہیجی ہے۔ اُن میں ۹۹ ایسے اشخاص کے نام درج ہیں جو اپنے لڑکوں کو باوجود استطاعت کے تعلیم نہیں دیتے۔ ۱۰۰ تعداد اُن لڑکوں کی ہے جو تعلیم سے بے بہرہ ہیں۔

ہندوستانی اور انگریز

(تتمہ تہذیب ماہ اپریل) اب ہم ان انگریز نکتہ چینوں کی طرف توجہ کرتے ہیں جو ہندوستان کی گورنمنٹ پر تو یہ الزام لگاتے ہیں کہ وہ رعایا کو دبا رکہنا چاہتی ہے اور خود اہل ہندوستان کی دوستی کا زور شور سے دعوی رکہتے ہیں۔ یہ جسقدر معترض ہیں ان میں اگر کل نہیں تو زیادہ تر دو قسم کے لوگ ہیں۔ پہلی قسم میں تو وہ تین یا چار لوگ ہیں جو آجکل یا کسی زمانہ میں گورنمنٹ ہندوستان کے ملازم رہے ہیں۔ قسم دوم میں وہ چند پولیٹیشن ہیں جو یا تو کبھی ہندوستان میں آئے نہیں اور اگر آئے تو ملک کا سرسری گشت کر کے واپس چلے گئے۔ ان لوگوں نے جب بحث کیجاوے تو ہملو چاہیئے کہ انکے یقین کی صداقت اور نیت کی سچائی کا امتحان کہ اُن کے الفاظ ہی سے نہیں بلکہ ان کے افعال سے بہی کریں۔ پہلی عزت کی بات انسان کے لئے یہ ہے کہ اگر وہ کسی گورنمنٹ کو بالکل خراب جانتا ہو تو وہ اپنا تعلق اُس سے قطع کرے۔ پس ہملو اسبات کے تسلیم کرنیکا حق ہے کہ جب ایسے لوگ اپنے عہدوں پر کام کئے

جاتے ہیں یا پنشنیں وصول کرنے میں کوتاہی نہیں کرتے تو یا تو وہ گورنمنٹ کو فی الحقیقت
استقدر خراب نہیں جانتے جسقدر کہ ہمکو اُن کے کلام سے ثابت ہوتا ہے۔ یا یہ ہی کہ وہ اپنے
دلی یقین کو ذاتی منفعت کا غلام بناتے ہیں اگر ایسا ہے تو جو کچھ رائے وہ ظاہر کرتی ہیں
اُس کی قیمت بہت کم ہو جاتی ہے۔ اب رہی دوسری قسم کے پولیٹیشن جنکو ہندوستان کا
واقعی کوئی علم حاصل نہیں ہے اور جو ایسی تجویزوں کے حامی بنتے ہیں جو ان لوگوں کی مستند
اور وزنی رائیں ہیں جو ہندوستان کے حالات کو سب سے زیادہ جانتے ہیں ان لوگوں کی تجویزیں
یہی ہیں جن میں اہل ہند کے لیے مصیبتیں شامل ہیں ان کی دوستی ہندوستان کے لوگوں سے
اتنی ہی نہیں ہے کہ اُن کی ضرورتوں کو سمجھنے کے لیے ضروری مقدار وقت اور تکلیف
کو گوارا کر سکیں یا ملک میں زیادہ نہیں صرف ایک موسم گرمی کا کاٹ سکیں اور جنکو اپنی بیہودہ
دخل اندازی سے ایک بر اعظم کو تباہی میں مبتلا کرنے کے خدشہ کی پروا نہیں ہے گویا یہ
لوگ یا تو اپنی رائے پر بڑے زعم کے ساتھ بہروسا رکھتے ہیں کہ ناکافی مصالحے سے نتیجے
پیدا کرتے ہیں یا یہ ہے کہ جو مونسٹ کے خیالات وہ ظاہر کرتے ہیں اُس کی علت صرف یہ ہے
کہ وہ اپنے ہموطنوں سے دلمیں اختلاف رکھتے ہیں اور اس اختلاف کے چھپانے کے
لیئے اہل ہند کی محبت کو پردہ بنایا چاہتے ہیں۔ یہ نہایت افسوس کی بات ہے کہ انگلستان میں
چند پولیٹیشن کا ایک گروہ ہے جو یا تو سنکسر المزاجی سے اپنے قومی فخر کو دلسے مٹانا چاہتے
ہیں یا صرف اس خوشی کے لیئے کہ وہ ایماندار ہمیں سب سے فائق ثابت ہوں اس بات کی
کوشش کرتے ہیں کہ اپنے ملک کے کارناموں کو حقیر کرکے اور اپنے ان ہم قوم لوگوں کے
چال وچلن کو جو وطن سے باہر ہیں سیاہ کرکے دکھلائیں۔ یہ لوگ قومی پاسداری کو عیب
جانتے ہیں اور اگر کبھی اسکو ظاہر ہی کرتے ہیں تو کچھ ایسے ناقص طریقہ پر کرتے ہیں کہ

جنکو سمجھنا مشکل ہے سلطنت برطانیہ کے عروج اور شوکت میں بھی انکو کسی طرح کی دلچسپی نہیں ہے ایسے ہی بعض لوگ اور ہیں جو ایسے سخت متعصب ڈاکٹی نیز ہیں کہ وہ ریپرزنٹیٹو گورنمنٹ سے لوگوں کے برباد ہونے کو بہتر جانتے ہیں بجائے اسکے کہ بغیر اسی گورنمنٹ کے خوش رہیں اور ترقی کریں ان کے نزدیک ریپرزنٹیٹو گورنمنٹ گویا ایک پرستش کی چیز ہے کہ جسکے سامنے وہ دلی مسرت کے ساتھہ لاکھوں کی خوشیوں کو ذبح کرنے پر طیار ہیں ایسے لوگ ہماری بحث سے خارج ہیں اور ان سے کلام کرنا عبث ہے۔

اب میں اس سوال کو لیتا ہوں کہ انگریزوں نے ہندوستانیوں کی کیا خدمتیں کی ہیں اور آپ مجکو معاف کرینگے اگر میں اپنے ملکی فخر کے جوش میں ان کاموں کو بیان کروں جو ہمارے ملک نے مشرق میں کیے ہیں" انگلستان" جیسا کہ ایم جولیس فیری نے کہا ہے " آزاد قوموں کا سب سے بڑا معلم ہے " جب وہ ہندوستان میں آیا تو یہ ناشاد ملک مسلسل خانہ جنگیوں کا شکار بن رہا تہا اور رعایا قزاقوں کے بڑے گروہوں سے پٹتی لٹتی تہی۔ جو کچھہ تہذیب سلطنت مغلیہ کے تحت میں اسکو نصیب تہی وہ بہی جلد جلد مٹتی جاتی تہی یہاں تک کہ راستہ چلنے کو سڑکیں تک نہیں رہی تہیں۔ پنجاب میں سکھوں کے زمانہ میں علم کا جاننا تک جرم سمجھا جاتا تہا۔ کسان ہتہیار باندھکر کہیت میں ہل چلاتے تہے جان و مال کی حفاظت نہ تھی۔ ڈاک رسانی کا صرف یہ ذریعہ تہا کہ ڈاکیے خط لیجاتے تہے جنہوں نے یہ نئی ترکیب نکالی تہی کہ اگر رستہ میں لٹ گئے تو اپنے تئیں بہی بہی مار ڈالا۔ کماؤں گزٹیر میں یہ بیان ہے کہ کس طرح ایک گورکہی سردار نے تین ہنڈیاں برہمنوں کی آنکھوں سے بہر لیں۔ اول نعمت جو انگلستان نے ہندوستانکو بخشی

وہ امن تھا اس کے بعد اُسنے حقیقی تہذیب کی بنا ڈالی اور آج کل ایک معمولی شریف آدمی
ان نعمتوں سے متمتع ہو سکتا ہے جو دلی کے شہنشاہوں کو بھی نصیب نہ تہیں۔ اخر الامر
(اور کوئی بتلائے کہ کس ملک نے اپنی محکوم رعایا کے لیئے ایسا کیا ہے؟) اسنے رعایا کو
تعلیم دینی شروع کی محض اپنا فرض سمجھکر بغیر اس خیال کے کہ کیا نتیجے ہونگے یہانتک کہ
الفنسٹن نے جب کالج قائم کیا جو اُس کے نام سے ایک ہے تو یہ کہا تھا کہ خواہ تعلیم سے ہماری
حکومت ہی کو زوال کیوں نہو جائے۔ کیا فرنسیسی ملک الجزائر میں عربوں کا ایسا ہی خیال
رکہتے ہیں؟ کیا زار روس نے اور کسی کو نہیں اپنی ہی روسی رعایا کو یہ اختیارات دے
رکہے ہیں؟ اخیر اس عظیم الشان کام کرنے کی علت اور غایت جس سے وہ کام ہوا کیا ہے؟
اسکا سبب صرف وہ فرض منصبی کا خیال ہے جو ہر ایک انگلو انڈین حاکم کے دل میں ہے
جسنے فی الحقیقت وہ کام کیا ہے۔ یہ بات ناممکن ہے کہ انڈین سول سروس کے لوگوں سے
اچھی طرح ملاقات ہو اور اس بات کو تسلیم نہ کیا جائے کہ ایمانداری اور اثبات کی خواہش
اور اسپر عمل کہ رعایا خوشحال رہے اُن میں سے اکثر کا دلی مقصد نہیں ہے۔ میں ایک انگریز
نہیں بلکہ بہت سے انگریزوں کے نام لے سکتا ہوں جنکو ہر شخص تسلیم کریگا کہ وہ اہل ہند کے
سچے دوست ہیں۔ سول سروس کی دیانت داری کی نسبت کہا جا سکتا ہے کہ شاید دنیا میں
وہ سب سے زیادہ پاک ہے اور اگر آپ اسکا مقابلہ یونائیٹڈ سٹیٹس کے پولیٹشن اور حکام سے
کریں تو آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ یہ دیانت داری وہ نعمت ہے جو فی الحقیقت کسی ملک کو نصیب
نہیں ہوا کرتی چنانچہ میں ہندوستانی سولین کے مزاج کی فیاضی کے دو ایک واقعے بطور
مثال کے بیان کرتا ہوں۔ جب کسی علاقہ اراضی کا وارث یتیم ہوتا ہے تو اُس کے زمانہ
خردسالی میں گورنمنٹ اُسکی جائداد کے بندوبست میں دخل دیتی ہے جسکا ہمیشہ یہ نتیجہ ہوتا ہے

کہ قرضہ بیباق ہو جاتا ہے یا بہت کم رہ جاتا ہے اور جائیداد بجائے اسکے کہ مالک
کی خردسالی کے زمانے میں تلف ہو مالیت میں بہت بڑھکر وارث کو دیجاتی ہے۔
کلکٹر ضلع اکثر اپنا ذاتی رسوخ استعمال کرتا ہے تاکہ وہ زمینداروں یا زمینداروں اور
کاشتکاروں میں ایسی تنازع کو جو باعث بربادی کا ہو روک دے۔ میں ایک تعلقہ دار کو
جانتا ہوں جسنے اپنی کل جائیداد کلکٹر کے سپرد کرکے اپنے تئیں تباہی سے بچا لیا۔
کلکٹر نے سرکاری ضمانت کی مدد سے کم سود پر روپیہ قرض لیکر پہلا قرضہ ادا کر دیا اور تعلقہ دار
کی ایک معقول آمدنی مقرر کرکے کل جائیداد کو اصلی حالت پر لانے کی کوشش کر رہا ہے۔ کیا یہ
کام ان لوگوں سے ہو سکتے ہیں جو ہندوستانیوں کی سلامتی کی فکر نہیں رکھتے؟ اب
میں آئی سروس کے دوسرے صیغہ یعنی ڈاکٹروں کی طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ کون شخص
اس بات کا اندازہ کرسکتا ہے کہ تکلیف و مصیبت کو ان لوگوں نے کسقدر کم کیا ہے؟
رات اور دن سخت سے سخت گھمس کی گرمی میں وہ اسپتالوں میں مریضوں کا مفت
علاج کرتے ہیں۔ ایک سال میں انہوں نے خود اور اپنے ماتحتوں کے ذریعے ایک
کروڑ چالیس لاکھ آدمیونکو علاجی امداد پہونچائی۔

آپ جانتے ہیں کہ ہندوستان میں سول سرجنوں کے بجائے نیٹو ڈاکٹر نہیں
مقرر ہو سکتے۔ لیکن مسٹر دادابھائی نوروجی کے پاس ہندوستان کے درد کا یہی
چلتا نسخہ ہے کہ ان اجنبی لوگوں سے جیسا کہ وہ انگریزوں کو اپنے حسن اخلاق سے
خطاب کرتے ہیں کسی طرح پیچھا چھڑاؤ۔ حقیقت یہ ہے کہ مسٹر نوروجی نے اپنی عملی زندگی کا
بڑا حصہ انگلستان میں گزارا ہے اور ہندوستان کا بہت کم علم رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں
وہ خود ہندوستان میں اجنبی کی حیثیت رکھتے ہیں وہ اپنے تئیں ہندوستان کا وکیل

اور دوست بتاتے ہیں لیکن در اصل وہ فقرہ ہری کے انتخاب کرنیوالوں کے وکیل ہیں
اور مسٹر ایس ستیہ اور ان لوگوں کی طرح جو اپنے تئیں ہندوستان کا دوست کہتے
ہیں اس ملک کے دشمن ہیں خواہ وہ اسباب کو جانتے ہوں کیونکہ جو کچھ سرجنوں کی نسبت
درست ہے وہی اور صیغوں کی نسبت بھی صحیح ہے۔ ہندوستان ہندوستانیوں کی تعلیمی
لیاقت میں بہت مفلس ہے وہ شخص اہل ہندوستان کا دوست نہیں ہے جو اس واقع
سے اپنی آنکھیں بند کر لے۔ عام طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہندوستان کی دولت اور علم
میں ترقی سب ان کاموں کی وجہ سے ہے جو اینگلو انڈین نے ہندوستان میں کئے
ہیں۔ انگریزوں کو ملک سے نکالنا گویا اس بطخ کو مارنا ہے جو سونے کے انڈے دیا کرتی تھی
۔ قیام امن اور اشاعت انصاف کے تمام عالیشان سوالات کو چھوڑ کر یہ امر یقینی ہے کہ ہندوستان
کو اپنی موجودہ حالت میں انگلستان کی تجارتی اشیا خریدنے کی ضرورت ہے اور اگرچہ
جو قیمت دینی پڑتی ہے وہ زیادہ ہے لیکن اسوقت ہندوستان کو اسی میں کفایت ہے اور
صرف یہی نہیں بلکہ اسکو ان بہترین آدمیوں کی ضرورت ہے جو انگلستان مہیا کر سکے۔ اور
اگر اس روپیہ کی قیمت گھٹنے کی وجہ سے اس کے حاکموں کی عمدگی میں کمی پیدا ہوئی تو یہ
اسکے لیئے بڑی خوف کی بات ہے۔ نیشنل کونگریس نے انگریزوں سے نفرت رکھنے کے
جوش میں یا کفایت شعاری میں کوتاہ بینی سے اس کم مقدار معاوضہ سے اختلاف کیا
جو انگریزی حکام کو ایکسچینج کی وجہ سے دیا جاتا ہے۔ میں نے ایک کونگریس کے حامی سے
پوچھا کہ کیا وہ کم درجہ کے سولین پسند کرینگے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ ہرگز نہیں ہم اسنے
بھی بہتر آدمی چاہتے ہیں لیکن کم تنخواہ پر۔ اس سے ظاہر ہے کہ یہ صاحب ان معاملات کا
زیادہ تجربہ نہیں رکھتے تھے۔،،

اسلئے جب کہ یہ امر ضروری ہے کہ ہندوستان میں انگریزوں کی ایک تعداد کا تقرر ہو
اور یہ بات بھی اس امر کے خلاف کسی طرح نہیں پڑتی کہ ملکہ معظمہ کے تحت میں جیسا کہ
قیصر روم کے زمانے میں تھا کہ دیسی بہت سے اعلیٰ درجے کے ملکی اور فوجی عہدوں پر
معمور ہیں تو ہمکو بہترین کوششیں اس بات کی کرنی چاہئیں کہ انگریزوں اور ہندوستانیوں میں
دوستی کے خیالات کو ترقی ہو۔ انگریزوں کے سامنے ہندوستانیوں کے اوصاف بیان
کرنے چاہئیں اور ہندوستانیوں سے کہنا چاہیے کہ وہ انگریزوں کے ساتھ انصاف
کریں۔ اس سے بڑھکر بات یہ ہے کہ ہمکو لوگوں میں شہنشاہی کے خیالات یعنی یہ کہ وہ ایک
شہنشاہ کی رعایا اور ایک سلطنت میں بسنے والے لوگ ہیں پیدا کرنے چاہئیں تاکہ وہ سب ایک مشترک
بھلائی کے لئے متحد ہو جائیں اور ہمکو ایسے انگریزوں کو جو ہندوستانیوں پر طنز کرتے
ہیں اور ان ہندوستانیوں کو جو انگریزوں کے عیبوں میں مبالغہ کرتے ہیں۔ یہ سمجھنا چاہئے
کہ وہ ان خیالات شہنشاہی کی شان کے خلاف عمل رکھتے ہیں یہ دونوں طرح کے لوگ
ایک ہی غلطی میں مبتلا ہیں اور وہ غلطی ناانصافی ہے۔ اگر ان دونوں کی حالتیں پلٹ
دیجائیں تو ایک دوسرے کے اسی خیال کو قبول کرے جسکو کہ وہ دوسرے میں قابل الزام
ٹھیراتا تھا۔ غرض ایسے دونوں لوگ اس شہنشاہی کے کامل اتحاد میں رخنہ ڈالتے ہیں
اسوقت تک جو باتیں بدلائل پیش کی گئیں وہ ہندو اور مسلمانوں بنگالی اور
راجپوتوں سب پر یکساں عائد ہوتی ہیں۔ میں دعوی کرتا ہوں کہ ان سب کی بہبودی
اس بات سے ترقی پا سکتی ہے کہ انگریزوں اور ہندوستانیوں میں اتحاد پیدا ہو۔ اب
میں صرف مسلمانوں سے بحث رکھوں گا اور یہ کام میرے لئے آسان اور دل کا خوش
کرنے والا ہے۔ کیونکہ مجھکو ایک ایسی پولیسی کے اختلاف میں نہیں بلکہ موافقت میں گفتگو

کرنی ہوگی جسکو عام قبولیت حاصل ہوگئی ہے۔

کلکتے کے ہندو اخبار نویسوں کو کوئی نصیحت یا دلیل دشنام دہی کی پولیسی سے نہیں پہیر سکتی۔ لارڈ ڈفرن نے انہیں اڈیٹروں سے درخواست کی کہ اگر عقل سے بہرہ ہے تو اپنی تحریروں میں اعتدال پیدا کرو لیکن نتیجہ یہی ہوا کہ اور بڑہ چڑہ کر ملامت اور نفرین کی بوچھاڑیں پڑیں۔ دلیل اور حجت تو اُنکی نسبت یہ سمجھہ لینا چاہیئے کہ ان میں سے اکثروں کو اتنی ہی پولٹیکل تعلیم نہیں ہے جو ایک معقول دلیل کے معنی و مفہوم سمجھنے کے لیئے ضروری ہے۔ غرض جس حالت میں کہ انگریزی تعلیم یافتہ ہندوؤں کا میل طبیعت سرکشی کیطرف ہے تو تعلیم یافتہ مسلمان خیرخواہی اور گورنمنٹ کا انصاف جتانے کیطرف راغب ہیں یہ دونوں قسم کی تحریکیں جس طرح کا اثر عوام الناس کے دل پر کرتی ہیں اسکی ایک عمدہ نقل ایک ہندوستانی تماشہ میں جو کہ ہندوستانیوں کے سامنے ہو رہا تہا میں نے دیکھی ہے۔ تماشہ کا مضمون کونگریس اور انٹی کونگریس تہا۔ کونگریس کے پریسیڈنٹ نے حسب دستور انگریزوں کی مذمت کر کے اپنے گلے پر انگلی پہیرے تا کہ انگریزوں کی نسبت جو اُنکا خیال ہے وہ سب پر ظاہر ہو جائے۔ انٹی کونگریس کے مسلمان سردار نے بہت فصاحت کے ساتھہ ان برکتوں کا ذکر کیا جو انگریزی گورنمنٹ کی وجہ سے ملک کو ملی ہیں اور یہ بیان کیا کہ کس طرح ہندوستان جنگل سے باغ بن گیا۔ اب ہمکو دیکھنا چاہیئے کہ ان دونوں خیالوں میں اختلاف کس وجہ سے ہے۔ کیا اُن میں سے ایک قوم ہمارے دور سلطنت میں دولت و اقبال میں بڑہ گئی ہے اور دوسری گھٹ گئی ہے؟۔ ہاں۔ لیکن حیرت کا مقام ہے کہ شکرگزار وہ ہے جو گھٹی ہے اور وہ نہیں جو بڑہی ہے۔ اس تحریر میں ان اسباب پر بحث کرنی اصل مضمون سے دور

بڑھجائیگی جنہوں نے انگریزی تعلیم یافتہ ہندوؤں میں بدخواہی کے خیالات پیدا کیئے ہیں۔
مختصر طور پر میں خیال کرتا ہوں کہ یہ ہماری اپنی ہی غلطی ہے اور تعجب ہے اس یقین کا کہ
جو کچھ طلب کیا جاتا ہے وہ اس واے ویلا مچانے سے ملجائیگا۔

اب یہ دیکھنا ہے کہ مسلمان اس سے کیونکر بے داغ رہے۔ اسکا جواب میں یقین
کرتا ہوں کہ یہی کہ مسلمانوں میں جو خیالات چلے آتے ہیں وہ ان بنگالی جوش دلانے
والوں کے مقاصد اور طریقوں کے خلاف ہیں۔ مسلمانوں کو سرکشی کی سزا کا تجربہ ہے
ان کو بالانتظام ایک بڑے سردار سے یہ تعلیم ہوئی ہے کہ انگریزوں کو اپنا دوست سمجھیں
اور ترقی یافتہ ہندوؤں کے پولیسی نے مسلمانوں کو خود اپنے بچاؤ کے لیئے گورنمنٹ کا
طرفدار بنا دیا ہے۔

مسلمانوں۔ سکھوں۔ مرہٹوں۔ راجپوتوں۔ اور مشرق کی اور حکمران قوموں میں جو
پولیٹیکل خیالات قدیم سے چلے آتے ہیں وہ شخصی سلطنت اور حق نمک خواری کے طرفدار
ہیں۔ مشرق میں گورنمنٹ کا بہترین طریقہ یہ سمجھا جاتا ہے کہ انصاف۔ فیاضی۔ اور دانشمندی
کے ساتھ حاکم اس گورنمنٹ پر کامل طور پر حکومت کررہا ہو۔ یہ وہ خیالات ہیں جو تاریخ کی کتابوں
۔ دیسی ریاستوں اور برٹش ہندوستان میں ہر شخص دیکھ سکتا ہے۔ مشرق کا علم ادب
اس سے بھرا پڑا ہے۔ آج کل بھی جیسا ہمیشہ ہوا ہے اچھا حاکم وہی شخص ہے جو ذمہ داری
قبول کرنے میں قوت اور مستعدی کے ساتھ مہربانی اور اخلاق کو شامل کرتا ہو۔ یہ خیال کہ رعایا خود
حکمران بنے یعنی جمہوری گورنمنٹ ہو سوائے اُن چند لوگوں کے جنہوں نے مغربی خیالات
کی تعلیم پائی ہے (اور ان میں بھی بہت کم اسکو پورے طور پر سمجھ سکے ہیں) کسی کو نہیں
معلوم۔ وہ لوگ جو صدہا سال سے اسبات کے عادی ہیں کہ سر اونچا کرکے اوپر سے حکم سنیں

وہ دفعتاً اپنی اس عادت کو نہیں چھوڑ سکتے اور یہ نہیں سمجھ سکتے کہ کیونکر وہ حکم نیچے سے پیدا ہوگا۔ جب انتخاب کا طریقہ مینو سپلٹیوں میں جاری ہوا تو ایک ہندو زمیندار نے پوچھا کہ کیا سرکار بڑھیا ہے کہ وہ ان آدمیوں کو نہیں پسند کر سکتی جنکو شہر کی کونسل میں بیٹھنا چاہیئے۔ وہ رعایا سے ان کاموں کی کیوں درخواست کرتی ہے جو اسکو خود کرنے چاہیئں"

انمیں جو جھگڑے اور مناقشے رہا کرتے تھے۔ وہ یکلخت دور کر دیے گئے۔ اسکے ذرا ہی دیر کے
بعد وہ دونوں بزرگ خود تشریف لائے اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اسوقت تمام حاضرین نے
نعرۂ الحمد بلند کیا اور شاہ سلیمان صاحب نے جب اپنی تقریر شروع کی تو اس واقعہ کا ذکر کرکے نعت کے
ساتھ یہ شعر پڑھا ؎ شکر ایزد کہ میان من و او صلح افتاد   حوریاں رقص کناں ساغر و پیمانہ زدند

چودھری نصرت علیخاں صاحب کا رزولیوشن تھا کہ ندوہ کیطرف اس عنوان پر مضامین
لکھوائے جائیں کہ علما و عامۂ مسلمین کے باہمی تعلقات کیا ہیں اور بغرض حمایت علم و مذہب ان
تعلقات کے قائم رکھنے کے لئے کیا تدبیریں اختیار کرنی چاہیئیں؟ جو مضامین اس عنوان پر لکھے
جائیں وہ ندوہ میں پیش ہوں اور سب سے اعلیٰ مضمون پر سو روپیہ انعام دیا جاوے۔ چودھری صاحب
نے اس رزولیوشن کے پیش کرنے کے لیے شمس العلما مولوی شبلی نعمانی کو اپنا قائم مقام مقرر کیا
تھا اور یہ بھی ظاہر کر دیا تھا کہ انعام کی رقم وہ خود اپنے پاس سے دینگے۔ یہ رزولیوشن باتفاق پاس ہوا
اسکے بعد شاہ سلیمان صاحب نے علما کے فرائض پر لکچر دیا۔ لکچر تحریری تھا اور نہایت قابلیت
اور آزادخیالی سے لکھا گیا تھا لیکن شاہ صاحب نے تقریر شروع کی تو وعظ کے پیرایہ میں شروع
کی اور چونکہ عام سامعین کو یہ طرز زیادہ مطبوع تھا۔ وعظ کے لیے بڑھتے گئے اور سارا لکچر وعظ ہو گیا
۔ علما کے فرائض کے جو پانچ شاخیں انہوں نے متعین کئے تھے انمیں سے ایک کے بیان کی نوبت نہیں
آئی۔ شاہ صاحب جادو بیان شخص ہیں اور انکی تقریر کی لطافت اور دلاویزی کے لحاظ سے انکو
ندوۃ العلما کے محسن الملک کا لقب دیا گیا ہے۔ گو ہمکو معلوم ہے کہ وہ اس لقب سے راضی
نہیں ہیں۔

موجود تھے اور اسوجہ سے یہ پہلے کر لیا گیا تھا کہ اسوقت کا فیصلہ کوئی قطعی فیصلہ نہ ہوگا۔ تاہم مجلس
دیر تک رہی اور چند مہتم بالشان امور پر بحث ہوئی۔ اسوقت جلسہ میں مولوی محمد فاروق صاحب چریاکوٹی مولانا
عبداللہ صاحب مدرس اول مدرسہ آرہ۔ مولوی نور محمد صاحب مدرس فیض عام کانپور۔ مولوی حفیظ اللہ صاحب
مدرس مدرسہ عالیہ رام پور۔ مولوی ابراہیم صاحب وغیرہ موجود تھے۔ صدر انجمن مولوی محمد شاہ تھے اور شمس العلما
مولوی شبلی نعمانی سکرٹری کی حیثیت سے کام کرتے تھے۔ سب سے اول یہ بحث پیش ہوئی کہ جو علوم
اسوقت درس میں ہیں ان پر اضافہ کرنے کی ضرورت ہے یا نہیں۔ اس سوال کا جواب سب نے اثبات کی صورت
میں دیا۔ پھر مختلف حضرات نے مختلف علوم اضافہ کیے جانیکے لیے پیش کیے۔ یہ امر حقیقت میں ندوہ کی
ایک بڑی کامیابی سمجھنی چاہیے کہ تمام علما نے جو اسوقت موجود تھے تسلیم کیا کہ نصاب سے درمیں فن تاریخ
اور جغرافیہ ضرور اضافہ ہونی چاہیئیں۔ بعض علما کو تردد تھا کہ جغرافیہ کی کتابیں اور نقشے انگریزی یا اردو
میں ہیں۔ اور وہ ان دونوں باتوں کو نصاب میں داخل ہونے کے روادار نہ تھے۔ لیکن جب انکو یقین دلا
دیا گیا کہ مصر و شام میں جغرافیہ کے تمام متعلقات عربی زبان میں موجود ہیں۔ تو انکی تسلی ہوگئی۔
تاریخ اور جغرافیہ کے بعد علوم جدیدہ کا مسئلہ چھڑا۔ اسوقت مخالفت کی صدا بلند ہوئی۔ لیکن
ندوہ کی بڑی خوش قسمتی تھی کہ کثرت رائے علوم جدیدہ کے موافق رہی۔ اکثروں نے تسلیم کیا کہ طبعیات
جدیدہ و علم طبقات الارض وغیرہ نصاب تعلیم میں داخل کرنا چاہیے۔ یہ جلسہ قریباً تین گھنٹہ تک رہا۔
شام کے اجلاس میں بارہ دری میں تو علمی مباحث پیش تھے لیکن عامہ خلائق کی خاطر سے صحن میں
وعظ کی مجلس گرم تھی۔ مولوی امانت اللہ صاحب مولوی عبدالمجید صاحب فرنگی محلی۔ مولوی حکیم الدین
صاحب وغیرہ نے یکے بعد دیگرے وعظ کہا اور سامعین پر وجد و محویت کی حالت طاری کر دی۔
۱۴- اپریل کا اجلاس عجیب مبارک فالی سے شروع ہوا۔ کارروائی شروع ہونے سے پہلے
مولوی عبداللہ صاحب انصاری مژدہ لائے کہ مولوی ابراہیم صاحب گروہ غیر مقلدین و مولوی

مولوی ابراہیم و مولوی امانت اللہ دونوں بڑے جتھے کے امام ہیں۔ اور ایک عالم مجمع
میں انکی تقریر کو بیدریغ روک دینا بظاہر ان کی تحقیر تھی۔ لیکن دونوں نے جس حلم اور فراخ
حوصلگی سے صدر انجمن کے حکم کی تعمیل کی اس سے وہ مبارک زمانہ یاد آگیا جبکہ حضرت
عمر نے خالد کی معزولی کا حکم بھیجا اور وہ سر تسلیم خم کر کے عہدے سے الگ ہوگئے۔ نہایت خوشی
کی بات یہ ہے کہ دونوں بزرگوں کو کسیطرح کا ملال نہیں ہوا اور برابر جلسوں میں شریک ہوتے رہے
اسکے بعد مولوی یونس خانصاحب رئیس تاؤلی نے عربی نظم پڑھی جسمیں ندوہ کے مقاصد اور
انکی عظمت عمدہ طرح سے ظاہر کی تھی۔

ان کے بعد مولوی فضل عرشی شاعر سرکار نظام جو حیدرآباد سے ڈیلیگیٹ ہوکر
آئے تھے اپنی فارسی مثنوی پڑھی۔ جو ندوہ کے مقاصد کے متعلق لکھی تھی۔ مثنوی بہت اچھی
تھی اور چونکہ وہ اپنا کلام عموماً ایرانی لہجہ میں پڑھتے ہیں۔ لوگوں پر اسکا بہت اثر ہوا۔
دوپہر کے بعد حسب معمول علما کی مجلس شوریٰ منعقد ہوئی۔ چند رزلیوشن پیش کیے گئے۔ مگر
سب کے اتفاق سے یہ رائے قرار پائی کہ ندوہ کو باتوں کے بجائے کام کرنا چاہیے۔ پارسال جو رزلیوشن
منظور ہوچکے ہیں وہ جبتک عمل میں نہ آجائیں نئی تجویزوں کے پیش کرنے سے کیا فائدہ ہے۔
۴ بجے بارہ دری میں اجلاس شروع ہوا۔ مولوی منصور علی صاحب حیدرآباد سے۔ ملا عبد القیوم
کمشنر انعام کیطرف سے وکالۃً آئے تھے۔ انہوں نے ملا صاحب کا طولانی مضمون پڑھکر سنایا۔ اسکے
بعد نصاب تعلیم کے متعلق گفتگو شروع ہوئی۔ مولوی عبد الصمد نے یہ رائے دی کہ تین کورس مقرر کیے
جائیں ادنی اوسط اعلی۔ اعلی ان لوگوں کے لیے جنکو انگریزی پڑھنا بھی منظور ہے۔ اسپر
کچھ دیر تک بحث رہی اور بالآخر یہ قرار پایا کہ یہ بحث علما کے خاص جلسہ میں پیش ہو۔ چنانچہ اسی رات
کو ایک مختصر سی مجلس نصاب تعلیم پر غور کرنیکے لیے منعقد ہوئی۔ اگرچہ اسوقت اتفاق سے علماء فرنگی محل

شوق کا یہ حال تھا کہ گویا کچھ کا ابھی آغاز ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک حنفی غیر مقلد کو برا سمجھتا ہے (مولوی صاحب ممدوح خود غیر مقلد ہیں) تو اسکا برا سمجھنا ہی اسبات کا سبب ہے کہ ہم اسکو اچھا سمجھیں کیونکہ وہ غیر مقلدوں کو صرف اس غلط خیال سے برا سمجھتا ہے کہ وہ جناب رسول اللہ کی پوری تعظیم نہیں کرتے۔ ایمہ مجتہدین کو اچھا نہیں سمجھتے۔ صوفیہ کبار کا ادب نہیں کرتے۔ یہ خود اسبات کی شہادت ہے کہ وہ (مقلد) جناب رسول اللہ کی پوری تعظیم کرتا ہے۔ ایمہ مجتہدین کو اچھا جانتا ہے۔ صوفیہ کبار کا ادب کرتا ہے۔ پس کیا ایسا شخص محبت اور دوستی کا مستحق نہیں؟"

افسوس ہے کہ انکی پرزور تقریر کو نظر لگ گئی۔ عین اثنا تقریر میں جبکہ وہ کہہ رہے تھے کہ سنیوں کا۔ شیعوں کا۔ سنیوں کا۔ غیر مقلدوں کا۔ عقیدہ ایک۔ خدا ایک۔ رسول ایک پھر اختلاف و نزاع کے کیا معنی"۔ ایک شیعہ صاحب نے ٹوکا کہ اصول عقاید میں ہم اور سنی متفق نہیں۔ آپ یہ الفاظ کو واپس لیں۔ لطف یہ کہ ٹوکنے والے صاحب کوئی پرانی خیال کے عالم نہ تھے بلکہ نئے تعلیم یافتہ اور گریجوٹ یعنی بی۔ اے تھے۔ شعر

من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم کہ بامن ہرچہ کرد آں آشنا کرد

اس سے زیادہ بے لطفی یہ ہوئی کہ چونکہ مولوی صاحب کی تقریر میں بار بار مقلد اور غیر مقلد کا نام آتا تھا۔ بعض حضرات مکدر ہوئے اور جلسے سے اٹھکر چلے گئے۔ صدر انجمن صاحب نے یہ حالت دیکھکر مولوی صاحب کو اشارہ کیا اور وہ فوراً تقریر کا سلسلہ ناتمام چھوڑکر بیٹھ گئے۔ انکے بعد مولوی امانت اللہ صاحب کھڑے ہوئے اور مولوی ابراہیم صاحب کے نسبت اپنی سابق سوءظن اور اسکے جلتے رہنے کی نسبت گفتگو کرنی چاہی۔ لیکن بدقسمتی سے انکی تقریر کے آغاز میں عبدالوہاب نجدی کا نام آیا۔ اسوقت صدر انجمن نے اشارہ کیا اور مولوی صاحب موصوف بغیر کسی عذر کے فوراً اپنی جگہ پہ بیٹھ گئے

۱۳- اپریل حسب معمول صبح کے وقت جلسہ شروع ہوا- اول حافظ سید احمد مدنی نے قرآن مجید کی چند آیتیں تلاوت کیں- پھر مولوی محمد علی صاحب ناظم ندوۃ العلما نے یہ رزلیوشن پیش کیا کہ چونکہ اکثر اہل حاجت او مقدمات والوں کو معاملات شرعیہ میں علما سے فتوی لینے کی ضرورت پڑتی ہے- اسواسطے ندوہ کی طرف سے ایک محکمۂ افتا قایم کیا جائے- جہاں سے تمام ضروری استفتاؤں کے جواب بھیجے جایا کریں- یہ تجویز اگرچہ نہایت ضروری او مفید تھی اور مولوی عبد الحق صاحب و شاہ سلیمان صاحب نے اسکی ضرورت کو اچھی طرح ثابت بھی کیا- تاہم مولوی ابراہیم صاحب و مولوی یونس خاں صاحب نے اس خیال سے مخالفت کی کہ مقلدین اور غیر مقلدین کیلیے الگ الگ مفتی درکار ہوں گے اور وہی نزاع کی صورت پیدا ہو گی- چونکہ اس قسم کی بحث کا زیادہ طول ہونا مصلحت نہ تھا- یہ قرار پایا کہ یہ مسئلہ علما کی خاص مجلس شوریٰ میں پیش ہو کر طے پائے-

اسکے بعد مولوی عبد الحق صاحب نے اسباب ترقی اسلام پر تقریر کی- تقریر لکھی ہوئی تھی- اور زیادہ تر اس قسم کے مضامین تھے جسکی بنا پر حاضرین میں سے ایک صاحب نے کہا کہ حالی کی مسدس کو نثر میں لانا کیا ضرور تھا- طرز ادا میں بھی کوئی جدت نہ تھی- تاہم مولوی صاحب نے ایک گھنٹہ تک لوگوں کو مصروف رکھا- انکے بعد مولوی حبیب الرحمن خاں شروانی نے مقاصد ندوہ پر ایک مضمون پڑھا- یہ مضمون نہایت قابلیت سے لکھا گیا تھا- اور لوگوں نے اسکو اسی توجہ سے سنا جسکا وہ مستحق تھا- اسکے بعد مولوی ابراہیم صاحب نے اتفاق او اتحاد پر لکچر دیا- انکا لکچر اس لحاظ سے کہ عالمانہ او مذہبی معلومات پر مشتمل تھا خطبہ تھا اور اس لحاظ سے کہ طرز ادا میں وہ زور اور اثر- او خیالات میں وہ آزادی اور دلپذیری تھی جو آج کل یورپ کا خاصہ سمجھا جاتا ہے- لکچر تھا- ایک گھنٹہ کامل تقریر کرنے پر بھی سامعین کی

کہاں تک کامیابی حاصل ہوئی۔" اس کے بعد مولوی افہام اللہ صاحب فرنگی محلی نے اپنا مضمون پڑھا۔ مولوی صاحب مولانا ولی اللہ کے پوتے ہیں جنکا حاشیہ صدرا علما کے دائرہ میں نہایت عظمت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ مولوی صاحب خانہ نشین ہیں۔ اور اپنے گھر پر بلا کسی معاوضہ کے درس دیتے ہیں۔ اور اہل دنیا سے انکو ملنیکا بہت کم اتفاق ہوتا ہے۔ تاہم تعجب اور سخت تعجب یہ ہے کہ ان کی تحریر نہایت روشن خیالات سے مملو تھی۔ انہوں نے مسلمانوں کی موجودہ نکبت کا صاف صاف اعتراف کیا۔ نصاب موجودہ کی ترمیم کی ضرورت علانیہ تسلیم کی۔ علم کلام کی نسبت کہا کہ جب اسلام کو نئے فلسفہ سے سابقہ پڑا ہے تو اس کے رد کے لیے علم کلام بھی نیا مرتب ہوتا گیا ہے انکا مضمون اگرچہ تحریری تھا لیکن پڑھتے اس خوبی سے تھے کہ زبانی لکچر کا لطف آتا تھا۔ ان کے بعد شمس العلما مولوی شبلی نعمانی کھڑے ہوے اور قریباً سوا گھنٹہ تک لکچر دیا۔ یہ پورا لکچر ہمارے میگزین کے آیندہ پرچہ میں شایع ہوگا۔ یہاں اسقدر کہنا ضرور ہے کہ علما نے لکچر کو بغور سنا اور کسی کسی کے دل پر اسکا گہرا اثر ہوا۔ چونکہ جمعہ کا دن تہا اور دس بج چکے تھے۔ اسیلئے جلسہ نماز کی طیاری کے لیے برخاست کیا گیا۔ دو بجے جمعہ کی نماز ہوئی۔ مولوی امانت اللہ صاحب نے نماز پڑہائی اور نماز کے بعد مختصر سا وعظ کہا۔ قریباً تین بجے علما کا خاص اجلاس ہوا۔ اور دوسرے دن کی کارروائی کا پروگرام طیار ہوا۔ پانچ بجے عام جلسہ ہوا۔ حد سے زیادہ مجمع تہا۔ شاہ سلیمان صاحب نے ایک گھنٹہ تک ندوۃ العلما کے مقاصد و اغراض پر گفتگو کی۔ نماز مغرب کے بعد عام جلسہ نماز کے شامیانہ میں ہوا۔ مولوی عبداللہ صاحب انصاری۔ مولوی یعقوب علی صاحب۔ مولوی امانت اللہ صاحب نے وعظ فرمایا۔ ۹ بجے نماز عشا پڑھکر جلسہ ختم ہوا۔

بجے تک خاص علما کی مجلس شوری ہوتی تہی - اسمیں بجز علما کے اور کوئی شریک نہیں
ہوسکتا تہا۔ اسی جلسہ میں دوسرے دن کی کارروائیوں کا پروگرام ہی تیار ہوتا تہا۔
۵ بجے سے مغرب اور مغرب کے بعد سے عشا تک عام جلسے جس میں عام اجازت تہی اور
ٹکٹ وغیرہ حاصل کرنے کی کچہ ضرورت نہیں ہوتی تہی۔ یہ جلسہ صرف وعظ کے لیئے
مخصوص تہا۔

پہلا اجلاس ۱۲- اپریل صبح کے ساڑہے بارہ بجے دن شروع ہوا۔ اور اگرچہ
اسوقت ٹکٹ کی قید تہی اور اسوجہ سے بہت سے شائقین شریک نہ ہوسکے۔ تاہم
سترہ سو کرسیوں میں سے جو مقام اجلاس میں بچہی تہیں ایک ہزار کرسیاں معمور
ہوگئیں۔ سید نبی اللہ صاحب بیرسٹر اور حامد علیخان صاحب بیرسٹر۔ راجہ تصدق رسول خانصاحب
چودہری محمد عظیم صاحب۔ راجہ شعبان علی خاں صاحب۔ چودہری نصرت علی خاں
صاحب اور بہت سے معزز حضرات جلسہ میں شریک تہے۔ صدر انجمنی کے لیئے تجویز یہ تہی
کہ مولوی محمد نعیم صاحب فرنگی محلی جو حضرت بحر العلوم کے سلسلہ کے یادگار ہیں انتخاب
کیئے جائیں۔ چنانچہ چند علما جلسہ سے ایک روز پہلے ان کی خدمت میں حاضر ہوئے
لیکن انہوں نے اپنی عزلت گزینی کا عذر کیا۔ مجبوراً مولوی محمد شاہ صاحب محدث رامپوری
جو بلحاظ معمر اور مقدس ہونے کے سب پر ترجیح رکہتے تہے صدر انجمن منتخب ہوئے
مولوی محمد علی صاحب ناظم ندوۃ العلما چونکہ کمزور اور پست آواز ہیں۔ اسیلئے صدر انجمن
صاحب سے اجازت طلب کی گئی کہ شمس العلما مولوی شبلی نعمانی ندوہ کے پچہلے اجلاس
کی رپورٹ سکرٹری کی طرف سے پڑہیں۔ صدر انجمن صاحب کی اجازت سے مولوی
شبلی صاحب نے رپورٹ پڑہی۔ جسمیں مختصر طور پر بتایا گیا تہا کہ ندوہ کو اپنے مقاصد

عمارت ہے جسکا نام دارالتفریح ہے۔ یہاں مہمان کبھی کبھی تفریح کے لیے آبیٹھتے ہیں۔ میز پر اخبارات چنے ہیں۔ گرد الماریوں میں عربی کی نایاب کتابیں دہیں۔ لوگ اخبارات پڑھے جاتے ہیں اور باتیں کیے جاتے ہیں۔

غرض مہمان نے ان دو منزلہ مکانات کا کوئی کمرہ پسند کیا۔ اور اسمیں مقیم ہوا یہاں ہر قسم کے آرام کا سامان مہیا ہے۔ شطرنجی کا فرش بچھا ہے۔ نواڑ کے پلنگ ہیں۔ .. قتہ بنایت تکلف کا کھانا۔ اور فرمائش پر چائے اور شربت وغیرہ بھی تیار ہے۔

کل مہمان جو باہر سے آئے تھے انکی تعداد تخمیناً آٹھ سو کیا جاتا ہے جنمیں سو سے زیادہ علما اور مدرسین تھے۔ انمیں سے بعض کے نام حسب ذیل ہیں۔ مولوی محمد فاروق صاحب چریا کوٹی۔ مولوی محمد شاہ صاحب محدث امپوری مولوی حفیظ اللہ صاحب مدرس مدرسہ عالیہ رامپور۔ مولوی ابراہیم صاحب بانی... آرہ۔ مولوی عبدالحق صاحب دہلوی۔ مولوی حیدر علی صاحب مجتہد شیعہ حیدرآباد۔ شاہ التفات احمد صاحب سجادہ نشین دہلی۔ مولوی شاہ امانت اللہ صاحب غازیپوری۔

ہندوستان کے مختلف مقامات کے ڈلیگیٹ (وکیل یا سفیر) بھی کثرت سے آئے تھے۔ مولوی فضل رب عرشی شاعر سرکار نظام انجمن حمایت ندوۃ العلما حیدرآباد سے۔ حافظ غلام محی الدین انجمن حمایت الاسلام لاہور سے۔ مولوی تاج الدین محمد سکرٹری انجمن نعمانیہ لاہور سے تشریف لائے تھے۔

ندوہ کی کارروائی تین حصوں پر تقسیم کی گئی تھی۔ صبح ۶ بجے سے ۱۰ بجے تک کا وقت ندلیوشنوں اور علما کے لکچر کے لیے مخصوص تھا۔ اور اس اجلاس میں صرف وہ لوگ شریک ہوسکتے تھے جنہوں نے شرکت کا ٹکٹ حاصل کرلیا ہو۔ دو بجے سے چار

ساتھ اسٹیشن کے اُترتے مہمان کے استقبال کے لیئے تیار ہے کا لفظ لکھا ہوا ہے۔
مہمان کا تمام اسباب اتروایا۔ اور قلیوں کے سر پر رکھا۔ مہمان اسٹیشن سے باہر نکلا تو
سامنے چند خیمے نظر آئے جن کے بیچوں بیچ بانس کی ایک گول جھتری ہے۔ اُسپر کپڑا
منڈھا ہوا ہے اور چاروں طرف ندوۃ العلما کا لفظ جلی خط میں لکھا ہوا ہے۔ خیمہ کے
اندر کرسیاں اور میزیں ہیں۔ مہمان نے ذرا دیر یہاں دم لیا۔ پھر گاڑی آئی۔ وہ
اس میں سوار ہوا۔ اور شہر کیطرف چلا۔ استقبالیوں میں سے ایک شخص گاڑی
میں ساتھ بیٹھا ہوا ہے کہ مہمان کو تنہائی کی شکایت نہو۔ گاڑی شہر کے مختلف حصوں
کو طے کرتی ہوئی۔ ایک وسیع احاطہ کے اندر داخل ہوئی۔ احاطہ کے چاروں طرف دو منزلہ
مکانات کی سیدھی قطاریں ہیں۔ بیچ بیچ میں سبزہ کے چمن ہیں۔ کہیں کہیں پھولوں
کی کیاریاں ہیں۔ احاطہ کے عین وسط میں ایک سفید شاندار بارہ دری ہے۔ اس
مجموعۂ دلاویز بہا کا نام قیصر باغ ہے۔ جو کسی زمانہ میں واحد علی شاہ مرحوم کا عشرت
محل تھا۔ مرحوم کے زمانہ میں تو اُسکی رنگینیاں جو کچھ ہونگی وہ ہونگی۔ آج اُجڑے پر
بھی اس قابل ہے کہ ہندوستان کے مقدس پیشواؤں کے سبھا جمع ہوئے تو
یہیں ہوئے۔ ببیں کرامت بتخانۂ مرا ای شیخ ☆ کہ چوں خراب شود خانۂ خدا گردد۔
اس وسیع سبزہ زار میں ایک نہایت وسیع شامیانہ ہے زمین پر چاندنی کا فرش ہے۔
پاس ہی ایک پختہ چبوترہ ہے۔ اسپر مٹی کے بدھنے رکھے ہوئے ہیں۔ تم نے سمجھا
یہ کیا سامان ہے؟ یہی ایک چیز ہے جو دنیاوی انجمنوں کو دینی انجمن سے بدل کرتی
ہے۔ یہ سب نماز کے سامان ہیں۔ پانچوں وقت یہاں علما اور عام حاضرین جمع ہوتے
ہیں اور نہایت خضوع و خشوع سے نماز پڑھتے ہیں۔ اسی سلسلہ میں ایک اور خوبصورت

میں نواب محسن الملک نے ندوہ کی تائید کا رزلیوشن پیش کیا سید محمود صاحب سابق جج ہائیکورٹ الہ آباد نے اسکی تائید کی۔ اور بغیر کسی اختلاف کے پاس ہوا۔ اگرچہ بعض بعض کم حوصلہ لوگوں نے اسپر بدگمانی کی اور سمجھا کہ نئی روشنی والوں کی اس ہمدردی میں کچھ نہ کچھ تہ ہے۔ لیکن حقیقت میں یہ صرف ایک جھوٹی بدگمانی تھی۔ نئی روشنی والے پرانے خیال والوں کو کچھ ہی سمجھیں مگر یہ کون کہہ سکتا ہے کہ انکے دل میں اپنے سادہ دل پیشواؤں کی نسبت رحم اور محبت کا اثر ہی نہیں رہا۔ بلکہ اگر سچ پوچھو تو خود ہی نئی روشنی والے کسی زمانہ میں انہی پرانے خیال والوں کے زمرہ میں داخل تھے۔ **شعر**

واں کے نہیں پہ واں کے نکالے ہوئے تو ہیں ۔ کعبہ سے ان بتوں کو بھی نسبت ہے دور کی

بہرحال کسی کسی نے بدگمانی تو کی۔ لیکن عام اثر یہ ہوا کہ عموماً نئے تعلیم یافتہ لوگوں کا گروہ ندوہ کا ہمدرد بنگیا۔ چنانچہ اب کے جلسہ میں عمامہ و دستار کی قطار میں سرخ ٹوپیاں بھی جا بجا نظر آتی تھیں۔

ندوہ کی نسبت پہلے سے یہ معلوم ہو گیا تھا کہ اجلاس میں کثرت سے لوگ آئینگے اور اسوجہ سے اسکی میزبانی کا بار اٹھانا ایک مشکل کام تھا۔ لیکن لکھنؤ کے مشہور و معزز منشی اطہر علی وکیل نے بڑی تکلف سے یہ بار اپنے سر پر اٹھا لیا۔ اور اس حجازی مہمان نوازی کا ثبوت دیا جسکی مثال بتانے کے لیئے ہمکو سیکڑوں برس پیچھے ہٹ کر حاتم اور معن کا نام لینا پڑتا ہے۔ اب ہم تمکو دکھلاتے ہیں کہ ندوہ کا ایک مہمان لکھنؤ کے اسٹیشن میں کیونکر داخل ہوتا ہے۔ مقام جلسہ تک کسطرح پہونچتا ہے۔ اور وہاں پہونچکر کیا دیکھتا ہے۔

مہمان نے جسوقت پلیٹ فارم پر قدم رکھا وہ دیکھتا ہے کہ ایک حجازی خوان کا آدمی ہے جسکے چہرہ سے شرافت ٹپکتی ہے۔ اور جس کے سینہ پر ریشمی حرفوں میں ندوۃ العلما

کام ہوا وہ یہ تہا کہ چند علما نے جو کمیٹی اصلاح نصاب کے ممبر قرار پائے تہے۔ اپنے اپنے مجوزہ نصاب سکرٹری کے پاس بہیجے۔ کہ ندوہ کے آئندہ اجلاس میں پیش کیے جائیں

دوسرے امر کی نسبت۔ یہ مصلحت معلوم ہوا کہ رفع نزاع کا مسئلہ کسی لیکچر کی صورت میں نہ پیش کیا جائے۔ بلکہ عام طور پر نزاع و مخالفت کی برائی بیان کیجائی اور ایسے مواقع حاصل کرنے سے جنہیں علما باہم ملکر بیٹھیں۔ ساتہہ کہانا کہائیں۔ ایک مسجد میں نماز پڑہیں۔ رفع نزاع کا مسئلہ عملی صورت میں برتا جاسے۔ ندوہ کا اجلاس دو دن رہا اور ان ہی دو دن میں علما میں وہ۔ ساحت اور فیاضی دلی پیدا ہوگئی تہی جسکا پہلے گمان ہی نہیں ہوسکتا تہا۔ مقام اجلاس کے قریب جو مسجد تہی۔ اُسمیں مقلد اور غیر مقلد جب ساتہہ ملکر نماز پڑہتے تہے تو بظاہر یہ نظر آتا تہا کہ غیر مقلدوں کی مقلدوں کی مسجد میں نماز پڑہنے کی بحث جس نے اکثر مقامات میں سرکاری عدالتوں کا وقت ضایع کیا تہا آج نہایت آسانی سے طے ہوگئی۔

یہ تو پہلے اجلاس کی مختصر سی داستان تہی۔ لیکن اس سال کا جلسہ جس شوکت و شان۔ عظمت و رعب، اثر و کامیابی کے ساتہہ ہوا۔ اس کے لیئے ناظرین کو ہمسے اختصار پسندی کی امید نہ رکہنا چاہیے۔ ہم اسکو مفصل لکہیں گے اور زیادہ مفصل لکہیں گے شعر۔ لذیذ بود حکایت دراز ترگویم چنانکہ حرف عصا گفت موسیٰ اندر طور

اس سال کے جلسہ کی کامیابی کا پہلا دیباچہ یہ تہا کہ۔ اجلاس کا زمانہ جب قریب آیا اور ندوہ کیطرف سے اس کے اعلانات شایع ہوئے۔ تو ملکی اخباروں نے تمام ملک میں اسکا غلغلہ پہیلا دیا۔ اور ہر طرف سے لبیک و مرحبا کی صدائیں آئیں جس سے ثابت ہوا کہ ندوہ کے لیئے تمام ملک پہلے ہی سے خیر مقدم کہنے کو طیار ہے۔ ایجوکیشنل کانفرنس

اس لئے کر دیئے تہی کہ انکار کرنے میں۔ انکار کی وجہ بتانا اور جواب و سوال کرنا پڑتا۔
اور اسقدر زحمت اُٹہانی انکو گوارا نہ تہی۔

اپریل سنہ ۱۸۹۴ء میں حافظ الہی بخش مہتمم مدرسہ فیض عام کانپور نے دستار بندی کا جو جلسہ کیا اسمیں ندوۃ العلما کا جلسہ بہی شامل کر دیا اور اسی مضمون کے اشتہارات بہیجے۔ جلسہ بڑی دہوم دہام سے ہوا۔ اور ایک مختصر سا دستور العمل اور چار رزلیوشن پاس ہوئے۔ دستور العمل بننے کے وقت یہ ظاہر ہوتا تہا کہ علما گو زمانہ کے رنگ میں آ ملینگے لیکن علانیہ اعتراف سے انکو عار ہوگا۔ چنانچہ انہوں نے ممبر کا نام رکن رزلیوشن کا نام تجویز سکریٹری کا نام ناظم رکہا۔ اسپر ایک ظریف نے دبی آواز سے کہا۔ ع۔ منکر می بودن و ہمرنگ مستاں زیستن

جلسہ میں اگرچہ بہت سے علما شریک تہے لیکن اکثر ایسے تہے جو جلسہ کے بعد پوچہتے تہے کہ کیا جلسہ تہا، کیوں تہا، کس غرض سے تہا، تاہم چند علما پر ندوہ کا جادو پوری طرح سے اثر کر گیا تہا اور وہ جلسہ سے اُٹہے تو اُس کے نشہ میں سرشار اُٹہے انہیں میں مولوی محمد علی صاحب تہے جو ندوہ کے سکرٹری یعنی ناظم قرار پائے۔ مولوی سلیمان شاہ صاحب کا نام بہی اسی فہرست میں درج کرنے کے قابل ہے۔

ندوہ نے اپنے لئے جو اہم مقاصد قرار دیئے وہ اصلاح نصاب تعلیم اور رفع نزاع علما تہی۔ اور کچہ شبہہ نہیں کہ علما بلکہ کل قوم کی ترقی کا مدار انہیں دو باتوں پر ہے۔ اصلاح نصاب سے یہ مراد ہے کہ آج سے دو سو برس پہلے اُسوقت کی ضرورتوں کے لحاظ سے جو نصاب مقرر ہوا تہا وہ آج کل کی ضرورتوں کا ساتہہ نہیں دیسکتا۔ اسلئے اُسمیں ترمیم و تغیر ضروری ہے۔ اس صیغہ کے متعلق سال بہر میں جو

اہل حرفت، نوکری پیشہ۔ سب زمانہ کے رنگ میں رنگے جا چکے تھے۔ صرف ایک علما
کا گروہ تہا جو زمانہ کی حکومت کا منکر تہا۔ زمانہ اُنکا دامن پکڑ کر کھینچتا تہا مگر وہ اپنے
گوشۂ عزلت سے قدم باہر نہیں نکالتے تھے۔ زمانہ انکو عالم کی عجیب و غریب نیرنگیوں کا
تماشا دکھلانا چاہتا تہا۔ لیکن وہ آنکھ اُٹھا کر نہیں دیکھتے تھے۔ یہ کشمکش دیر تک رہی
اور آخرکار علما کو شکست ہوئی۔ زمانہ کے پیرؤں نے نعرۂ فتح بلند کیا اور لطف یہ کہ
خود ہم بہی (جو عُلما کے زیر عَلَم ہونے کا دم بہرتے ہیں) نعرۂ فتح میں شریک ہوئے کیونکہ
اس معرکہ میں علما کی شکست ہی میدان ترقی کی فتح ہے۔ یہی شکست تہی جسکی بدولت
ندوۃ العلما کا حصن حصین طیار ہوا۔ اور جسکے بعد پہر کسی شکست کا اندیشہ نہیں ہے۔

ندوۃ العلما کا پہلا اجلاس اپریل ۱۸۹۴ء میں بمقام کانپور منعقد ہوا۔ اسکی
روداد مفصل دو حصوں میں چھپ چکی ہے اور دفتر ندوۃ العلما مقام کانپور سے ملسکتی
ہے۔ مختصر یہ ہے کہ تین چار برس ہوئے ایک بزرگ قوم کو (جو اپنا نام ظاہر کرنا نہیں
چاہتے) خیال آیا۔ انہوں نے خاص اپنے صرف سے ایک عالم کو ہندوستان کے
تمام عربی مدرسوں کے معائنہ کے لیے بہیجا۔ اور اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ حرمین شریفین
کی بہی سیر کرائے۔ عالم موصوف نے تمام مدرسوں کو دیکھکر ایک رپورٹ مرتب کی۔
اسکے ساتھ یہ بہی کیا کہ جہاں جہاں گئے ندوۃ العلما قائم کرنے کی ضرورت پر تمام علما
سے دستخط کرائے۔ ۱۸۹۳ء میں کانپور کے مدرسہ فیض عام کا جو جلسہ (دستار
بندی) ہوا اسمیں دور دور سے علما و فضلا تشریف لائے۔ عالم موصوف نے
ندوۃ العلما کی ضرورت کا محضر وہاں پیش کیا اور سب سے دستخط کرائے۔ لیکن اسوقت
تک علما کو ندوۃ العلما کی حقیقت اور ضرورت کی بہت کم خبر تہی۔ دستخط انہوں نے

اور تین سے نے وعدہ کیا ہے۔ ۲۴ لڑکوں میں سے ۴ لڑکے تلاش معاش میں ہیں اور ایک ناقابل تعلیم ہے۔ اور ایک بسبب افلاس کے انگریزی نہیں پڑھتا۔ اور ۴ لڑکے ۱۹ یا ۲۰ برس کے ہیں انسے انگریزی تعلیم کی بہت کم امید ہوسکتی ہے۔ ۵ لڑکے اسوقت انگریزی پڑھتے ہیں۔ اب اگر ۴ بھی سے۔ امنہا کر دئیے جائیں تو ۲۰ باقی رہتے ہیں یعنی ہمکو اسی وقت تک اس شہر میں قریب ۴۴ فیصدی کے کامیابی ہوئے۔

مجکو افسوس ہے کہ میں اس مرتبہ ۴ یا ۵ دن مردم شماری کا کام کرسکا یعنے ۳۰ مارچ لغایت ۴۔ اپریل سنہ ۱۹۰۱ء) اس باعث سے کل ایک چہارم شہر کی مردم شماری ہوسکی۔ انشاءاللہ تعطیل کلاں یعنی آیندہ اگست و ستمبر میں میں مکمل رپورٹ اس شہر کی ناظرین کے پیش نظر کرونگا۔

عبید الباسط۔ بی۔ اے۔

ندوۃ العلما

یہ ایک نیا لفظ ہے جسکی ایجاد کی تاریخ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء ہے لیکن صرف یہ لفظ ہی نیا نہیں ہے۔ بلکہ اسکا مفہوم، اسکی حقیقت، اسکا مصداق، سب نیا ہے۔ آج کل تو کیا ذکر ہے۔ دولت عباسیہ کے عہد میں بھی جبکہ علوم و فنون کا شباب تہا اور تمام اسلامی ممالک میں۔ طالبان فن کا تانتا بندھا رہتا تہا۔ یہ بات نصیب نہوئی کہ سال میں ایک دفعہ تمام علما و فضلا یکجا جمع ہوتے اور علمی ترقیوں کی تدبیریں سوچتے۔ یہ بہی خدا کی قدرت ہے کہ بغداد کے فضائل کی فہرست میں جو خانہ خالی رہ گیا تہا وہ کانپور کے حصہ میں آیا۔ آسماں بار امانت نتوانست کشید قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند

ہندوستان میں انگریزی حکومت اور مغربی تعلیم کے اثر نے ملک کے کسی طبقہ کو اچھوتا نہیں چھوڑا تہا۔ ہندو، مسلمان، پارسی، کاشتکار، زمیندار،

پڑہانا چاہیئے۔ اولاً ۱۴ یا ۱۵ برس کی عمر تک اُن کو فارسی کی تکمیل کرائی جاتی ہے بعدہ انگریزی شروع ہوتی ہے اور یہ کوشش ہوتی ہے کہ کسی طرح مڈل پاس ہو جائیں تو انگریزی ملازمت کے قابل ہوں۔ اور بعض اُردو مڈل کو کافی سمجھتے ہیں اور انگریزی مطلق نہیں پڑہاتے۔ اور بعض سبب غفلت کے اپنے لڑکوں کو انگریزی زیادہ عمر میں پڑہاتے ہیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ لڑکے بسبب آوارگی طبیعت کے پڑہنا چھوڑ دیتے ہیں۔

میں اس شہر کے شریف خاندان کے خوشحال مسلمانوں کو جو اپنی اولاد کو انگریزی تعلیم نہیں دیتے تین قسموں پر منقسم کرتا ہوں۔

(۱) وہ جو صاحب جائیداد ہیں اور سرکاری ملازمت کے خواہاں نہیں۔ بدیں وجہ انگریزی پڑہانیکی ضرورت نہیں سمجھتے۔

(۲) وہ جو خوش حال ہیں اور سرکاری ملازمت کر رہے ہیں یا وہ صاحب جائداد جنکو کچھہ پسند زمانہ کی روش کا خیال ہے وہ اپنی اولاد کو انگریزی پڑہانا چاہتے ہیں۔

(۳) وہ اشخاص جنہوں نے بسبب غفلت و عدم توجہی یا بسبب ناقابلیت اولاد کے اپنی اولاد کو انگریزی نہیں پڑہائی۔

اکتوبر ۱۹۰۳ء میں مینے اور محمود حسن خاں۔ بی۔ اے۔ نے اس شہر کی مردم شماری کی تھی قسم اول سے بہت بحث پیش آئی۔ زمانہ کی ضرورتوں کو سمجھایا مگران صحاب پر کچھہ اثر نہیں ہوا لیکن میں خوش ہوں کہ ان حضرات کی تعداد ایک چہارم سے کچھہ زیادہ ہے اسواسطے ہمارے مقصد کی راہ بند نہیں ہو سکتی۔ دوم قسم کے لوگوں پر ہمارے سمجھانے کا بہت کچھہ اثر ہوا اور امید ہے کہ بہت کچھہ اثر ہو گا۔ ان کی تعداد نصف سے زیادہ ہے۔ نقشہ سے معلوم ہو گا۔ کہ ۱۳ والدین کے ناموں میں سے۔ ۱ سنے اپنے لڑکوں کو دوبارہ میرے جانے سے پہلے انگریزی پڑہانا شروع کردی ہے

(۲) مولوی ابو سعید محمد حسین صاحب ایڈیٹر رسالہ اشاعۃ السنۃ بٹالہ ضلع گورداسپور — پنجاب

(۳) خان بہادر مولوی سید علی احمد خاں صاحب سیکرٹری انجمن اسلامیہ — جبل پور

(۴) شیخ غلام مصطفےٰ صاحب رئیس مئوائمہ ضلع — الہ آباد

(۵) سید اشفاق حسین صاحب پریزیڈنٹ انجمن اسلامیہ روہیلکھنڈ — بریلی

(۶) خان بہادر نواب محمد سلامت اللہ خاں صاحب پول گبات ضلع ملدانہ — برار

رپورٹ تعلیمی مردم شماری قصبہ مئوائمہ ضلع الہ آباد

مولوی عبد الرؤف صاحب نے قصبہ مئوائمہ ضلع الہ آباد کی ایک رپورٹ روانہ فرمائی ہے جس میں ۵۳ ایسے اشخاص کے نام درج ہیں جو اپنے بیٹوں کو باوجود استطاعت کے تعلیم نہیں دلاتے جو لڑکے اس طرح تعلیم سے محروم ہیں اُن کی تعداد ۶۲ ہے اشخاص مندرجہ فہرست کی آمدنی پندرہ روپیہ ماہوار سے لیکر سات ہزار روپیہ ماہوار تک ہے۔ اور کل مجموعی آمدنی تخمیناً ۱۰۵۹۱ روپیہ ماہوار ہے۔

رپورٹ تعلیمی مردم شماری شہر شاہجہانپور

اکثر مسلمان شریف خاندان اس شہر کے متمول و خوشحال ہیں۔ یہ زمیندار سوداگر وغیرہ کے تاجر ہیں۔ وضع و روش پرانے طرز و طریق پر ہے۔ نئی روشنی نے اپنا اثر بہت کم دکھایا۔ اس باعث سے تعلیم انگریزی پر کم توجہ ہے۔ مذہباً اتنا برا نہیں سمجھتے ولیکن یہ خیال دلنشین ہے کہ علم دین کی تعلیم اولے ہے۔ انگریزی سرکاری ملازمت کے واسطے پڑھی جاتی ہے اور ہمکو سرکاری ملازمت کی ضرورت نہیں عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ جنہوں نے سرکاری ملازمت کی ہے وہ اکثر اپنے لڑکوں کو انگریزی پڑھاتے ہیں۔ لیکن ان میں بھی بعض ایسے صاحب ہیں کہ وہ یہ نہیں جانتے کہ کس عمر میں اپنے لڑکوں کو

اب کے سال حافظ محمد ہدایت حسین صاحب نے جو ممالک متوسط سے اکراسی برس ہمراڈ اٹر کی جماعت میں شریک ہوئے ہیں۔ کالج کی مسجد میں تراویح پڑھائی۔ آپ کلام اللہ بہت خوبی اور صفائی سے پڑھتے ہیں۔ جمعۃ الوداع کی نماز بھی کالج میں بہت رونق سے ہوئی۔ نمازیوں کی اسقدر کثرت تھی۔ کہ مسجد میں تل رکھنے کو جگہہ باقی نہ تھی۔ اسی شام ختم قرآن کا جلسہ بہت دھوم دھام سے مسجد میں ہوا۔ کالج کے پروفیسر اور دیگر معززین بھی مدعو کیئے گئے تھے۔ مدرسے کے طلباء وغیرہ کے علاوہ حسب معمول شہر سے بھی بہت لوگ آئے تھے۔ سب کو شیرینی تقسیم کی گئی۔ اُس شب کو مسجد کے صحن میں چاروں طرف اور حوض کے گرداگرد چراغوں کی روشنی کی گئی تھی۔ جو رات کی اندھیری میں بہت بھلی معلوم ہوتی تھی۔

شروع ماہ میں جناب مولانا ابو محمد ابراہیم صاحب ظلہٗ مدرسے میں تشریف لائے تھے۔ اور اسٹریچی ہال میں ایک نہایت بلیغ اور مستانہ وعظ فرمایا تھا۔ خصوصاً طالب علموں نے آپ کی خوبی کلام اور طرز بیان کو بہت پسند کیا۔

عید کے قریب اگرچہ بہت سے طالب علم جنکے وطن علی گڈھ سے قریب ہیں۔ اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے تھے۔ تاہم نمازیوں کا خاصا بڑا مجمع تھا۔ اور مسجد میں خوب رونق تھی۔

خوشی کی بات ہے کہ مسجد کی رکی ہوئی تعمیر اب شروع ہو گئی ہے اور جسقدر حصہ اب تیار ہو گیا ہے۔ وہ کل عمارت کی عظمت اور شان کی گواہی دیتا ہے فقط

محمڈن اینگلو اورینٹل ڈیفنس ایسوسی ایشن آف اپر انڈیا

مندرجۂ ذیل اصحاب ماہ گذشتہ میں ایسوسی ایشن مذکور کے ممبر ہوئے۔

(۱) محمد مرتضیٰ علیخاں صاحب شرر۔ رئیس کاکوری ضلع اودہ۔

۱۴- اپریل ۱۹۰۵ء سید علی احمد صاحب بی۔ اے تلہر سے وصول ہوئے ۵/

۱۵- اپریل ۱۹۰۵ء منشی ارشاد الدین صاحب نے جمع کر کے مسجد فنڈ کے لیئے روانہ کیئے ۲/

یہ آخری رقم ۲۰ صاحبان سے جمع کی گئی ہے جن میں سے ہر ایک نے ۱ روپیہ سے ۲ روپیہ تک رقوم ادا کی ہیں۔

ذاتی خبریں

ہم خوشی سے اس خبر کو شایع کرتے ہیں کہ ہمارے کالج کے گریجویٹ فضل حق صاحب ریاست چھتر پور میں بشاہرہ ۵۰ روپیہ ماہوار مقرر ہو گئے ہیں۔

اور دوسرے گریجویٹ سراج احمد صاحب۔ ایم۔ اے۔ قائم مقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ممالک متوسطہ میں مقرر ہوئے ہیں۔

اور سرفراز بخش صاحب (نلسن) ہمارے کالج کے پرانے طالب علم نائب تحصیلدار اسی صوبہ میں مقرر ہوئے ہیں۔

گذشتہ دربار لیوی میں جو محل سینٹ جمیس میں منعقد ہوا تھا۔ ہمارے کالج کے ایک پرانے طالبعلم سید علی اوسط کو پرنس آف ویلز کے حضور میں پیش کیئے جانے کا شرف حاصل ہوا۔

کالج اور رمضان شریف

ماہ مبارک کی برکت سے مہینا بھر کالج میں عجیب رونق رہی۔ اکثر طالب علم روزے رکھتے تھے اور شام کو مدرسہ کی مسجد میں تراویح کی نماز میں شامل ہوتے تھے۔ احباب ایک دوسرے کو افطاری کی دعوت دیا کرتے تھے۔ یہ چھوٹی چھوٹی دعوتیں بڑی پرلطف ہوتی تھیں۔ افطاری کی لذت روزہ کشائی کی مسرت دوستوں کی ملاقات روزہ کی تکان بالکل بھلا دیتی تھی

اکی بہت زیادہ قدر ہوتی تھی۔ یہ وہ وقت تھا جب کہ ایک بہادر کو اپنے دشمن کے ساتھ جنگ کرنے میں قوت بازو اور چستی و چالاکی کی سخت ضرورت ہوتی تھی۔ اگرچہ اب وہ زمانہ نہیں رہا۔ مگر ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ اس فن کو سیکھنا بالکل فضول ہے یا ایسا ہو کہ یہ فن ہستی سے اٹھ جائے خصوصاً مسلمانوں کو جنکی کہ اباؤ اجداد کا ایک مدت مدید تک ترکہ رہا ہو۔ اور جسکی مدد سے صدہا مشکلات حل ہوتی ہوں چھوڑ دیں۔ بلکہ اس شریف فن میں ایک نئی روح پہنچائیں اور حاصل کرنے میں حتی الامکان کوشش کریں۔ ہم لوگوں کی خوش قسمتی سے ایک ایسے نیک۔ محنتی مستعد۔ کامل اور تجربہ کار استاد محمد اکبر خان صاحب مل گئے ہیں جنکی قدموں کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہمارے کالج کا ایک ایک نوجوان اس فن کا استاد ہوگا۔ ہمارے استاد اُس عالمگیر مسئلہ کو اپنی نیک نیتی سے غلط ثابت کر دینگے۔ جو کہ مدت سے ہمارے دلوں میں مضبوطی سے جاگزیں ہے۔

زیادہ تر فخر کی بات یہ ہے کہ ہمارے لائق اور بہادر پروفیسر مسٹر مومن نے اس کلاس کو اپنی نگرانی میں رکھا ہے۔ قریب دو ہفتہ سے ۴۰ طالب علم کالج کلاس کے روزمرہ سیکھتے بھی ہیں۔ سکول کلاس میں ابھی تک جاری نہیں ہوا۔ صرف اس امر کا انتظار ہے کہ آیا اُن کے والدین پسند کرتے ہیں یا نہیں۔ تقریباً ساٹھ کالج کلاس کے طالب علموں نے فیس داخلہ ہی دیدیا ہے۔ اُن کے لئے یقیناً اس ہفتہ سے تمام لوازمات مہیا کر دیئے جائیں گے۔

انجمن القرض

گذشتہ دو ماہ میں مفصلہ ذیل رقمیں امین انجمن کے پاس جمع ہوئیں!۔

۷ مارچ ۱۹۲۵ء	انتظار حسین صاحب سے بابت مسعود سکالرشپ کے	عـہ
۵ مارچ ۱۹۲۵ء	سکندر خاں صاحب سے وصول ہوئے	صـہ

اب بھی دنیاوی کوششوں میں ویسے ہی زور شور سے ہاتھ پیر مارے جاتے ہیں۔ اور جو لوگ اس وقت کامیاب ہیں وہ اُن ہی کے مثل ہیں جو گذشتہ زمانے میں کامیاب ہوئے۔ حقیقت یہ ہے کہ مضبوط اصول ہونا کامیابی کے لیئے ضروری صفت ہے اور اگر مسلمانوں میں سے یہ اوصاف زائل نہیں ہوگئے ہیں تو مجھے کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ آیندہ کے لیئے ناامیدی کیجائے۔

فینسنگ کلاس یا بنوٹ کی کلاس

ہر متنفس اس امر کا معترف ہے کہ انقلابات زمانے کو کبھی قرار نہیں۔ مگر اس کے ساتھ ہی ایک عجیب حیرت انگیز اور تعجب خیز مسئلہ ہے کہ بعض پُرانے خیالات قریب قریب تمام خواندہ اور ناخواندہ آدمیوں کے دلوں پر نقش کالحجر ہوگئے ہیں کہ وہ اُن کی تائید میں ہمیشہ صدق دل سے کمربستہ ہیں ایسے موقع پر ضرور اظہار کرونگا کہ یہ تعلیم اون حوادثات کا اثر ہے جو کہ اکثر کثرت رائے سے ہوا کرتی ہے۔ ایسے امورات مختلف قوانین پر مبنی ہوتی ہیں۔ جن کی تشریح اس مضمون میں نسیقدر غیر مناسب معلوم ہوتی ہے۔ میرا منشا اس ہرزہ گوئی سے یہ نہیں کہ اپنے ناظرین میں ایک نئی روح پھونکنے کی کوشش کروں۔ میری خواہش صرف اُسی اظہار مطلب کی ہے جو کہ مضمون کی سرخی کے متعلق ہے۔

مدت سے سنتے آئے ہیں کہ بنوٹ بھی ایک شریف فن ہے۔ مگر اُسکا حاصل کرنا قریب قریب ناممکن۔ وجوہات جو اس امر کی بابت پیش کی جاتی ہیں وہ یہ کہ اس فن کے سکھانیوالے دستیاب نہیں ہوتے۔ اگرچہ اُنکا وجود صفحۂ ہستی پر موجود ہے۔ بلکہ بعض کا تو یہ خیال ہے کہ باپ اپنے بیٹے کو بھی سکھلانے میں دریغ کرتا ہے۔ ظاہری وجہ جو کہ ہمارے خیال کو اس طرف رجوع کرتی ہے وہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ فن بہت ہی قابل قدر ہے بلکہ کسی زمانے میں

ہماری اصلاح ماننے پر راضی ہوں جو ہم لوگ اپنے حتے الامکان علیگڈھ سے اُن کو دیتے رہینگے۔
میں مناسب نہیں سمجھتا کہ مسلمان سوسائٹی ناکافی سرمایہ سے ہائی اسکول اور کالج قائم کرے۔
ہائی اسکول اور کالج جو اس طور سے قائم کیے جائینگے وہ اچھے نہوں گے اور جب تک کہ
ان تعلیم گاہوں میں آپ گورنمنٹ اسکول اور کالجوں سے اچھی یا اُس کے برابر تعلیم نہیں دینگے
مسلمان بچوں کو اُن کم درجہ کی تعلیم گاہوں میں بھیجنے سے آپ کوئی فائدہ نہیں پہنچائینگے۔ میری
صلاح مسلمانوں کے لئے یہ ہے کہ گاؤں اور قصبوں میں جسقدر ابتدائی مدارس قائم ہوسکتے
ہوں کیجئے اور جب آپکے لڑکے مڈل کلاس پاس ہوجائیں تو اُن کو کسی عمدہ اسکول میں اور اُس کے
بعد کسی عمدہ کالج میں جس میں آپ بھیجسکتے ہوں بھیجیں۔

یہ بات میں آپ لوگوں کو اچھی طرح سے ذہن نشیں کرانا چاہتا ہوں کہ آپ کا مقصد اپنے
لڑکوں کو محض معمولی انگریزی تعلیم دینا نہیں ہونا چاہیے بلکہ اُن کو اعلیٰ اور عمدہ تعلیم جو ممکن ہو
دینی چاہیئے۔ مسلمان ہندوستان کے اور قوموں سے پیچھے رہ گئے ہیں اور اپنے کھوئے ہوئے
اقتدار کو اُسیوقت پاسکتے ہیں کہ جب اوروں کی سی نہیں بلکہ اُن سے اچھی تعلیم حاصل کریں گویا
دوسرے لفظوں میں دنیا کے مشکلات حل کرنے کے لیے اچھی طرح مسلح ہوں

دنیا کے مشکلات اب بھی ویسے ہی ہیں جیسے ہمیشہ تھیں گو اُن کی شکلیں بدل گئی ہیں۔
وہ اوصاف جو انسان کو پرانے جنگ و جدال کے زمانہ میں کامیاب کرتے تھے۔ اب بھی ویسے ہی
ضروری ہیں۔ جوش و قوت فیصلہ و معاملہ فہمی اور دل کی مضبوطی وہ اوصاف ہیں جو انسان کو
دنیا کی ہر حالت میں اپنے ہچشموں میں سربلند کرتے ہیں۔ اور آپ میں سے بعض صاحب خیال
فرماتے ہوں گے کہ وہ خصائل جنہوں نے گذشتہ زمانے میں مسلمانوں کو فاتح قوم بنا دیا تھا اب
بے کار ہیں۔ اگر آپ غور سے دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ اب خوں ریزیاں نہیں ہوتیں لیکن

شریک ہوں کیونکہ مجھے یقین ہے کہ ہندوستان کے مسلمانوں کے تعلیم کی ترقی دینے کا یہ ایک
مناسب ذریعہ ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ یہ نہایت ضروری امر ہے کہ مسلمان بچے ابتدائی تعلیم
اپنے گھروں پر حاصل کریں۔ کیونکہ اول لڑکے اس طرح سے ابتدائی تعلیم کم سنی میں شروع کرسکینگے
یہ ایک فطرتی اور صحیح بات ہے کہ والدین خصوصاً مائیں بچوں سے جب نہایت کم سن ہوتے ہیں الگ
ہونا پسند نہیں کرتیں۔ اگر والدین مجبوراً بچوں کو دور کے شہروں کے مدرسوں میں بھیجتے ہیں تو
اُن کے پاس کوئی ذریعہ اس بات کے دریافت کرنیکا نہیں ہوتا کہ اُن کی نگرانی مناسب طور سے
ہوتی ہے یا نہیں۔ جب ایسا اسکول کھلجائیگا جو گویا اُن کے دروازہ ہی پر ہے تو نہایت کم سن
بچے بھی شریک ہو سکینگے اور شام کو اپنے والدین کے پاس واپس آسکینگے اور ایسی حالت میں
اُن کی صحت اور چال چلن دونوں کی نگرانی والدین بخوبی کرسکینگے۔ دوم ایسے اسکول میں
جس کے افتتاحی جلسہ میں آج ہم لوگ شریک ہیں مسلمانوں کو یقین رکھنا چاہیئے کہ اُن کی
اولاد اُسی قسم کی تعلیم پائیگی جیسی تعلیم اپنے کم سن بچوں کو دینا چاہتے ہیں۔ ایسے مدرسوں کے
ساتھ جن میں معمولی دنیاوی تعلیم سرکاری امتحانوں کے واسطے دیجاتی ہے مکتب کی تعلیم بھی
ملا دی جاسکتی ہے۔ آپ لوگوں کی یہ رائے ہوگی کہ جب تک مسلمانوں کے لڑکے قرآن شریف نہ
پڑھ لیں اور کچھ مذہبی مسائل سے واقف نہ ہولیں اُنکو ایسے مدرسوں میں انگریزی تعلیم نہیں شروع
کرانی چاہیئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہر طرح ممکن ہے کہ مذہبی تعلیم کا نصاب مڈل اسکول کے امتحان
کے نصاب کے ساتھ کردیا جائے۔ جب ایسا ہوجائیگا تو آپ لوگ دیکھینگے کہ وہ مخالفت جو ابتک
چند مقامات میں باقی ہے جاتی رہیگی۔

جس جگہ مسلمانوں کی متفق جماعت موجود ہو وہاں اس قسم کے مدرسے قائم کیئے جاسکتے
ہیں۔ خرچ بہت قلیل ہے اور انتظام میں بھی چنداں دقت نہیں بالخصوص اُسوقت کہ جب وہ

بچانے کے لئے ہر وقت اپنی جان دینے کو تیار ہیں۔ اگرچہ اکثر اخباروں میں لغو اور مہمل باتیں درج ہوتی ہیں اور بہت سے بے ایمان شور مچانے والے گورنمنٹ پر جھوٹے الزامات لگایا کرتے ہیں تاہم میں یقین رکھتا ہوں کہ جوں جوں انگریزی خیالات پھیلتے جاتے ہیں ویسے ہی گورنمنٹ کی منصفانہ کارروائی اور نیک نیتی کا اعتبار رعایا پر ہوتا جاتا ہے۔ مسلمانوں کی قوم میں جن سے کہ میرا خاص تعلق ہے یہ بات اور بھی عین الیقین ہے۔ حضرات پولٹیکل مسائل میں میرے نزدیک سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ مسلمان اور انگریز خوب ایک دوسرے سے واقف ہو جائیں اور ایک دوسرے سے ملکر مثل بھائیوں کے ایک ہی ملک کی رعیت ہو کر اتفاق پیدا کریں۔ جس پولیٹیکل کام میں میں شریک ہوں میری سب سے بڑی خواہش یہی ہوتی ہے کہ میری اور آپ کی قوم میں دوستانہ اتحاد قائم ہو۔ میں اُس آدمی کو۔ خواہ وہ کسی قوم کا ہو۔ جو ان دونوں قوموں میں نااتفاقی اور رنجش پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہو دونوکا سخت دشمن سمجھتا ہوں۔ میں امید کرتا ہوں کہ ہندو بھی اس دوستانہ اتفاق میں شریک ہوں گے۔ لیکن میرا مقصد صرف مسلمانوں سے ہے جن میں کہ میں کام کرتا ہوں۔ اور انہیں کو اسوقت خطاب کر رہا ہوں۔ میں اُسوقت کا انتظار کر رہا ہوں جبکہ کل پرانے شکوک جو انگریزوں اور مسلمانوں کو ایک دوسرے کے ساتھ تھے بالکل رفع دفع ہو جائینگے۔ اور جبکہ مسلمان تعلیم اور ترقی میں زندہ دلی اور جوش دکھا کر اور اس عظیم الشان اور حیرت انگیز سلطنت کے رکن ہو کر ایسی اعلیٰ جگہہ پا ئینگے جو دولت میں لیاقت میں اور تہذیب میں اُس سے بھی کہیں بڑھ چڑھ کے ہوگی جو زمانہ گذشتہ میں جبکہ اُنکا ستارہ اُوج پر تھا اُنکو حاصل تھی۔

مسٹر ماریسن کی سپیچ

"حضرات مجھے اس بات سے خوشی ہے کہ ٹلہر کے ابتدائی سکول کے افتتاحی جلسہ میں بھی

آپ نے پولیٹیکل معاملات کی نسبت بھی اس ایڈریس میں اشارہ کیا ہے۔ میری رائے میں پالیٹکس کی نسبت صحیح طور پر یہ اندازہ کرنا چاہیئے کہ اب اُنکی ضرورت اور معاملات کی ضرورت سے زیادہ ہے یا نہیں۔ میرے خیال میں بنگال۔ مدارس اور بمبئی کے پالیٹشن پولیٹکل مسائل کی ضرورت میں زیادہ مبالغہ کرتے ہیں۔ کسی قسم کی پولیٹکل کاروائیاں دولت اور تمدن کو نہیں بڑھا سکتیں مسلمان انکو صرف تعلیم اور اسی قسم کی اور کوششوں سے بڑھا سکتے ہیں۔ کوئی گورنمنٹ یہ باتیں عوام کو نہیں عطا کر سکتی۔ یہ تو وہی خود اپنی خوشی سے حاصل کر سکتے ہیں۔ مسلمانوں کا تعلیم کو چھوڑ کر بالکل ہی پولیٹکل کوششوں میں مستغرق ہونا اُن کے حق میں بہت ہی مضر ہے۔ لیکن پولیٹکل امور بھی بہت دلچسپ ہوتے ہیں اور اکثر افسردگی کے وقت دل کو خوش کرتے ہیں۔ اگر اُن کو غور کے ساتھ دیکھا جاوے تو وہ ہماری ہمدردی کو بڑھاتے ہیں اور خاص کر عوام الناس میں سے غریب لوگوں کی بہبودی کی طرف ہمیں متوجہ کرتے ہیں۔ ایسے ہی وقت میں جب پولیٹکل مسائل کی انتہا ضرورت ہوتی ہے۔ ہر ملک کی ترقی کے لیئے یہ امر لابد ہے کہ اُس کی گورنمنٹ اندرونی اور بیرونی دشمنوں کی نسبت زیادہ مضبوط اور طاقتور ہو۔ اور اُس کی فوجیں غنیم کے شکست دینے کے لیئے کافی ہوں۔ اور اُسکا اعتبار رعایا پر اس طرح کا ہو کہ بغاوت اور ناراضی کا کوئی خطرہ باقی نہ رہے۔ یہ باتیں ہر قوم کے امن اور ترقی کے لیئے ضروری ہیں۔ جس وقت ان کے جانے کا خطرہ ہو تو بیشک اُسوقت پولیٹکل مسائل کی اور سب باتوں سے زیادہ ضرورت ہے۔ اسوقت مجھے اس بات کے یقین سے خوشی ہے کہ ان باتوں کی نسبت کسی طرح کا خطرہ نہیں۔ سرحد کی مضبوطی بھی کر دی گئی ہے۔ فوج میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اور پہلے سے اب اور بھی عمدہ حالت ہے وزیر مال کے بجٹ سے یہ بات معلوم کر کے بہت اطمینان ہوتا ہے کہ سپاہیوں کی تنخواہ میں اضافہ کیا جائیگا۔ اور اسوجہ سے تمام رعایا کے اُس حصے کو فائدہ پہونچیگا۔ جو کہ بہادری کے ساتھ اس ملک کے

اگر آپ اجازت دیں تو میں دو ایک ضروری باتیں آپکے سامنے پیش کروں - کل روپیہ
چندہ کا جمع کرنے میں غالباً آپ کو دقت ہوگی - کیونکہ اکثر لوگ اپنا وعدہ دیر میں وفا کرتے ہیں
اس لیے میں یہ رائے دیتا ہوں کہ آپ اخراجات کا اندازہ آمدنی سے جسقدر کم ہو رکھیں - اور جو
باقی بچا کرے اسکو علیحدہ جمع کرتے جائیں - تاکہ جب کبھی لوگ چندہ دینے میں کچھ دیر لگائیں تو مدرسہ
کے کام میں کچھہ ہرج نہ واقع ہو - اور جب لوگوں سے چندہ وصول ہو جاسے تو وہ اس روپیہ میں
شامل کر دیا جاسے جو علیحدہ جمع تھا - اور جس میں سے لیکر ضرورت کے وقت خرچ کیا تھا - اور جسقدر
اس روپیہ کی مقدار بڑھتی جائیگی اُسی قدر اُسکو وقعت ہوگی اور اس کی مالی حالت محفوظ اور
محکم ہوتی جائیگی -

دوسرے میں آپ کو اس بات کا خیال دلانا چاہتا ہوں کہ تجربہ سے یہ بات ثابت ہوں
کہ کمیٹی کے ذریعہ سے مدرسہ کا انتظام کرنے میں دقتیں پیش آئینگی

کمیٹی کے اکثر ممبر ہیڈ ماسٹر کے کام میں دخل اندازی کرنا چاہیں گے - عمدہ ہیڈ ماسٹر ملنا بہت
ضروری ہے - اگر آپ کو کوئی ایسا شخص ملجاسے جو محنت سے کام کرتا ہو اور جس پر آپ کو اعتبار ہو
تو یہ بہتر ہوگا کہ اُسکو جہانتک ہوسکے پورا اختیار دیا جاسے اور ذرہ ذرہ سی بات میں دخل دیکر اُسکو
پریشان نکریں - مثلاً لڑکوں کو اپنے کلاسوں میں ترقی دینا وغیرہ وغیرہ باتوں کا اختیار بالکل اُسیکو
ہونا چاہیئے - ورنہ وہ سکول میں اچھی تعلیم دینے کا ذمہ دار نہیں ہوسکتا - کمیٹیوں کے ذریعہ سے سکولونکا
کے انتظام کرنے کا تجربہ باشندگان ہند کو ابھی تک بہت کم حاصل ہے انہیں یہ لیاقت حاصل
کرنی بہت ضرور ہے - مگر اس عملی لیاقت کے حاصل کرنے میں ممبران کمیٹی کو بردباری اور تحمل سے
کام کرنا چاہیئے - میں آپ کو مایوس کرنا نہیں چاہتا کیونکہ اس قسم کی کمیٹیوں کی کامیابی کی اکثر مثالیں
موجود ہیں - میں نے صرف اُن دقتوں و مشکلات کا اظہار کیا ہے جو غالباً آپ لوگونکو پیش آئیں

تعلیم کے واسطے ہونا چاہیئے۔ کیونکہ زیادہ تر عالی خاندان مسلمان ملیسے ہی قصبات میں پائے جاتے ہیں۔ اور چونکہ یہ ضروری ہے کہ اُن مسلمان لڑکوں کی تعداد جو سکول میں انگریزی پڑھتے ہیں۔ بڑہائی جاوے۔ یہ امر نہایت مناسب ہے۔ کہ سب سے پہلے انکو تعلیم دیجاوے۔ جنکا تعلق معزز اور شریف درجہ کے لوگوں سے ہے۔ یہ بات بہت اطمینان دہ ہے کہ اکثر جگہہ اس طرح کی خیرخواہ قوم پائے جاتے ہیں۔ جیسے کہ ایٹہ میں بھی موجود ہیں۔ اور جو کہ ترقی تعلیم میں کوشش کرنیکا خوشی سے ذمہ لیتے ہیں۔ لیکن اگر کل مسلمانوں کی قوم پر نظر ڈالتے ہیں تو ایسے لوگوں کی تعداد ابھی بہت کم ہے۔ جسقدر انگریز ولایت میں ہیں۔ اُس سے تقریباً دوگنے مسلمان ہندوستان میں آباد ہیں۔ لیکن جب آپ دونوں جگہوں کی تعلیم کا مقابلہ کرینگے تو ولایت کی تعلیم کی مقدار یہاں کی نسبت کئی سوگنا زیادہ پائینگے۔ غریب سے غریب انگلستان کے لڑکے کو بھی جو تعلیم دیجاتی ہے وہ یہاں کے سرکاری مدرسوں کی تعلیم سے کہیں عمدہ ہوتی ہے۔ اور وہاں کے اُن اشخاص کی بھی تعداد جو عوام کی بہتری کے لئے اپنا وقت اپنا روپیہ اور اپنی طاقت تک صرف کرنے کو تیار ہیں۔ یہاں کے لوگوں کی نسبت بہت بڑھی ہوئی ہے۔ اور اس لئے میں یہ خیال کرتا ہوں کہ جسقدر ایسے زندہ دل لوگ تعلیم میں کوشش کرنے والے ہیں اُنکی تعداد میں ترقی دینے اور اُن کی مدد سے مسلمانوں کی تربیت اور ترقی ہوگی۔ اور کسی اور طرح سے نہیں ہوسکتی۔ ان کی تعداد میں ترقی ہوتی دیکھکر مجکو خوشی ہوتی ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ بعد ایک پشت کے ان لوگوں کی محنت کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مسلمانوں کی حالت بہت بہتر ہوجائیگی۔

آپ کے سکول کو مدرستہ العلوم علیگڈہ کی ایک شاخ قرار دینا بہت خوشی سے منظور کیا جائیگا۔ یہ جو تہا سکول ہے جو اس کالج کی شاخ قرار دیا جائیگا۔ باقی تینوں میں سے ایک مارہرہ میں ہے۔ دوسرا اٹاوہ میں اور تیسرا ریواڑی میں۔

دوپہر کو ایک عام جلسہ کیا گیا جسکے صدر نشین بیک صاحب تہو مسید احمد صاحب نے انگریزی میں اور یوسف علیخاں صاحب نے اردو میں انکی نرع سرائی میں ایڈرس پڑہی جسمیں مسلمانوں کی حالت کو ترقی دینے کی بابت انکا شکریہ ادا کیا گیا تہا۔ پولٹیکل امور تعلیمی مردم شماری اور مدرسۃ العلوم کی بابت ایمن خاص تذکرہ تہا ۲۲ برس پہلے تلہر میں ایک رشہ بی اور فارسی کا قائم ہوا تہا اس کی حالات اور موجودہ اسکول کی بنا کے حالات پڑہے گئے اس کے بعد بیک صاحب اور موریسن صاحب نے اسپیچ دیے جنکو ہم ذیل میں شائع کرتے ہیں جب سید ذاکر علی صاحب جلسہ کا شکریہ ادا کر چکے تو کارروائی ختم کی گئی اور حاضرین جلسہ مع ۴۷ طلباء کے جو دوسرے دن سے اپنی تعلیم شروع کرنے والے تہے مدرسہ کی عمارت دیکہنے گئے۔

اسپیچ مسٹر تہیودور بیک پرنسپل مدرستہ العلوم

حضرات! — آپنے مجکو اپنے سکول کے افتتاحی جلسہ میں شریک کرنے سے بہت معزز فرمایا ہے۔ آپنے مہربانی فرماکر جو اڈریس مجکو دی ہے۔ اس میں میری ان خدمات کی جو میں نے اس ملک کے مسلمانوں کے ساتہہ کی ہیں۔ بہت تعریف کی ہے۔

میں اس عنایت کا بیحد مشکور ہوں۔ آپنے اڈریس میں بیان فرمایا ہے۔ کہ اس سکول کی بنا ایجوکیشنل سنس (تعلیمی مردم شماری) کیوجہ سے ہوئی ہے۔ ایجوکیشنل سنس کے اس عملی نتیجہ کو دیکہہ کر بہت اطمینان ہوتا ہے سینس اسواسطے شروع کیا گیا تہا۔ کہ مسلمانوں کی ترقی تعلیم میں ایک بڑا عملی نتیجہ پیدا کرسکے مجکو یہ توقع نہ تہی کہ مارہرہ اور ایٹہ کے مدرسوں کی بنا اسقدر جلد اس عمدہ نتیجہ کا اظہار کرینگی۔ میری مدت سے یہ رای تہی۔ کہ اُن قصبات اور دیہات میں جہاں شریف خاندان مسلمانوں کے ہیں۔ اور جہاں کوئی انگریزی مدرسہ نہیں ہے کچہہ ضروری بندوبست

تلہر کے مسلمانوں کے خیالات میں تبدیلی پیدا ہونے کی عجیب مثال یہ ہے کہ ایک بہت معزز رئیس یعنی حاجی محمد حسین خاں صاحب نے جو پہلے انگریزی تعلیم کے بہت مخالف تھے اور جنہوں عربی تعلیم کی غرض سے ایک مکان چار ہزار روپیہ کے صرف سے تعمیر کرایا تھا۔ اب وہ مکان انگریزی مدرسہ کے لئے (جس کے ساتھ عربی مدرسہ بھی جاری رکھا جائیگا) عنایت فرمایا ہے۔ قوم کیطرف سے سید ذاکر حسین صاحب اور الطاف حسین صاحب اور یوسف علیخاں صاحب کا بھی شکریہ ادا کرنا ضرور ہے جنکی مساعی بلیغہ سے یہ مدرسہ قائم ہوا۔

مسٹر موریسن اور مسٹر بیک علیگڈہ سے جلسۂ افتتاحی میں شریک ہونے گئے تھے ریل کے اسٹیشن پر ۱۰۰ معزز مسلمانوں نے انکا استقبال کیا۔ ان صاحبوں کے ہاتوں میں پھول تھے جو انہوں نے مہمانوں پر بہت کثرت سے نچھاور کئے رات کے اندھیرے میں تقریباً ۲۰ اصحاب کی ہمراہی میں جو گھوڑوں پر سوار تھے اور ایک ہاتی اور چند مشعلچیوں کے ساتھ کچھ فاصلے طے کرکے قصبہ کے اندر ایک مکان میں پہونچے جہاں شب کو انہوں نے قیام کیا دوسرے دن انجمن کا ایک اجلاس ہوا جس میں موریسن صاحب صدر نشین تھے تقریباً بیس ممبر موجود تھے یہ فیصلہ کیا گیا کہ موریسن صاحب کمیٹی کے پریسیڈنٹ یوسف علیخاں صاحب نائب صدر سید علی احمد صاحب سکرٹری اور سید ذاکر علی صاحب منتظم مقرر ہوں۔ چند امور بھی مثلاً ہیڈ ماسٹر کا تقرر تعطیلات کا تعین فیس کی شرح وغیرہ بھی اسی جلسہ میں طے کر دیئے گئے یہ امر قرار پایا کہ کمیٹی کو بیس فیصدی طلبا بغیر فیس داخل کرنے کا اختیار ہوگا اور معاونین مدرسہ میں سے جو صاحب ایک روپیہ ماہوار چندہ دیتے ہیں وہ بحساب فی روپیہ چندہ ماہانہ ایک طالب علم نصف فیس پر یا بحساب عمہ ماہوار چندہ ایک طالب علم بلا فیس داخل کرانے کے مجاز ہوں گے۔

Alcohol

اسی طرح ریاضی میں Algebra zero chiffre اور کیمیا میں کُل الفاظ یہ ہیں Alembic alchol alcool alchemie

وغیرہ وغیرہ نیچرل ہسٹری اور طب کے الفاظ ہیں شتا syrup sirop

elixir lool mirobolans sorbel وغیرہ وغیرہ

ایک لفظ حشیش ہے جس سے ہمارا لفظ assassin نکلا ہے جسکے معنی قاتل کے ہیں

ایم۔ اے۔ او۔ کالج برانچ اسکول تلہر

اس نام کا ایک مدرسہ جو علیگڈھ کالج سے ملحق کیا گیا ہے تلہر ضلع شاہجہاں پور میں ۲۰ مارچ سنہ حال کو کھولا گیا۔ تلہر تقریباً بیس ہزار آدمی کی بستی کا ایک قصبہ ہے جس میں زیادہ تر مسلمان آباد ہیں۔ غدر کے وقت یہاں کے مسلمان متمول تھے لیکن غدر کے بعد بلحاظ دولت و مرتبہ دو گھٹتے گئے یہاں تک کہ تقریباً دس برس ہوئے جب انہوں نے شکر سازی وغیرہ تجارتوں کے ذریعہ سے اپنی حالتوں کو سنبھالنا شروع کیا ہے اب مسلمان شرفا کی ایک خاص بڑی تعداد خوشحال ہے۔ مگر وہاں کوئی انگریزی مدرسہ نہ تھا جسمیں وہ اپنی اولاد کو تعلیم دے سکتے جب سید علی احمد صاحب بی۔ اے (طالب علم مدرستہ العلوم) نے تلہر میں تعلیم مردم شماری کی تو وہاں کے باشندوں میں انگریزی تعلیم کا کچھ شوق پیدا ہو گیا تھا اور جب کہ ایسے والدین کو جو اپنے بچوں کو تعلیم نہیں دلاتے تھے خط بھیجے گئے اور دوبارہ تعلیمی مردم شماری کی گئی تو اسقدر جوش پیدا ہوئے کہ ایک سکول جاری کرنے کی مستحکم تیاریاں ہو گئیں (الف)۔ ۔ روپیہ ماہانہ چندے کا وعدہ کرا لیا گیا۔ یہ رقم فیس کی آمدنی ملا کر مدرسے کے اخراجات کو کافی ہوگی

کے قابل علوم کی اصطلاحات ہیں۔

ہر شخص واقف ہے کہ مدینۃ الحکما اور اسکندریہ کی کتابیں زیادہ تر عرب کے ذریعہ سے ہمارے پاس پہونچی ہیں۔ عرب پر الزام لگایا جاتا ہے کہ انہوں نے اُن یونانی لفظوں کو خراب کر دیا جو اُن کے استعمال میں رہے۔ یہ الزام بالکل بے بنیاد ہے کیونکہ عرب نے اپنے حروف میں اُن لفظوں کو ہو بہو نقل کیا بجز (پ) کے جسکے لئے انہوں نے (ب) استعمال کی۔ اور حرف کے واسطے اُس کے مقابل کا حرف استعمال ہوا۔ مگر انہوں نے اعراب کو نہ لکھا جس کی وجہ سے لیٹن میں ترجمہ کرنے والوں نے غلطی کی۔ یہی وجہ ہے کہ عربی ابارکوس ابرکیس ہوگیا اور ارسطوٹلیز ارسٹوٹل ہوگیا۔ اور اسم صفت الجبتی المجسٹ ہوگیا۔ سمت الراس سمٹ یا زنیتھ ہوگیا۔ اسی طرح Reali سیسی Ideger سگری۔ schickard سکرڈ assemani اسیلمانی کے الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے کہ ستاروں کے عربی نام کس قدر بگاڑے گئے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو تعجب کی بات ہے کیونکہ ایک ایک عربی مادہ سے پندرہ قسم کے فعل بنتے ہیں جنمیں سے ہر ایک کے جداگانہ معنی ہوتے ہیں اور خلاف قیاس جمع کے اٹھائیس اوزان ایں جو ایک ایک کئی کئی اوران صفت یا اسموں کے لئے مخصوص ہیں۔ ان وجوہ سے بعض مشتقات کو دریافت کرنا جو مشرقی زبانوں سے لیے گئے ہیں اوران تغیرات کا پتہ لگانا جو کاتبوں کی لاعلمی یا بے پرواہی کی وجہ سے ان میں ہوے ہیں بہت دقت طلب ہے مگر ہم اتنا یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ ہمارا علم ہیئت عربی اصطلاحات سے پر ہے وہ چند اصطلاحات یہ ہیں. Almicar, harala azim, .. Zenia

Aaurnar Nadir Alaubaran Regal wega

باب میں گفتگو کرنے کے واسطے گیا ہے جو وہاں غلام بنائے گئے تھے۔ آخرکار ۱۰۱۵ع لغایت ۱۰۱۹ع میں جب عرب سپین سے نکالے گئے تو فرانس از سرِ نو عربی قوموں سے بھر گیا۔ جو اپنے ساتھ نئے خاندانی نام لائے۔ اسی طرح سے ہمارے زمانہ میں فتح الجیریا نے فرانسیسی زبان کو نئے لفظوں سے بھر دیا جو پیشتر معلوم نہ تھے۔ یہ بآسانی سمجھ میں آسکتا ہے کہ ان تعلقات سے جو صدیوں تک جاری رہے ہیں ہماری زبان کو بہت سے عربی کے جملے اور طرز بیان مل گئے ہیں۔ اس موقع پر ہم اُن لفظوں کا ذکر کرینگے جو دونوں قوموں کے مشترک طریقہ زندگی یا ڈپلومیٹک تعلقات کی وجہ سے فرانسیسی زبان میں لگئے ہیں۔ یہ بالکل نیچرل تھا کہ عربوں نے جو آٹھویں صدی کے بعد بحرِ روم کے مالک تھے فرانس اور اٹلی کو ایک بڑا حصہ جہازرانی کی اصطلاحات کا دیا۔ مثلاً Admiral = امیر البحر۔ Felouque = فلوکہ + Darse = دارالصناعت + Calfat = قلفۃ Caravelle. Fregate, flotte, Escadre, estacade, chourme, Bonne-ale. Barque, Sloop وغیرہ وغیرہ۔ اور سب سے زیادہ جو چینیوں سے منسوب کیجاتی ہے اور یہ بھی نیچرل تھا کہ جب مستقل فوجیں قائم ہوئیں تو جو خطابات کہ مسلمانوں کی فوجوں میں مروج تھے اختیار کرلئے گئے۔ نعرہ جنگ توپوں کے واسطے باروت کا استعمال وغیرہ وغیرہ والیان بغداد سے لیا جانا بالکل نیچرل تھا۔ خاندان سوم کے فرنچ بادشاہوں نے انکا ہر بات میں تتبع کیا اور یہی سبب ہے کہ شاہی شکار کے بہت سے اصطلاحات عربی میں مثلاً hallali, Curee, laisse, Meute chasse وغیرہ وغیرہ۔ اور لفظ tournoi جسکو زمانہ حال کی ڈکشنریاں tournoiement سے مشتق بناتی ہیں۔ وہ صرف عربی لفظ ہے مگر زیادہ تر جو

قتل تھے اور جب رابرٹ دوم نے شاہزادی کانسٹنس (Constance) کو ۹۹۶ء میں فرانس کی تخت نشینی کے واسطے بلایا تو فرانس کی زبان اور اطوار میں ایک بڑی بھاری تبدیلی ہو گئی

کروسیڈز یعنی جہادات نے اس باہمی تعلقات کو اور زیادہ ترقی دی خصوصاً سینٹ لوئس (St. Louis) کے جہاد نے جو کئی سال تک مشرق میں رہا - فریڈرک دوم نے جو سینٹ لوئس کا ہمعصر تھا اپنے لیئے عربوں کا ایک گارد مقرر کیا تھا - اور ابن الرشد کے بچوں کو اپنے دربار میں بلوایا - ہیئت - ریاضی - طبیعات عربی کتابوں سے پڑھائی جانے لگیں - تیرھویں صدی تک میں راجر بیکن (Roger Bacon) اور ریمانڈ لول (Raymond Lull) نے مشرقی زبانوں کی تعلیم کیطرف توجہ دلائی اور اُن کی ضرورت بیان کی - اور وائنا (Viena) کی کونسل نے خواہش ظاہر کی کہ رومتہ الکبرا - پیرس - بلونا - اور اوکسفورڈ میں ان زبانوں کی تعلیم ہو - پوپ دو طالب علموں کو جو مشرقی ملکوں کے رہنے والے اور عربی - ایرانی - اور ایشیا کی دیگر زبانیں جانتے تھے - پیرس میں رکھتے تھے - فرنل (Fernel) کے عہد سے پیشتر عربی کا فن طب ہمارے ڈاکٹروں کے علم کی بنیاد تھا - فروسارٹ (Froissart) اپنی تاریخوں میں اکثر عربی طرز ادا استعمال کرتا ہے - ولیم پوسٹل (William Postel) نے جو فرانس کے کالج میں ریاضی اور زبانہائے مشرقی کا پروفیسر مقرر ہوا تھا ۱۵۳۸ء میں ایک مضمون عربی گرامر پر لکھا -
ریاستہائے بربر کے ساتھ فرانس کے تعلقات نے ہنری سوم کو ۱۵۸۷ء میں خیال دلایا کہ شاہی کالج میں ایک عربی کے پروفیسر کا عہدہ تجویز کروں اور اُسپر ارنولڈ ڈیلیل (Arnould de Lisle) کو مقرر کروں جو اکثر اوقات فاس اور مراکو میں فرانسیسیوں کی رہائی کے

دریاے سندھ کے کناروں سے آبنائے جبل طارق تک علم کا چرچا ہوا۔ اور اس طوائف الملوکی کے زمانے میں جو بادشاہ شارلین کے عہد کے بعد پیش آیا جس میں کہ وحشت و جہالت کا اندھیرا فرانس اور جرمنی پر زیادہ اور زیادہ گھرتا جاتا تھا عرب جو کہ جنوبی فرانس پر کوہ پیئنز سے کوہ الپس تک قابض تھے اپنے علاقہ فرینگزی نٹ (Fraxinet) سے اپنی فتوحات کو شمال میں صوبہ برگنڈی اور سوئزرلینڈ اور جنوب میں صوبہائے لمبارڈی اور پائڈول (Piedmont) تک پھیلانے کی غرض سے بڑھے اور ان ملکوں میں عرب کے اثر کو ترقی دی۔ اور ہمارے بزرگوں کو وہ علم عطا کئے جو عربوں نے ان مدارس میں حاصل کئے تھے جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جانشینوں کی وسیع سلطنت میں قائم تھے۔ اس موقع پر عرب اثر کا لیٹن قوموں میں زیادہ پھیل جانا قابل لحاظ ہے۔ اسپین کے ساتھ معاملات زیادہ کثرت سے تھے۔ جربرٹ (Gerbert) کے بارسیلونا (Barcelona) جانے کے متعلق خواہ کتنا ہی اختلاف رائے کیوں نہو مگر اس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ عربی ہندسوں اور طریق اعداد عشری کا استعمال ہماری وہاں اسی وقت سے جاری ہوا۔ میں بیان کرچکا ہوں کہ یہ ہندسے صرف ایک تبدیل شدہ شکل ہندی ہندسوں کی ہے جن میں صفر کا اضافہ کر دیا گیا ہے اور ان کے نام اور مسلسل تبدیلیاں بالکل عربی الاصل ہیں ۹۵۶ء میں عبدالرحمن سوم کے معاملات بہت سے عیسائی بادشاہوں سے۔ جیسے شاہ جرمنی۔ شاہ فرانس اور والی ریاستہای سیلور سے تھے براہ راست تھے۔ اوتھوں سوم (Otton) کی طرف سے ایک سفیر اس عظیم الشان بادشاہ کے دربار میں رہتا تھا۔ طولوس (Toulouse) کا دربار قرطبہ کے دربار کے نمونہ پر تھا۔ فن شعر گوئی میں اُن کے باہمی مقابلے جنکو پہلے زمانہ میں کلیمنٹ اسوار (Clemence Isaure) نے ترتیب دیا قدیم عرب کے معلقات کی

لفظوں کا اشتقاق بیان کیا ہے جسکو ہم صحیح نہیں سمجھتے۔

آٹھویں صدی کے بعد مسلمانوں کے قبضہ میں کل جنوبی حصہ فرانس کا تھا۔ چارلس مارٹل (charlse martel) نے شمالی حصہ کو ۷۳۲ء سے لیکر ۷۳۹ء تک حملوں سے بچایا لیکن اُس نے سپٹی مینیا (Septimanee.) کو عرب کے واسطے چھوڑ دیا۔ امیر عربوں نے مستقل قبضہ کر لیا اور اسی ملک میں شادیاں کیں اور اس ابتدائی زمانہ ہی میں بہت سے لفظ اپنی زبان کے روزمرہ کے استعمال کی چیزوں کے واسطے رائج کیے۔ پادریوں تک نے عرب کی حلقہ بگوشی کو فرانسیسی نبرد آزمائیوں کی اطاعت سے بہتر سمجھا جو گرجاؤں کی ملکیت کو دیئے ڈالنے میں کچھ تامل نہ کرتے تھے۔ بہت سے تعلقات پیشتر سے ایسے موجود تھے جنہوں نے عیسائیوں اور مسلمانوں کو باہم شیر و شکر کر دیا تھا۔ اکوئٹین (Aquitaine) صوبہ فرانس کے ایک ڈیوک کی بیٹی ایک عرب امیر کی منکوحہ ہوئی تھی۔ صوبہ لنگیڈوک (Languedoc) کے شہروں میں اُن کے گورنر برقرار تھے اور وہاں کا انتظام بدستور قائم تھا۔ موورونٹی (Mauronte) جو مارسلیز (marselle) کا ڈیوک تھا۔ حملہ آوران فرانس کا وفادار طرفدار تھا اور پیپن ڈی ہرسٹل (Pepin d 'Haresiul.) کے بیٹوں سے جی توڑ کر لڑا اور جب پیپن لی بریف (Pepin le Bref.) نے ۷۵۹ء میں فتح سپٹی مینیا کی تکمیل کی تو عربوں کی جائدادوں میں دست اندازی نہ کی اور انکو اسی ملک میں آباد رہنے دیا۔ شارلمین (charlemagne) کے عہد میں دوسری قسم کے تعلقات دونوں قوموں کے درمیان قائم ہوئے۔ تدبیر ملک نے جنگ کی جگہ لی۔ خلفاء بغداد نے عرب کی شائستگی کو درجہ کمال پر پہونچایا۔ اور ہارون رشید نے فرانسیسیوں کے پرشوکت بادشاہ سے رشتہ دوستی قائم کیا۔ خلفاء قرطبہ نے اسپین کو مغربی ملکوں کی جان بنا دیا۔

عربی و فرانسیسی زبان کا تعلق

آج تو مسلمانوں کا یہ حال ہے کہ وہ اس قابل ہی نہیں رہی کہ غیر قوموں کی عمدہ باتوں کا
ان پر اثر پڑسکے۔ یعنی ان میں انفعال کا مادہ ہی نہیں رہا۔ لیکن کسی زمانہ میں انکی تہذیب و ترقی کا
یہ حال تہا کہ یورپ کی اعلیٰ سے اعلیٰ قومیں انکی تہذیب۔ تمدن۔ معاشرت۔ کی تقلید کرتی تہیں یہانتک کہ
فرانس کی زبان۔ اور اُسکا لٹریچر عربی کی اثر سے نہ بچ سکا۔ اس خاص مضمون پر کہ فرنچ زبان
کس درجہ تک عربی سے متاثر ہوئی تہی۔ پروفیسر سیدیو نے اپنی کتاب تاریخ اسلام میں جس
سے زیادہ مفصل اور مستند کتاب مسلمانوں کے متعلق یورپ کی کسی زبان میں نہیں لکہی گئی۔
ایک آرٹیکل لکہا ہے۔ ہم اسکا ترجمہ بعینہٖ اس مقام پر نقل کرتے ہیں۔ جو ناظرین کے لیے
خالی دلچسپی سے نہوگا۔ وھو ہذا

فرانسیسی اس امر کو اکثر بہول جاتے ہیں کہ ایک زمانے میں عرب صرف علوم میں بلکہ
انسانی واقفیت کے ہر شعبہ میں اُن کے استاد تہے۔ اور ہماری عمدہ سے عمدہ ڈکشنریاں
یہاں تک کہ ایم۔ لٹرڈ (M. Littré) کی ڈکشنری میں بہی ایک بڑی فروگذاشت
ہوئی ہے کیونکہ انہوں نے بجائے اُن فقروں کے جو براہ راست عربی زبان سے آئے ہیں

(iii) Football Shield Matches.

Football matches for the College Class Challen Shield, the competition for which has created a great int rest in Football among the students of our College, a has done a great deal of good for the game, have at la been decided after several drawn matches played during the la two months. The First Year Class was defeated by the Fourt Year in the early stage ; the momentous struggle in the 2n tie between the 2nd and 3rd Year Classes, being the most cel brated contest in the history of the shield matches, resulted in win for the former by two goals to one , and the Fourt Year and the Second Year were left in at the last. The Final ti was not played off, for the Fourth Year Class did not appea in the field to play the match, and thus, without further effort their adversaries were enabled to keep up the proud position of the 2nd Year Class as the ever conquerors of the shield, Their names are as follows —

1. Islam Muhammad Capt.
2. Ashraf Khan
3. Muzaffar Hussain
4. Abdul Majid Khan
5. Khair-uddin
6. Kaim Hussain
7. Abdullah Shah
8. Ali Muhammad Amritsari
9. Ali Muhammad, Ambalvi
10. Nur-uddin
11. Rahim-uddin

And after several lines in which familiar Urdu expressions occurred, such as 'qui hai', 'ulu ka bachha' etc., the last line was—

So I went to the College to pick up some knowledge
and develope a Sandow leg
Yes, Sandow's arms and legs
Sandow's arms and legs
So I went to the College to pick up some knowledge
and develope a Sandow leg.

The scenes from the play were very well done and were very amusing.

The programme was as follows :—

PART I.

1. A Persian Poem (تاآنر)...............Azmatullah.
2. The rival broom makers ... Muhammad Ali Khan.
3. Ballum V Bottum ... Sayyed Muhammad.
4. Speeches of Horace Walpole and Mr. Pitt. { Salamul Haqq. Nazir Ahmad, B. A. L. L. B.
5. Old Anglo-Indian Satire ... T. Beck, Esq.
6. Read aloud quickly ... Mumtaz Husain.
7. Song ... G. A. Paterson, Esq.

PART II.

1. Song.......................Miss Goode.
2. Retort ....Sujjad Haider.
3. The Song of love and death .... S. Zain-ud Din, B. A.
4. Scenes from "Love for love" (Congreve) { Mumtaz Husain, Zainuddin, Muhammad Abdullah, Muhammad Ali, Azmat-ullah. Zia-ullah, Salamul Haqq, and Sajjad Haider.
5. A Reading ... G. S. Carey, Esq.
6. Songs ... G. A. Paterson, Esq. C. S.

"There is a point that cannot be too much impressed on the pupil-in-training, as it is the basal fact upon which all successful physical instruction rests. There must be *a concentration of the will-power upon the exercises* in hand, and the dumb-bells must be held and used, not passively, but as a potentiality to be actively and strenuously exerted."

This is what Sandow says himself and the point should not be forgotten Capt. Greatorex, Assistant Inspector of Gymnasia, Aldershot, says : however good the system, it is null and void without the concentrated "will-power" of the pupil upon the work in hand."

The second matter of capital importance is regularity in performing the exercises every-day : a month's time is too short to enable one to judge of results and Mr. Morison hopes that those who have begun will continue after he has left, with the same regularity as they have hitherto shown : three months regular work especially with the heavy dum-bells ought to show very satisfactory results.

It should be remembered that light dumb-bells are for giving suppleness and vigour to the muscles, and the heavy dumb-bells for adding to their size and power. For the purpose of keeping the muscles and all the body in health the light dumb-bells are the most useful : the heavy ones only give increased power.

(ii) College Entertainment.

A very successful entertainment was given in the Siddons Union Club on April 6th, of which we append a programme. Its success was chiefly due to the singing of Miss Goode and Mr. Paterson, Assistant Collector, and the Scenes from a play. Mr. Paterson's comic songs were loudly encored. In particular the topical allusions contained in his song about Emin Pasha were greatly appreciated. The verse in question began as follows :—

Then I made quick time to a Southern clime in a special parcels cart,
For I heard folks aver that Aligarh was a rather tropical part.

offer to their old College will be mature and weighty and at the hands of the Committee will receive respectful consideration.

I wish to add to the above that I have no wish to prevent students from forming opinions on any thing in heaven or earth, but I do not wish them to be mistaken as to the value of those conclusions.

I have the honour,

Sir,

To be your most obedient servant,

THEODORE MORISON.

COLLEGE NEWS.

(1) *Physical Training.*

Mr. Theodore Morison having procured some books from England on physical development called for volunteers from the 3rd and 1st year classes to be put thro' a course of light and heavy dumb-bell exercises before the time he should leave for England. He selected ten from each class and took all their measurements and weights before beginning.

The object of these exercises is to exercise those muscles which in ordinary athletic games are but little used : the advantage which dumb-bell exercises have over ordinary gymnastics lies in this that the weights can be adapted to the strength of each pupil : whereas in the ordinary gymnastic exercises on the parallel and horizontal bars the weight to be raised is that of the body and cannot be modified : the weight of a heavy person is often too great for his arms to raise : the advocates of dumb-bells claim that there are no muscles which cannot be exercised by their means. The system adapted by Mr. Morison is that of Sandow : the book which describes how he brought his body to its present perfection is very fully illustrated by photographs of the athlete Sandow himself.

The system is not in itself very novel : the increase of muscle which Sandow promises to those who follow his method can only be obtained by following his directions systematically : each exercise should be performed with careful thoroughness : the exercises lose all their merit if the pupil slouches thro' them in a slipshod fashion.

opinions are worthless : being but a boy he cannot have had experience—but it is monstrous vanity in him to resent being told so.

The Indian student is generally accused of being disloyal to the British rule and of spreading political discontent. I do not believe that the statement is true : but the particular cases from which this unfair generalisation is made are probably of youths of overwheening vanity. There are of course in India, as there were in England in Elizabeths' day, " proud University princoxes who think they are men of such merit that the world cannot sufficiently endow them with preferment." The world thinks otherwise ; then they salve their vanity by attributing their failure in life to the hostility of an alien Government. Or perhaps this pack of school boys comes to the conclusion " that India is growing poorer day by day" " or that there ought to be a duty on the corn exported from " India" " or that the English rule has cheapened luxuries but raised the price of necessities"—subjects on which neither their education nor their experience has given them the right to have any opinion at all. No sensible man of course pays the slightest attention to political opinions so accredited : then the more foolish of these boys, unable to see facts through the crassness of their own conceit, fall to screaming that " the Government is arraying against itself the intelligence and education of the country." It is waste of time to argue with such hysterical vanity.

I believe that the democracy of a residential College is a very good corrective of this inflated estimate of his own importance to which the young student is prone. A kick in the bottom is an answer to such fatuity which seems to me as apposite as it is soothing to one's own feelings and of this your University prin cox' is not likely to be baulked in a large Boarding-House.

I think that the tone in the M. A.-O College is growing every day more healthy in this respect. I believe that, as a rule, the present students do not expect the world to pay much attention to their speculations until their exertions and experience have invested them with dignity and authority : if this is so the advice and assistance which they will eventually

prompted by a sincere solicitude for its welfare. Moreover if their services to the community and the position which their talents and experience have gained for them in the world are important I think that they should be encouraged to associate themselves with our work. I have myself derived valuable assistance from the opinions of old students.

But it is quite a different matter when the student of yesterday presumes to be offended because nobody asks his opinion and nobody wants it. The most unselfish devotion and the wisest heads that the Musalman community can muster will be wanted to make this College complete, but it does not follow that any callow B. A. can render valuable assistance in a work of such magnitude, even tho' his vituline conceit be offended that he is not courted to give his advice.

I think that hard measure is dealt to the Indian student in the public press and elsewhere, and when occasion offered I have done what I could to show that he was innocent of the faults usually laid to his charge. I therefore can hardly be misunderstood when I point out what his shortcomings really are. Conceit is his besetting sin. His fatuous self-sufficiency seems to me to be quite out of proportion to his importance in the scheme of creation. It is largely due to a temporary cause : he happens by the accident of his education to have in some respects the advantage of his parents : aware that his elders hold some views which are not tenable, he is led to undervalue that part of their wisdom which is founded on experience and which in the conduct of affairs is worth all his speculative agility. The snubs they should administer to him lose that bitterness wherein their wholesomeness consists when he has no respect for those who administer them ; a young Englishman is made cautious of venting his opinions upon the elder world by the conviction that such opinions will be received with the silence of contempt, which is even more galling than contradiction : but the Indian student who has not been forced to realise the truth (generally unpalatable to young minds) that he and his views are of no consequence to any one is wounded in his self-love when the world with callous frankness tells him so. It is not his fault that his

nearly the same as the proportion deducted for income-tax. As all of us however would be very glad to have to pay no income-tax it may be inferred that the increase of pay will be perceptible and grateful to the men who get it.

When we compare the condition of the finances of India with those of other countries we have reason to congratulate ourselves. The National Debt of India is comparatively small, while in England it is 600 millions pounds, and in France 1,300 million pounds. The revenues of France, Italy, and Russia all showed last year deficits of six or seven million pounds, or about twelve crores of rupees. These deficits were met by borrowing loans and increasing the national debts of those countries. Italy is on the verge of bankruptcy. Greece and Portugal have already gone bankrupt. England alone of European countries shows a good surplus of income over expenditure. The cause of the deficits of European countries is to be found in the enormous military burdens of those countries, and in defects in their methods of government. It is very much to the credit of the finance ministers of India that in spite of the tremendous losses inflicted on the Government by the fall in exchange, amounting altogether to not less than 100 crores of rupees, the finances of the country are in so sound a condition.

CORRESPONDENCE.

To the Editor,

The M. A.-O. College Magazine.

Sir,

Will you permit me to reproduce in your columns the substance of a private letter I recently wrote to an old student on a subject which I think is interesting to many of the younger generation of Musalmans. The subject of contention is whether the old students have a right to expect to be consulted in the direction of the policy of the College?

Now I will begin by saying that I believe that our College will have its heartiest supporters among those who were formerly its students : their advice will generally be the most intelligent because it is founded on practical knowledge and

REVISED ESTIMATES OF 1894–95.

We have already stated that these estimates show an anticipated surplus of nearly a crore of rupees. This remarkable result is due chiefly to an increase of revenue under the following heads :—

Opium	...	Rs.	15,414,000
Customs duties	...	„	9,301,000
Railway earnings	...	„	3,511,000
Excise	...	„	1,502,000

The increase under customs is partly due to the Cotton duties which were imposed towards the end of the year. But it also includes an item of Rs. 3,130,000, due to an actual increase of receipts from the other duties greater than was expected. This seems to indicate that the trade of India is steadily increasing, a sure sign of growing wealth of the country. The total revenue now expected from the Import duties is about three crores per annum.

BUDGET ESTIMATES FOR 1895–96.

It is expected that there will be an additional loss from exchange to the Government of India of no less than two and a half crores. On the other hand the conversion of the debt from 4 per cent to [illegible] per cent, an operation possible only through the high credit which the Government of India enjoys, will effect a saving of half a crore per annum.

It is expected likewise that the revenue will be largely increased under the headings of Railways, Land Revenue, Opium, and Stamps and Excise. So that it is hoped that at the end of the year there will be an actual surplus of Rs. 462,000 ; and this in spite of an increased expenditure of 26 lakhs of rupees on account of increased pay to the Native soldiers.

It will thus be seen that the finances of India are in a much better condition than any one would have dared to hope. The last item we have noticed—the increase of pay to the sepoys—will meet with universal satisfaction. Formerly the sepoy's pay was Rs. 7 per month with allowances. Now no sepoy will receive less than Rs. 9 per month. The actual increase per head is not great. As there are 110,000 sepoys it amounts to about Rs. 2 As. 8 per head per annum. If we assume the sepoy's pay to be Rs. 100 per annum, the sum is

THE INDIAN BUDGET.

The Financial Statement for 1895-96 has come upon us as an agreeable surprise. We had expected that the unprecedented fall of exchange during the past year would have produced a large deficit in the accounts, which would have had to be met either by increased taxation or by a loan which would have added to the national debt of India. The fall of one-tenth of a penny in the exchange value of the rupee means a loss to the Government of India of a quarter of a crore of rupees. At the beginning of the year 1894-95 it was estimated that the expenditure of the Government would exceed its income by Rs 3,010,000. The fall of exchange during the year added to this sum a loss of no less than Rs 21,658,000. Yet instead of a deficit as we should have expected of Rs 31,563,000, the Finance Minister announces that the improvement of revenue is so great that he expects an actual surplus of Rs 9,905,000.

The Indian Budget deals with the income and expenditure of three years. First it makes an estimate of the expenses and income of the coming year, commencing on April 1st. Next it gives the actual income and expenditure of the past year. But in-as-much as the Budget is published before the first of April the accounts of income and expenditure for the past year are incomplete, there being a month or so for which expenditure has not been paid, nor income received. Consequently the accounts of the past year are called "The Revised Estimates for that year." Finally the Budget contains the completed accounts of the year before last. Thus in the present Budget the accounts for these three years stand as follows :—

ACCOUNTS OF 1893–94.

In the last Budget Statement when this year had been nearly completed a deficit was expected of Rs 17,928,000. The final accounts now show that the deficit is only Rs 15,469,980, *i. e.* Rs 2,458,020 better than was expected. Of this sum Rs. 10,609,540 was spent in Railway construction under the Famine Insurance Grant, so that deducting this money, which may be regarded as an investment, the actual deficit was Rs 486,044 only.

creased so as to secure for the Magazine a circulation among that large section of the Muhammadans who are ignorant of English. Political articles, and a good deal of the College news will be printed in English : the former because we wish them to be accessible to Englishmen and the Editors of papers written in English; the latter because it is interesting chiefly to present and past students of the College, all of whom know English. It is our intention however occasionally to print some portion of the College news in Urdu, so as to interest the non-English-knowing portion of our subscribers in the welfare of the national institution. But such matters as crick-et and football news, which are interesting only to Anglicized Musalmans and Englishmen, will be printed in English always. The Urdu portion of the paper will deal with various subjects interesting to the Musalman community, and especially with literary topics. The translations from Arabic papers will give information as to what is happening in other parts of the Muham-madan world. Translations will be given from English, French and German books and journals dealing with ques-tions connected with Islam. Reviews will be given of books written by Muhammadans in India. Some distinguished gentle-men, such as Nawab Mohsin-ul-Mulk, Maulvi Altaf Hosain Hali and Shamsul-ulama Maulvi Zaka Ullah, have promised to contribute articles to the Urdu portion of the journal. As these gentlemen are Trustees of the College, and as the Editors and many of the contributors of the Magazine are members of the staff of the College or old pupils, the name of the Magazine is appropriate to the extended scope of the journal, because it expresses the views, opinions and tastes of that body of men who are the founders and supporters of the movement which has given birth to the College. The direc-tors of the journal now desire that it should be speedily and effectually brought to the notice of the Urdu public. Hitherto its subscribers have been limited to persons know-ing the English language. No attempt has been made to sell the paper among that much larger section of the public which is ignorant of English. We hope that all our subscribers will assist us in this work and will bring the Magazine to the notice of all their friends and acquaintance.

accompanied with hopes of promotion. Under these circumstances it is ridiculous to say that the supply is greater than the demand.

---o---

It is with great regret that we have heard of the death of Sir George Chesney. India has lost in him one of her greatest statesmen. His book on *Indian Polity* published many years ago led the way to many of the most important reforms that have since been carried out. Among other matters Sir George Chesney then advocated the policy of opening up the higher posts of the civil service to natives of India, a policy which has since been carried into effect. He has just published a fresh edition of this work in which he has recommended that similar privileges be extended to natives of India with regard to the army. We were once favoured to hear his views expressed privately with great force on this subject. But Sir George Chesney's greatest achievements are in connection with the strengthening of the frontier and the improved organisation of the Indian army. On retiring from India he was elected a member of Parliament as representative of the city of Oxford. From his seat in the House he advocated with great effect the cause of good government in India. He was a strong opponent of the National Congress party, and had promised his active assistance to the Indian Imperial Committee. His death is a great loss to this movement.

THIS MAGAZINE.

Our readers will have noticed that the M. A.-O. College Magazine has been undergoing a gradual transformation. Its size has been increasing by degrees. Its subject matter has likewise undergone alteration. Its contents are no longer confined to College news, though the latter has been increased, partly through condensation of the material. The Magazine has become the organ of the Educational Census and the M. A.-O. Defence Association, so as to be attractive we hope to those persons who want to know the latest news of these movements. But the last and present numbers indicate a new departure of much importance to the paper. The Urdu portion has been in-

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

New Series. VOL. 2. | MAY 1, 1895. | No. 5.

EDITORIAL NOTES

Lord Wenlock gave some statistics in his Convocation Address at Madras which disproved the nonsense talked by some people about graduates of Indian Universities being unable to find employment and being obliged to accept menial positions or wander about starving. The number of Government posts in Madras with salaries of Rs 30 per month and over is, he says, 6,500. There are on an average 290 vacancies a year. The average number of graduates on the other hand for the last ten years has been only 238. Consequently it is clear that there are not enough graduates to fill them all, even assuming they all enter the Government service. Some statistics given by Mr. Syed Mahmood in his book (p. 102) show that in the years 1871-82 not half the graduates during that period entered the Government service. The total number of graduates during that period was 3,311, of whom 1,244 entered the Government service. In Madras the figures were 808 and 296 respectively. From these facts we may infer that the market value of a graduate's service immediately after taking his degree must be more than Rs 30 per month. We believe that in these provinces the market value is not less than Rs 50 per month, and that in most cases this salary is

M. A.-O. COLLEGE MAGAZINE.

This Magazine will contain articles on political, literary and other subjects of interest to the Muhammadan community. At least 24 pages of the Magazine will be in the Urdu language. Several Muhammadan gentlemen distinguished for their abilities and learning have promised to contribute towards the Urdu portion of the Magazine. It will also review books relating to Islam published in Europe and India. Translations will be published from Arabic papers printed in Egypt and Syria.

The Magazine is also the organ of the Educational Census, and will publish monthly reports of the progress of the work. It will likewise give the latest news of the Muhammadan Anglo-Oriental Defence Association of Upper India.

The Magazine will contain information of all sorts with regard to the M. A.-O. College. It will thus form a history of the College, both of its external relations and its internal life.

The Magazine will be ready also to publish short accounts of the progress of all Muhammadan Schools throughout India. Persons connected with such schools are invited to supply the Editor with information about them.

The annual subscription is Rs (3) including postage, and is payable strictly in advance. Ten numbers will be issued in the year. Subscribers should either send the subscription to the Manager, or allow him to send the first number by v. p. p. for Rs 3 or for Re. 1 As. 8 for half a year.

The Magazine will insert advertisements at the rate of 1 anna per line or Rs. 3 per page.

THEODORE BECK,
English Editor,

MAULVI MUHAMMAD SHIBLI,
Urdu Edit

NIAZ MUHAMMAD KHAN,
Manager.

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

New Series VOL. 2.	MAY 1, 1895.	No. 5.

CONTENTS.

IN ENGLISH. Page,

1. Editorial Notes. 127
2. This Magazine. 128
3. The Indian Budget. ... 130
4. Correspondence Mr. Theodore Morison ... 132
5. College News.
   - (i) Physical Training. ... 135
   - (ii) College Entertainment. ... 136
   - (iii) Football Shield Matches. ... 138

IN URDU.

6. Connection between Arabic and Persian 161
7. M. A.-O. College Branch School, Tilhar. ... 167
8. College News.
   - (iv) Fencing Class. Azmat Ullah... 176
   - (v) The Duty ... 177
   - (vi) Personal News ... 178
   - (vii) Ramzan in M. A.-O. College ... 178
9. M. A.-O. Defence Association ... 179
10. Educational Census ... 180
11. Nadvat-ul-Ulama ... 182

Printed at the Institute Press, Aligarh.

For Siddon's Union Club.

محمڈن اینگلو اورینٹل کالج میگزین

اس پرچہ میں مسلمانوں کے مفید مطالب مضامین پولیٹکل
علمی وغیرہ مضامین درج ہوا کرینگے — فی الحال کم از کم ۲۴ صفحہ
اردو میں ہوا کرینگے — اور کئی مشہور مسلمان معززین نے جن کی علمی
لیاقت مسلم ہے — اردو میں مضمون عنایت فرمانے کا وعدہ کیا ہے •

میگزین میں ایسی کتابوں پر جو مذہب اسلام کی بابت یورپ یا
ہندوستان میں وقتاً فوقتاً شایع ہونگی — ریویو لکھے جاوینگے اور مصر و
شام کے عربی اخبارات و رسالہ جات کے چیدہ چیدہ مضامین ترجمہ
ہوکر درج ہوا کرینگے •

یہہ رسالہ مسلمانوں کی " تعلیمی مردم شماری " کا بھی ہے —
جس کی کامیابی کی ماہانہ رپورٹیں اس میں درج کی جاوینگی —
نیز اس میں شمالی ہندوستان کے " اینگلو اورینٹل ڈیفنس
ایسوسی ایشن کی بابت بھی تازہ خبریں لکھی جاوینگی •

میگزین میں محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کی بابت تمام قسم کی
خبریں درج ہونگی — اس لئے یہہ پرچہ بلحاظ کالج کے بیرونی
معاملات اور اندرونی حالات کے کالج کی ایک باقاعدہ تاریخ ہوگا •

یہہ میگزین تمام ہندوستان کے مختلف اسلامیہ مدارس کی ترقی
و کامیابی کی خبریں شایع کرنے کو ہمیشہ مستعد رہیگا — ایسے
مدرسوں کے سرپرستوں اور حامیوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ
اڈیٹر کو ان مدارس کی بابت اطلاع بھیجا کریں •

سالانہ چندہ مع محصول ڈاک ؏ سالانہ مقرر ہے — لیکن
قطعی پیشگی ادا ہو جانا چاہئیے — حضرات معاونین یا تو مہتمم
کے پاس قیمت (سالانہ ؏ ششماہی ۱۸؍) روانہ فرماویں — ورنہ پہلا
پرچہ بصیغہ " قیمت طلب " ویلیو پے ایبل پہنچانے کی اجازت دیں •

میگزین میں بشرح ۴؍ فی سطر یا ۱۰؍ فی صفحہ اشتہارات بھی درج
کیئے جاوینگے •

دستخط { تھیوڈور بیک — اڈیٹر انگریزی
شمس العلما مولوی شبلی نعمانی — ایڈیٹر اردو
نواز محمد خاں مہتمم }

جامع ازھر اور اُس کی اصلاح

مسلمانوں کی یہ سب سے قدیم یونیورسٹی ہے جو تقریباً نوسو برس سے قائم ہے۔ اور جس میں کم وبیش بارہ ہزار طالب العلم تعلیم پاتے ہیں۔ اس کی مختصر اور ابتدائی تاریخ یہ ہے کہ مصر میں جب فاطمیوں کی سلطنت قائم ہوئی تو خلیفہ المعزلدین اللہ کے غلام نے جو سسلی کا رہنے والا تھا۔ اور جوہر سپہ سالار کے لقب سے ملقب تھا۔ قاہرہ میں ایک جامع مسجد کی بنیاد ڈالی۔ ۳۵۹ھ میں اس کی تعمیر شروع ہوئی اور ۳۶۱ھ میں انجام کو پہونچی۔ یہ ہی مسجد ہے جو آج جامع ازہر کے نام سے پکاری جاتی ہے۔ اُس زمانہ میں۔ اگرچہ تمام اسلامی ممالک میں تعلیم کو نہایت ترقی تھی لیکن اُسوقت تک خاص اس غرض کے لیئے مدرسوں کی تعمیر کا رواج نہیں ہوا تھا۔ ہر قسم کے علوم وفنون کی تعلیم مسجدوں میں ہوتی تھی۔ یعنی اُس زمانہ کے مدرسے یا دار العلوم جو کچھ کہو۔ جامع مسجدیں یا عام مساجد تھیں۔ اس قاعدہ کے لحاظ سے جامع ازھر کا قائم ہونا گویا ایک دار العلوم کا قائم ہونا تھا۔ چنانچہ اس کی طیاری کے تھوڑے ہی زمانہ کے بعد یعنی ۳۷۸ھ میں خلیفہ العزیز باللہ نے چند طالب العلموں کا وظیفہ مقرر کیا اور اُن کے لیئے مسجد سے متصل بورڈنگ کے طور پر مکانات بنوادیئے۔ ان طالب العلموں کی کل تعداد ۳۰ تھی۔ لیکن زمانہ مابعد میں اسکو روز افزوں ترقی ہوتی گئی۔ ۶۶۵ھ میں خاص تعلیم کی غرض سے امیر بیلبک نے مسجد میں ایک کمرہ طیار کرایا اور بہت سے مدرس مقرر کئے جو فقہ وحدیث وقران کی تعلیم دیں۔ ان مصارف کے لیئے بہت بڑی جائداد وقف کی جو مدت تک قائم رہی۔ ۷۶۱ھ میں اس کے متعلق ایک یتیم خانہ

قائم ہوا جس میں یتیم بچے قرآن مجید کی تعلیم پاتے تھے۔ اس کے ساتھ فقہ حنفی کی تعلیم کے لیے ایک خاص درس مقرر ہوا۔ اور ان مصارف کے لئے بہت سی جائدادیں وقف کی گئیں۔

رفتہ رفتہ یہ مسجد ایک عظیم الشان یونیورسٹی بن گئی۔ عراق۔ فارس۔ شام۔ مغرب تمام اطراف سے طلبا تعلیم کے لیے آتے تھے اور ہر قوم اور ہر گروہ کے لئے مسجد کے اوپر کی منزل میں الگ الگ قطعے بنے ہوئے تھے۔ یہاں تک کہ ۱۸۰۰ء میں ان طالب العلموں کی تعداد جو خاص مسجد میں بورڈرز کے طور پر سکونت رکھتے تھے ...، تک پہنچ گئی۔ اگرچہ یہ یونیورسٹی ایک مدت تک تعلیم کا مرکز رہی۔ اور اسمیں بھی شبہ نہیں کہ کسی زمانہ میں اس کی تعلیم بھی اعلیٰ درجہ کی تعلیم تھی۔ لیکن اس تقلیدی اثر نے جو کئی سو برس سے تمام مسلمانوں میں پھیل گیا ہے اس دارالعلوم کو بھی نہ چھوڑا اور ایک مدت سے اس کی یہ حالت ہوگئی ہے کہ تحقیق و ایجاد کا رستہ بالکل رک گیا ہے اور وہی بوسیدہ اور تقویم پارینہ کتابیں برابر درس میں چلی آتی ہیں جو زمانہ حال کی ضرورتوں سے مطلق مناسبت نہیں رکھتیں تعلیم سے زیادہ تربیت کی ابتری افسوس کے قابل ہے۔ لیکن اسکی تفصیل کی اس موقع پر ضرورت نہیں۔ میں اپنے سفرنامہ ٹرکی میں یہ حالات نہایت تفصیل سے لکھ چکا ہوں۔

جامع ازہر کی ابتری اگرچہ روشنضمیر لوگوں کو علانیہ محسوس ہوتی تھی۔ چنانچہ علی باشا مبارک ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم نے آج سے بہت پہلے اس کی اصلاح کی طرف توجہ کی تھی۔ لیکن چونکہ ازہر کے مدرسین کسیطرح کسی قسم کی اصلاح پر راضی نہیں ہوتے تھے اس کی درستی کی کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوتی تھی۔ ہمکو نہایت خوشی ہے کہ خدیو عباس پاشا جنے یورپ میں تعلیم پائی ہے اور ہر موقع پر تعلیم کی ترقی کی طرف نہایت توجہ ظاہر کی ہے۔ ازہر کی اصلاح کیطرف متوجہ ہوا۔ یہ عجیب حسن اتفاق ہے کہ یہ وہی زمانہ تھا جب ہمارے ہندوستان میں ندوۃ العلما کی بنیاد پڑی۔ گویا۔ خدیو کو ندوۃ العلما یا ندوۃ العلما کو خدیو سے توارد ہوا۔

خدیو نے ازہر کی اصلاح کے لیئے ایک خاص کمیٹی قائم کی اور مصر کے تمام بڑے بڑے نامور علما اسکے ممبر مقرر کیئے۔ اس کمیٹی کے امور ذیل کی اصلاح اور اس کے متعلق قواعد اور دستور العمل طیار کرنے کی خدمت سپرد کی گئی۔ درس کے قواعد مقرر کرنے۔ طالب العلموں کے مکانات کا سکونت کا انتظام کرنا۔ وظائف اور اسکالرشپ کا تقرر۔ امتحانات کے مختلف درجے قرار دینے سندوں کا عطا کرنا۔ ان امور کے علاوہ اسکو عام اختیار دیا گیا کہ جامع ازہر کی ترقی کے متعلق جو تجویزیں چاہیں پیش کریں۔ جو علما اس کمیٹی کے ممبر مقرر ہوے اُن کے نام حسب ذیل ہیں۔

شیخ سلیم بشری مالکی۔ شیخ عبدالرحمن شافعی۔ شیخ یوسف حنبلی۔ شیخ محمد عبدہ قاضی عدالتہائے ملکی شیخ عبدالکریم وکیل محکمۂ اخبارات سرکاری۔

پریسیڈنٹ شیخ حسونہ نووی مقرر کیئے گئے جو مصر کے مشہور عالم اور جامع ازہر کے وکیل المشایخ ہیں ان کی تنخواہ چھ سو روپیہ ماہوار ہے۔

شیخ حسونہ موصوف نے ممبروں کے اتفاق سے ایک مفصل دستورالعمل جس میں ۵۰ ریزولیوشن درج تھے منظوری کے لیئے جلسۂ وزراء میں پیش کیا۔ اور ان کی ذریعہ سے خدیو کے حضور میں پیش ہو کر جمادی الاولی ۱۳۱۳ھ کو منظور ہوا۔

افسوس ہے کہ یہ دستورالعمل پورا ابھی تک شایع نہیں ہوا۔ صرف امتحانات اور ڈگریوں کے دیئے جانیکے متعلق جو قواعد مقرر کیئے گئے۔ اُن کو مصر کے عربی اخبارات نے چھاپا ہے۔ چنانچہ اسکا انتخاب ہم بدفعات ذیل لکھتے ہیں۔

(۱) جو شخص زمرۂ علما میں داخل ہونے اور کتب درسیہ کے تعلیم دینے کی اجازت حاصل کرنی چاہے اسکو ضرور ہوگا کہ جامع ازہر کے شیخ (پرنسپل) کیخدمت میں ایک درخواست پیش کرے جس میں ظاہر کیا جائے کہ اسنے کم سے کم بارہ برس تک جامع ازہر میں تعلیم پائی ہے۔ اور گیارہ علموں یعنی اُصول فقہ

-فقہ-نحو-صرف-تفسیر-حدیث-معانی بلاغت وغیرہ کی کتب درسیہ ختم کرچکا ہے-

(۲) اس درخوست کے گذرنے پر حکم ہوگا کہ وہ اُن علما کی جن سے اُسنے کتب درسیہ پڑہی ہیں اس مضمون کی شہادت تحریری پیش کرے کہ اسنے وہ کتابیں ان سے پڑہی ہیں- نیز اسبات کی کہ اسکا چال چلن قابل اطمینان رہا ہے-

(۳) شہادت کے پیش ہونے پر- شیخ ازہر- ممتحنوں کا ایک کورم مقرر کریگا جس میں دو حنفی عالم- و شافعی- دو مالکی- ممبر مقرر ہوں گے-

(۴) امتحان کا دستور العمل خود شیخ ازہر مرتب کرکے ممتحنوں کو حوالہ کریگا- اور سمیں علاوہ اور مراتب کے مقام امتحان اور وقت- اور مضامین امتحان کا تعین ہوگا-

(۵) درخوست دہندہ کو امتحان کی طیاری کے لیئے- دس دن کی مہلت دیجائیگی-

(۶) امتحان کے تین درجے قرار دیئے جائینگے- اول- دوم- سوم- جو شخص ان تمام گیارہ علموں میں جنکا ذکر اوپر گذرچکا- کافی نمبر حاصل کریگا اسکو درجہ اول کی سند دیجائیگی- جسنے صرف ۹ علوم میں نمبر حاصل کئے ہیں درجہ دوم میں- اور جسنے ۸ علوم مین نمبر حاصل کیئے ہوں- درجہ سوم میں کامیاب سمجھا جائیگا- لیکن یہ ہر حالت میں ضرور ہے کہ اسکو اور باقی علوم میں معمولی لیاقت حاصل ہو

(۷) امتحانات کے بعد ہر امیدوار کو جس درجہ کی ڈگری ملی ہے- اسکے مناسب- درس اور تعلیم دینے کی اجازت ہوگی- اور اسکا باضابطہ اعلان کیا جائیگا-

(۸) امیدواروں کے نتائج امتحان- خدیو کے حضور میں پیش ہونگے اور خدیو کے حضور سے انکو ڈگریاں عطا ہوں گی-

(۹) درجہ اول کے کامیاب امیدواروں کو خدیو کی طرف سے اعزازی عبا- عنایت ہوگی (یہ عبا- ہمارے یہاں کے گون کے مشابہ ہے)-

(۱۰) جو شخص تین درجوں میں کسی درجہ میں پاس نہوگا۔ اسکو دو برس کی مہلت دیجائیگی۔ اور
اس مدت کے گذرنے پر اسکا دوبارہ امتحان لیا جائیگا۔ اس امتحان میں بھی اگر ناکامیاب ہوگا تو
ایک برس کی اور مہلت دی جائیگی۔ اور اگر تیسری دفعہ بھی وہ امتحان میں ناکامیاب ہوگا تو پھر
اسکو کبھی امتحان کی اجازت نہ دیجائیگی۔

یہ قواعد۔ اگرچہ فائدے سے خالی نہیں ہیں۔ کیونکہ جہاں کسی طرح کی ترتیب اور انتظام نہ تھا۔ وہاں
اسقدر ہونا بھی غنیمت ہے۔ اور امید ہے کہ رفتہ رفتہ اسکو زیادہ ترقی ہو۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ جو علوم
درس میں داخل کیے گئے ہیں۔ وہی پرانے علوم ہیں۔ علوم جدیدہ میں سے کوئی علم اور کوئی فن
امتحان میں داخل نہیں کیا گیا ہے۔ تاہم اس میں شبہ نہیں کہ خدیو کا ارادہ۔ علوم جدیدہ کی ترقی
دینے کا ہے۔ جسکی بڑی دلیل یہ ہے کہ خدیو نے اسی سرکلر میں یہ بھی حکم دیا ہے کہ جو امیدوار۔ علوم دینیہ
کے سوا۔ اور علوم مثلاً جغرافیہ۔ جبر مقابلہ وغیرہ میں دخل رکھتے ہونگے۔ انکو درجہ اول کے سند یافتہ
لوگوں پر ترجیح دیجائیگی۔

حقیقت یہ ہے کہ ازہر کے علما اب تک ملک میں بڑا اقتدار اور اثر رکھتے ہیں۔ اسلیے دفعۃً ان کے
خیالات کی مخالفت نہیں کی جاسکتی۔ لیکن چونکہ والی ملک یعنی خدیو عباس پاشا۔ ایک روشن ضمیر
اور تعلیم یافتہ شخص ہے۔ اس کے ساتھ زمانہ جو خیر المودبین ہے۔ علما کے گروہ میں بھی اپنا اثر پھیلاتا
جاتا ہے۔ ہمکو پوری امید ہے کہ ایک دن جامع ازہر کی قسمت پلٹا یگی۔ اور یہی پرانا درسگاہ جو اب
ملایانہ مکتب سے کچھ زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔ کسیدن کیمبرج اور اکسفورڈ کے پہلو بہ پہلو چلیگا۔

(شبلی نعمانی)

سرسید اور ان کے معزز رفقا کا مختصر سفر پنجاب میں "

۲۰۔ فروری کو ایک بجے دن کے قصد اذل بزرگ بمبئی میل میں سوار ہوکر دہلی اور انبالہ ہوکر پنجاب جانے

کے لیئے روانہ ہوئے۔

(۱) عالیجناب سر سید احمد خاں بہادر۔ ال۔ ال۔ ڈی بالقابہ۔

(۲) نواب محسن الدولہ محسن الملک مولوی سید مہدی علی خاں بہادر۔

(۳) آنریبل حاجی اسمعیل خاں صاحب رئیس دتاؤلی ممبر آف دی پراونسیل لیجسلیٹو کونسل برائے وضع قانون۔

(۴) شمس العلما مولانا شبلی نعمانی پروفیسر عربی مدرستہ العلوم۔

سٹیشن پر جناب نواب وقار الملک مولوی مشتاق حسین صاحب۔ انکے صاحبزادے محمد احمد اسکوائر بیرسٹرایٹ لا۔ صاحبزادہ آفتاب احمد خانصاحب بیرسٹرایٹ لا۔ مولوی سید کرامت حسین پروفیسر قانون مدرستہ العلوم۔ بیرسٹرایٹ لا۔ اور متعدد طلبا اور افسران کالج اس معزز جماعت کے رخصت کرنے کے لیئے موجود تھے۔ مگر آخر ریل کی گھنٹی بجی۔ یہ تو نہیں کہہ سکتے کہ جرس فریاد می دارد کہ بربندید محملہا۔ کیونکہ یہاں اب اونٹوں پر سفر نہیں ہوتا مگر بربندید بستہا کا غل ضرور بلند ہوا۔ یہ سب سافر رزرو ڈ یعنے مخصوص گاڑی میں بیٹھے۔ ریل نے سیٹی دی اور جنگل و بیابان یا یہ کہنا چاہیئے کہ وہ زرخیز و شاداب میں جو جمنا اور گنگا کے درمیاں ہے اسکو چشم زدن مین طے کرتے ہوئے غازی آباد اور پھر ۸ بجے سے کچھ پہلے دہلی پہنچ گئے۔ یہاں پر یہ سچ ہے کہ مسلمانوں کا کوئی بڑا ہجوم نہ تھا مگر پھر بھی پندرہ بیس معزز اور شریف مسلمان دہلی کے سٹیشن پر موجود تھے تاکہ ان چند منٹوں میں سید صاحب اور اُن کے رفقا کی ملاقات سے بہرہ یاب ہوں۔ منجملہ اُنکے نواب احمد سعید خاں صاحب جو مشہور و معروف نواب ضیاء الدین احمد خاں رئیس لوہارو کے بیٹے ہیں اور کرم اللہ خاں صاحب۔ غلام محمد حسن خاں صاحب۔ بی۔ اے۔ عنایت اللہ صاحب۔ بی۔ اے۔ حکیم اجمل خاں صاحب اور دیگر رؤسا دہلی موجود تھے۔ چند منٹ کے بعد حسب معمول ریل روانہ ہوئی

اور مغرب کے وقت بم کے گولوں کے شور اور طلبا پانی پت کے چیرز کے شور میں پانی پت کے چھوٹے سے سٹیشن میں داخل ہوئے۔ پانی پت کے سٹیشن پر کئی سو شرفا اور بزرگان پانی پت استقبال کے لیئے موجود تھے۔ اور بہت تپاک اور گرموشی سے سید صاحب اور نواب محسن الملک بہادر۔ اور مولانا شبلی سے ملتے تھے بہشیار طلبا مدرسہ صفیں باندہے ہوئے سٹیشن پر کھڑے ہوئے تھے اور بار بار چیرز دیتے جاتے تہے۔ اسوقت پانی پت کے بہت سے شرفا اسی ریل میں سوار ہو کر اس جماعت کے ساتھ کرنال کو روانہ ہو گئے۔ منجملہ اُن کے خواجہ صفدر حسین صاحب۔ خواجہ غلام عباس صاحب پیرجی محمد حسن صاحب۔ چودہری ریاست علی خاں صاحب۔ خواجہ غلام الحسنین صاحب۔ مولوی وحیدالدین صاحب۔ غلام باری صاحب۔ بی۔ اے۔ ال۔ ال بی۔ سابق طالب علم مدرستہ العلوم۔ چودہری ممتاز حسین۔ سابق طالب علم مدرستہ العلوم۔ اور چودہری ہدایت علیخاں۔ علاوہ ان کے دیگر شرفا اور بزرگ شامل تھے۔ جو چند منٹ ریل بابہر ٹہیری اسمیں لوگ سید صاحب اور نواب محسن الملک کو دیکھتے تھے اور سب مصافحہ کرنا چاہتے تھے۔ مگر ظاہر کہ بہت کم شخص اس ہجوم میں کامیاب ہو سکتے تھے۔

الغرض ریل پانی پت کے سٹیشن سے روانہ ہو کر ایک گھنٹہ سے کم عرصہ میں جب کہ رات کا اندہیرا دن کی روشنی پر پوری طرح غالب آگیا تہا کرنال کے سٹیشن میں داخل ہوئی۔ یہاں بہی مستقبلین کا خاصا بڑا گروہ تہا اور پانی پت کیطرح اس معزز جماعت پر پہولوں کا مینہ برسایا گیا۔ گو یہ پہول بوجہ موسم کے نہایت مشکل سے کئے دن میں فراہم ہوے تھے۔ تاہم حاضرین کا مجمع بہ نسبت پانی پت کے یہاں کم تہا۔ مگر چونکہ وقت اندھیرے کا تہا اور جسقدر لوگ موجود تھے وہ سید صاحب اور اُن کے رفقا کو بیچ میں گہیرے ہوئے تہے۔ اسلیئے جہاں تک نظر کام کرتی تھی آدمی ہی آدمی نظر آتے تھے۔ سب سے بڑی بات تہی کہ یہاں جناب مولانا مولوی خواجہ الطاف حسین صاحب حالی

ہندوستان کے بے مثل مصنف اور شاعر اور ان کے بیٹے خواجہ سجاد حسین۔ بی۔ اے۔ اولڈ مدرستہ العلوم ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس ضلع کرنال و پانی پت استقبال و مدارات کے انتظام میں مصروف تھے وہ اس معزز جماعت سے ملے۔ سب سے پہلے خان بہادر سید الطاف حسین صاحب پریسیڈنٹ کرنال میونسپلٹی۔ آنریری مجسٹریٹ درجۂ اول اور سابق ڈپٹی کلکٹر کو سید صاحب سے متعرف کیا گیا۔ کیونکہ جو اشتہار سید صاحب کے خیر مقدم میں اور لوگوں کو انکے آنے سے مطلع کرنے کے لیئے دیا گیا تہا وہ آپ ہی کی طرف سے تہا۔ کرنال میں یہ معزز جماعت سوار ہو کر نواب عمر دراز علیخاں اور نواب رستم علیخاں صاحبان کے مکلف مکانات میں تشریف لے گئے جہاں ان کے آرام کا ہر طرح بندوبست کیا گیا تھا۔ یہ دونوں نواب صاحبان اس معزز جماعت کے میزبان تھے اور انہوں نے جہانتک ان سے ہوسکتا تھا ان کے آرام دینے اور اس معزز جماعت کو نہایت لطیف اور عمدہ کہانے کہلانے میں کوئی دقیقہ باقی نہیں رکھا۔ کہانے ایسے عمدہ پکتے تھے کہ سید صاحب آج تک اُن کی تعریف کرتے ہیں۔ غرض سب صاحبان مولانا حالی و خواجہ سجاد حسین اور قاضی محمد زاہد سابق طالب علم مدرستہ العلوم یہاں آئے اور کچھ عرصہ تک پانی پت کے مختلف صاحبان ان بزرگوں کی زیارت کرنے آتے رہے۔ خستہ کار سب صاحبان رخصت ہوئے اور اس پارٹی نے رات کو آرام کیا۔

اب کہ یہ معزز پارٹی آرام کر رہی ہے میں ایک لحظہ توقف کرتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ ان سب کے پانی پت اور کرنال آنے کی کیا وجہ ہے۔ شاید یہ سمجھا جائے کہ سیر و تفریح انکو یہاں لائی۔ یا ان ذی علم آدمیوں کو جغرافیہ کی تحقیقات کا شوق تہا اسلیئے یہاں آنا ہی انہوں نے ضروری خیال کیا۔ یا یہ کہ قوم کے پُرانے خاندانوں اور ویران قصبوں کی دلچسپ مگر تباہ اور مفلس زندگی کا تجربہ کرنے کیلیئے یہ پارٹی تشریف لائی۔ ان میں سے بہی شاید کوئی وجہ ہو مگر ظاہراً تو اس قیام کا باعث صرف نواب محسن الملک اور مولانا حالی ہیں۔ اگر بے ادبی نہوتی تو یہ کہا جاتا کہ ؎ ای باد صبا ایں ہمہ آوردۂ تست

مگر ہم کہتے ہیں کہ یہ دونوں بزرگ اس پارٹی کے کرنال و پانی پت میں آنے کی ممد و معاون ہیں۔ اس معنی کی تشریح یہ ہے۔

جب نواب محسن الملک بہادر نے خود انجمن حمایت اسلام کی دعوت قبول کرنیکا ارادہ کیا اور عالیجناب سید صاحب نے بھی اس خیال سے کہ لوگوں کو یہ خیال نہ رہے کہ وہ کسی قومی تحریک کے مخالف ہیں اور یہ غلط خیال دور ہو جاوے انجمن حمایت اسلام سے انکو ناراضی ہے اور نیز پاس خاطر نواب محسن الملک بہادر انہوں نے لاہور جانیکا ارادہ کیا اسوقت نواب محسن الملک بہادر نے مولانا حالی کو لکھا کہ آپ کا وطن چونکہ رستہ میں ہے اسلیے میں اور سید صاحب چاہتے ہیں کہ ۲۴ گھنٹے وہاں قیام کریں اور آپکے پاس رہنے اور آپسے ملنے کی عزت اور خوشی حاصل کریں۔

پانی پت چونکہ ایک غریب قصبہ ہے اور وہاں ایسی گاڑیاں ملنی مشکل ہیں جن سے سید صاحب کو تکلیف نہ ہو اسلیے انکو شاید کرنال سے ایسی گاڑی منگانے کی ضرورت ہوئی۔ کیونکہ اگرچہ کرنال بہ نسبت پانی پت کے بہت چھوٹا ہے اور پرانے خاندان اور مسلمانان سلف کی یادگار نسلیں بھی بمقابلہ پانی پت کے وہاں گویا بالکل نہیں ہیں مگر وہ صدر مقام ضلع کا ہے اور دو ایک رئیس بھی وہاں ہیں اسلیے یہ خیال پیدا ہوا کہ سید صاحب کو کرنال میں زیادہ آرام ہوگا۔ ساتھ ہی اس کے مولانا حالی اور خواجہ سجاد حسین۔ بی۔ اے۔ اور نیز اُن چند طلبا مدرسۃ العلوم جنکا پانی پت وطن ہے خیال پیدا ہوا کہ افسوس ہوگا کہ اگر سر سید اور نواب محسن الملک آئیں اور اس ضلع سے کچھ چندہ کالج کے لیے نہ دیا جائے۔ سب نے اسکا چرچا کیا اور چند معزز عہدہ داران کو ساتھ لیکر مسٹر ای آگینو بہادر ڈپٹی کمشنر کرنال کے پاس گئے۔ انہوں نے اس امر کو بہت پسند کیا اور خود بھی چندہ دیا اور اپنے وارڈ کیطرف سے چندہ دیا۔ یہ دیکھکر ضلع کے دیگر عہدہ داران نے بھی جو سر سید کے مساعی کے نہایت مداح ہیں بہت تھے کوشش کی۔ مولانا حالی اور خواجہ سجاد حسین اور دیگر طلبا مدرسۃ العلوم

چودہری ممتاز حسین اور قاضی محمد زاہد اور باقی نیک دل شرفانے چاروں طرف سے چندہ مانگنا شروع کیا۔ غرض ایک معقول تعداد چندہ کی اس غریب ضلع سے جمع کی اور عالیجناب سید صاحب کو اس امر سے مطلع کیا کہ مولانا حالی بہی چند روز سے کرنال تشریف لے آئے ہیں آپ ہی آئیں کیونکہ ڈپٹی کمشنر صاحب بہی آپ سے ملنا اور جلسہ میں شریک ہونا چاہتے ہیں۔

یہاں سر سید اس اثنا میں زیادہ علیل ہو گئے اور یہ خیال پیدا ہوا کہ شاید وہ نہ جا سکیں مگر یہ خیال سید صاحب کے اُصول سے ناواقفیت ہونے پر مبنی تھا۔ اس خط کے آنے سے انکا ارادہ مصمم تو تہا ہی اور بہی زیادہ مستقل ہو گیا اور گو ڈاکٹر نے بہی انکا جانا پسند نہ کیا مگر وہ روانہ ہو گئے چنانچہ میں ابہی انکو کرنال میں آرام کرتا چھوڑ چکا ہوں۔

اب ۱۲۔ فروری کو صبح کے وقت سید صاحب مع خواجہ سجاد حسین کے ڈپٹی کمشنر صاحب سے ملنے گئے اور لوٹتے ہوئے خان بہادر ڈپٹی الطاف حسین کے ہاں بہی ٹہیرے۔ واپس آئے تو شرفار پانی پت کا ایک گروہ اپنے اور باقی بزرگوں سے خصوصاً نواب محسن الملک بہادر سے ملنے کے لیئے آیا۔ جب تک آدمی تہوڑے سے تہے اُسوقت تک نواب صاحب سب سے اچہی طرح ملتی رہے مگر سید کے واپس تشریف لانے پر جب ہجوم زیادہ ہو گیا تو نہ کوئی کسی سے مصافحہ کر سکا۔ اور نہ ملاقات۔ نہ باتیں۔ وجہ اسکی زیادہ تر یہ تہی کہ سید صاحب کی طبیعت علیل تہی اس لیئے باقی اصحاب پارٹی کے بہی خاموش تھے۔

غرض یہ لوگ جو اس توقع سے بہت دور سے آئے تہے کہ اپنے بڑے آدمیوں سے ملیں گے باتیں کرینگے اور محظوظ ہوں گے مگر یہ سب بزرگ خاموش آئے اور خاموش چلے گئے۔ مگر یہ بہی آخر اپنے قصبہ اور اپنے اپنے محلہ کے سرگروہ اور معززین تہے اور اپنے مختصر دائرے سے قدم باہر کبہی انہوں نے نہ نکالا تہا اور وہ پورے طور پر نہ جانتے تہے کہ یہ بزرگ کیسے جلیل القدر لوگ ہیں۔

اور انہوں نے کیسے بڑے بڑے کام کئے ہیں کہ انکا دیکھہ لینا ہی عزت ہے۔ علاوہ اس کے وہ تھکے ماندے بہی ہیں۔

مگر حقیقت یہ ہے کہ پنجاب خاص کیطرح یہاں کے باشندے اس جماعت کو معزز سمجھتے تھے اور قومی خیرخواہ اور سردار بہی دبیسے طور پر انکو کچھہ کچھہ سمجھنے لگے تھے۔ مگر پنجاب خاص کے باشندوں کیطرح وہ ابہی تک سید صاحب کے اثر سے متاثر نہیں ہوے تہے۔ اسلئے اُنکو ناگوار ضرور ہوا کہ ہمنے چندہ دیئے۔ ملنے آئے اور پہر ایشیائی تپاک سے ہم سے ملاقات ہی نہیں ہوئی۔ یہ بات حقیقت میں افسوس کے قابل تھی کہ اُن لوگوں کی دلشکنی ہوئی اور انسے ملاقات زیادہ تپاک سے نہوئی۔ مگر اس میں انکا ہی قصور ہے اگر انہوں نے اس چہوٹی سی بات کو اہم سمجھا۔ خیر یہ تو جملہ معترضہ تھا۔

۹ بجے دن کے ۲۱۔ فروری کو نواب صاحبان کے ایک خوبصورت اور وسیع مکان میں اجلاس ہوا جسمیں جناب ڈپٹی کمشنر صاحب بہادر کرنال کے اکثر معززین وعہدہ دار اور بہت سے بزرگان پانی پت سوض ایک ہزار آدمیوں کے قریب جمع تھے۔ اور یہ سب ان بزرگوں کے دیکھنے اور تقریر سننے کے مشتاق معلوم ہوتے تہے۔

ایک صاحب نے پیش کیا اور خواجہ سجاد حسین نے تائید کی کہ خان بہادر سید الطاف حسین صاحب کے صدر انجمن ہوں اور صدر کرسی پر جاکر انہوں نے حاضرین کا شکریہ اور اس معزز جماعت کی تعریف وخیر مقدم میں مختصر تقریر کی۔ پہر جناب مولانا خواجہ الطاف حسین صاحب حالی نے ایک ایڈریس ضلع کرنال کے باشندوں کی طرف سے پڑہا۔ اس ایڈریس کی عبارت اور خیالات بلحاظ بندش الفاظ اور متانت بیان کے نہایت اعلیٰ اور عمدہ تہی۔ اور افسوس ہے کہ آج تک اسکو طبع نہیں کیا گیا بعد میں جناب سید صاحب نے کہڑے ہوکر باوجود علالت اور ضعف کے نہایت فصیح اور متین اور پرجوش تقریر کی جسکو قاضی محتشم الدین صاحب تحصیلدار کیتہل اور چودہری ممتاز حسین نے لفظ بلفظ لکھا۔ مگر

افسوس ہے کہ آواز سید صاحب کی ایسی دہیمی تھی کہ شاید گرد کے پچاس ساٹھ آدمیوں سے زیادہ نہ سن سکتے تھے۔ اور یہ تقریر حاضرین کے فہم سے کسیقدر بالا بھی تھی اور وہ اسکے مطلب کو سمجھ نہ سکتے تھے۔ جواب میں مولانا حالی نے پڑھا وہ بھی ایسی آواز سے پڑھا تھا کہ کم آدمیوں نے اسکو سنا۔ اسکے بعد نواب محسن الملک بہادر نے اپنی معمولی طلاقت و فصاحت سے نہایت ظرافت آمیز تقریر کی۔ انکا بولنا گویا ایک دریا کی روانی ہوتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر صاحب نے جو اردو بہت صاف سمجھتے ہیں کہا کہ ان کی تقریر سے انکو مسٹر گلیڈسٹن کا بولنا یاد آگیا۔ مگر اس سپیچ پر بھی یہ اعتراض کیا گیا کہ مقصد سے کسیقدر رہی ہوئی تھی اور اسوقت کے زیادہ مناسب تھی۔ بہرحال جیسا نواب محسن الملک نے فرمایا۔

مرا جا شد خرم را نیز جا شد ۔۔۔ زن دہقاں بزائید یا نزائد

پانی پت اور کرنال اور کیتھل کیطرف سے تین تھیلیاں قریبا تین ہزار تین سو روپیہ کے سید صاحب کیخدمت میں پیش ہوئیں اور خواجہ سجاد حسین نے پیش کرتے وقت اُن کے متعلق گفتگو کی۔ پھر مدرسۃ العلوم کے ایک گریجویٹ نے چیدہ اور مختصر الفاظ میں ڈپٹی کمشنر صاحب کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس جلسہ کی کامیابی کے زیادہ تر باعث وہی ہیں اور یہ بھی بیان کیا کہ اشاعت تعلیم مدد دینا ایک نہایت اعلیٰ اور عمدہ یادگار انگریزی حکومت کی ہندوستان میں باقی رہیگی۔

۵ بجے کے قریب جلسہ برخاست ہوا۔ سید صاحب اور اُن کے رفقا سٹیشن پر تشریف لائے۔ رات کو وہاں آرام کیا کیونکہ اگر شام کو روانہ ہوتے تو نہایت سویرے لاہور پہونچتے۔ اس وقت انجمن حمایت اسلام استقبال کا بندوبست نہ کرسکتی تہی اور لوگوں کو بہی تکلیف ہوتی اس لیئے انکا ٹھیرنا مانگر مجبوراً ۲۲۔ فروری کی صبح کو لاہور روانہ ہوئے۔ رستہ میں بہت سے سٹیشن طے کرتے ہوئے پہلور پہونچے۔ وہاں ایک معقول مجمع "زندہ دلان پنجاب" کا خیر مقدم کے لیئے موجود تھا۔

(بروز ۲۲ فروری)

میں یہ بات بہول گیا کہ کرنال میں ۲۱ - کی صبح کو غلام نیاز خاں صاحب وکیل رئیس جالندہر آ گئے تہے اور اُنہوں نے تار دیکر بہلے ہیں کہانے کا بندوبست کرایا تہا۔ غرض دوپہر کا کہانا وہاں کہایا۔ پہر لدہیانہ۔ جالندہر۔ امرتسر۔ کو گذرتے ہوئے اور ہر سٹیشن پر استقبال کرنے والوں کو چہوڑتے ہوئے مگر ہر سٹیشن سے بہت سے لوگوں کو جو اس جماعت کے دیکہنے اور نواب محسن الملک کی تقریر سُننے کے لیئے حمایت اسلام کے جلسہ میں لاہور جا رہے تہے۔ سوار کرتی ہوئی ۲۲ - فروری کو ۴ بجے شام کے پہولوں کی بوچہاڑ اور استقبال کرنے والے آدمیوں کے ہجوم اور چیرز کے غل و شور میں لاہور کے بڑے سٹیشن میں ریل داخل ہوئی۔

سنه ۱۸۹۳ع میں تعلیمی مردم شماری کا کام شروع ہوا اور ۹۳۹ ایسے والدین کے نام دریافت ہوئے جو اپنے بچوں کی تعلیم میں غفلت کرتے تھے - سال گذشتہ میں ۳۳۷ اور نام اس فہرست میں اضافہ ہوئے — جن مقامات میں یہہ مردم شماری کی گئی وہ پنجاب — ممالک مغربی وشمالی اور ممالک متوسطہ میں واقع ہیں — اسی طرح اب ہمارے پاس ۱۲۷۶ والدین کے نام موجود ہیں جو اپنی بے توجہی سے اپنی اولاد کو تعلیم نہیں دیتے - اُن لوگوں پر اثر ڈالنے کی غرض سے ہم نے اُن کے پاس خطوط روانہ کیئے ہیں *

نصیحت مسلمان لڑکوں کے ماباپ کو

ایجوکیشنل کانفرنس کو نہایت افسوس اس امر کے دریافت کرنے سے ہوا کہ آپ اپنی اولاد کو انگریزی تعلیم سے بے بہرہ رکھتے ہیں — ایجوکیشنل کانفرنس باصرار آپ سے تعلیم دینے کے لیئے کہتی ہی ایک تو اس خیال سے کہ آپ کی اولاد ایک اچھے مرتبہ پر پہونچے دوسرے یہہ کہ مسلمانوں کی قوم جہالت اور ذلت سے بچے ہندوستانی کوئی اعلی عہدہ گورنمنٹ کی ملازمت میں یا قانونی - میڈیکل اور انجنیرنگ پیشوں میں بجز انگریزی تعلیم کے حاصل کرنے کے نہیں پا سکتے اگر آپ یہہ بات چاہتے ہیں کہ آپ کی اولاد دنیا میں کامراں رہے تو سب سے ضروری چیز اُس کے لیئے انگریزی تعلیم ہی *

جو رقم آپ اس وقت اس میں صرف کرینگے اُس سے دس گنی کچھہ عرصہ کے بعد آپ حاصل کرسکتے ہیں *

مسلمانوں کی قوم تعلیم میں ہندوستان کی اور سب قوموں سے بہت پیچھے ہی اُس نقصان دہ غفلت کی وجہہ سے مسلمان باعتبار عزت دولت اور تہذیب کے اور قوموں کے مقابلہ میں ہم پلہ نہیں ہوتے *

سو طلبہ میں سے جو کسی کالج میں تعلیم پاتے ہیں صرف چھ مسلمان ہیں *

اگر یہی حالت رہی تو مسلمان روز بروز ہندوستان کی اور قوموں کے مقابلہ میں گرتے جائینگے *

خاندان موجود ہیں جو اگرچہ غریب ہوگئے ہیں لیکن اپنے بزرگوں کی
عمدہ باتیں اور شرافت آبائی ابھی تک اپنے میں رکھتے ہیں وہ اس
لایق ہیں کہ اُنکی حالت کو بہتر کیا جاے اور اُنکی وہ بیش
قیمت باتیں اور خیالات جو اُن کے خاندانی ہیں محفوظ رکہے جاویں
لیکن اگر آپ نے موجودہ نسل کی طرف سے غفلت کی تو پھر ترقی کا وقت
نہ رہیگا ـ مسلمان تعلیم کے نہ ہونے سے ذلیل ہوکر نیچ قوموں کی طرح
رہ جائینگے اور جو قابلیت ترقی کی ہی وہ مفقود ہوجائیگی چنانچہ
ہندوستان کے بعض حصوں میں یہہ حالت پیش آچکی ہی — ان
اضلاع ہندوستان میں بس یہی نسل ہی جس کی تعلیم میں آپ کو
مصروف ہونا چاہیئے ـ بیس یا تیس برس ہیں جس کے بعد آپ کو
اپنی تقدیر کا فیصلہ معلوم ہوجائیگا اگر تم اس مدد سے فائدہ اوٹھاؤ
تو تم ہندوستان کی اور قوموں میں معزز درجہ حاصل کروگے اگر تم اس
قیمتی زمانہ کو ضایع کردوگے تو تمہاری اولاد کو اُس کام کے پورا کرنے کا
موقع نہ ملیگا جس کو اب تم کرسکتے ہو بشرطیکہ ضروری مستعدی اور
ایثار کو کام میں لاؤ *

مذکورہ بالا حالت کی درستی کے لیئے دوسال ہوئے یہہ تجویز ہوا
تھا کہ ایک تعلیمی مردم شماری کی جاے جس سے دریافت ہو کہ آیا
مذہبی تعصب یا غفلت یا افلاس مسلمان طلبہ کی کمی تعداد کا
باعث ہی وہ مردم شماری اکثر جگہہ کی گئی اور یہہ پورے طور سے
ثابت ہوگیا کہ بہت سے مسلمان والدین اپنی اولاد کو صرف غفلت
ہی کی وجہہ سے تعلیم نہیں دیتے اس لیئے ضرور ہی کہ ہم براہ راست
ان لوگوں پر اثر ڈالیں اور اُن کو اپنی اولاد کو مدرسہ بھیجنے کی
ترغیب دیں یہاں جمع ہونے اور اُن لوگوں کو تعلیم کے فوائد پر جو کہ
پہلے سے ہمارے ہم راے ہیں لکچر دینے سے یا اخباروں میں مضمون
لکھنے سے ہم اُن لوگوں پر کچھہ اثر نہیں ڈال سکتے جو نہ یہاں آتے
ہیں نہ اخبار پڑھتے ہیں — پادری لوگ جن کا کام اشاعت مذہب
عیسوی ہی صرف یکجا جمع نہیں ہوتے بلکہ وہ خود اُن لوگوں کے پاس
جاتے ہیں اور گفتگو کرتے ہیں جنپر اثر ڈالنا اُنہیں مقصود ہوتا ہی
اسی طرح ہم کو بھی اُن غفلت کرنیوالے والدین کو معلوم کرانا چاہیئے اور
اُن پر اثر ڈالنے کی کوشش کرنا چاہیئے *

ان اعداد سے ظاہر ہوتا ہی کہ کوئی ترقی نہیں ہوئی - بعض احاطہ نے ممالک مغربی و شمالی میں بجائے ترقی کے تنزل ہوا *

پرائمری اسکولوں میں سنہ ۸۷ — ۱۸۸۶ع میں اوسط ۸ء۱۳ فی صدی تھا اور سنہ ۹۲ — ۱۸۹۱ع میں صرف ۸ء۱۳ — ممالک مغربی وشمالی کے سنہ ۱۸۸۶ع کے امتحان انٹرنس میں جس قدر طلبہ پاس ہوئے اُن میں مسلمان ۲ء۱۷ فی صدی تھے اور سنہ ۱۸۹۱ع میں اوسط صرف ۱۵ فی صدی تھا *

جو کچھہ ترقی مسلمانوں سے ظاہر ہوتی ہی وہ اعلی تعلیم میں کسیقدر ہی — کالج میں مسلمان طالب علموں کی تعداد فی صدی ۳ء۱۳ سے جو سنہ ۸۷ - ۱۸۸۶ع میں تھی ۹ء۱۵ تک جو سنہ ۹۲-۱۸۹۱ع میں ہوئی بڑھگئی *

ممالک مغربی وشمالی میں یہ نسبت ۳ء۱۳ سے جو سنہ ۸۷-۱۸۸۶ع میں تھی ۱۹ تک جو سنہ ۹۲ - ۱۸۹۱ع میں تھی بڑھگئی — اور پنجاب میں ۴ء۱۷ سے ۲ء۱۸ تک ترقی ہوئی *

آپ نے دیکھا ہوگا کہ ممالک مغربی وشمالی میں کالج کے طالب علموں کی تعدادی نسبت قریب قریب وہی ہوگئی ہی جو اسکولوں کے طلبہ کی ہی *

یہہ صاف ظاہر ہی کہ کالج میں طالب علموں کی تعداد اسکول کے طالب علموں کی تعداد سے زیادہ نہیں بڑہ سکتی اس لئے اگر ممالک مغربی وشمالی میں اسکولوں میں طلبہ کی ترقی نہ ہوئی تو کالج میں بھی تعداد ایسی حالت میں رہیگی جس سے ترقی ظاہر نہ ہوگی *

یہہ نتیجے جو میں نے آپ کے سامنے بیان کیا اُن کو سنکر آپ کو خوشی ہوسکتی ہی ؟ کیا یہہ تعلیم میں سالہا سال کی کوشش کے بعد یہہ بات اطمینان دے سکتی ہی کہ مدارس میں مسلمان لڑکوں کی تعداد میں کسی طرح کی ترقی ثابت نہیں ؟ میں اس حالت کو افسوس کے قابل سمجھتا ہوں - اگر یہی حالت رہی تو مسلمانوں کی ترقی کی اُمید نہیں ہوسکتی اُنکی قوم اقتدار دولت اور عزت میں بمقابل دیگر اقوام ہند کم ہوتی جائیگی - آپکو اب ہوشیار ہونا چاہیئے ایسا نہو کہ وقت گذر جائے آپ میں ابھی تک بہت سے ایسے اچھے

صاحب نے کانفرنس کا انتتاح کیا تھا تو اب کے اُسکو ختم کیا رات کو
کالج فونڈیشن ڈنر ہوا ۔ جو نہایت خوبی اور لطف کے ساتھ
سر انجام پایا *

راقـــــــم
عبدالحق ۔ طالب علم مدرسۃالعلوم مسلمانان
علی گڈہ

رپورٹ ایجو کیشنل سینسز

جو مسٹر تھیو ڈور بیک سکرٹری نے محمدن ایجو کیشنل کانفرنس کے اجلاس میں پیش کی

---

۲۸ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ع

جناب مسٹر پریسیڈنٹ اور دیگر حاضرین جلسہ —

میں اِس وقت آپکے سامنے محمدن ایجو کیشنل کانفرنس کے صدمہ مردم شماری میں جو کام ہوا ہی اُس کی کیفیت پیش کرتا ہوں — اِس تعلیمی مردم شماری کا مقصد یہہ ہی کہ مسلمان طلبہ کا اوسط فی صدی جو انگریزی پڑھنے میں بڑہ جاے *

گورنمنٹ ہندوستان ایک پانچ سالہ رپورٹ تعلیم کی شایع کرتی ہی اُسکی اخیر جلد میں جو اوسط مسلمان طلبا کا دیا ہوا ہی اُس سے ظاہر ہوتا ہی کہ گذشتہ پانچ سال میں اُس کی تعداد میں کچھہ ترقی نہیں ہوئی — سنہ ۸۷ – ۱۸۸۶ع میں مسلمانوں کا اوسط فی صدی جو کل ہندوستان کی سیکنڈری اسکولوں میں پڑھتے تھے ۷ء۱۳ تھا ۔ سنہ ۹۲ – ۱۸۹۱ع میں ۱۳ تھا ممالک مغربی وشمالی میں سنہ ۸۷ – ۱۸۸۶ ع میں ۶ء۲۱ اور سنہ ۹۲ – ۱۸۹۱ ع میں ۹ء۲۲ — پنجاب میں سنہ ۸۷ — ۱۸۸۶ع میں ۴ء۳۱ تھا اور سنہ ۹۲ — ۱۸۹۱ع میں ۱ء۳۳ *

یافتہ نوجوانوں کو کیا کرنا چاہیئے اور کون کونسے پیشے اختیار کریں جس سے وہ اپنی زندگی اچھی طرح بسر کرسکیں - اور اخیر میں انھوں نے فرمایا *

" میں نہیں جانتا کہ وہ حالت کب ہوگی کہ ہم سب ملکو کہیں گے کہ آج آخری رپورٹ سے معلوم ہوا کہ مسلمان † ۲۳٫۷۵ ہیں وہ دن آئے نہ آئے — میری حیات وفا کرے یا نکرے - لیکن میرا ذاتی خیال اور دلی جوش خدا کل مسلمانوں کے دل میں بٹھادے — کہ ان کی اصلی چیز جو بمنزلہ معشوقہ ہی اعلی تعلیم ہی - میں چاہتا ہوں کہ سب میرے ساتھہ متفق ہوجائیں اور دل سے ایسے ہی کہیں جیسے میں کہتا ہوں *

دست از طلب ندارم تاکام من برآید
یا جاں رسد بجاناں یا جاں زتن برآید

اس کے بعد نواب محمد علیخاں صاحب (مالیر کوٹلہ) نے اپنی نہایت فیاضی سے کالج کو ایک ہزار روپیہ عنایت کیئے - جن کی دریا دلی اور فیاضی کا شکریہ پریزیڈنٹ صاحب نے ادا کیا - ہمیں معلوم ہوا ہی کہ اس سے پہلے بھی چند مہینے ہوئے آپ نے ایک ہزار روپیہ کالج کو عطا فرمایا تھا - خدا ہماری قوم میں ایسے فیاض لوگ اور پیدا کرے اس کے بعد پریزیڈنٹ صاحب نے ایک طویل مگر نہایت عمدہ اخیر اسپیچ دیکر کانفرنس کے جلسہ کو ختم کیا - مگر نواب محسن الملک اُٹھے اور اُنہوں نے ایک نہایت دلچسپ اور مزیدار اسپیچ میں پریزیڈنٹ صاحب کا شکریہ ادا کیا - اگر پچھلے سال نواب

---

† بشرطیکہ رپورٹ صحیح ہو نہ کہ دھوکہ کی ٹٹی - یوں لکھنے کو تو اب بھی سرکاری رپورٹوں میں لکھا ہی کہ مسلمانوں میں ۴۸ فیصدی تعلیم یافتہ ہیں — جسکی توقع شاید ہمیں ایک صدی تک بھی نہیں ہوسکتی — اور طرہ تو یہہ ہی کہ ساتھہ ہی یہہ بھی لکھدیا ہی کہ مدراس اور بنگال کے مسلمانوں نے سب سے زیادہ ترقی کی ہی ؟ سبحان اللہ صحت کا کس قدر خیال ہی * (عبدالحق)

رات کے وقت ہمارے کالج کے نہایت قابل پرانے طالب علم صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب بیرسٹر ایٹ‌لا نے انگریزی زبان میں نہایت فصاحت کے ساتھہ ایک لکچر پڑھا - جس میں انہوں نے پہلے کیمبرج کے حالات اور پھر اپنے کالج کا ذکر کیا --- اپنے کالج کی تمام کیفیت پوری طرح سے کہہ سنائی جو اور لوگوں کو معلوم نہیں ہوسکتی - اس کے عظیم‌الشان فوائد- خوبیوں اور ضرورتوں کو بتایا اور حاضرین کو توجہہ دلائی کہ وہ اسکی مدد کریں - اور طلباء کو خطاب کیا کہ وہ اپنے فرایض ادا کریں اور اُن توقعات کے پورا کرنے میں حتی‌الامکان کوشش کریں جو اُن سے کی جاتی ہیں - لکچر نہایت قابل تعریف ہی اور ہر ایک طالب علم کو پڑھنا چاہیئے *

اس کے بعد ہمارے کالج کے ایک طالب علم عبداللہ شاہ صاحب نے بچوں کی تربیت پر ایک مضمون پڑھا *

میں اس کانفرنس کی نسبت اتنا اور کہنا چاہتا ہوں کہ بعض مضامین اور لیکچروں کے پڑھے جانے کی کوئی ضرورت نہ تھی بلکہ صرف وہ پیش کردیئے جاتے اور بعد میں چھپواکر ممبران کانفرنس میں تقسیم ہوجاتے *

۳۰ دسمبر کو عالیجناب سید محمود صاحب کا لکچر تھا - یہہ لکچر تمام دن رہا --- اور یہہ آپ کا مسلمانوں کی تعلیم پر دوسرا لکچر تھا --- پہلے اُنہوں نے سنہ ۱۸۷۰ ع کی سوسائیٹی کا جو تعلیم مسلمانان کے لیئے سر سید نے قایم کی تھی ذکر کیا --- پھر مسلمانوں کے خیالات --- تعصبات وغیرہ کو تفصیل کے ساتھہ بیان کیا اور بعد میں علم‌الاعداد سے نئے نئے اور نہایت عجیب عجیب نتایج نکالے - مگر ایک بات جو نہایت درد انگیز تھی اور جسے سنکر سب متحیر رہ گئے وہ مسلمانوں کی تعلیمی حالت کا مقابلہ دیسی عیسائیوں کے ساتھہ تھا - مسلمانوں کی آبادی قریب ۶ کروڑ کے اور دیسی عیسائی قریب ۱۹ لاکھہ ہیں مسلمانوں میں انگریزی پڑھے ۳۴۲۸۲ اور نیٹو عیسائیوں میں ۴۴۳۹ ہیں یعنی آبادی کے لحاظ سے دیسی عیسائی مسلمانوں سے ۳۰ گنا بڑھے ہوئے ہیں --- اس سے زیادہ بدترین حالت اور کیا ہوسکتی ہی - اس لکچر میں اُنہوں نے یہہ بھی بتایا کہ مسلمان تعلیم

اِس کے بعد مسٹر محمد شفیع مسٹر ایٹ لا - بشیرالدین صاحب اڈیٹر نجم الاخبار - حبیب الرحمان خان رئیس بھیکم پور اور پریزیڈنٹ صاحب نے نہایت عمدہ اور پر زور اسپیچیں کیں اور رزولیوشن بالاتفاق پاس ہوا *

سہ پہر کو ہمارے کالج کے ایک چھوٹے سے بچے سید علی نے ایک دل پذیر اور پیاری آواز میں اُردو کی ایک سادہ اور صاف نظم پڑھی جس کی تمام حاضرین نے تعریف کی *

اِس کے بعد جناب مولانا مولوی نذیر احمد خاں صاحب کا لیکچر شروع ہوا - لوگ پہلے ہی سے منتظر بیٹھے تھے اور تمام ہال بھرا ہوا تھا - مولانا کا طرز تحریر اور طرز تقریر نہایت عجیب اور سب سے نرالا ہی اور حقیقت یہہ ہی کہ وہ اپنے اس طرز میں بے نظیر ہیں — جو دوت بیان اور زبان پر پوری قدرت خدا نے اُنہیں عطا فرمائی ہی میں نے تو کسی اور میں دیکھی نہیں - اپنے خیالات کو جس خوبی اور عمدگی سے وہ ظاہر کرتے ہیں وہ محتاج تعریف نہیں - خیالات کے پوری طرح ادا کرنے میں جو دقتیں پیش آتی ہیں اُس سے ہرایک شخص اس کا اندازہ کرسکتا ہی - اُس پر وہ آواز پائی ہی کہ ہال کے ہرایک کونہ میں یکساں سنائی دیتی ہی - مسٹر شاہدین کا یہہ ریمارک نہایت بجا ہی "میں فی الحقیقت یہہ بات فخر سے کہتا ہوں کہ ہمارے ہاں بھی ایک اوریٹر موجود ہی جس کا ہم انگلینڈ کے اوریٹروں سے مقابلہ کرسکتے ہیں - اگر انگلینڈ کو گلیڈ اسٹون پر فخر ہی تو ہمیں مولوی نذیر احمد خاں پر" - اس سال کا لیکچر پچھلے تمام لیکچروں سے بڑھا چڑھا تھا - اس میں اُنہوں نے اس بات کو ثابت کیا ہی کہ اسلام عقل کے مطابق ہی - اور وہ جو اسلام کو سائینس کے مطابق کرنا چاہتے ہیں اس بات کا خیال رکھیں کہ ہرایک مشتبہہ تھیوری کو جو اب تک مسلم نہیں ہی خواہ مخواہ تطابق نہ دیں — سائینس کی وہیں تک قدر کرنی چاہیئے جو اُس کے مناسب ہی - اسی لیکچر میں انگریزی تعلیم کی ضرورت وغیرہ اور بہت سی مزے مزے کی باتیں لکھی ہیں جس کا لطف صرف پڑھنے سے آسکتا ہی *

۲۹ دسمبر کي صبح کو جناب نواب محسن الملک بہادر کا رزولوشن پیش ہوا - اس رزولوشن کا مقصد یہہ تھا کہ ہمیں ندوۃالعلماء کي طرف توجہہ کرني چاہیئے اور جہاں تک ہوسکے اُس کي اعانت کریں - اب تک یہہ خیال کیا جاتا ہی کہ انگریزي تعلیم یافتہ اور علماء دو مخالف اور متضاد فریق ہیں — جن کے آپس میں کبھی نہیں بن سکتي اور ایک دوسرے کو وہ اچھي نگاہوں سے نہیں دیکہہ سکتے — وہ ایک دوسرے کو مرتد اور اسلام کا دشمن سمجھتے ہیں - اور في الواقع یہہ دوفریق ایک دوسرے سے اس قدر دور ہٹتے جاتے ہیں کہ گویا وہ ایک قوم اور ایک مذہب ہي کے نہیں — ان دو مخالفوں کي مصالحت کے لئے نواب محسن الملک بہادر اسٹیج پر آئے - اور اس خوبي اور عمدگي سے اپنے اس بھاري فرض کو ادا کیا کہ جتنا سراہیئے بجا ہی اور جتني تعریف کیجیئے سزاوار ہی — وہ دن آنے والا ہی کہ جب یہہ دو مخالف ایک دوسرے کے دوست ہونگے اور وہي لوگ جو آج تیل اور پاني ہیں شیر و شکر ہوجائینگے - مگر ان کے ملانے والے اور ایک کرنے والے ہمارے نواب صاحب ہونگے اور یہہ رزولیوشن اور اُن کي اسپیچ اس عظیم‌الشان واقعہ کي ابتدا ہوگي ٭

اسپیچ نہایت طویل تھي - جس میں علماء کي حالت کا ذکر کیا اور یہہ کہ وہ کس طرح خبردار ہوئے ہیں اور اُن کے انجمن کے مقاصد ہمارے مقاصد سے بالکل متفق ہیں - دوسرے حصہ میں اُنہوں نے یورپ کے مڈل ایجس (زمانہ اوسط) کے پادریوں کا حال بیان کیا کہ وہ ہمارے علما سے بھي زیادہ متعصب تھے - مگر تقلید اور جہالت کے پنجہ سے نکل کر کیسے‌سیدھے ہوگئے - کل اسپیچ نہایت دلچسپ - مفید ہی اور پڑھنے کے قابل ہی ٭

اس کي تائید عالي جناب سید محمود صاحب نے کي - آپ کي اسپیچ نہایت دلچسپ اور قابل تعریف ہی - اُنہیں اس بات کي شکایت ہی کہ ہمارے علماء کي اتني قدر نہیں کي جاتي جس کے وہ مستحق ہیں — اور اخیر میں اُنہوں نے کہا - کہ ہم وہ نہیں کہ اسلام کے احاطہ کو یا اپنے دلوں کو تنگ کردیں - اگر وہ ہماري کانفرنس میں شریک نہیں ہوتے کہ اس میں انگریزي ہی تو ہم اُن کے ندوہ کي تائید کرتے ہیں ٭

ھیں — غرض یہہ لکچر نہایت پر اثر اور پر درد تھا اور صرف پڑھنے سے تعلق رکھتا ھی *

۲۸ دسمبر کی صبح کو مسٹر محمد شفیع بیرسٹر ایٹ لاء نے اپنی انگریزی نظم اسلام کی ترقی اور تنزل پر پڑھی جو نہایت پر جوش اور پر اثر تھی — اس کا شکریہ نواب محسن الملک بہادر نے ایک مختصر مگر پر لطف اسپیچ میں ادا *

اس کے بعد پریزیڈنٹ صاحب نے انگریزی زبان میں نہایت فصاحت وبلاغت سے لکچر دیا — جس میں اُنہوں نے طلباء کو نہایت مفید اور بیش بہا نصیحتیں کیں — مثلاً عمدہ کتابوں کا انتخاب — وفادار اور پاک طبیعت دوستوں کا تلاش کرنا — تنہائی میں اپنے حالات اور چال وچلن پر غور کرنا اور اپنی ترقی اور بہبودی کی تدابیر سوچنا وغیرہ — یہہ لکچر نہایت عمدہ اور خصوصاً طلباء کے پڑھنے کے قابل ھی *

اس کے بعد ھمارے کالج کے ایک لایق اور پرانے طالب علم خوشی محمد خاں صاحب بی اے نے اپنا رزولیوشن پیش کیا — کہ ھمیں کالج کے لیئے ایک روپیہ یا آٹھہ آنہ فیصدی دینا چاھیئے *

اس میں اُنہوں نے کالج کے حالات اور مالی ضروریات کو بیان کیا — اور لوگوں کے بیجا اعتراضات کے نہایت خوبی سے جواب دیئے — اور ثابت کیا کہ یہہ کالج حقیقت میں مسلمانوں کے لیئے نہایت بے نظیر کالج ھی جسکی مدد کرنا قوم کی مدد کرنا ھی — اس کی تائید نیاز محمد خاں صاحب وکیل جالندھر نے کی — اور اس پر ایک اسپیچ ھمارے کالج کے ایک نہایت ھی قابل پرانے طالب علم خواجہ غلام الثقلین صاحب بی اے نے کی — اور اس بات کو نہایت خوبی سے ظاھر کیا — کہ کالج کی مالی حالت کسقدر ابتر ھی اور وظائف کے فنڈ اور مکانات کی ضرورت روز بروز بڑھتی جاتی ھی اُنہوں نے اس میں نہایت عمدہ اور مناسب ترمیم پیش کی — کہ دینے والے کو اختیار ھی کہ کالج کے جس صیغہ میں چاھے دے — مگر یہہ نہ کہلا کہ اس ھال کے اندر کسی نے اُسکی تائید کیوں نہ کی — رزولیوشن بالاتفاق پاس ھوا — سہ پہر کو مسٹر بیک نے تعلیمی مردم شماری کی رپورٹ پڑھی — اور دکھایا کہ انہیں کسقدر کامیابی ھوئی ھی — مگر اس بات کا افسوس ظاھر کیا کہ ممبران کانفرنس نے مدد نہ کی — اس رات کو کالج کے طلبا کا ڈیبیٹ (مباحثہ) ھوا جو افسوس ھی کسیقدر بے لطف رھا *

ممبران سے درخواست کی کہ آیندہ تذر کی فیس وہ خود عنایت کریں - تاکہ ہر سال کا جرمانہ نواب صاحب ہی کو نہ ادا کرنا پڑے — سوپچ کے خاتمہ پر اُنہوں نے نہایت خوشی سے یہہ اعلان کیا - کہ آیندہ اجلاس بمبئی میں ہوگا *

اِس کے بعد ہمارے کالج کے طالب علم ظفر علی خاں صاحب نے اپنی ایک عمدہ انگریزی نظم حاضرین کے سامنے پڑھی *

سہ پہر کو آنریبل سر سید احمد خاں بہادر نے اپنا لکچر پڑھا — سر سید کے لکچر کی تعریف کرنا حقیقت میں اُس کی وقعت گھٹانا ہی ہے لئے اس سے زیادہ مشکل اور کوئی کام نہیں کہ میں یہہ بتاؤں کہ اُنہوں نے کیا کہا - اُس درد بھرے دل سے جو آواز نکلتی ہی وہ دل ہی میں جاکر ٹہرتی ہی اس کے سننے کے لئے بھی بڑے دل؛ اور گردہ کا آدمی ہونا چاہئے- بقول اپنے اُن کا حال تو اُس رنگریز کا سا ہی جسکو صرف اسوہ رنگ رنگنا آتا ہی - وہ جب کچھہ کہتے ہیں قوم کا دکھڑا روتے ہیں *

اس لکچر میں اُنہوں نے مسلمانوں کی موجودہ حالت اور اعلیٰ تعلیم کی ضرورت کو بتایا اور یہہ کہ ہم اپنے نوجوانوں کو کیسا بنانا چاہتے ہیں - اور مدرسۃ العلوم اس ضرورت کو کہاںتک رفع کرسکتا ہی - بلکہ یہی ایک کالج ہی جو اس خیال سے اور اسی ضرورت سے قایم کیا گیا ہی ہندوستان کے مسلمانوں کو اسکی طرف متوجہ ہونا چاہئے - پھر کالج کا مجمل حال اور یہاں کی تعلیم وغیرہ کا ذکر اور اُن بیجا اعتراضات کے جواب دیئے جو اکثر لوگ غلط فہمی سے کالج پر کرتے ہیں — اسی اثناء میں اُنہوں نے کالج کے طالب علموں کی طرف مخاطب ہوکر کہا کہ ,, اے طالب علموں ؟ تم جو اس ہال میں جمع ہو سن لو اور سمجھہ لو — کہ مجھکو تم سے کیا توقع ہی اور اگر تم نے میری توقعوں کو پورا نہ کیا تو افسوس ہی تمپر - افسوس ہی مجھہ پر اور افسوس ہی تمام قوم " پر پھر اُنہوں نے کہا ,, یہہ اکثر شکایت کی جاتی ہی کہ انگریزی تعلیم سے اخلاق خراب ہوجاتے ہیں - آزادی سما جاتی ہی - ما باپ کی عزت - بزرگوں کا ادب جاتا رہتا ہی ,, - اور بتایا کہ یہہ کیسی تعلیم کا نتیجہہ ہی اور خدا کا شکر ہی کہ ایسے لوگ ہمارے کالج میں نہیں

نہیں کہ خواہ مخواہ علیگڈھ میں ہو مگر جب کہیں سے
درخواست نہ آئے تو یہیں ہو *

(۲) کالج فرنڈیشن فنڈ میں نواب محسن الملک کی رائے سے
ممبران کانفرنس کو بھی شامل کیا گیا — جس سے
۱۵۰ روپیہ کی کمی ہوئی جو نواب صاحب مذکور کو
ادا کرنا پڑا *

نواب محسن الملک بہادر نے آنریبل سکرٹری کی رپورٹ پر ریمارک کیئے - اُن کی فصاحت اور بلاغت تو مشہور ہی ہی — مگر اس اسپیچ میں اُنہوں نے کانفرنس پر ایک بڑا احسان کیا - اور ان دو ضروری باتوں کا پورا فیصلہ کردیا *

اول — کانفرنس کے مقاصد — حالات اور کارروائی کی پوری پوری اشاعت ہونی چاہیئے *

دوم — آیندہ اجلاس کانفرنس کا بمبئی میں ہو *
کانفرنس کے حق میں اس سے زیادہ مفید کیا ہوسکتا ہی - خدا نے چاہا تو اب اس کا دائرہ نہایت وسیع ہوجائیگا اور جو نقص اور کمیاں اس میں پائی جاتی ہیں سب رفع ہوجاوینگی *

اس کے بعد منشی عبدالرزاق صاحب - بشیرالدین صاحب اڈیٹر نجم الاخبار - نواب محمد علی خاں صاحب (مالیر کوٹلہ) محمد مراد علی صاحب (از پنجاب) محمد اسمعیل صاحب فرخ آبادی نے اپنی اپنی اسپیچوں میں اُن دونوں باتوں پر بہت زور دیا - اور مسٹر بیک اور مسٹر ماریسن نے بھی پورے زور کے ساتھہ اتفاق رای ظاہر کیا کہ آیندہ اجلاس ضرور بمبئی میں ہو *

پریزیڈنٹ صاحب نے اس رپورٹ کا جواب دیا اور نواب صاحب موصوف کی ہر دو پیش کردہ باتوں سے پورا اتفاق کیا اور اس بات پر زور دیا کہ آیندہ اجلاس تو ضرور بمبئی میں ہو اور پھر اُس کے بعد کلکتہ — مدراس وغیرہ مقامات میں ہونا چاہیئے اور اس طرح تمام ہندوستان کے مسلمانوں میں ایک اتحاد اور ربط قایم کرنا چاہیئے — مسٹر بیک کا شکریہ ادا کیا — اور اس بات کا افسوس ظاہر کیا کہ ہماری غلطی کا جرمانہ نواب محسن الملک بہادر پر کیا گیا — اور اس لیئے

خیال ظاہر کیا کہ یہہ مثل انگلی کے ہی جو تعلیم کا اشارہ دیتی ہی جس پر چلنا تمہارا کام ہی نہ کہ انگلی کا *

اس کے بعد سکرٹری نے پچھلے سال کی رپورٹ پڑھی — جسمیں مفصلہ ذیل امور کا ذکر تھا *

(۱) بعض رزولیوشن جو پیش نہوسکے — اگر وہ صاحب اب پیش کرنا چاہیں تو بڑی خوشی ہوگی *

(۲) پچھلے سال کے لکچروں کا ذکر کیا جن میں خصوصا سید محمود صاحب * اور نواب محسن الملک بہادر کے لیکچر نہایت عجیب تھے — او نواب صاحب موصوف کی اُنکی اسپیچ بطور خود ایک مستقل لیکچر تھی جنکی وجہہ سے رزولیوشن پیش نہوسکے *

(۳) مسٹر بیک کا عامی مردم شماری کے بارے میں شکریہ — اور اُن کا وہ نوٹس پڑھا — جو اُنہوں نے مسلمان والدین کے پاس بھیجا ہی اور جس میں اُنہیں کامیابی بھی ہوئی *

(۴) نواب محسن الملک صاحب بہادر کا اعتراض کانفرنس پر — کہ کانفرنس کی کارروائی محدود رہتی ہی اور اُس کی پورے طور سے اشاعت نہیں ہوتی — جس کی نسبت سکرٹری نے فرمایا کہ میں نے پچھلے سال کے لیکچر صرف ممبروں کے پاس بھیجے اور چونکہ مجھے واقفیت نہ تھی لہذا میں اور کچھہ نہیں بھیج سکا — اب میں اُنہیں مفت ممبروں میں تقسیم کرونگا تا کہ وہ اپنے اپنے اضلاع اور احباب میں اُن کی اشاعت کریں *

(۵) سالانہ اجلاس کی نسبت سکرٹری نے فرمایا — کہ میں نہایت خوش ہوں کہ اسکا اجلاس مختلف مقامات میں ہو — بمبئی سے یہہ درخواست آئی کہ سنہ ۱۸۹۵ع کا اجلاس وہاں ہو — میں نے جواب دیا کہ اسے میٹنگ کمیٹی کے سامنے پیش کرونگا — آپ اب کے تشریف لائیے اور دیکھئے تاکہ پورا اندازہ ہوسکے — میرا یہہ ارادہ

حسین صاحب بی اے — مظہرالحق صاحب بی اے — خوشی محمد صاحب - بی اے - عبدالحکیم صاحب - بی اے •

کانفرنس کا اجلاس ۲۷ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ ع سے شروع ہوا اور ۳۰ تک رہا — مگر اس اجلاس کے پریزیڈنٹ جناب مسٹر شاہدین بیرسٹر ایٹ لا ۲۶ دسمبر کو تشریف لائے ان کے لینے کے لیئے ہمارے کالج کے بورڈنگ اسکول کے طالب علم کالج یونی فارم (کالج کا خاص لباس) پہنکر اور سوار ہوکر ریلوے اسٹیشن پر گئے — یہہ سوار طالب علم پریزیڈنٹ صاحب کی گاڑی کے آگے پیچھے - دائیں بائیں نہایت شان کے ساتھہ چلے آرہے تھے - جس سے دیکھنے والوں کو ایک حیرت تھی — ادھر کالج گیٹ پر تمام طلباء با قاعدہ طور سے ان کے استقبال کے لیئے منتظر کھڑے تھے - اور جب وہ پہونچے تو نہایت جوش اور مسرت کے ساتھہ ان کا استقبال کیا گیا •

کانفرنس کا مختصر سا حال لکھنے سے پہلے میں اتنا اور لکھنا مناسب سمجھتا ہوں کہ ہمارے لایق پریزیڈنٹ صاحب نے اپنے فرایض منصبی کو نہایت قابل تعریف خوبی کے ساتھہ ادا کیا — میں اُن کی تعریف میں کچھہ اور کہتا مگر جناب نواب محسن الملک صاحب بہادر اپنے شکریہ کی طویل اور دلچسپ اسپیچ میں اتنا کچھہ کہہ چکے ہیں کہ کسی اور کے لیئے گنجایش نہیں رہی •

۲۷ دسمبر کی صبح کو آٹھہ بجے کے بعد کانفرنس کا اجلاس شروع ہوا — اور پریزیڈنٹ نے اپنی افتتاحی اسپیچ پڑھی — جس میں پہلے لمبے چوڑے تمہیدی انکسار کے بعد اُنہوں نے نہایت عمدگی سے کانفرنس کے مقاصد — اُس کی خوبی اور ضرورت کو سب پر ظاہر کیا - اور اس بات کی ضرورت ظاہر کی کہ کانفرنس میں مختلف صوبہ جات اور اضلاع کی رپورٹ پیش ہوں اور اُن میں تناسب دکھایا جاے " جس میں ہم اپنے خط و خال کو دیکھہ سکیں اور جسے دیکھکر ہم شرمندہ ہونگے کہ ہم کیسے رو سیاہ ہیں " کانفرنس کے پچھلے اجلاس میں اس بارہ میں جناب سید محمود صاحب اور نواب محسن الملک صاحب بہادر کے دو نصیح و بلیغ اور بے نظیر لکچر پڑھے گئے جس کا اُنہوں نے تہ دل سے شکریہ ادا کیا - کانفرنس کی نسبت آپ نے بہت

وجهہ جو کچھہ بھي هو هم اُس سے یہاں بحث نہیں کرنا چاہتے - مگر هاں اتنا ضرور کہتے هیں کہ وہ لوگ جنہیں شریک هونے میں کچھہ کلام هی وہ اس کے مقاصد - حالات اور کارروائي پر غور فرمائیں اور دیکھیں کہ آیا اسے مسلمانوں کے برے بھلے سے کچھہ تعلق هی یا نہیں - اُسپر اگر کوئي اعتراض هی تو وہ آئیں اور علانیہ سب کے سامنے اُس کا اظہار کریں اور اُس کی اصلاح کي تدابیر سجھائیں — یہي سچي همدردي — خیر خواهي اور کانفرنس کا مقصد هی — ورنہ نرے اعتراض کرنے اور خفا هونے سے تو کچھہ بنتا نہیں *

علاوہ اس کے بلحاظ مضامین بلکہ هر لحاظ سے کانفرنس قابل تعریف اور عمدہ رهي — اردو اور انگریزي کے لکچر جو نہایت عمدہ اور مفید تھے پڑھے گئے — رزولیوشن بھي ایسے پاس هوئے — جن کا بہت کچھہ اثر هماري قوم پر پڑیگا - صرف اتنا نقص ضرور تھا - کہ ان مضامین اور لکچروں میں تکرار اکثر هوا — تکرار سے میرا مطلب یہہ هی کہ بعض لکچروں میں ایک هي مضمون تھا اور ایک هي بات پر زیادہ زور دیا گیا یا یہہ کہ بعض لکچروں یا مضامین میں چند خاص باتوں کو بار بار دهرایا گیا - شاید یہہ بات سامعین کو ناگوار گذري هو - مگر جب لوگوں کے خیال میں اصلاح کرني منظور هوتي هی اور جب پرانے راستہ سے هٹاکرنئے ڈهرے پر لگانا هوتا هی تو ان باتوں کو دهرانا پڑتا هي هی *

ایک بات مجھے اس کانفرنس کي نسبت خاص طور پر بیان کرني هی — اور وہ یہہ هی کہ همارے کالج کے بعض پرانے طالب علم بھي اس میں شریک تھے — گو اُن کي تعداد قلیل تھی مگر ان کے آنے سے اور ایسے جلسوں میں شریک هونے سے کالج کو اور کالج کے طلبا کو همیشہ فخراور خوشي هوتي هی - کیونکہ یہي لوگ هیں جن پر نہ صرف کالج کي بلکہ تمام قوم کي توقعات مبني هیں — هم بڑي خوشي سے اُن کے نام یہاں لکھتے هیں — اور شکریہ ادا کرتے هیں *

سید محمد اکبر صاحب — سید حسین صاحب بي — اے مع صفیل احمد صاحب — حامد علي صاحب بي - اے سے سنڈاوبھ

محمدن ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس نہم

اس کانفرنس کا نواں اجلاس محمدن اینگلو اوریئنٹل کالج کے شاندار سٹریچی ہال میں منعقد ہوا - یہہ ہال پہلے ہي سے ایسے اجلاس کے لیئے سجا سجایا موجود تہا — اور اس لیئے اس بارہ میں کانفرنس کے لیئے کوئي خاص انتظام نہیں کیا گیا باقي تمام انتظامات مثلاً رات کو پہرہ دینا — ممبروں کا استقبال کرنا اور اُن کو ٹہہرانا وغیرہ سب کالج کے مستعد طالب علموں کے ہاتہہ میں تہا — لیکن اس انتظام کي زیادہ تر ذمہ داري ہمارے کالج کے نہایت لایق اور محنتي سیکنڈ ماسٹر اور پرائڈر یعني میر ولایت حسین صاحب پر تہي — ہم اس خوش انتظامي اور کامیابي پر کالج کے طلباء اور میر صاحب موصوف کو مبارک باد دیتے ہیں — یوں تو کل طالب علم ممبروں کي خاطر تواضع اور مہمانداري کے لیئہ موجود تہے مگر اس خیال سے کہ ممبروں کو کسي قسم کي تکلیف نہونے پائہ اُن منتظم طالب علموں کو کالج کي طرف سے خاص نشان دیئہ گئہ ہے جس سے وہ فوراً پہچان لیئہ جاتے تہے — یہہ نشان ریشم — سلمہ ستارے یا ٹلاٹون کے خوشنما پہول تہے جو اُن طلباء کي اچکنوں یا کوٹوں پر نظر آتے تہے — علاوہ اس پہچان کے اُن کے پاس یہہ ایک معزز نشان تہا قومي [خدمت کا - جسے وہ خوشي خوشي بجا لاتے تہے اور اپني عزت اور فخر کا باعث سمجتے تہے- اِن طالب علموں کے چند فریق تہے — ایک] وہ جو دن اور رات کي ٹرینوں پر جاکر ممبروں کا استقبال کرتے تہے اور دوسرے وہ جو کالج کے مکانات میں اُن کے ٹہہرانے کا انتظام کرتے تہے — تیسرے وہ جو رات کے وقت سپاہیوں کي طرح پہرا دیتے تہے - چوتہے رائڈنگ اسکول کے وہ طالب علم جو سوار ہوکر پریزیڈنٹ کا استقبال کرنے گئہ تہے - اور اس لیئہ ان سب کے نشان (پہول) مختلف طرز اور مختلف رنگ کے تہے - ان طالب علموں نے اپنے اپنے فرائض نہایت خوبي کے ساتہہ ادا کیئے — جنکي تعریف ہم نہیں بلکہ خود کانفرنس کے ممبر کرتے تہے *

مگر ایک بات جو قابل شکایت اور قابل افسوس ہی وہ یہہ ہی کہ پچہلے سال کی نسبت ممبروں کي تعداد بہت کم تہی - جسکي

NOTICE IN THE MADRAS MAIL.

An article on the Defence Association appeared also in the Madras Mail. That paper said that in order to ascertain the opinions of the Mahomedans it was necessary to look to Upper India, where well organised bodies such as the Defence Association exist, competent to express the political views of the Mahomedans. It drew attention to the fact that while the National Congress was passing a one-sided resolution in favour of Simultaneous Examinations for the Civil Service, the Defence Association was passing a vote of thanks to the Secretary of State for India for his wise, statesmanlike, and beneficent Despatch. In conclusion it stated that the proposal to found an Indian Imperial Committee in England to correct the misstatements made by Sir Wm. Wedderburn, Mr. Naoroji and others, was desirable. In our next issue we shall give some reasons for our belief that this is by no means impossible, and that on the contrary we have hopes of the contrary being conclusively proved.

NEW MEMBERS OF THE M. A.-O. DEFENCE ASSOCIATION.

The following gentlemen have become members of the Defence Association :—

Kunwar Mahomed Abdul Shakur Khan, Rais of Dharampur.

Mahomed Asghar Hosain, Kakori.

Haji Sulaiman Shah Mahomed, Merchant, Cape Town, Africa.

18 percent ; but who is to blame for this if not the Mahomedans themselves ? If, as the resolution went on to propose, the Government were to modify the competitive examination system so as to enable it to nominate Mahomedans to the Government service, the only result would be to remove a stimulus to educational activity which is plainly much needed by their community. The same objection, however, does not apply to Mr. Theodore Beck's proposal that the rules for admission to Roorkee should be modified so as to give Mahomedans a better chance of entering that college. At present admission depends on competitive examination, but as the proportion of Mahomedan students reading in colleges throughout India is only 6 per cent, there is little chance of the Mahomedans obtaining more than one place in sixteen. Mr. Beck's proposal is that no Mahomedan should be debarred from attending the course of study at Roorkee, so long as he can satisfy the Governing Commttiee that he could follow the instruction given intelligently, and is willing to pay a fee sufficient to meet the additional expense. There can, we imagine, be no serious objection to such a proposal, and it would undoubtedly give the Mahomedans a better chance of obtaining posts as engineers—a profession for which they are in many ways well adapted. We notice that Mr. Beck informed the Council of a proposal to establish an Indian Imperial Committee whose business it will be to "correct the gross misstatements made by Mr. Dadabhai Naoroji, Sir William Wedderburn and others as to the sentiments and wishes of the people of India in general and the Mahomedans in particular." Here, again, the object, is excellent, but one doubts whether any Committee which it would be possible to constitute could carry out such a task.

the object of laying before the British Parliament and the English public the views of those sections of the Indian people who are loyal, actuated by an Imperial sentiment, and opposed to revolutionary changes in the Government of India. And that the Mahomedan Anglo-Oriental Defence Association of Upper India offers to co-operate with the Indian Imperial Committee in the furtherance of these aims.

15. It was proposed by Mr. Shah Din, seconded by Mr. Niaz Mahomed Khan and carried—That all members of the Association be invited to send any suggestions they may wish to make to the Secretary of the Association, and that the Secretary shall lay such suggestions before the Council.

16. It was resolved that a copy of the proceedings be sent to the press.

CRITICISM OF THE PIONEER ON THE MAHOMEDAN DEFENCE ASSOCIATION.

The Pioneer of the 6th ultimo made the following remarks on the M. A.-O. Defence Association :—

IN ANOTHER COLUMN WILL BE FOUND A FULL REPORT of some recent proceedings of the Council of the Mahomedan Anglo-Oriental Association. With the general aim of this Association, which is to promote the welfare and advancement of loyal Mahomedans as a stay to the British *raj*, it is impossible not to sympathise. It is not so easy to be sure that the Association's methods are always wise. Nobody doubts that the system of competitive examination in India has its drawbacks, one of the chief being that it has so far tended to give the Hindus an advantage over their Mahomedan fellow-subjects ; but the best way to remedy this evil is for the Mahomedans to set to work to educate themselves up to the level of their rivals. It is no doubt a misfortune that in the Panjab the proportion of Mahomedan students reading in colleges is only

(3) That the engineering posts given by the Government shall be open both to such persons as enter the College by competitive examination and to persons who pay for their engineering education under the last paragraph, and that the persons to whom these posts are given be selected by the Principal of the Roorkee College at the close of their engineering education according to their merit, regard being had to the executive and physical capacities exhibited by the candidates.

I have the honor to be

Sir,

Your most obedient servant,

THEODORE BECK.

14. Mr. Beck informed the meeting that when he was in England during the past summer he conferred with several Indian statesmen and Members of Parliament and other English gentlemen as to the desirability of establishing an association in England to be called the Indian Imperial Committee, with the objects of correcting the gross misstatements made by Mr. Dadabhai Naroji, Sir William Wedderburn, and others as to the sentiments and wishes of the people of India in general and the Mahomedans in particular, and of opposing revolutionary schemes by which the government of the country would be plunged into bankruptcy and chaos. He found the idea met with a warm reception by men of great influence and extensive knowledge of India, and the proposed Imperial Committee was promised the support of leading London journals. The following resolution was thereupon proposed by Nawab Mohsin-ul-Mulk, seconded by Mr. Syed Mahmood, and carried unanimously :—

That the Mahomedan Anglo-Oriental Defence Association of Upper India expresses its great satisfaction at the proposal to establish an Indian Imperial Committee in England, having

The number of Mahomedans in the engineering profession is extremely small. In the years 1858—93, 580 Hindus have obtained the engineering degree of an Indian University and only 3 Mahomedans. The engineering profession is one which we think is well adapted to the character of the Mahomedans who have proved themselves capable executive officers, and are naturally endowed with the physical qualifications which are needed for the work of an engineer.

Unfortunately as admission to study in the Roorkee College depends on a competitive examination, and the proportion of Mahomedan students reading in colleges throughout India is only 6 per cent, there is very little chance, as the rules now stand, of the Mahomedans obtaining more than one post in sixteen.

The Council of the M. A.-O. Defence Association begs therefore to propose—

(1) That a certain number of the vacancies in the College assigned to natives of India by competition, be reserved for Mahomedans.

(2) That free permission be given to all persons to read in the Roorkee College on the following conditions :—

(*a*) That the person shall have passed such test of an Indian University as the Governing Committee think necessary, in order to enable him to follow intelligently the Roorkee course of instruction.

(b) That an estimate be made of the additional cost of providing the teaching and instruments necessary for educating the increased number of students, and that a fee be charged by the College sufficient to cover the additional cost, so that no pecuniary loss should fall upon the Government, and all persons willing to pay the additional fees should be enabled to obtain technical engineering education.

is extremely small, it is utterly beyond their power to make such advancement in higher education in the present generation as will enable them to compete on equal terms with the Hindus.

The Association is further of opinion that competitive examination has grave defects as a method of recruiting for the public service, inasmuch as the quickness of mind or memory that enables one candidate to obtain more marks than another may be of less consequence than any one of the qualities of integrity, courage, physique, loyalty of the candidate's family, social position, or race, which are untested by the examination. And that therefore the interests of the public service would be better secured by the Government's demanding a necessary educational qualification, and exercising its discretion in nominating approved candidates, having regard to the character of the individuals so nominated, and the fair distribution of the posts among the diverse races of the Province.

12. It was proposed by Mr. Beck, and seconded by Mr. Mahomed Shafi, and carried—That Mr. Shah Din prepare a draft memorial on behalf of the Association and send it to the Secretary, who shall circulate it to the members of the Council of the Association, and after it has been considered by them shall forward the same to the Government.

13. It was proposed by Mr. Theodore Morison, and seconded by Mr. Shah Din, and carried—That the Secretary send the following letter to the Principal of the Roorkee College :—

From Theodore Beck, Honorary Secretary of the M. A.-O. Defence Association, to the Principal Roorkee College.

Sir,—I am directed by the Council of the M. A.-O. Defence Association to request that you would be so good as to submit the following suggestions to the Governing Committee of the Roorkee College.

a member of the Council of the Association. Mr. Morison was provisionally elected.

10. The Secretary stated that he had received the names of the following gentlemen who wished to become members of the Association :—

Syed Rashid Uddin, Secunderabad, Deccan.

Mirza Abid Ali Beg, Retired Subordinate Judge, Moradabad.

Rochfort Davies, Esq., Nasik.

Khan Bahadur Munshi Syed Abdul Fatta, Nasik.

Habibur Rahman Khan, Rais of Bhikampur.

M. Nasir Ali, Bhopal.

Shamsul Ulama Maulvi Zaka Ullah, Delhi.

Maulvi Nazir Ahmad, Delhi.

M. Mumtaz Ali, Rais of Deoband.

Mr. Abdullah Jan, Saharanpur.

Haji Mahomed Yusuf Khan, Rais of Dataoli.

11. The following resolution was proposed by Mr. Shah Din and seconded by Mr. Mahomed Shafi, and carried unanimously :—

That this Association is of opinion that the system of competitive examination in force in the Punjab for appointment to the posts of Munsiff and Extra Assistant Commissioner is very prejudicial to the interests of Mahomedans, and is not advantageous to the interests of the Government administration. That inasmuch as in the year 1886-87 the proportion of Mahomedan students reading in colleges in the Punjab was only 17·2 per cent, and in the year 1891-92 only 18·2 per cent, the natural result of the system is that Mahomedans have no reasonable probability of obtaining more than one fifth of the posts offered to competition. Further, that as in spite of considerable efforts made by Mahomedans the rate in progress in higher education

7. The Secretary informed the meeting that he had corresponded with the various Local Governments to ascertain and obtain copies of the enactments and rules relating to elections for Legislative Councils, Municipalities, and District Boards and had been favoured with replies containing the required information from several of the Local Governments.

8. The following resolutions were proposed by the Hon'ble Haji Ismail Khan, seconded by Mr. Niaz Mahomed Khan of Jalandhar, and carried :—

I.—That the Secretary, in consultation with Mr. Syed Mahmud, prepare a draft scheme to secure the adequate representation and protection of Mahomedans in Upper India on—

(*a.*) Legislative Council.
(*b.*) Municipalities.
(*c.*) District Boards.
(*d.*) Local Boards.

II. That the said draft scheme be circulated among the members of the Council, and after receiving their replies, that the Secretary in consultation with Mr. Syed Mahmud draw up a draft memorial' to the Government.

III.—That the draft memorial mentioned in (II) be circulated among the members of the Council, and, if they agree with it, that, after receiving from them signed copies of the memorial, it be forwarded to the Government ; but that, if they differ in opinion on any important point, it be referred to the next Annual Meeting of the Association.

IV.—That the words "Upper India" used in (I) shall refer only to the Punjab, the North-Western Provinces, and Oudh.

The meeting was then adjourned till December 30th.

Proceedings of Adjourned Meeting.

9. It was proposed by the Hon'ble Ismail Khan and seconded by Mr. Shah Din that Mr. Theodore Morison be elected

4. It was further ruled that the words "in statu pupillari" in Rule 4 applied only to students reading in Indian Colleges and schools who have not obtained the Bachelors' degree of an Indian University.

5. The Secretary drew the attention of the meeting to a telegram about the Association which had appeared in the *Times*.

6. The following motion was proposed by Sir Syed Ahmed, seconded by Nawab Mohsinul Mulk Mahdi Ali, and carried unanimously :—

That this Association, on behalf of the Muhomedans of Upper India, expresses its sense of appreciation and gratitude for the wise, beneficent and statesman-like policy evinced in the Despatch of the Right Honourable Henry H. Fowler, Secretary of State for India, dated 19th April 1894, disallowing simultaneous examinations in India and in England for the Indian Civil Service.

The Association is of opinion that the holding of simultaneous examinations for the Indian Civil Service would prove most prejudicial to the stability of the British Government, by unduly reducing the number of English administrators, and lowering the efficiency and character of its administration, upon the maintenance of which the security of life and property, and the moral and material well-being of India, depend.

Further, that in view of the extreme disparity in the matter of English education existing among the various heterogeneous races and communities, a great act of impolicy and injustice would be effected by the proposed scheme in the practically total exclusion from the administration of large and important sections of the population, and especially the Mahomedans, the Rajputs, the Sikhs and other martial races, among whom Western education has hitherto made but little progress.

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

New Series VOL. 2.	FEBRUARY 1, 1895.	No. 2.

THE MAHOMEDAN ANGLO-ORIENTAL DEFENCE ASSOCIATION.

A meeting of the Council of the above Association was held in Aligarh on December 27th. The proceedings were as follows :—

1. Mr. Mahomed Shafi, barrister-at-law and Honorary Secretary of the Anjuman Islamia at Hoshiarpur, was proposed by Mr. Syed Mahmud as a member of the Council. The proposal was seconded by Nawab Mohsinul Mulk, and carried. Mr. Shafi was provisionally elected, subject to rule 7 of the Association.

2. The Secretary stated that he had received the names of the following gentlemen who wished to become members of the Association :—

Nawab Yasin Mahomed Khan of Bhopal.
Haji Riaz Uddin Ahmad of Bhopal.
Mr. Amir Khan, Pleader, Nagpur.
Maulvi Abdul Hadi, Pleader, Meerutt.
Syed Mahomed Akbar, Hyderabad, Deccan.

3. It was ruled that the words "paid Government servant" in Rule 4 applied only to servants of the British Government.

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine.

محمڈن اینگلو اوریئنٹل کالج میگزین

New Series VOL. 2. | FEBRUARY 1, 1895. | No. 2.

CONTENTS: Page.

I. Muhammadan A. O. Defence Association.
(i) Proceedings of Council. ... 31
(ii) Criticism of the Pioneer. ... 38
(iii) Notice in the Madras Mail. ... 40
(iv) New Members. ... 40
II. Muhammadan Educational Conference.
(i) General Account. ... 41
(ii) Speech of Mr. Beck on Census. ... 52
(iii) Note on Census. ... 61
III. College News.
(i) Death of Khalifa Syed Muhammad Hasan. ... 62
(ii) Results of L. L. B. and M. A. Examinations. ... 63
(iii) The Lajnatul Adab. ... 63
(iv) Personal News. ... 63
(v) Cricket. ... 64
(vi) The Duty. ... 68
(vii) Sadat Manzil. ... 68
(viii) Football. ... 69
IV. Muhammadan Schools &c.
(i) Rewari. ... 71
(ii) Shaikhs Educational League. ... 71
(iii) Marehrah School. ... 72
V. Correspondence.
List of Students by Mazharul Haq ... 74

Printed at the Institute Press, Aligarh.
For Siddon's Union Club.

علیگڑھ انسٹیٹیوٹ پریس میں محمد ممتاز الدین کے اہتمام سے چھپا

The second too asked liberty.
To prove his innocence.

VIII.

" I was found guilty through mistake".
" I too" the third went on
" Would ask your pardon for God's sake
For crime I ne'er have done".

IX.

The fourth man vowed he'd done no wrong
The clerk bore him a grudge.
He cursed in language fierce and strong
The " cruel, partial" judge.

X.

The fifth poor wretch the monarch eyed
" And you, how came you here. ? "
Alas Huzoor the the prisoner sighed
And shed a mournful tear

XI.

" I dare not ask your pardon, sir
In t uth I stole a purse
And for that crime was I sent here
Upon my head the curse ! "

XII.

" You are not fit," the king replied
" With honest men to be
Men are innocent beside,
So leave them, you are free

XIII.

" Release him, jailor, for this time
That towards his home he hies ;
He has not added to his crime
The sin of telling lies."

M. A. HAQQANI.

I.

A king there was sedate and wise
Who reigned at Jubbulpore
He loved the truth and hated lies
Like many kings of yore.

II.

He loved his subjects as he would
Have loved his only son ;
He spared no pains to do them good,
Unjust he was to none,

III.

He went into the jail one day,
And in the prison-yard
He saw prisoners on their way,
Well chained and under guard

IV.

He made them halt and prostrate fall,
And answer readily
What were the crimes that cost them all
Their life-long liberty

V.

" I " said the first " am not a thief.
Nor yet a burglar I
The witness 'gainst me to be thief.
In court did tell a lie

VI.

" In him the. magistrate believed
d soon convicted me
Yet on my word, he was deceived
A foolish judge was he

VII.

Will you my lord, now set me free
Of your benevolence ?"

past students, presided over by Professors of the college. Evening entertainments with recitations and other amusements, are frequently given, in which the ladies and gentlemen of the station of Aligarh take a prominent part along with the students. The cultivation of friendly sentiments between English and natives is actively fostered by the college. The Mahomedans of India should find encouragement in the task of working out their own social and intellectual regeneration in the success of the institution which we are describing, for it is a conspicuous example of the efficacy of self-help. It is true that it receives a grant of Rs. 1,300 a month from the Government of the North-West Provinces, and Rs. 2,000 a month from the Government of the Nizam. But the bulk of its funds have been collected by subscriptions from native gentlemen, mainly Mahomedans of course though some Hindoo chiefs and land-owners have been conspicuously liberal. The college is governed by an exclusively native body of trustees, and has so far been a very successful and encouraging example of the capacity of private individuals to work for a common object, as well as of the capacity of English professors and educational administrators to co-operate with educated Indian gentlemen. There is no need to put in the back-ground the political tendencies and results of the work. Its aims are essentially constructive, and as much out of harmony with the destructive doctrines that are preached now-a-days as, for example, Sir Syed Ahmed is out of harmony with the National Congress. The promoters of the college have adopted as an article of faith the belief that the Government of the Queen-Empress is a blessing for India, and that, in the interests of the Indian people, its authority and strength should be unimpaired. Hence the college has aimed at fostering a feeling of loyalty to the Crown and at strengthening the bond between the English race and rulers and the people of the land.

THE TIMES OF INDIA ON THE M. A.-O. COLLEGE.

"The model which the founders and directors of the institution have set before themselves is not that of the ordinary Indian college, but rather that of a college at Cambridge or Oxford. The students reside in separate rooms in a large quadrangle, and the bungalows and gardens of the Professors are within the college compound. The disciplinary advantages of this arrangement, which are wanting in most colleges in India, are obvious. The students rub off each other's angles, so to speak, and to a certain extent educate one another, and steadiness of character and *esprit de corps* are not the least amongst the results attained. The proximity of the bungalows, of the unity of Principal and Pprofessors brings the latter into contact with the students out of college hours, and encourages the corporate students and professors which is one of the most powerful aids to education in the best sense of the word. More stress is laid upon moral, physical, and social education at Aligarh than in colleges whose chief aim is to prepare for the University examinations. Not the least of the distinctions of which the college can boast is that its cricket club is the best native team in Upper India, and is able to play the best English elevens in the North-West Provinces on terms of equality. The football eleven plays every English battery and regiment that passes through Aligarh, and is about equal to that of an ordinary regiment, being inferior to the best regimental teams and superior to the battery teams. The college contains also a riding school and tennis club, and the Government of India has placed at the disposal of the college the services of a drill and gymnastic instructor from the Indian Army. The students have a debating society on the model of the Cambridge Union, presided over by the Principal, a literary society, an Arabic debating society, and two patriotic societies for collecting money for the college and keeping up the connection between present and

Meeting of the Council in such place or on such date as the members may direct.

11. In the event of the Council issuing any memorial or manifesto, a copy of the proposed memorial or manifesto shall be previously circulated to all members of the Council, who may record their opinions on the same. The decisions of the Council shall be by the majority of the votes received.

12. The Officers of the Association shall be chosen by the Council.

13. Copies of memorials, manifestoes, and other publications of the Association shall be sent to all members of the Association.

14. Donations will be accepted from members and others anxious to help the work of the Association

